
310

لغتنا الحبيبة

للثانوية العليا

(عربی نصاب برائے انٹرمیڈیٹ TOSS)



تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی (TOSS) حیدرآباد

Telangana Open School Society (TOSS), Hyderabad

SCERT Campus, Opp. to L.B. Stadium, Basheerbagh, Hyderabad - 500 001, Telangana.
Phone : 040-23299568, website : telanganaopenschool.org. E-mail : dirtoshyd@gmail.com

© TELANGANA OPEN SCHOOL SOCIETY
GOVERNMENT OF TELANGANA, HYDERABAD

First Published : 2022

All Rights Reserved

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system or transmitted, in any form or by any means without the prior permission, in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover.

Printed at :
Telangana Govenrment Text Book Press
Mint Compound ,Hyderabad.

Venkat Swamy Varikuppala, Technical Support Person, ZPHS
Dharmaraopet (V), kamareddy (D).

Art & Design

Mhod. Abdullah Sulaiman,
Quba Graphics, Shaheen nagar, Hyd.
+91-9704172672

Habeeb Ahmed,
Habeeb Graphics, Mallepally, Hyd.
+91-9676660539

چیف ایڈیٹرس

پروفیسر محمد مصطفیٰ شریف
سابق ڈین فیکلٹی آف آرٹس، عثمانیہ یونیورسٹی
وسابق ڈائرکٹر دائرۃ المعارف العثمانیہ
حیدرآباد

پروفیسر سیدہ طلعت سلطانہ
ایکزیکٹیو کونسل ممبر، عثمانیہ یونیورسٹی
وچیر پرسن بورڈ آف اسٹڈیز عربک،
عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد

ایڈیٹوریل بورڈ

پروفیسر محمد مصطفیٰ شریف
سابق ڈین فیکلٹی آف آرٹس، عثمانیہ یونیورسٹی
وسابق ڈائرکٹر دائرۃ المعارف العثمانیہ

پروفیسر سیدہ طلعت سلطانہ
ایکزیکٹیو کونسل ممبر، عثمانیہ یونیورسٹی
وچیر پرسن بورڈ آف اسٹڈیز عربک، عثمانیہ یونیورسٹی

ڈاکٹر محمد فضل اللہ شریف
سابق چیر پرسن بورڈ آف اسٹڈیز عربک اورینٹل،
عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد منظور حسین
صدر شعبۂ عربی گورنمنٹ ڈگری کالج
گولکنڈہ، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عمادالدین
سابق چیر پرسن بورڈ آف اسٹڈیز عربک اورینٹل،
عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد صفی اللہ خان
صدر شعبہ عربی گورنمنٹ ڈگری کالج،
چنچل گوڑہ، حیدرآباد

محترم محمد منیرالدین
پرنسپل اسلامیہ جونیر کالج، ورنگل

کورس کوآرڈینیٹر

ڈاکٹر محمد فضل اللہ شریف
سابق چیر پرسن بورڈ آف اسٹڈیز عربک اورینٹل، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد
واسسٹینٹ پروفیسر، اے۔کے۔ایم۔اورینٹل کالج، کاچی گوڑہ، حیدرآباد

کورس کمیٹی وسبق نویس

- پروفیسر محمد مصطفیٰ شریف (چیرمین)
- پروفیسر سیدہ طلعت سلطانہ (چیر پرسن)
- ڈاکٹر محمد منظور حسین
- ڈاکٹر محمد فضل اللہ شریف
- ڈاکٹر محمد عماد الدین
- ڈاکٹر محمد صفی اللہ خان
- محترم محمد منیر الدین

کورس کوآرڈینیٹر

ڈاکٹر محمد فضل اللہ شریف

ترتیب وتزئین

محمد عبداللہ سلیمان مظاہری
(قبا گرافکس، شاہین نگر، حیدرآباد)
+91-9704172672

حبیب احمد مظاہری
(حبیب گرافکس، ملے پلی، حیدرآباد)
+91-9676660539

Chief Editors

Professor Mohammed Mustafa Shareef

Former Dean Faculty of Arts O.U.
and Former Director Dairatul Maarifil Osmania, Hyd.

Professor Syeda Talath Sultana

Executive Council Member, O.U. &
Chairperson BoS in Arabic, Osmania University, Hyd.

Editorial Board

Prof. Mohammed Mustafa Shareef (Chairman)
Former Dean Faculty of Arts, Osmania University, Hyd.

Prof. Syeda Talath Sultana (Chairperson)
Chairperson BoS in Arabic, Osmania University, Hyd.

Dr. Mohammed Manzoor Hussain
HoD Arabic Government Degree College for Women, Golconda, Hyderabad.

Dr. Mohammed Fazlullah Shareef
Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), Osmania University, Hyd.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Dr. Mohd Imaduddin
Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), Osmania University, Hyd.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Dr. Mohd Safiullah Khan
HoD Arabic Government Degree College, Chanchalguda, Hyderabad.

Mr. Mohammed Muneeruddin
Principal Islamia Junior College, Warangal.

Course Coordinator

Dr. Mohammed Fazlullah Shareef

Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), O.U.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Course Committee & Lesson writers

Prof. Mohammed Mustafa Shareef (Chairman)
Former Dean Faculty of Arts, Osmania University, Hyd.

Prof. Syeda Talath Sultana (Chairperson)
Chairperson BoS in Arabic, Osmania University, Hyd.

Dr. Mohammed Manzoor Hussain
HoD Arabic Government Degree College for Women, Golconda, Hyderabad.

Dr. Mohammed Fazlullah Shareef
Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), Osmania University, Hyd.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Dr. Mohd Imaduddin
Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), Osmania University, Hyd.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Dr. Mohd Safiullah Khan
HoD Arabic Government Degree College, Chanchalguda, Hyderabad.

Mr. Mohammed Muneeruddin
Principal Islamia Junior College, Warangal.

Course Coordinator

Dr. Mohammed Fazlullah Shareef
Former Chairperson BoS in Arabic (Oriental), O.U.
and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Kachiguda, Hyderabad.

Director's Message

The Government in G.O. Ms. No. 170 Higher Edn. (IE-II), dated, 04.09.2010 permitted the State Open School to start the Intermediate (+2) level course through Open and Distance Learning (ODL) mode from the year 2010-11, which was broadly based on the NIOS pattern. The Government also permitted to adopt/adapt/add/translate the Study Material already developed by NIOS according to need of the State Open School or to prepare Self Instructional Material (SIM) on the State specific syllabus designed and prescribed for SSC and Intermediate (TOSS) Courses and to develop Study Material additional, wherever required.

Recently in the year 2022, TOSS has developed its own Curriculum and Text Books/Study Material for the +2 Course for all subjects. The Telugu and Arabic Languages which were initially developed in 2010 and now being throughly revised to cater to the need of the present era.Telugu is a regional language and Arabic is an international language which has the unique feature of being ancient and modem. Arabic, a religious language of Muslims, next to English in world languages, an essential language in UNO, an official language in 24 Arab countries, is a medium of instruction in Engineering, Medicine and Computer Sciences in Arab countries. This makes Arabic an essential language for those aspiring for a job in the Middle East, Arab Countries, and North Africa. The Multilingualism is the strength of India. Unity in Diversity is the lifeblood of this Country. It is a treasure house of 1600 languages and many cultures. Our watchword in this country is

" Think globally, act locally, and have connectivity between the two."

Hence, a decision was taken to design a curriculum for "The Arabic Language" through experts and Professionals. Accordingly, we identified a team of subject experts from SCERT, Universities, Colleges, and Academies. They as a team, under the constant guidance of Smt. M. Radha Reddy, Director, SCERT, Professor Mohammed Mustafa Shareef, Former Dean Faculty of Arts, Osmania University & Former Director Dairatul Maarifil Osmania, Hyderabad, Professor Syeda Talath Sultana, Executive Council Member, O.U. & Chairperson BoS in Arabic, Osmania University (Chief Editors), and Dr. Mohammed Fazlullah Shareef, Former Chairperson BoS Arabic Oriental, OU and Assistant Professor of Arabic A.K.M. Oriental College, Hyderabad (Coordinator) have worked night and day untiringly and brought this book to the globe.

The book chiefly deals with the following facts:

- Human beings are born with innate language faculty.
- Language is a rule-governed system. Hence Learning of language by the learner at every level viz: sound level, word level, sentence level, and discourse level is essential.
- The phonological, morphological, syntactical, and semantic systems of this language (Arabic) are taken into account.
- The universality of brotherhood and catholicity of outlook, as enunciated in the Constitution of India are kept uppermost in its themes.

Thematic perceptions like Modern Telangana, Plantation of trees and its advantages, Pollution - its challenges and solutions, The sound health is better than thousands of blessings, Vices and Virtues, Indian song, The city of wonders and good habits of a beloved boy, are the featuring topics of the book.

I thank wholeheartedly the Government and Smt.Vakati Karuna IAS, Secretary to Government, Education Department, Government of Telangana and Smt. A. Sridevasena IAS, the Director of School Education, Telangana, Hyderabad for issuing the Government Order and facilitating the development of the curriculum. I also thank the Editors and authors of this book. I further thank Sri S. Srinivasa Chary, Director, Government Text Book Press, and his staff for printing this book. My thanks are due to the team of TOSS including Dr. Mohammed Fazlullah Shareef. Coordinator for their efforts in bringing out this valuable Textbook.

Sd/-
(P V SRIHARI)
DIRECTOR, TOSS

لغتنا الحبيبة کا تعارف

عزیز طلبہ وطالبات!

الحمدللہ! عربی کی یہ کتاب "**لغتنا الحبيبة**" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ کتاب اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب ہے جو پانچ یونٹس (ماڈیول) پر مشتمل ہے۔ اور یہ یونٹس اٹھائیس اسباق کو محیط ہیں۔ اسباق کی تفصیل اس طرح ہے:

قواعد سے متعلق 8 اسباق، نثر کے مختلف اصناف: جیسے قرآن کریم، حدیث شریف، قصہ اور مواعظ حسنہ پر مشتمل 12 اسباق، نظمیں 3، اور فنکشنل عربک 5 اسباق، اس طرح جملہ 28 اسباق پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

ان اسباق میں طلبہ کے ذوق کی ساری چیزیں موجود ہیں۔ اسباق میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ طلبہ کے لئے ایسی چیزیں پیش کی جائیں جو ان کے روزمرہ کے مشاہدے میں آتی ہوں تاکہ طلبہ آسانی سے اسباق کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔ اس کے علاوہ علاقائی ادب، سماجیات، ماحولیات اور اخلاقیات پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے تاکہ طلبہ معاشرے میں اخلاق حسنہ سے متصف ہوکر قوم کے مصلح ومعمار بن سکیں۔

جہاں تک نظموں کا تعلق ہے یہ آسان الفاظ پر مشتمل مگر نصیحت میں اکسیری درجہ رکھتی ہیں۔ ان کے انتخاب میں یہ خیال رکھا گیا ہے کہ وہ چھوٹی بحر میں ہوں تاکہ طلبہ ان کو بآسانی یاد کرسکیں۔

اس کتاب کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا پہلا ماڈیول عربی کی قرأت وکتابت سے متعلق ہے اور قواعد و مبادیات پر مشتمل ہے جس میں ایک مبتدی کے لئے جن قواعد کی ضرورت پیش آتی ہے ان کو بتدریج سمجھایا گیا ہے اور اس ماڈیول پر سارے اسباق اور نظموں کے فہم کا انحصار ہے۔ یہ کتاب نہ صرف انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کے لئے بلکہ ہر اس طالب علم کے لئے جس کو عربی زبان سیکھنے کا شوق ہو، یکساں مفید ہے۔ قواعد کے بیان میں تفصیل سے کام نہیں لیا گیا اور جہاں تک ممکن ہوسکے ثلاثی مجرد کے افعال استعمال کئے گئے ہیں۔

اسباق کے ترجمہ میں طلبہ کے فہم کی رعایت کرتے ہوئے آسان اسلوب اختیار کیا گیا ہے اس کتاب کا آخری ماڈیول **العربية الوظيفية** سے موسوم کیا گیا ہے جو طلبہ کے روزمرہ زندگی میں استعمال میں آنے والے اسباق ہیں تاکہ طلبہ آج کی مسابقتی دنیا میں مہارت پیدا کرکے اپنا کیریئر بناسکیں۔

چیف ایڈیٹرس

کلمہ تشکر

اوّلاً : اللہ رب العزت کا ہم شکر ادا کرتے ہیں کہ اس مفید کتاب کی ترتیب کی توفیق عطا ہوئی جو عربی زبان میں اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب ہے۔

ثانیاً : اس کتاب کی تیاری میں جامعات اور کلیات کے ماہر اساتذہ کی خدمات سے استفادہ کیا گیا جن کی شبانہ روز جدوجہد کی وجہ سے بہت ہی کم وقت میں ایک مبسوط کتاب تیار ہوسکی جس کے لئے ہم تمام اراکین کورس کمیٹی کے تہ دل سے شکر گذار ہیں۔ چیلینجس سے معمور یہ کام قطعی اپنے منطقی انجام کو نہیں پہنچ سکتا تھا اگر جناب ڈائرکٹر صاحب، تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی کی سرپرستی ہم کو حاصل نہ ہوئی ہوتی۔ ہم تمام اراکین وڈائرکٹر صاحب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ بات مصدقہ ہے کہ ہر کامیابی کے لئے شبانہ روز محنت ولگن، جستجو اور کوشش ہو۔ اس کا انطباق کورس کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد فضل اللہ شریف کی شخصیت پر صد فیصد ہوتا ہے کیوں کہ کتاب کی تیاری کے ہر مرحلہ میں ہمارا بہت ہی خوش اسلوبی کے ساتھ تعاون کیا اور اپنے دیگر ذمہ داریوں کو بالائے طاق رکھ کر ہمہ تن مصروف رہے۔ ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ کتاب کی ترتیب کے مختلف مراحل میں تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی اور اس کے علاوہ مختلف افراد نے جس طرح کا بھی تعاون فرمایا ہم ان تمام کے شکر گذار ہیں۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قبول عام عطا فرمائے۔ آمین۔

کورس کمیٹی

عربی نصاب برائے اوپن انٹرمیڈیٹ TOSS

لغتنا الحبيبة

الوحدة الاولیٰ : ماڈیول - 1

أدوات تعليم اللغة العربية

Language Learning Tools

الدرس الأول : الحروف الهجائية (حروفِ تہجی)

الدرس الثانی : اسم اور اس کے اقسام

الدرس الثالث : اسمائے اشارہ

الدرس الرابع : اسمائے موصولہ

الدرس الخامس : ضمائر

الدرس السادس : فعل اور اس کے اقسام

الدرس السابع : حروف اور ان کے اقسام

الدرس الثامن : مرکبات

الوحدة الثانية : ماڈیول - 2

الدراسات المِنطقية :

Regional Studies

الدرس التاسع : مدينة العجائب

الدرس العاشر : أُستاذ السلاطين

الدرس الحادی عشر : تلنغانه الحديثة

الدرس الثاني عشر : النشيد الهندي

الدرس الثالث عشر : رائد أدب الأطفال

الوحدة الثالثة : ماڈیول-3

الدراسات البيئية : Environmantal Studies

الدرس الرابع عشر : الولد المحبوب

الدرس الخامس عشر : التلوّث بين المشاكل والحلول

الدرس السادس عشر : غرس الأشجار

الدرس السابع عشر : الضاحية

الدرس الثامن عشر : الصحة خير من ألف نعمة

الوحدة الرابعة : ماڈیول-4

الدراسات الخلقية : Ethical Studies

الدرس التاسع عشر : دروس من القرآن

الدرس العشرون : دروس من الحديث

الدرس الحادي والعشرون : شر و خير

الدرس الثاني والعشرون : ثمرة التقوى

الدرس الثالث والعشرون : الأخلاق الحسنة

الوحدة الخامسة : ماڈیول-5

اللغة الوظيفية : Functional Arabic

الدرس الرابع والعشرون : اعلانات مبوبة

الدرس الخامس والعشرون : كتابة الرسائل

الدرس السادس والعشرون : تعبيرات عامة

الدرس السابع والعشرون : مستندات عامة

الدرس الثامن والعشرون : اعداد التفاصيل الشخصية

خود اکتسابی مواد سے کیسے استفادہ کریں

الحمدللہ، آپ میں اتنی خود اعتمادی پیدا ہوگئی کہ آپ نے از خود پڑھنے کا چیلنج قبول کرلیا۔ اس چیلنج کو پورا کرنے میں TOSS ان شاء اللہ ہر وقت آپ کے ساتھ رہے گا۔ عربی زبان کے ان مفید و معلوماتی اسباق کو اساتذہ کی ایک ماہر ٹیم نے تیار کیا ہے اور ہر مرحلہ میں آپ کی استعداد ضرورت و فہم کا خیال رکھا گیا ہے۔ اس کے لئے آزادانہ طور پر از خود مطالعہ کرنے کا ایک فارمیٹ اختیار کیا گیا ہے۔ یہاں جو ہدایتیں دی جارہی ہیں، ان سے آپ کو اس مواد سے بہتر سے بہتر استفادہ کرنے میں مدد ملے گی۔

عنوان : اس سے آپ کو یہ پتہ چل جائے گا کہ اس سبق میں آپ کو کیا کچھ پڑھنا ہے۔

تمہید : اس میں سبق کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔

مقاصد : اس کے تحت یہ بتایا گیا ہے کہ سبق کو پڑھنے کے بعد آپ کی معلومات میں کتنا اضافہ ہوا اور یہ بھی دیکھیں گے کہ ان مقاصد کی تکمیل میں آپ کتنے کامیاب ہوئے ہیں۔

متن : سبق کے متن کو مختلف حصوں اور ذیلی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے سبق کے ان حصوں میں آپ کے سیکھنے کے عمل میں ایک تسلسل قائم ہوجاتا ہے اور مواد کو مرحلہ وار سمجھنے میں اس سے آپ کو آسانی ہوگی۔ متن مع اعراب ہے جس پر آپ کو پوری توجہ دینی چاہئے۔

حل لغات : الفاظ و معانی، واحد و جمع، ضد اور مصادر بیان کئے گئے ہیں جن سے آپ کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہوسکے گا۔

ترجمہ : اس میں بامحاورہ سبق کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعہ متن کا فہم حاصل ہوگا۔

سوالات و جوابات : طلبہ کی رہنمائی کے لئے سوالات و جوابات دیئے گئے ہیں جن سے طلبہ کو تدریبات حل کرنے میں معاونت ہوگی۔

خلاصہ سبق :

سبق میں ذکر کئے گئے قواعد: سبق سے متعلق قواعد بیان کئے گئے ہیں تاکہ عربی قواعد پر بتدریج مہارت حاصل ہوسکے۔

تدریبات : سبق کا ہر حصہ مکمل ہونے پر متن پر کچھ سوالات دیئے گئے ہیں جن کی تفصیل اس طرح ہے:

سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

الفاظ جوڑیئے۔

خالی جگہوں کو مناسب کلمات سے پر کیجئے۔

جملوں کو صحیح کیجئے۔

اعراب لگایئے۔

دیئے گئے اقتباس میں قواعد کو متعین کیجئے۔

آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا :

نمونے امتحانی سوالات : آپ خود متن کی مدد سے ان کے جوابات لکھ سکتے ہیں۔ نیز ان سوالات کو حل کرنے کے بعد آپ کے اندر خود اعتمادی پیدا ہوگی۔


بسم الله الرحمن الرحيم

فہرست اسباق

الوحدة الاولیٰ : ماڈیول : 1

أدوات تعليم اللغة العربية : Language Learning Tools

الدرس الأول	:	الحروف الهجائية (حروفِ تہجی)	19
الدرس الثانی	:	اسم اوراس کے اقسام	34
الدرس الثالث	:	اسمائے اشارہ	48
الدرس الرابع	:	اسمائے موصولہ	54
الدرس الخامس	:	ضمائر	58
الدرس السادس	:	فعل اوراس کے اقسام	65
الدرس السابع	:	حروف اوران کے اقسام	86
الدرس الثامن	:	مرکبات	99

الوحدة الثانية : ماڈیول : 2

الدراسات المِنطقية : Regional Studies

الدرس التاسع	:	مدينة العجائب	109
الدرس العاشر	:	أُستاذ السلاطين	127
الدرس الحادی عشر	:	تلنغانه الحديثة	144
الدرس الثاني عشر	:	النشيد الهندي	163
الدرس الثالث عشر	:	رائد أدب الأطفال	175

الوحدة الثالثة : ماڈیول : 3

الدراسات البیئیة : Environmental Studies

الدرس الرابع عشر	:	الولد المحبوب	199
الدرس الخامس عشر	:	التلوّث بین المشاکل والحلول	214
الدرس السادس عشر	:	غرس الأشجار	232
الدرس السابع عشر	:	الضاحیة	250
الدرس الثامن عشر	:	الصحة خیر من ألف نعمة	261

الوحدة الرابعة : ماڈیول : 4

الدراسات الخلقیة : Ethical Studies

الدرس التاسع عشر	:	دروس من القرآن الکریم	279
الدرس العشرون	:	دروس من الحدیث الشریف	293
الدرس الحادي والعشرون	:	شر و خیر	308
الدرس الثاني والعشرون	:	ثمرة التقوی	322
الدرس الثالث والعشرون	:	الأخلاق الحسنة	335

الوحدة الخامسة : ماڈیول: 5

اللغة الوظیفیة : Functional Arabic

الدرس الرابع والعشرون	:	اعلانات مبوبة	357
الدرس الخامس والعشرون	:	کتابة الرسائل	366
الدرس السادس والعشرون	:	تعبیرات عامة	385
الدرس السابع والعشرون	:	مستندات عامة	399
الدرس الثامن والعشرون	:	اعداد التفاصیل الشخصیة	420

الوحدة الاولیٰ ۔ ماڈیول:1

أدوات تعليم اللغة العربية

Language Learning Tools

الدرس الأول	: الحروف الهجائية (حروفِ تہجی)	19
الدرس الثانی	: اسم اوراس کے اقسام	34
الدرس الثالث	: اسمائے اشارہ	48
الدرس الرابع	: اسمائے موصولہ	54
الدرس الخامس	: ضمائر	58
الدرس السادس	: فعل اوراس کے اقسام	65
الدرس السابع	: حروف اوران کے اقسام	86
الدرس الثامن	: مرکبات	99

الدرس الأول

سبق-1

الحروف الهجائية (حروفِ تہجی)

1.1 تمہید

1.2 مقصد

1.3 حروفِ تہجی

1.3.1 حروفِ تہجی کی صحیح ادائیگی

1.3.2 حروفِ تہجی کی تحریری شکلیں

1.3.3 حروفِ تہجی کا جوڑ

1.3.4 دوحرفوں کا جوڑ

1.3.5 تین حرفوں کا جوڑ

1.3.6 چارحرفوں کا جوڑ

1.3.7 تدریبات (مشقیں)

1.4 حروف کے اقسام

1.4.1 حروفِ صحیح

1.4.2 حروفِ علت

1.4.3 تدریبات (مشقیں)

1.5 حرکات وسکنات

1.5.1 حرکات : فتحہ۔کسرہ۔ضمہ (زبر۔زیر۔پیش)

1.5.1.1 تنوین

1.5.2 سکنات : سکون (جزم)

1.5.2.1 شدہ (تشدید)

1.5.3 تدریبات (مشقیں)

1.6 حروفِ شمسی وحروفِ قمری

1.6.1 حروف شمسی

1.6.2 حروف قمری

1.6.3 تدریبات (مشقیں)

1.7 سبق کا خلاصہ

1.8 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا

1.9 امتحانی سوالات

1.1 تمہید :

عربی زبان میں الحروف الهجائية کو حروفِ تہجی کہتے ہیں۔

یہ سبق حروفِ تہجی (اب ت ث) سے متعلق ہے۔ ہم اس سبق میں حروفِ تہجی کے بارے میں پڑھیں گے، حروفِ تہجی کے جوڑ سے ہی الفاظ یا کلمے بنتے ہیں، جن کی مدد سے ہم بولتے اور لکھتے ہیں۔

عربی زبان دائیں طرف (سیدھی طرف) سے لکھی جاتی ہے، حروفِ تہجی میں کچھ ایسے حروف ہیں جو اپنے سے پہلے والے حروف سے جڑ جاتے ہیں اور بعض نہیں جڑتے۔

حروف کی دو قسمیں ہیں صحیح وعلت، جن کو ہم آگے پڑھیں گے۔

اس سبق میں حروف کا جوڑ، تلفظ و ادائیگی اور حرکات وسکنات کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

1.2 مقصد

1. حروفِ تہجی کی پہچان۔
2. حروفِ تہجی کا صحیح تلفظ۔
3. حروفِ تہجی کا جوڑنا۔
4. حروفِ صحیح وعلت کی تمیز۔
5. حرکات وسکنات کا استعمال۔
6. حروفِ شمسی وقمری کی ادائیگی۔

1.3 حروفِ تہجی

زبان اور گلے کی حرکت سے پیدا ہونے والی آوازوں کو حروف کہتے ہیں، حروف کئی طرح کے ہوتے ہیں لیکن جن حروف کی ترکیب سے الفاظ بنائے جاتے ہیں انھیں حروفِ تہجی کہا جاتا ہے۔

حروفِ تہجی 29 ہیں اور وہ یہ ہیں :

ا ، ب ، ت ، ث ، ج ، ح ، خ ، د ، ذ ، ر ، ز ، س ، ش ، ص، ض ،
ط ، ظ ، ع ، غ ، ف ، ق ، ك ، ل ، م ، ن ، و ، ہ ، ء ، ي

1.3.1 حروف تہجی کی صحیح ادائیگی :

حروف کی ادائیگی کے وقت ان کے مخرج (نکلنے کی جگہ) کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ بعض طلبہ عام طور پر ت اور ط ، س ، ث اور ص، ك اور ق ، ع ، ء اور الف ، ح اور ھ کے درمیان فرق نہیں کرتے، ان حروف کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں۔

1.3.2 حروفِ تہجی کی تحریری شکلیں :

عربی نام	مکمل حالت	انگریزی میں متبادل	انگریزی تلفظ	لفظ کی ابتداء میں	لفظ کے درمیان میں	لفظ کے آخر میں
الف	ا	a	alif	أ	ـئـ	ـا
باء	ب	b	baa	بـ	ـبـ	ـب
تاء	ت	t	taa	تـ	ـتـ	ـت
ثاء	ث	th	thaa	ثـ	ـثـ	ـث
جیم	ج	j	jeem	جـ	ـجـ	ـج

حا	ح	h	haa	حـ	ـحـ	ـح
خا	خ	kh	khaa	خـ	ـخـ	ـخ
دال	د	d	dhal	د	ـد	ـد
ذال	ذ	dh	dhal	ذ	ـذ	ـذ
را	ر	r	raa	ر	ـر	ـر
زا	ز	z	zaa	ز	ـز	ـز
سين	س	s	seen	سـ	ـسـ	ـس
شين	ش	sh	sheen	شـ	ـشـ	ـش
صاد	ص	s	saad	صـ	ـصـ	ـص
ضاد	ض	d	daad	ضـ	ـضـ	ـض
طاء	ط	t	taa	طـ	ـطـ	ـط
ظاء	ظ	z	zaa	ظـ	ـظـ	ـظ
عين	ع	a	ain	عـ	ـعـ	ـع
غين	غ	gh	ghain	غـ	ـغـ	ـغ
فاء	ف	f	faa	فـ	ـفـ	ـف
قاف	ق	q	qaaf	قـ	ـقـ	ـق
كاف	ک	k	kaaf	کـ	ـکـ	ـك
لام	ل	l	laam	لـ	ـلـ	ـل
ميم	م	m	meem	مـ	ـمـ	ـم
نون	ن	n	noon	نـ	ـنـ	ـن
همزه	ء	h	hamza	ئـ	ـئـ	ء
واو	و	w	waw	و	ـو	ـو
هاء	ہ	h	haa	ھـ	ـھـ	ـه
ياء	ی	y	yaa	یـ	ـیـ	ـی

حرفوں کے نام صحت کے ساتھ اس طرح یاد کریں :

الف ، با ، تا ، ثا ، جیم ، حا ، خا ، دال ، ذال ، را ، زا

سِین ، شِین ، صاد ، ضاد ، طا ، ظا ، عین ، غین ، فا ، قاف

کاف ، لام ، مِیم ، نون ، واو ، ھا ، ھمزہ ، یا ، یا ۔

1.3.3 حروفِ تہجی کا جوڑ :

حروف کو جوڑ کر الفاظ وکلمات بنائے جاتے ہیں۔ مثلاً اگر آپ کو ''علم'' لکھنا ہے تو آپ کو تین حروف جوڑنے ہوں گے۔ ''ع ، ل ، م'' اسی طرح آپ حروف کو جوڑ کر الفاظ بنا سکتے ہیں۔ کچھ نمونے پیش کئے جاتے ہیں تا کہ آپ کو بات سمجھ میں آجائے اور کلمہ (word) کے حروف کو پہچاننے کی جستجو پیدا ہو۔

1.3.4 دو حرفوں کا جوڑ

ھ	+	ل	=	ھل	ظ	+	ن	= ظن
ب	+	ل	=	بل	م	+	س	= مس
ح	+	ق	=	حق	ق	+	د	= قد
ق	+	ل	=	قل	ک	+	م	= کم
ف	+	ی	=	فی				

1.3.5 تین حرفوں کا جوڑ

ق	+	ل	+	ب	=	قلب
ع	+	ل	+	م	=	علم
ک	+	ت	+	م	=	کتم

ک + س + ر = کسر

ح + ف + ظ = حفظ

ن + ص + ر = نصر

د + خ + ل = دخل

ن + و + ر = نور

1.3.6 چار حرفوں کا جوڑ :

ق + م + ي + ص = قمیص

ص + ا + د + ق = صادق

ع + ا + ب + د = عابد

ا + م + ی + ن = امین

و + ا + ج + د = واجد

ج + ا + ب + ر = جابر

نوٹ: اسی طرح مزید کلمات کو دیکھ ان کے حروف کو پہچانیں۔

1.3.7 تدریبات (مشقیں)

1. حروفِ تہجی کتنے ہیں؟ حروفِ تہجی لکھئے۔
2. وہ کونسے حروف ہیں جن کی ادائیگی کے وقت ہونٹ آپس میں مل جاتے ہیں؟
3. ذیل کی خالی جگہوں میں مناسب حرف بڑھا کر لفظ بنائیے:

1. ک ..... ر 2. ع ..... د

3. ز ..... ی 4. ح ..... م

5. ف ..... ل 6. ش ..... ف

4. ذیل میں کچھ الفاظ لکھے جا رہے ہیں ان کے حروف کو الگ الگ کیجئے۔

شَجَرٌ (درخت) شَمْسٌ (سورج) مَطَرٌ (پانی)

صَدِيْقٌ (دوست) بَبْغَاءٌ (طوطا) نُوْرٌ (روشنی)

5. پانچ ایسے الفاظ لکھئے جو تین حروف پر مشتمل ہو۔

1.4 حروف کے اقسام

حروف کی دو قسمیں ہیں:

1. حروفِ صحیح 2. حروفِ علت

1.4.1 حروف صحیح :

''و ا ی'' ان تینوں حروف کے علاوہ تمام حروفِ تہجی حروفِ صحیح کہلاتے ہیں، جن کلموں (word) میں ''و ا ی'' نہ آئے تو اس کو صحیح کہتے ہیں یعنی صحیح وہ کلمہ ہے جس میں حروفِ علت نہ ہو۔

ذیل میں کچھ ایسے الفاظ لکھ رہے ہیں جن میں تمام حروف صحیح ہیں۔

1. ضَرَبَ اس نے مارا
2. فَتَحَ اس نے کھولا
3. قَلَمٌ قلم
4. سَمِعَ اس نے سنا
5. نَصَرَ اس نے مدد کی

1.4.2 حروفِ علت :

حروفِ علت کی تعداد تین ہے۔ و، ا، ی جن کا مجموعہ ''وای'' کہتے ہیں۔

علت کے معنی کمزوری کے آتے ہیں ان حروف میں تبدیلی ہوتی ہے، اس لئے یہ کمزور حروف کہلاتے ہیں۔ حروفِ علت جن کلمات میں ہوتے ہیں ان کی مثالیں درجۂ ذیل ہیں:

جن الفاظ میں حروفِ علت ''و'' کا استعمال ہوا ہے ان کی مثالیں:

وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا)، قَوْلٌ (کہنا)، نَوْمٌ (سونا)

صَوْمٌ (روزہ)، دَوَامٌ (ہمیشگی)، رُوْحٌ (روح)

جن الفاظ میں حرفِ علت ''الف'' کا استعمال ہوا ہے ان کی مثالیں:

قَالَ (اس نے کہا)، بَابٌ (دروازہ)، صَامَ (اس نے روزہ رکھا)

مَطَارٌ (ہوائی اڈہ)، عَالِمٌ (جاننے والا)، دُعَاءٌ (دعاء)

جن الفاظ میں حرفِ علت ''ی'' ان کی مثالیں:

رَمٰی (اس نے پھینکا)، وَلِيٌّ (نیک)، وَحيٌّ (وحی)

يُسْرٌ (آسان)، يَدٌ (ہاتھ)، دَاعِيٌ (بلانے والا)

1.4.3 تدریبات (مشقیں)

1. حروفِ علت کسے کہتے ہیں؟
2. درجِ ذیل الفاظ جن میں حروفِ علت ہیں انھیں الگ کیجئے۔

اَلْوَالِدُ (باپ)، اَلْيَوْمُ (آج)، اَلْقَوْلُ (کہنا)

اَلْبَرِيْدُ (ڈاک)، اَلْاِيْمَانُ (ایمان)، اَلْجَرِيْدَةُ (اخبار)

اَلْبَيْتُ (گھر)، اَلْوَاقِفُ (کھڑے ہونے والا)

3. حروفِ علت کو حروفِ علت کیوں کہتے ہیں وجہ بتائیے۔
4. ذیل میں لکھے گئے الفاظ کی فہرست میں ان الفاظ کو الگ کیجئے جن میں حرفِ علت نہیں ہے۔

قَلَمٌ (قلم) وَحْيٌ (وحی) مُعَلِّمٌ (ٹیچر) اَمْنٌ (سلامت)

كَتَبَ (اس نے لکھا) بَيْعٌ (بیچنا) صَوْمٌ (روزہ) دَارٌ (گھر)

5. ایسے الفاظ کی ایک فہرست بنایئے جس میں حرفِ علت دوسرا حرف ہو۔

نوٹ : جو نئے الفاظ آئے ہیں ان کو یاد کر لیجئے۔

1.5 حرکات وسکنات :

حروف کو ملانے سے کلمہ یا لفظ وجود میں آتا ہے لیکن محض حروف کو جوڑ لینا کلمہ کی ادائیگی اس کے صحیح معنی ومفہوم کے لئے کافی نہیں ہوتا ہے جب تک کہ کسی لفظ پر حرکات یعنی زبر (ـَ) یا زیر (ـِ) اور پیش (ـُ) نہ لگایا جائے اس کے بغیر ابتدائی درجات کا طالبِ علم نہ تو اسے صحیح پڑھ سکتا ہے اور نہ ہی ان کا مطلب اور معنی سمجھ سکتا ہے۔

1.5.1 حرکات :

حرکات تین ہیں : زبر (ـَ) زیر (ـِ) پیش (ـُ)

زبر (فتحہ) زیر (کسرہ) پیش (ضمہ)

زبر : اس کی آواز اوپر کو جاتی ہے۔ جیسے : أَ

زیر : اس کی آواز نیچے کو جاتی ہے۔ جیسے : إِ

پیش : اس کی آواز آگے کو جاتی ہے، اس کی ادائیگی کے وقت ہونٹ گول ہوتے ہیں۔ جیسے: أُ۔

1.5.1.1 تنوین :

دوزبر، دوزیر، دوپیش کو تنوین کہتے ہیں۔ جیسے: أً، إٍ، أٌ، نَارٌ (آگ)

ذیل میں چند الفاظ پیش کئے جاتے ہیں ان کو ہجوں کے ساتھ پڑھئے۔

دَرَسَ اِبِلِ رُسُلُ رَدِف حَمِد بَخِلَ فُقِدَ
كَرُم عُلِم بَعُدَ جَعَلَ دَخَلَ هُدِيَ نُكِسَ

نوٹ : یہ تینوں حرکات یعنی ـَ ـِ ـُ اگر کوئی حرکت کلمہ کے آخری حرف پر آئیں تو اس کو اعراب کہتے ہیں اور یہ بالترتیب نصب، جر، اور رفع کہلاتے ہیں۔

1.5.2 سکنات :

سکون (جزم)

سکون کے معنی ٹھہرنے کے ہیں، جس حرف پر سکون ہوگا اس حرف پر سانس روکنا ہوگا، سکون کو ہمیشہ اس سے پہلے آنے والے حرف کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔ جیسے : قُلْ (کہو) بَلْ (بلکہ) ذَهَبْتُ (میں گیا) اَلْاُسْتَاذُ (استاذ)۔

سکون کلمہ کے شروع میں نہیں آتا ہے البتہ درمیان میں آتا ہے جب وہ کلمہ کے درمیان کسی حرف پر آئے تو اس حرف پر جس پر سکون ہو تو اپنی آواز کو روک دیں، جیسے: رَأَيْتُ (میں نے دیکھا)، اَلْفِيْلُ (ہاتھی)، مَدْرَسَةٌ (مدرسہ)، مَسْجِدٌ (مسجد)، كَتَبْتُ (میں نے لکھا)، قَرَأْتُ (میں نے پڑھا)۔

نوٹ: سکون والے حرف کو ساکن کہتے ہیں۔

1.5.2.1 شدہ/تشدید :

عربی زبان میں جب دو حرف ایک جنس (ایک جیسے) آتے ہیں تو دو مرتبہ نہیں لکھا جاتا ہے بلکہ دوسرا حرف پہلے حرف کو اپنے اندر لیا ہوا ہوتا ہے یعنی دو حرف کے بجائے ایک ہی حرف لکھا جاتا ہے جیسے مَدَّ : اصل میں مَدَدَ ہے دو حرف ایک جنس کے آگئے تو دونوں کو ملا کر اس پر تشدید دی گئی ہے۔

مزید مثالیں اس طرح ہیں :

اُمٌّ (ماں)، حَقٌّ (حق)، جَنَّةٌ (جنت)، ثُمَّ (پھر)

1.5.3 تدریبات (مشقیں)

1. حرکات کتنے ہیں اوران کے نام کیا ہیں؟
2. تنوین کسے کہتے ہیں کوئی پانچ مثالیں دیجئے جن میں تنوین کا اظہار ہو۔
3. نیچے لکھے ہوئے کلمات میں زبر (حرکات) اور سکون والے حروف کو پہچانئے۔

هُوَ (وہ)، اِجْلِسْ (بیٹھ)، قُلْ (کہو)، اَنْتَ (آپ)،
اَلْعَيْنُ (آنکھ)، اَلْمَدْرَسَةُ (مدرسہ)، طَائِرٌ (پرندہ)، حَقٌّ (حق)

4. سکون کسے کہتے ہیں؟ اس کو درس کی روشنی میں سمجھایئے۔
5. شدہ/تشدید کا استعمال کب ہوتا ہے۔

نوٹ : درس میں آئے ہوئے نئے الفاظ کو معانی کے ساتھ یاد کر لیجئے۔

1.6 حروفِ شمسی وحروفِ قمری

1.6.1 حروفِ شمسی

جس لفظ پر ''ال'' داخل کیا جائے تو اسے پڑھتے وقت ''ال'' کا ''ل'' ادا نہیں کیا جائے گا بلکہ براہِ راست اس لفظ کے پہلے حرف کو ہی پڑھا جائے گا۔ اور اس سے پہلے حرف پر تشدید بھی آئے گی۔ جیسے: شَمْسٌ پر ''ال'' آئے گا تو اَلشَّمْسُ پڑھیں گے۔ ''ال'' کا لام نہیں پڑھا جائے گا۔ بلکہ '' أَ '' کو براہِ راست شمس کے ''ش'' سے ملادیں گے۔ اور ''ش'' پر تشدید لاتے ہوئے زور دے کر پڑھیں گے۔ یعنی اَلشَّمْسُ ۔

حروفِ شمسی **14** ہیں، اور وہ یہ ہیں:

ت ، ث ، د ، ذ ، ر ، ز ، س ، ش ، ص ، ض ، ط ظ ، ل ، ن

ان تمام حروف کو پڑھنے کا طریقہ وہی جو ابھی آپ کو بتایا گیا ہے۔ جیسے:

اَلرَّحِيْمُ (رحم کرنے والا)، اَلسَّمَاءُ (آسمان)، اَلنِّكَاحُ (نکاح)،
اَلطَّرِيْقُ (راستہ)، اَلظُّلْمُ (ظلم)

1.6.2 حروفِ قمری :

وہ حروف ہیں جب ان پر ''ال'' داخل ہوں تو مکمل طور پر ''ال'' کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ اس طرح لفظ کے ''ل'' کے بعد والے حرف پر تشدید لانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ جیسے : قَمَرٌ پر ''ال'' داخل کریں تو ''اَلْقَمَرُ'' پڑھا جائے گا۔ یعنی ''ال'' ''ق'' کو ایک ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا۔ یہاں تشدید کی ضرورت نہیں ہے۔

حروفِ قمری بھی **14** ہیں اور وہ یہ ہیں :

ب ، ج ، ح ، خ ، ع ، غ ، ف ، ق ، ك ، م ، ھ ، و ، ء ، ی

ان تمام حروف کو اسی طرح پڑھا جائے گا جیسا کہ آپ کو بتایا گیا ہے۔

اَلْاُسْتَاذُ (استاذ)، اَلْعَقْلُ (عقل)، اَلْمَنَارُ (مینار)،
اَلْحَدِيْثُ (حدیث)، اَلْقُرْآنُ (قرآن)، اَلْفِقْهُ (دین کی سمجھ)

1.6.3 تدریبات (مشقیں)

1. حروفِ شمسی کسے کہتے ہیں ترتیب سے لکھئے۔
2. حروفِ قمری کسے کہتے ہیں ترتیب سے لکھئے۔
3. نیچے کچھ الفاظ دیئے جا رہے ہیں ان میں حروفِ قمری اور حروفِ شمسی کی شناخت کیجئے۔

اَلْكِتَابُ (کتاب)، اَلْقَلَمُ (قلم)، اَلْمَكْتَبَةُ (کتب خانہ)،
اَلْحَجُّ (حج)، اَلسِّرُّ (خاموش)، اَلشُّرْبُ (پینا)،
اَلسَّجْدَةُ (سجدہ)، اَلْمَنْزِلُ (منزل)، اَلْمُتَعَلِّمُ (طالب علم)،
اَلدَّرْسُ (سبق)

4. درجِ ذیل الفاظ کے معانی بتایئے۔

اَلْبَيْتُ، اَلْعَقْلُ، اَلشَّمْسُ، اَلْقَمَرُ، اَلْاُمُّ، اَلشَّجَرُ

5. درجِ ذیل الفاظ کے معانی زبانی یاد کیجئے۔

وَلَدٌ (لڑکا)، بِنْتٌ (لڑکی)، فَرَسٌ (گھوڑا)،
رَجُلٌ (آدمی)، اِمْرَأَةٌ (عورت)، كُرَّاسَةٌ (کاپی)،
سُبُّوْرَةٌ (تختۂ سیاہ Writing Board)

نوٹ: درس میں آنے والے نئے الفاظ کو ضرور یاد کریں۔

1.7 سبق کا خلاصہ

اس سبق میں حروفِ تہجی، ان کی شکلیں، ادائیگی وتلفظ، جوڑ: دوحرفی، تین حرفی، چارحرفی اور حروف کے اقسام، حروفِ صحیح اور حروفِ علت کو بتایا گیا۔ اس طرح حرکات وسکنات فتحہ، کسرہ، ضمہ، سکون اور تشدید کو بھی واضح کیا گیا، علاوہ ازیں حرف کی ادائیگی سے اس کی تقسیم: شمسی وقمری میں کی گئی۔

حروفِ تہجی کل 29 ہیں۔

حروفِ علت 3 ہیں: و، ا، ی

حروفِ صحیح و، ا، ی کے علاوہ سب صحیح ہیں۔

حرکات : (ـَـِـُ) کو اور (ـًـٍـٌ) کو تنوین کہتے ہیں۔

سکنات : ساکن یعنی سکون ـْ کو کہا جاتا ہے۔

شدہ : یعنی تشدید ـّ کو کہتے ہیں۔

حروفِ شمسی : تعداد کے اعتبار سے 14 ہیں۔

حروفِ قمری : تعداد کے اعتبار سے 14 ہیں۔

1.8 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا۔

1. الفاظ کے بنانے میں حروف کی اہمیت اور حروفِ تہجی کی تفصیل۔
2. حروف کی شکلیں اور حروف کو جوڑ کر کس طرح الفاظ بنا سکتے ہیں۔
3. حروف دو طرح کے ہوتے ہیں جیسے حروفِ علت و حروفِ صحیح۔
4. بعض حروف پر ''ال'' لگانے سے ''ل'' کی آواز ساقط ہو جاتی ہے اور بعض حروف پر ''ال'' آنے سے ظاہر ہوتی ہے جس کو درس میں حروفِ شمسی و قمری کے عنوان سے پیش کیا گیا ہے۔
5. اس سبق کے ذریعہ حرکات (ـَ ـِ ـُ) سکنات (ـْ) لگا کر حروف کا پڑھنا معلوم ہوا۔

1.9 امتحانی سوالات

1. حروفِ تہجی کسے کہتے ہیں اور وہ کیا کیا ہیں ترتیب سے لکھیں۔
2. حروفِ تہجی کی شکلیں لکھیں۔
3. حروفِ تہجی کے مختلف جوڑ کو واضح کریں۔
4. حروفِ صحیح کیا ہیں مع مثالوں کے لکھیں۔
5. حروفِ علت کیا ہیں مع مثالوں کے لکھیں۔
6. حرکات کی تعریف کیجئے۔
7. سکون اور تشدید کی تعریف کرتے ہوئے مثالوں سے سمجھائیں۔
8. حروفِ شمسی و حروفِ قمری کی تعریف کرتے ہوئے حروفِ قمری و شمسی لکھیں۔
9. آپ نے اس سبق (1) سے کیا سیکھا ہے اپنے انداز میں کم از کم **10** سطروں میں لکھیں۔

•••

الدرس الثانی

سبق-2

اسم اوراس کے اقسام

2.1 تمہید

2.2 مقصد

2.3 کلمہ اوراس کے اقسام

2.4 اسم کی تعریف

2.4.1 اسم کی علامتیں

2.4.2 تدریبات (مشقیں)

2.5 معرفہ ونکرہ

2.5.1 معرفہ اوراس کے اقسام

2.5.2 نکرہ

2.5.3 تدریبات (مشقیں)

2.6 تذکیروتانیث

2.6.1 تذکیر

2.6.2 تانیث

2.6.3 تانیث کی علامتیں

2.6.4 تانیث کی قسمیں

2.6.4.1 مؤنثِ قیاسی

2.6.4.2 مؤنثِ سماعی

2.6.5 تدریبات (مشقیں)

2.7 عدد کے اعتبار سے اسم کی اقسام: واحد تثنیہ اور جمع

2.7.1 تثنیہ بنانے کا طریقہ

2.7.2 جمع کے اقسام

2.7.2.1 جمع سالم

2.7.2.2 جمع مکسر

2.7.3 تدریبات (مشقیں)

2.8 سبق کا خلاصہ

2.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا

2.10 امتحانی سوالات

2.1 تمہید :

عزیز طلبہ! آپ لوگوں نے گذشتہ سبق میں حروفِ تہجی اور ان سے متعلق تمام باتوں کو پڑھا ہے۔حروف کے جوڑ سے کلمہ وجود میں آتا ہے اوراس کی ادائیگی کے لئے اعراب وحرکات کی ضرورت پڑتی ہے آپ نے ان تمام باتوں کو سیکھ لیا ہے۔اب ہم کلمات (کلمہ کی جمع) اوران سے متعلق تمام باتوں کو جاننے کی کوشش کریں گے۔

2.2 مقصد

1. اس سبق سے کلمہ کی تعریف کو جانیں گے۔
2. اسم اوراس کی علامتوں کو پہچانیں گے۔
3. اسم کی تمام اقسام کی معرفت ہوگی۔

2.3 کلمہ اوراس کے اقسام:

معنی دار لفظ کو ''کلمہ'' کہتے ہیں۔

کلمہ کی تین قسمیں ہیں: (1) اسم (2) فعل (3) حرف

2.4 اسم کی تعریف :

اسم ایسا کلمہ ہے جو کسی شخص، چیز، جگہ وغیرہ کو بتلائے اوراس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا۔

جیسے: مُحَمَّدٌ ، شَاهِدٌ ، مَسْجِدٌ ، قَلَمٌ (پین) ، مَدِيْنَةٌ (شہر) حَيْدَرْاٰبَادُ وغیرہ۔

ان مثالوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مذکورہ بالا تمام کلمات اسم ہیں، کیوں کہ یہ کلمات اشخاص (شخص کی جمع)، اشیاء : چیزیں (شئ کی جمع)، اور جگہوں پر دلالت کرتے ہیں۔

2.4.1 اسم کی علامتیں :

اسم کی علامات میں سے یہ ہے کہ اس کے شروع میں
''ال'' یا آخر میں تنوین (ـٍ ـٌ ـً) آئے۔

1. اسم کے شروع میں '' ال '' کا داخل ہونا۔ جیسے: اَلرَّجُلُ ، اَلْبَيْتُ ، اَلْقَلَمُ
2. اسم کے آخر میں'' تنوین '' آنا۔ جیسے: كِتَابٌ ، مَسْجِدٌ ، مَدِيْنَةٌ
3. کسی اسم کی طرف اس کی اضافت ہونا۔ جیسے: كِتَابُ اللهِ (اللہ کی کتاب)، بَيْتُ اللهِ (اللہ کا گھر)، رَسُوْلُ اللهِ (اللہ کے رسول)۔
4. اس پر حرف جر (زیر دینے والا حرف) یعنی وہ حرف جو اپنے بعد والے کو زیر دیتا ہے۔ جیسے: مِنَ الْبَيْتِ (گھر سے)، إِلَى الْمَطَارِ (ہوائی اڈہ تک)، بِالْقِطَارِ (ٹرین سے)۔
5. وہ مسند الیہ ہو یعنی مبتدا، فاعل، نائب فاعل (جن کی تعریفات آگے آئیں گی) واقع ہو۔ جیسے: زَيْدٌ ذَهَبَ (زید گیا) ، أَنَا طَالِبٌ (میں طالب ہوں)، قَرَأَ الْأُسْتَاذُ (استاذ نے پڑھا)، كُتِبَتِ الرِّسَالَةُ (خط لکھا گیا)۔
6. اس پر حرفِ ندا (وہ حرف جس کے ذریعہ پکارا جاتا ہے) آئے۔ جیسے: يَا مُحَمَّدُ (اے محمد)، يَا مُوْسٰى (اے موسی)، يَا أَيُّهَا النَّاسُ (اے لوگو)۔
7. اس کے آخر میں تائے تانیث (مؤنث کی گول ۃ) آئے۔ جیسے: فَاطِمَةُ ، مَدْرَسَةٌ (مدرسہ)، قَلَنْسُوَةٌ (ٹوپی)۔

نوٹ : درس میں آنے والے نئے الفاظ معانی یاد کر لیجئے۔

2.4.2 تدریبات (مشقیں)

1. کلمہ کی تعریف کیجئے۔
2. کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں بیان کیجئے۔
3. اسم کی پہچان کیا ہے؟
4. پانچ ایسے اسماء لکھئے جو ''ال'' سے شروع ہوں۔
5. پانچ ایسے اسماء لکھئے جن کے آخر میں تنوین (ـًـٍـٌ) ہوں۔

2.5 معرفہ ونکرہ

تعین (مخصوص) اور عدم تعین (عام) کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں:

(1) معرفہ (2) نکرہ

2.5.1 معرفہ

معرفہ وہ اسم ہے جو کسی معین (مخصوص) شخص، جگہ یا چیز پر دلالت کرے۔ جیسے: اَلْكِتَابُ ، زَيْدٌ ، اَلْجَامِعَةُ اردو زبان میں معین اسم کا ترجمہ خاص یا مخصوص سے نہیں کیا جائے گا کیونکہ کہنے والا جب ''اَلْكِتَابُ'' کہے گا تو اس سے مراد کوئی خاص و معین کتاب ہی ہوگی۔ البتہ نکرہ کا ترجمہ اس طرح آئے گا: وَلَدٌ (کوئی ایک لڑکا) اس کی تفصیل آگے آئے گی۔

اقسامِ معرفہ

معرفہ کی سات قسمیں ہیں:

1. عَلَمٌ
2. معرف باللام
3. اسمِ ضمیر

4. اسمِ اشارہ
5. اسمِ موصول
6. منادی
7. مضاف الی المعرفۃ

1. علم: کسی بھی شخص یا چیز کے خاص نام کو علم کہتے ہیں۔ جیسے: عُمَرُ ، اَحْمَدُ ، حَیْدَرْاٰبَادُ ، فَاطِمَۃُ وغیرہ۔
2. معرف باللام: وہ اسم عام ہے جس پر ''ال'' داخل کر کے عرفہ یعنی خاص بنایا گیا ہو۔ جیسے: کِتَابٌ (کوئی ایک کتاب) سے اَلْکِتَابُ، مُعَلِّمٌ (کوئی ایک معلم) سے اَلْمُعَلِّمُ۔
نوٹ: جب کسی اسم پر ''الف لام'' داخل ہو تو تنوین نہیں آئے گی۔
3. اسمِ ضمیر: وہ لفظ ہے جو کسی اسم کے بجائے استعمال کیا جائے۔ جیسے :
هُوَ (وہ)، أَنْتَ (تو)، اَنَا (میں) وغیرہ۔
4. اسمِ اشارہ: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی فرد یا شئ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: هٰذَا (یہ)، ذٰلِكَ (وہ)، هٰؤُلَاءِ (یہ سب)، أُولٰئِكَ (وہ سب)، هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب)، ذٰلِكَ الْبَابُ (وہ دروازہ)۔
5. اسمِ موصول : وہ اسم جس سے جملہ کو جوڑا جاتا ہے۔ جیسے: اَلَّذِیْ (جو کہ) واحد مذکر کے لئے، اَلَّذِیْنَ (وہ سب جو کہ) جمع مذکر کے لئے، اور اَلَّتِیْ (جو کہ) واحد مؤنث کے لئے، اَللَّاتِیْ (وہ سب جو کہ) جمع مؤنث کے لئے وغیرہ۔
6. منادیٰ: وہ اسم ہے جس کے ساتھ '' یَا '' (حرفِ ندا) لگا کر پکارا جاتا ہے۔ جیسے: یَا اَللّٰهُ (اے اللہ)، یَا مُحَمَّدُ (اے محمد)، یَا مَالِكُ (اے مالک)۔

7. مضاف الی المعرفۃ: وہ اسم ہے جو معرفہ کی مذکورہ (ذکر کی ہوئی) قسموں میں سے کسی کی طرف مضاف (اضافت کی گئی) ہو، وہ اسم نکرہ معرفہ ہوجائے گا۔ جیسے: اِسْمُ الْجَامِعَةِ (یونیورسٹی کا نام)، كِتَابُ اللهِ (اللہ کی کتاب)، بَيْتُ هٰذَا الرَّجُلِ (اس آدمی کا گھر)۔

2.5.2 نکرہ :

وہ اسم عام جو افراد یا اشیاء (چیزوں) پر دلالت کرے۔ جیسے: وَلَدٌ (کوئی ایک لڑکا)، قَلَمٌ (کوئی ایک قلم) سَيَّارَةٌ (کوئی ایک کار)۔

عزیز طلبہ! یہاں آپ نے دیکھا ہوگا کہ وَلَدٌ کا ترجمہ ایک یا کوئی لڑکا، قَلَمٌ کا ترجمہ ایک یا کوئی قلم، اور سَيَّارَةٌ کا ترجمہ ایک یا کوئی کار سے کیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ معین فرد یا معین شئ (چیز) نہیں ہے۔

نکرہ کے آخر میں تنوین (ـٌ ـٍ ـً) آتی ہے۔ جیسے: قَلَمٌ ۔

عزیز طلبہ! ان باتوں کو ذہن نشین کر لیجئے کہ جس لفظ پر ''ال'' داخل ہو، اس پر تنوین نہیں آتی ہے۔ جیسے: اَلْكِتَابُ۔ اور جس پر ''ال'' داخل نہ ہو، اس پر تنوین آتی ہے۔ جیسے: كِتَابٌ۔

علم: یعنی ناموں پر ''ال'' داخل نہیں ہوتے ہیں۔ جیسے: زَيْدٌ، عَبْدُ اللهِ، دِهْلِيٌّ، حَيْدَرْاٰبَادُ وغیرہ۔

2.5.3 تدریبات (مشقیں)

1. معرفہ اور نکرہ کی تعریف کیجئے۔
2. معرفہ کی اقسام مع مثال لکھئے۔
3. ذیل میں کچھ الفاظ دیئے جارہے ہیں ان میں معرفہ اور نکرہ کی شناخت کیجئے۔

1. كِتَابٌ ( ) 2. قَلَمٌ ( ) 3. اَلْمَسْجِدُ ( )
4. سَيَّارَةٌ ( ) 5. حَامِدٌ ( ) 6. أَفْضَلُ ( )

2.6 تذکیروتانیث : Masculine And Feminine

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں:

(1) مذکر (Masculine) (2) مؤنث (Feminine)

2.6.1 تذکیر

مذکر وہ اسم ہے جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے۔ جیسے: قَلَمٌ ، كِتَابٌ، نُوْرٌ (روشنی)، اَلْمِفْتَاحُ (چابی)

2.6.2 تأنیث (مؤنث)

مؤنث وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامتیں پائی جائیں۔ جیسے: فَاطِمَةُ ، زَيْنَبُ ، كُبْرٰى ، مَدْرَسَةٌ ، بَيْضَاءُ (سفید رنگ)

2.6.3 تأنیث کی علامتیں:

تأنیث کی تین علامتیں ہیں۔

1. ’’ ة ‘‘ (تائے تانیث یا تائے مُدَوّرہ)
2. الف مقصورہ (ىٰ)
3. الف ممدودہ (اء)

1. اسم کے آخر میں ’’ ة ‘‘ کا آنا۔ جیسے: فَاطِمَةُ ، عَائِشَةُ ، خَدِيْجَةُ ، مَدْرَسَةٌ ، قَلَنْسُوَةٌ (ٹوپی)
2. الف مقصورہ : اس ’’الف‘‘ کو کہا جاتا ہے جو کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: صُغْرٰى (چھوٹی)، كُبْرٰى (بڑی)
3. الف ممدودہ : اس ’’الف‘‘ کو کہا جاتا ہے جو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: حَمْرَاءُ ، (لال رنگ)، سَوْدَاءُ (کالا رنگ)، صَفْرَاءُ (زرد رنگ، پیلا رنگ)

2.6.4 تأنیث کی قسمیں:

عزیز طلبہ! آپ لوگوں نے مؤنث کی علامتیں پڑھی ہیں، علامت پائے جانے کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: (1) مؤنثِ قیاسی (2) مؤنثِ سماعی

2.6.4.1 مؤنثِ قیاسی:

مؤنثِ قیاسی وہ ہے جس تانیث کی علامت لفظوں میں موجود ہو۔ جیسے: طَلْحَةُ ، صُغْرٰی ، سَوْدَاءُ (کالا)۔

2.6.4.2 مؤنثِ سماعی:

مؤنثِ سماعی وہ مؤنث ہے جس میں تأنیث کی علامت لفظوں میں موجود نہ ہو، مگر اہلِ زبان اس کو مؤنث مانتے ہوں۔ جیسے: أَرْضٌ (زمین)، شَمْسٌ (سورج)۔

مؤنثِ سماعی کی چار قسمیں ہیں:

1. وہ تمام اسماء جو مؤنث کے نام ہوں۔ جیسے: مَرْيَمُ ، زَيْنَبُ ، كُلْثُوْمُ یعنی وہ عورتوں کے نام جس میں تأنیث کی علامت نہیں پائی جاتی ہے لیکن وہ مؤنث ہی ہوں۔
2. وہ تمام اسماء جو عورتوں کے لئے خاص یعنی عورتوں کے لئے بولے جاتے ہوں۔ جیسے: أُمٌّ (ماں)، أُخْتٌ (بہن)، بِنْتٌ (بیٹی) وغیرہ۔
3. وہ تمام اسماء جو کسی شہر یا قبیلہ کا نام ہوں۔ جیسے: حَيْدَرْاٰبَادُ ، مِصْرُ ، مَكَّةُ ، قُرَيْشٌ ، اَلْهِنْدُ ، دِهْلِيٌّ وغیرہ۔
4. بعض الفاظ جنہیں اہلِ زبان ہمیشہ مؤنث ہی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے: اَلدَّارُ (گھر) اَلنَّارُ (آگ)، اَلْاَرْضُ (زمین)، اَلسَّمَاءُ (آسمان)، اَلشَّمْسُ (سورج)، اَلرِّيْحُ (ہوا)، ایسے الفاظ کو مؤنثِ سماعی کہتے ہیں، یعنی اہلِ زبان سے اس کو مؤنث ہی سنا گیا۔

نوٹ: درس میں آنے والے جدید الفاظ یاد کر لیجئے۔

2.6.5 تدریبات (مشقیں)

1. درجِ ذیل اسماء میں مذکر ومؤنث بتائیں۔

قَلَمٌ ، صَفْرَاءُ ، تُفَّاحَةٌ (سیب)، بُشْرٰی (خوشخبری)، مَدْرَسَةٌ (مدرسہ)، حَدِيْقَةٌ (باغ)، بَيْتٌ (گھر)، كِتَابٌ (کتاب)، كُرْسِيٌّ (کرسی)، فَاطِمَةُ، زَيْنَبُ ، خَدِيْجَةُ

2. تأنیث کی کتنی علامتیں ہیں اور کیا کیا ہیں بتایئے۔
3. مؤنثِ قیاسی ومؤنثِ سماعی پر درس کی روشنی میں بیان کیجئے۔

2.7 عدد کے اعتبار سے اقسامِ اسم:

عدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں:

1. واحد (مفرد) 2. تثنیہ (مثنی) 3. جمع

1. واحد : وہ اسم یا شئ ہے جو ایک پر دلالت کرے۔ جیسے: رَجُلٌ (ایک مرد)، شَهْرٌ (مہینہ)، صَدِيْقٌ (دوست)، وَلَدٌ (لڑکا)
2. تثنیہ : وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے جیسے: رَجُلَانِ (دومرد)، صَدِيْقَانِ (دو دوست)، مَدْرَسَتَانِ (دو مدرسہ)، شَهْرَانِ (دو مہینے)، صَحِيْفَتَانِ (دو اخبار)، تثنیہ اردو، اور انگریزی میں نہیں پایا جاتا ہے۔
3. جمع وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ جیسے: رِجَالٌ (سب مرد)، كُتُبٌ (بہت سی کتابیں)، مَسَاجِدُ (مسجدیں)، مَدَارِسُ (مدرسے)۔

2.7.1 تثنیہ بنانے کا طریقہ :

عربی میں تثنیہ بنانے کا طریقہ آسان ہے۔ جس واحد کا تثنیہ بنانا ہو، اس کے آخر میں ''ان'' کا اضافہ کرنے سے تثنیہ بن جاتا ہے۔ جیسے:

رَجَلٌ رَجُلٌ + انِ = رَجُلَانِ (دوآدمی)

كِتَابٌ كِتَابٌ + انِ = كِتَابَانِ (دوکتابیں)

حَدِيْقَةٌ حَدِيْقَةٌ + انِ = حَدِيْقَتَانِ (دوباغ)

صَحِيْفَةٌ صَحِيْفَةٌ + انِ = صَحِيْفَتَانِ (دواخبار)

2.7.2 جمع کے اقسام :

جمع دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ جیسے: (بہت سے مرد)

جمع کی دو قسمیں ہیں: (1) جمع سالم (2) جمع مکسر

2.7.2.1 جمع سالم

جمع سالم وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن اس کی حالت پر باقی ہو۔ جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ

جمع سالم کی دو قسمیں ہیں: (1) جمع مذکر سالم (2) جمع مؤنث سالم

1. جمع مذکر سالم کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ واحد کے آخر میں وْنَ کا اضافہ کیا جائے۔ جیسے:

مُسْلِمٌ جمع مُسْلِمُوْنَ

خَادِمٌ جمع خَادِمُوْنَ (نوکر)

نَاصِحٌ جمع نَاصِحُوْنَ (نصیحت کرنے والے)

لَاعِبٌ جمع لَاعِبُوْنَ (کھیلنے والے)

كَاتِبٌ جمع كَاتِبُوْنَ (لکھنے والے)

2. جمع مؤنث سالم بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ واحد مؤنث کے آخر میں تائے تانیث نکال کر ''ات'' بڑھائیں۔ جیسے:

مُسْلِمَةٌ جمع مُسْلِمَاتٌ
قَارِئَةٌ جمع قَارِئَاتٌ (لکھنے والے)۔
مُعَلِّمَةٌ جمع مُعَلِّمَاتٌ (ٹیچرس)
شَارِبَةٌ جمع شَارِبَاتٌ (پینے والیاں)۔

2.7.2.2 جمع مکسر

جمع مکسر وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے۔ جیسے: کِتَابٌ کی جمع کُتُبٌ ۔

جمع مکسر کے چند اوزان یہ ہیں:

1. كِتَابٌ جمع كُتُبٌ وزن فُعُلٌ ، رَسُوْلٌ جمع رُسُلٌ وزن فُعُلٌ
2. وَلَدٌ جمع اَوْلَادٌ وزن أَفْعَالٌ ، قَلَمٌ جمع أَقْلَامٌ وزن أَفْعَالٌ
3. شَهْرٌ جمع شُهُوْرٌ وزن فُعُوْلٌ ، قَبْرٌ جمع قُبُوْرٌ وزن فُعُوْلٌ
4. شَاعِرٌ جمع شُعَرَاءُ وزن فُعَلَاءُ ، عَالِمٌ جمع عُلَمَاءُ وزن فُعَلَاءُ
5. حَدِيْقَةٌ جمع حَدَائِقُ وزن فَعَائِلُ ،صَحِيْفَةٌ جمع صَحَائِفُ وزن فَعَائِلُ
6. جَبَلٌ جمع جِبَالٌ وزن فِعَالٌ، بَحْرٌ جمع بِحَارٌ وزن فِعَالٌ

2.7.3 تدریبات (مشقیں)

1. تثنیہ وجمع بنانے کا طریقہ بتائیے۔
2. درج ذیل مفرد (واحد) اسماء کے تثنیہ بنائیے۔

شَهْرٌ، مَدِيْنَةٌ ، قَلَمٌ ، قَبْرٌ ، اُخْتٌ ، بِنْتٌ

3. درج ذیل واحد اسماء کی جمع بنائیے۔

مُسْلِمٌ (مسلمان)، يَوْمٌ (دن)، صَالِحَةٌ (نیک)،
مُؤْمِنٌ (ایمان والے)، وَلَدٌ (لڑکا)، عَالِمَةٌ (عالمہ)

2.8 سبق کا خلاصہ

- معنی دار لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔جیسے:
- کلمہ کی تین قسمیں ہیں: (1) اسم (2) فعل (3) حرف
- اسم اپنے معنی بتانے میں دوسرے کلمہ کا محتاج نہیں ہوتا ہے اور اس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا ہے۔
- اسم کی مختلف قسمیں ہیں : معرفہ اور نکرہ
- اسم اگر کسی خاص چیز کو بتاتا ہے تو اسے معرفہ کہتے ہیں۔جیسے: اَلْقَلَم ، حَامِدٌ ، دِلْهِيٌّ اور اگر عام چیزوں کے لئے استعمال ہو۔جیسے: وَلَدٌ (کوئی لڑکا)
- مذکر و مؤنث۔

مذکر : وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامت نہ پائی جائے۔جیسے: عُمَرُ ، كِتَابٌ

مؤنث : وہ اسم ہے جس میں تأنیث کی علامت پائی جائے۔جیسے:طَلْحَةُ ، صُغْرٰى ، حَمْرَاءُ

- واحد، تثنیہ، جمع

واحد : وہ اسم ہے جو ایک کو بتائے۔جیسے: مُسْلِمٌ (ایک مسلمان)

تثنیہ : وہ اسم ہے جو دو کو بتائے۔جیسے: مُسْلِمَانِ (دو مسلمان)

جمع : وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ کو بتائے۔جیسے: مُسْلِمُوْنَ (بہت مسلمان)

2.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا

1. کلمہ کسے کہتے ہیں؟
2. اسم اور اس کے اقسام کے بارے میں معلومات حاصل ہوئیں۔

3. معرفہ ونکرہ کے متعلق تمام باتوں کو سیکھا گیا۔
4. مؤنث ومذکر کی تعریف اور مؤنث کی علامتوں کی معرفت حاصل ہوئی۔
5. واحد، تثنیہ وجمع کی تعریفات معلوم ہوئی۔
6. جمع سالم وجمع مکسر کے فرق کو سمجھا گیا۔

2.10 امتحانی سوالات

1. کلمہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اقسام بیان کریں۔
2. اسم کی تعریف کرتے ہوئے اس کی علامتیں مع مثال بیان کریں۔
3. معرفہ اور نکرہ کسے کہتے ہیں اور معرفہ کے اقسام کیا کیا ہیں لکھئے۔
4. مذکر ومؤنث کی تعریف کیجئے۔
5. مؤنث کی علامتیں کیا کیا ہیں بتایئے۔
6. تأنیث کی قسمیں کیا کیا ہیں تفصیل سے لکھئے۔
7. واحد، تثنیہ، جمع کسے کہتے ہیں مثالوں کے ساتھ بتائیں۔
8. جمع کی کتنی قسمیں ہیں۔
9. جمع سالم اور جمع مکسر کسے کہتے ہیں اور ان کے بنانے کا طریقہ کیا ہے۔
10. تثنیہ بنانے کا طریقہ بتایئے۔

•••

الدرس الثالث

سبق-3

اسمائے اشارہ

3.1 تمہید
3.2 مقصد
3.3 اسم اشارہ کی تعریف
3.3.1 اسم اشارہ کی قسمیں
3.3.1.1 اسم اشارہ قریب
3.3.1.2 اسم اشارہ بعید
3.3.2 مشارالیہ
3.3.3 تدریبات (مشقیں)
3.4 سبق کا خلاصہ
3.5 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا
3.6 امتحانی سوالات

3.1 تمہید :

جب کسی سے گفتگو ہو یا اپنے مخاطب کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہوں یا کبھی کسی فرد یا شئ کی طرف اشارہ کرنا ہو تو جن اسماء کا استعمال ہوتا ہے وہ اسمائے اشارہ کہلاتے ہیں۔

3.2 مقصد :

1. اسمائے اشارہ کے تعارف کی بحث۔
2. اسمائے اشارہ کے اقسام۔
3. مشارالیہ کے بابت معلومات۔
4. اسمائے اشارہ کا جملوں میں استعمال۔

3.3 اسمِ اشارہ کی تعریف :

اسمِ اشارہ : نزدیک یا دور کی کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لئے عربی زبان میں جو کلمہ متعین ہو، اس کو ''اسمِ اشارہ'' کہتے ہیں۔ اسمِ اشارہ کے ذریعہ کسی معین (خاص) چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: هٰذَا كِتَابٌ (یہ کتاب ہے)، هٰذَا وَلَدٌ (یہ لڑکا ہے)، هٰذِهٖ بِنْتٌ (یہ لڑکی ہے)، ذٰلِكَ كِتَابٌ (وہ کتاب ہے)، ذٰلِكَ رَجُلٌ (وہ آدمی ہے)، تِلْكَ طَالِبَةٌ (وہ لڑکی ہے)۔

3.3.1 اسمِ اشارہ کی قسمیں :

اسمِ اشارہ کی دو قسمیں ہیں: (1) اسمِ اشارہ قریب (2) اسمِ اشارہ بعید

3.3.1.1 اسمِ اشارہ قریب :

اسمِ اشارہ قریب وہ اسم ہے جو قریب کا اشارہ کرے، افراد، اشیاء اور اماکن کی طرف۔
جیسے : هٰذَا (یہ)۔

اسمائے اشارہ قریب درج ذیل ہیں:

1. هٰذَا یہ (واحد مذکر) جیسے : هٰذا وَلَدٌ (یہ لڑکا ہے)
2. هٰذَانِ یہ دو (تثنیہ مذکر) جیسے : هٰذَانِ وَلَدَانِ (یہ دونوں لڑکے ہیں)
3. هٰؤُلَاءِ یہ سب (جمع مذکر) جیسے : هٰؤُلَاءِ اَوْلَادٌ (یہ لڑکے ہیں)
4. هٰذِهٖ یہ (واحد مؤنث) جیسے : هٰذِهٖ بِنْتٌ (یہ لڑکی ہے)
5. هَاتَانِ یہ دو (تثنیہ مؤنث) جیسے : هَاتَانِ بِنْتَانِ (یہ دو لڑکیاں ہیں)
6. هٰؤُلَاءِ یہ سب (جمع مؤنث) جیسے : هٰؤُلَاءِ بَنَاتٌ (یہ لڑکیاں ہیں)

3.3.1.2 اسم اشارہ بعید

اسم اشارہ قریب وہ اسم ہے جو قریب کا اشارہ کرے، افراد، اشیاء اور اماکن کی طرف۔
جیسے: ذٰلِكَ (وہ)

اسمائے اشارہ بعید درج ذیل ہیں:

1. ذٰلِكَ یہ (واحد مذکر) جیسے: ذٰلِكَ طَالِبٌ (یہ لڑکا ہے)
2. ذَانِكَ یہ دو (تثنیہ مذکر) جیسے: ذَانِكَ طَالِبَانِ (یہ دونوں لڑکے ہیں)
3. أُولٰٓئِكَ یہ سب (جمع مذکر) جیسے: أُولٰٓئِكَ طُلَّابٌ (یہ لڑکے ہیں)
4. تِلْكَ یہ (واحد مؤنث) جیسے: تِلْكَ طَالِبَةٌ (یہ لڑکی ہے)
5. تَانِكَ یہ دو (تثنیہ مؤنث) جیسے: تَانِكَ طَالِبَتَانِ (یہ دو لڑکیاں ہیں)
6. أُولٰٓئِكَ یہ سب (جمع مؤنث) جیسے: أُولٰٓئِكَ طَالِبَاتٌ (یہ لڑکیاں ہیں)

اہم نوٹ: هٰذِهٖ وَ تِلْكَ ہر ایک غیر ذوی العقول یعنی (انسانوں کے علاوہ تمام مخلوقات) کی جمع کے لئے هٰذِهٖ قریب کے لئے اور تِلْكَ دور کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ جیسے: هٰذِهٖ كُتُبٌ، هٰذِهٖ كِلَابٌ ، هٰذِهٖ اَشْجَارَةٌ ، تِلْكَ اَقْلَامٌ ، تِلْكَ طُيُوْرٌ ، تِلْكَ اَشْجَارٌ

3.3.2 مشارالیہ

وہ اسم جس کی طرف اشارہ کیا جائے اس کو مشارالیہ کہتے ہیں۔ جیسے:

1. هٰذَا وَلَدٌ (یہ لڑکا ہے)، اس مثال میں هٰذَا اسم اشارہ ہے اور وَلَدٌ مشارالیہ ہے۔

ذیل میں چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن میں خط کشیدہ الفاظ (جس کلمہ کے نیچے لکیر موجود ہو) مشارالیہ ہیں۔

1. هٰذَا اَسَدٌ (یہ شیر ہے) هٰذِهٖ بِنْتٌ (یہ لڑکی ہے)
2. هٰؤُلَاءِ اَوْلَادٌ (یہ سب لڑکے ہیں) هٰذِهٖ مُعَلِّمَةٌ (یہ معلمہ ہے)
3. تِلْكَ سَاعَةٌ (وہ گھڑی ہے) ذٰلِكَ بَابٌ (وہ دروازہ ہے)
4. أُولٰٓئِكَ رِجَالٌ (وہ سب لوگ ہیں) هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ (یہ سب عورتیں)

ترجمہ کیجئے۔

هٰذَا وَلَدٌ هٰذَانِ مُعَلِّمَانِ هٰؤُلَاءِ أَوْلَادٌ هٰذِهٖ سَاعَةٌ

هَاتَانِ نَافِذَتَانِ ذٰلِكَ طَالِبٌ ذَانِكَ بَابَانِ أُولٰٓئِكَ رِجَالٌ

تِلْكَ مَحَطَّةٌ تَانِكَ طَالِبَتَانِ

3.3.3 تدریبات (مشقیں)

1. عربی میں ترجمہ کریں۔

یہ گھر ہے۔ وہ کتاب ہے۔ یہ کار۔ یہ لڑکے ہیں۔ وہ لڑکیاں۔

یہ بہن ہے۔ وہ مسلمان ہیں۔ وہ گھوڑا۔ یہ دروازے۔

2. خالی جگہوں کو مناسب اسمائے شارہ سے پُر کیجئے۔

1. ---------- رِجَالٌ
2. ---------- كُرَّاسَةٌ
3. ---------- حَدَائِقُ
4. ---------- مَحَطَّةٌ
5. ---------- اَللَّوْنُ
6. ---------- عُصْفُوْرٌ

3. خالی جگہوں کو مناسب مشارالیہ سے پُر کیجئے۔

1. هٰذَا ----------
2. تِلْكَ ----------
3. أُولٰٓئِكَ ----------
4. هٰؤُلَاءِ ----------
5. هٰذِهٖ ----------
6. ذٰلِكَ ----------

جدید کلمات کے معانی:

فَرَسٌ	گھوڑا	مَحَطَّةٌ	اسٹیشن
طَائِرَةٌ	ہوائی جہاز	نَافِذَةٌ	کھڑکی
سَاعَةٌ	گھڑی	عُصْفُوْرٌ	چڑیا
مِرْسَمٌ	پنسل	دَجَاجَةٌ	مرغی
لَوْنٌ	رنگ	حَقِيْبَةٌ	بیگ

3.4 سبق کا خلاصہ :

اسمائے اشارہ ایسے اسماء ہیں جن کے ذریعہ اشارہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: هٰذَا كُرْسِيٌّ (یہ کرسی ہے)، ذٰلِكَ بَيْتٌ (وہ گھر ہے)،

اسمائے اشارہ دو ہیں: (1) اسمائے اشارہ قریب (2) اسمائے اشارہ بعید

جو اسماء قریب کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں اُسے اسمائے اشارہ قریب کہتے ہیں۔ جیسے: هٰذَا (یہ)، هٰذِهٖ (یہ مؤنث کے لئے)، اور جو دور کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں اسے اسمائے اشارہ بعید کہتے ہیں۔ جیسے: ذٰلِكَ (وہ)، تِلْكَ (وہ مؤنث کے لئے)۔

3.5 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا :

1. اسمائے اشارہ کی تعریف۔
2. اسمائے اشارہ قریب و بعید کا استعمال۔
3. مشارالیہ کا تعارف۔

3.6 امتحانی سوالات :

1. اسمائے اشارہ کی تعریف کریں۔
2. اسمائے اشارہ قریب و بعید کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کیجئے۔
3. اسمائے اشارہ قریب کی کوئی پانچ مثالیں لکھئے۔
4. اسمائے اشارہ بعید کی کوئی پانچ مثالیں لکھئے۔
5. اسمائے اشارہ کا استعمال واحد، تثنیہ اور جمع کے اعتبار سے بتلایئے۔
6. اسمِ اشارہ اور مشارالیہ کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

•••

الدرس الرابع

سبق-4

اسمائے موصولہ

4.1 تمہید
4.2 مقصد
4.3 اسمِ موصول کی تعریف
4.4 اسمائے موصولہ
4.3.1 اسمائے موصولہ برائے مذکر
4.3.2 اسمائے موصولہ برائے مؤنث
4.3.3 تدریبات (مشقیں)
4.5 سبق کا خلاصہ
4.6 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا
4.7 امتحانی سوالات

4.1 تمہید :

گفتگو کے درمیان ہم بعض ایسے اسماء استعمال کرتے ہیں جب تک اس کے ساتھ کوئی جملہ نہ ملایا جائے اس کے پورے معنی سمجھ میں نہیں آتے۔ ایسے اسماء کو اسمائے موصولہ کہتے ہیں، اس سبق میں ہم اس کو سمجھیں گے اور اس کا استعمال سیکھیں گے۔

4.2 مقصد :

1. اسمائے موصولہ کا مکمل تعارف۔
2. اسمائے موصولہ کا استعمال برائے تذکیر وتانیت۔
3. صلہ الموصول کے بابت معلومات۔

4.3 اسمِ موصول کی تعریف :

اسمِ موصول بھی معرفہ کی ایک قسم ہے جو کلام میں جوڑ اور ربط پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اسمِ موصول بذاتِ خود مبہم ہوتے ہیں، یعنی ان سے معنی واضح نہیں ہوتے۔ چنانچہ ان کے بعد کوئی جملہ لایا جاتا ہے تاکہ بات واضح ہوسکے۔ اس جملہ کو ''صِلَةُ الْمَوْصُوْلِ'' اسمِ موصول کا صلہ کہا جاتا ہے۔ جیسے: جَاءَ الْوَلَدُ الَّذِيْ ذَكَرْتُهٗ (آیا وہ لڑکا جس کا میں نے ذکر کیا تھا)، اس مثال میں ''اَلَّذِيْ'' اسمِ موصول ہے۔

4.4 اسمائے موصولہ :

کثیر الاستعمال اسمائے موصولہ مَا، مَنْ، أَيُّ اور اَلَّذِيْ وغیرہ ہیں۔ اس سبق میں اَلَّذِيْ پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

4.4.1 اسمائے موصولہ برائے مذکر :

اَلَّذِيْ : (واحد) جیسے: اَلرَّجُلُ الَّذِيْ فِي الْبَيْتِ أَخُو خَالِدٍ
(جوآدمی گھر میں ہے خالد کا بھائی ہے)۔

اَلَّذَانِ : (تثنیہ) جیسے: اَلْوَلَدَانِ اللَّذَانِ فِي الْمَدْرَسَةِ مَاهِرَانِ فِي التَّعْلِيْمِ
(جودونوں لڑکے مدرسہ میں ہیں تعلیم میں ماہر ہیں)۔

اَلَّذِيْنَ : (جمع) جیسے: اَلرِّجَالُ الَّذِيْنَ فِي السُّوْقِ مَاهِرُوْنَ فِي التِّجَارَةِ
(جوآدمی بازار میں ہیں تجارت میں ماہر ہیں)۔

4.4.2 اسمائے موصولہ برائے مؤنث :

اَلَّتِيْ : (واحد) جیسے: اَلطَّبِيْبَةُ الَّتِيْ فِي الْعِيَادَةِ مَاهِرَةٌ فِيْ أَمْرَاضِ الْأَطْفَالِ
(وہ لیڈی ڈاکٹر جو کلینک میں ہے امراضِ اطفال میں ماہر ہے)

اَللَّتَانِ: (تثنیہ) جیسے: اَلطَّبِيْبَاتُ اللَّتَانِ فِي الْعِيَادَةِ مَاهِرَتَانِ فِيْ أَمْرَاضِ الْأَطْفَالِ
(وہ دولیڈی ڈاکٹر جو کلینک میں ہیں امراضِ اطفال میں ماہر ہیں)

اَللَّاتِيْ: (جمع) جیسے: اَلطَّبِيْبَةُ اللَّاتِيْ فِي الْعِيَادَةِ مَاهِرَاتٌ فِيْ أَمْرَاضِ الْأَطْفَالِ
(وہ سب لیڈی ڈاکٹر جو کلینک میں ہیں امراضِ اطفال میں ماہر ہیں)۔

بعض نحویوں نے مزید اسماء کا اضافہ کیا ہے۔

مَا (جو چیز)، مَنْ (جو شخص)، أَيٌّ (کیا چیز)، أَيَّةٌ مؤنث (کیا چیز)۔

4.4.3 تدریبات (مشقیں)

1. اسمائے موصولہ کی تعریف کیجئے۔
2. اسمائے موصول کتنے ہیں اور کون کونسے ہیں لکھئے۔
3. اسمائے موصولہ کو مثالوں سے سمجھائیے۔

4. درج ذیل جملوں کا ترجمہ کیجئے۔

1. اَلرِّجَالُ الَّذِيْنَ فِي السُّوْقِ مَاهِرُوْنَ فِي التِّجَارَةِ
2. اَلطَّبِيْبَةُ الَّتِيْ فِي الْعِيَادَةِ مَاهِرَةٌ فِيْ أَمْرَاضِ الْأَطْفَالِ
3. اَلرَّجُلُ الَّذِيْ فِي الْبَيْتِ أَخُو خَالِدٍ

4.5 سبق کا خلاصہ :

اسمائے موصولہ : اسم معرفہ ہی کی ایک قسم ہے جو کلام میں ربط و جوڑ پیدا کرنے کے لئے لایا جاتا ہے، اور اس کے بعد ایک جملہ لایا جاتا ہے جو کہ اس اسم موصول کی وضاحت کرتا ہے۔ جیسے: ھ (وہ/جو کہ)، ھ (وہ جو کہ مؤنث کے لئے)۔

4.6 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا :

1. اسم موصول کی تعریف اور اس کا استعمال۔
2. اسم موصولہ کی تفصیل۔
3. اسمائے موصولہ کا استعمال برائے تذکیر و تانیث۔

4.7 امتحانی سوالات :

1. اسم موصول کی تعریف کیجئے۔
2. اسمائے موصولہ برائے مذکر بیان کیجئے۔
3. اسمائے موصولہ برائے مؤنث بیان کیجئے۔
4. اسمائے موصولہ مذکر و مؤنث کے استعمال سے تین تین جملے بنائیے۔
5. اسم موصول کے بعد کا جملہ کیا کہلاتا ہے بتلائیے۔

•••

الدرس الخامس

سبق-5

ضمائر

5.1 تمہید
5.2 مقصد
5.3 ضمیر کی تعریف
5.4 ضمائر کی قسمیں
5.4.1 ضمیر متصل
5.4.2 ضمیر منفصل
5.4.3 ضمائر منفصلہ
5.4.4 ضمائر متصلہ
5.5 تدریبات (مشقیں)
5.6 سبق کا خلاصہ
5.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا
5.8 امتحانی سوالات

5.1 تمہید :

ضمیر بھی معرفہ کی ایک قسم ہے۔ جو اسم کے بار بار تکرار کے بجائے استعمال کی جاتی ہے۔ اس سبق میں ضمیر اور اس کے متعلقات کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

5.2 مقصد :

1. ضمیر کا تعارف
2. اقسام کی معرفت
3. ضمائر کا استعمال

5.3 ضمیر کی تعریف :

کسی بھی اسم کے بار بار تکرار کے بجائے جس کلمہ کو استعمال کیا جاتا ہے اس کو ضمیر کہتے ہیں اور اس کی جمع ضمائر ہے۔ جیسے: خَالِدٌ طَالِبٌ وَ هُوَ مُجْتَهِدٌ (خالد طالبِ علم ہے اور وہ محنتی ہے)، عَائِشَةُ طَالِبَةٌ وَهِيَ ذَكِيَّةٌ (عائشہ طالبہ ہے اور وہ ذہین ہے)، اَلْاَوْلَادُ مُجْتَهِدُوْنَ وَهُمْ فَائِزُوْنَ (لڑکے محنتی ہیں اور وہ کامیاب ہیں)، اَلْبَنَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ وَهُنَّ فَائِزَاتٌ (لڑکیاں محنتی ہیں اور وہ کامیاب ہیں)۔

مثال (1) میں خالد کے بجائے اُس کی ضمیر ''ھو'' استعمال کی گئی۔

مثال (2) میں عائشة کے بجائے اُس کی ضمیر '' ھی'' استعمال کی گئی۔

مثال (3) میں الاولاد کی ضمیر ''ھم'' لائی گئی۔

اسی طرح مثال (4) میں البنات کی ضمیر ''ھن'' لائی گئی۔

5.4 ضمیر کی قسمیں :

ضمیر کی دو قسمیں ہیں: (1) ضمیر متصل (2) ضمیر منفصل

5.4.1 ضمیر متصل :

وہ ضمیر جو کسی اسم یا فعل یا حرف کے ساتھ مل کر آئے وہ ضمیر متصل کہلاتی ہے۔ جیسے:

اسم کے ساتھ کی مثالیں: قَلَمُهٗ (اس کا قلم)، بَيْتُهُمْ (ان کا گھر) كِتَابُكَ (تیری کتاب)۔

فعل کے ساتھ کی مثالیں: ضَرَبْتُهٗ (میں نے اس کو مارا)، نَصَرَكَ (اس نے تیری مدد کی) عَرَفْتُهُنَّ (میں نے ان کو جان لیا)۔

حرف کے ساتھ کی مثالیں: لِيْ (میرے لئے)، بِيْ (میرے ساتھ)، لَكَ (تیرے لئے)۔

5.4.2 ضمیر منفصل :

وہ ضمیر جو کسی اسم کے ساتھ مل کر نہیں آتی بلکہ علحدہ طور پر آتی ہے۔ ضمیر منفصل کہلاتی ہے۔

جیسے: هُوَ (وہ)، اَنْتَ (تو)، اَنَا (میں)۔

5.4.3 ضمائر منفصلہ

وہ ضمیریں جو علحدہ آتی ہیں، تذکیر، تانیث اور عدد کے لحاظ سے چودہ ہیں:

جن کی تفصیل یہ ہے:

غائب ضمیریں (جن کے بارے میں گفتگو مقصود ہو)، اور یہ چھ ہیں:

هُوَ (وہ ایک مرد) غائب واحد مذکر

هُمَا (وہ دو مرد) غائب تثنیہ مذکر

هُمْ (وہ سب مرد) غائب جمع مذکر

هِيَ (وہ ایک عورت) غائب واحد مؤنث
هُمَا (وہ دو عورتیں) غائب تثنیہ مؤنث
هُنَّ (وہ سب عورتیں) غائب جمع مؤنث

حاضر ضمیریں (وہ ضمائر جن سے خطاب مطلوب ہے)، اور یہ چھ ہیں:

اَنْتَ (تو ایک مرد) حاضر واحد مذکر
اَنْتُمَا (تم دو مرد) حاضر تثنیہ مذکر
اَنْتُمْ (تم سب مرد) حاضر جمع مذکر
اَنْتِ (تم ایک عورت) حاضر واحد مؤنث
اَنْتُمَا (تم دو عورتیں) حاضر تثنیہ مؤنث
اَنْتُنَّ (تم سب عورتیں) حاضر جمع مؤنث

متکلم ضمیریں: جو خود گفتگو کر رہا ہے، وہ ضمیریں جو متکلم یعنی کلام کرنے والے یا خطاب کرنے والا کو بتلائے اور یہ دو ہیں :

اَنَا (میں ایک مرد/عورت) متکلم واحد مذکر و مؤنث
نَحْنُ (ہم دو یا ہم سب مرد/عورتیں) متکلم تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث

غائب ضمیریں :

كِتَابُ + هُ = كِتَابُهُ (اس کی کتاب) غائب واحد مذکر
كِتَابُ + هُمَا = كِتَابُهُمَا (ان دونوں کی کتاب) غائب تثنیہ مذکر
كِتَابُ + هُمْ = كِتَابُهُمْ (ان سب کی کتاب) غائب جمع مذکر
كِتَابُ + هَا = كِتَابُهَا (اس کی کتاب) غائب واحد مؤنث

كِتَابُ + هُمَا = كِتَابُهُمَا (ان دونوں کی کتاب) غائب تثنیہ مؤنث

كِتَابُ + هُنَّ = كِتَابُهُنَّ (ان سب کی کتاب) غائب جمع مؤنث

حاضر ضمیریں :

كِتَابُ + كَ = كِتَابُكَ (تیری کتاب) حاضر واحد مذکر

كِتَابُ + كُمَا = كِتَابُكُمَا (تم دونوں کی کتاب) حاضر تثنیہ مذکر

كِتَابُ + كُمْ = كِتَابُكُمْ (تم سب کی کتاب) حاضر جمع مذکر

كِتَابُ + كِ = كِتَابُكِ (تیری کتاب) حاضر واحد مؤنث

كِتَابُ + كُمَا = كِتَابُكُمَا (تم دونوں کی کتاب) حاضر تثنیہ مؤنث

كِتَابُ + كُنَّ = كِتَابُكُنَّ (تم سب کی کتاب) حاضر جمع مؤنث

متکلم ضمیریں:

كِتَابُ + ي = كِتَابِيْ (میری کتاب) متکلم واحد مذکر ومؤنث

كِتَابُ + نَا = كِتَابُنَا (ہم سب کی کتاب) متکلم جمع مذکر ومؤنث

5.4.4 ضمائرِ متصلہ :

وہ ضمیر ہے جو کسی اسم یا حرف کے ساتھ مل کر آتی ہے۔ جیسے: بَيْتُهٗ (اس کا گھر)، مِنْهُ (اُس سے)، لَهٗ (اس کے لئے)۔

یہ ضمیر تذکیر وتأنیث وعدد کے اعتبار سے چودہ ہیں:

رب + هٗ = رَبُّهٗ (اس کا رب) غائب واحد مذکر

نوٹ: اسم جب ضمیر متصل کے ساتھ تو اس کی تنوین گر جاتی ہے۔ جیسے:

رب + هٗ = رَبُّهٗ اس مثال میں رَبُّهٗ میں تنوین گر گئی۔

5.5 تدریبات (مشقیں) :

1. خالی جگہوں کو مناسب ضمائر سے پر کیجئے۔

1. ..... شَاعِرٌ
2. ..... صَغِيْرٌ
3. ..... طَالِبَةٌ
4. ..... عَالِمَةٌ
5. ..... اَخَوَاتٌ
6. ..... بَنَاتٌ

2. درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

قَلَمِيْ، بَلَدُهٗ، كِتَابُهُمْ، مَدْرَسَتِيْ، مُعَلِّمُنَا، دُكَّانُكَ
مَدِيْنَتُكُمْ، بَيْتُكُمَا، حُجْرَتُكُمْ، أَسَاتِذَتُهُمْ

3. درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔

ہماری مسجد　　اس کا مدرسہ　　میرے استاذ　　تمہارا باغ
اس کا رنگ　　ان کا دین　　ہمارے رسول　　ہمارا شہر

جدید کلمات کے معانی۔

صَغِيْرٌ جمع صِغَارٌ (چھوٹا)، حُجْرَةٌ (کمرہ)، دُكَّانٌ (دکان)،
أُخْتٌ جمع أَخَوَاتٌ (بہن)، بَلَدٌ (شہر)، مَدِيْنَةٌ (شہر)

5.6 سبق کا خلاصہ :

ضمائر ضمیر کی جمع ہے، ضمیر وہ کلمہ ہے جو اسم کی تکرار کے بجائے استعمال کیا جائے۔ ضمائر بھی معرفہ کی قسموں میں سے ہیں۔ اور چھ (6) غائب کے لئے، اور چھ (6) حاضر کے لئے دو (2) متکلم کے لئے آتے ہیں۔

ضمیر کی دو قسمیں ہیں: (1) ضمیر منفصل (2) ضمیر متصل

(1) ضمیر منفصل وہ ضمیر ہے جو اسم یا فعل سے علحدہ آتی ہے۔ جیسے: هُوَ عَالِمٌ (وہ عالم ہے)، اس کے کل چودہ صیغے ہیں۔

(2) ضمیر متصل وہ ضمیر ہے جو فعل یا اسم یا حرف سے مل کر آتی ہے۔ جیسے: ضَرَبَهُ (اس نے اس کو مارا)، قَلَمُهُ (اس کا قلم)، لِيْ (میرے لئے) یہ بھی چودہ ہیں۔

5.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا :

1. ضمائر کی تعریف۔
2. ضمائر کی قسمیں۔

5.8 امتحانی سوالات :

1. ضمیر کی تعریف کیجئے۔
2. ضمائر کی قسمیں بیان کیجئے۔
3. ضمیر منفصل کی تعریف کیجئے۔
4. ضمیر منفصل کیا کیا ہیں مع ترجمہ لکھئے۔
5. غائب، حاضر اور متکلم کی تعریف کیجئے۔
6. حاضر ضمائر کے استعمال سے پانچ جملے بنائیے۔
7. ضمیر متصل کے استعمال سے پانچ جملے بنائیے۔
8. اسم کو ضمیر متصل سے جوڑنے کا قاعدہ بیان کیجئے۔

•••

الدرس السادس

سبق-6

فعل اوراس کے اقسام

6.1 تمہید
6.2 مقصد
6.3 فعل کی تعریف
6.3.1 فعل کے اقسام
6.4 فعل ماضی کی تعریف
6.4.1 فعل ماضی مثبت معروف
6.4.2 فعل ماضی مثبت مجہول
6.4.3 فعل ماضی منفی معروف ومجہول
6.4.4 تدریبات (مشقیں)
6.5 فعل مضارع کی تعریف
6.5.1 فعل مضارع مثبت معروف
6.5.2 فعل مضارع مثبت مجہول
6.5.3 فعل مضارع منفی معروف
6.5.4 فعل مضارع منفی مجہول
6.5.5 تدریبات (مشقیں)
6.6 فعل امر
6.6.1 تدریبات (مشقیں)

6.7 فعل نہی
6.7.1 تدریبات (مشقیں)
6.8 فعل لازم وفعل متعدی
6.9 سبق کا خلاصہ
6.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا
6.11 امتحانی سوالات

6.1 تمہید :

گذشتہ اسباق میں ہم نے پڑھا کہ کلمہ کی تین قسمیں ہیں:(1)اسم (2)فعل (3)حرف اسم اوراس سے متعلق اہم معلومات حاصل کیں، اب ہم اس سبق میں کلمہ کی دوسری قسم فعل اوراس سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔فعل کے اقسام اوراس کی تصارف (گردانیں) جانیں گے۔

6.2 مقصد :

1. فعل کی تعریف اوراس کے اقسام سے واقفیت
2. فعل ماضی اوراس کی گردان سے شناسائی
3. فعل مضارع اوراس کی گردان کی معرفت
4. فعل امر ونہی اوراس کی گردانوں کا علم
5. فعل مثبت ومنفی کی پہچان
6. فعل لازم ومتعدی کا فرق

6.3 فعل کی تعریف :

فعل: وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا معلوم ہو،اوراس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے۔جیسے: كَتَبَ (لکھا اس نے)، يَكْتُبُ (لکھتا ہے یا لکھے گا)۔

زمانہ کی تین قسمیں ہیں: (1) ماضی (2) حال (3) مستقبل

1. ماضی : گذرا ہوا زمانہ
2. حال : موجودہ زمانہ
3. مستقبل : آنے والا زمانہ

فعل میں ان تینوں زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جاتا ہے۔

فاعل: کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔ جیسے: كَتَبَ زَيْدٌ (زید نے لکھا)۔

اس میں زید فاعل ہے کیوں کہ وہ لکھنے والا ہے۔

مفعول: جس پر کام ہو، اس کو مفعول کہتے ہیں۔ جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ بَكْرًا اس میں بَكْرًا مفعول ہے کیوں کہ مارنے کا کام اسی پر ہوا ہے، مفعول پر نصب (زبر) آتا ہے۔

6.3.1 فعل کے اقسام :

فعل کام کو کہتے ہیں اور کام کے اندر زمانہ پایا جاتا ہے اگر فاعل (کام کرنے والا) معلوم ہو تو اس فعل کو معروف کہتے ہیں اور جس فعل کا فاعل (کرنے والا) معلوم نہ ہو تو اُسے مجہول کہتے ہیں۔

فعل کی چار قسمیں ہیں:

فعلِ ماضی : جس میں گذرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے ہونے کو بتائے۔

فعلِ مضارع : موجودہ یا آنے والے زمانہ میں کسی کام کے ہونے کو بتائے۔

فعلِ امر : جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے۔

فعلِ نہی : جس میں کسی کام سے روکا جائے۔

6.4 فعل ماضی کی تعریف :

فعل ماضی وہ فعل ہے جس میں گذرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہو۔ جیسے: كَتَبَ (اس نے لکھا) سَمِعَ (اس نے سنا) نَصَرَ (اس نے مدد کی)۔

فعلِ ماضی کے حروف اصلی تین ہیں (ف ع ل) یعنی اس وزن پر ماضی کے سارے افعال آتے ہیں لیکن درمیانی حرف (ع) کی حرکت ہر فعل میں ایک ہونا ضروری نہیں ہے بعض افعال پر

فتحہ (زبر) اور بعض میں ضمہ (پیش) اور بعض میں کسرہ (زیر) آتا ہے ۔ جیسے : نَظَرَ (اس نے دیکھا) سَمِعَ (اس نے سنا) قَرُبَ (قریب ہوا) ان مثالوں میں سے پہلی مثال میں ع کی جگہ ظ ہے جس پر فتحہ ہے، دوسری مثال میں ع کی جگہ م آیا ہے جس پر کسرہ اور تیسری مثال میں ع کی جگہ ر آیا ہے جس پر ضمہ ہے۔

ہر فعل کے 14 صیغے (صورتیں) ہوتے ہیں۔
تین مذکر غائب کے لئے
تین مؤنث غائب کے لئے
تین مذکر حاضر کے لئے
تین مؤنث حاضر کے لئے
دو مذکر و مؤنث متکلم کے لئے

فعل ماضی کی تین قسمیں ہیں:
فعل ماضی مثبت معروف
فعل ماضی مثبت مجہول
فعل ماضی منفی معروف و مجہول

6.4.1 فعل ماضی مثبت معروف :

فعل ماضی مثبت معروف وہ فعل جس میں گذرے ہوئے زمانہ میں سے کسی کام کا ہونا معلوم ہو، اور اس کا فاعل (کام کرنے والا) معلوم ہو۔ جیسے: كَتَبَ (اس نے لکھا)، سَمِعَ (اس نے سنا)۔

فعل ماضی مثبت معروف کی گردان :

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَتَبَ	اس نے لکھا	غائب واحد مذکر
كَتَبَا	ان دومردوں نے لکھا	غائب تثنیہ مذکر
كَتَبُوْا	ان سب مردوں نے لکھا	غائب جمع مذکر
كَتَبَتْ	اس ایک عورت نے لکھا	غائب واحد مؤنث
كَتَبَتَا	ان دوعورتوں نے لکھا	غائب تثنیہ مؤنث
كَتَبْنَ	ان سب عورتوں نے لکھا	غائب جمع مؤنث
كَتَبْتَ	تو نے لکھا	حاضر واحد مذکر
كَتَبْتُمَا	تم دومردوں نے لکھا	حاضر تثنیہ مذکر
كَتَبْتُمْ	تم سب مردوں نے لکھا	حاضر جمع مذکر
كَتَبْتِ	تو ایک عورت نے لکھا	حاضر واحد مؤنث
كَتَبْتُمَا	تم دوعورتوں نے لکھا	حاضر تثنیہ مؤنث
كَتَبْتُنَّ	تم سب عورتوں نے لکھا	حاضر جمع مؤنث
كَتَبْتُ	میں ایک مرد/ایک عورت نے لکھا	متکلم واحد مذکر ومؤنث
كَتَبْنَا	ہم دومرد یا سب مرد/دوعورتیں یا سب عورتوں نے لکھا	متکلم جمع مذکر ومؤنث

درج ذیل الفاظ سے گردان کریں:

سَمِعَ ، ضَرَبَ ، ذَهَبَ

6.4.2 فعل ماضی مثبت مجہول :

ماضی مثبت مجہول وہ فعل ہے جس میں کام کرنے والا یعنی فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے:

ضُرِبَ (اس کو مارا گیا)، نُصِرَ (اس کی مدد کی گئی)۔

فعل ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ :

ماضی معروف کے پہلے حرف پر ضمہ، دوسرے حرف پر کسرہ اور تیسرے حرف پر کوئی تبدیلی واقع نہ ہوگی۔ جیسے: ضَرَبَ سے ضُرِبَ، نَظَرَ سے نُظِرَ، سَمِعَ سے سُمِعَ۔

گردان فعل ماضی مجہول :

گردان	ترجمہ	صیغہ
ضُرِبَ	مارا گیا وہ ایک مرد	غائب واحد مذکر
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد	غائب تثنیہ مذکر
ضُرِبُوْا	مارے گئے وہ سب مرد	غائب جمع مذکر
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت	غائب واحد مؤنث
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں	غائب تثنیہ مؤنث
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں	غائب جمع مؤنث
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد	حاضر واحد مذکر
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد	حاضر تثنیہ مذکر
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے وہ سب مرد	حاضر جمع مذکر
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت	حاضر واحد مؤنث
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عوتیں	حاضر تثنیہ مؤنث
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں	حاضر جمع مؤنث
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں ایک مرد/ایک عورت	متکلم واحد مذکر ومؤنث
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں/ یا سب مرد یا سب عورتیں	متکلم جمع مذکر ومؤنث

درج ذیل افعال سے گردان کریں :

ذُهِبَ ، نُصِرَ ، فُتِحَ

6.4.3 فعل ماضی منفی معروف

ماضی منفی معروف کا مطلب یہ ہے کہ جس میں کسی کام کا نہ کرنا معلوم ہو۔ جیسے: مَا ضَرَبَ (اس نے نہیں مارا)۔

ماضی منفی معروف بنانے کا طریقہ :

ماضی معروف اور ماضی مجہول پر لفظ ''مَا'' بڑھانے سے ماضی منفی بن جاتا ہے اور یہ لفظوں میں کچھ عمل نہیں کرتا صرف معنی میں تبدیلی کرتا ہے یعنی مثبت کو منفی کے معنی میں کرتا ہے۔ جیسے: نَصَرَ (اس نے مدد کیا) یہ فعل ماضی معروف مثبت ہے۔ مَا نَصَرَ (اس نے مدد نہیں کی) یہ فعل ماضی منفی معروف ہے۔

6.4.4 فعل ماضی منفی مجہول

ماضی منفی کا مطلب یہ ہے کہ جس میں کسی کام کا نہ ہونا معلوم ہو۔ جیسے: مَا ضُرِبَ (وہ نہیں مارا گیا)۔

ماضی منفی مجہول بنانے کا طریقہ :

ماضی مجہول پر لفظ ''مَا'' بڑھانے سے ماضی منفی مجہول بن جاتا ہے اور یہ لفظوں میں کچھ عمل نہیں کرتا صرف معنی میں تبدیلی کرتا ہے یعنی مثبت کو منفی کے معنی میں کرتا ہے۔ جیسے: نُصِرَ (وہ جس کی مدد کی گئی)، یہ فعل ماضی مجہول ہے مَا نُصِرَ (وہ جس کی مدد نہیں کی گئی)۔ یہ فعل ماضی منفی مجہول ہے۔

6.4.5 تدریبات (مشقیں)

1. ترجمہ کیجئے اور صیغے بتایئے۔

سَمِعُوْا، ضَرَبْنَا، سَمِعْتَ، نَظَرْتُ، مَا سَمِعَ
سَأَلْتُ، حَفِظُوْا، قَرَأْتُنَّ، شَرِبْنَ، مَا شَرِبْنَا

2. درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔

میں نے لکھا اس نے دیکھا تم سب نے کھانا کھایا
تم نے سوال کیا تو نے مدد نہیں کی میں نے نہیں کھایا
میں نے پڑھا ان سب مردوں نے نہیں پیا

3. درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

أَكَلَ الْوَلَدُ شَرِبَ الْأُسْتَاذُ قَرَأْتُنَّ عَلِمْنَا

4. جدید کلمات کے معانی۔

سَمِعَ (وہ سنا)، فَتَحَ (وہ کھولا)، سَأَلَ (اس نے سوال کیا)،
عَلِمَ (وہ جانا)، حَفِظَ (اس نے یاد کیا)، قَرَأَ (اس نے پڑھا)،
شَرِبَ (اس نے پیا)، نَظَرَ (اس نے دیکھا)۔

6.5 فعل مضارع کی تعریف :

وہ فعل ہے جو موجودہ یا آنے والے زمانے میں کسی کام کے ہونے کو بتائے جیسے: يَضْرِبُ (وہ مارتا ہے فی الحال یا مارے گا آنے والے زمانے میں) ۔

فعل مضارع کی تین قسمیں ہیں:

1. فعل مضارع مثبت معروف
2. فعل مضارع مثبت مجہول
3. فعل مضارع منفی معروف ومجہول

6.5.1 فعل مضارع مثبت معروف

وہ فعل ہے جس میں موجودہ یا آنے والے زمانہ میں کسی کام کے ہونے کو بتائے اور اس کا فاعل بھی معلوم ہو۔

مضارع مثبت معروف بنانے کا قاعدہ :

ماضی معروف کے شروع میں علامتِ مضارع میں سے کوئی ایک علامت کے اضافہ سے بنتا ہے۔

علامتِ مضارع چار ہیں: ی، ت، ا، ن۔

ی : چار صیغوں میں لگتی ہے: واحد مذکر غائب، تثنیہ مذکر غائب، جمع مذکر غائب، جمع مؤنث غائب۔

ت : آٹھ صیغوں میں لگتی ہے: واحد مؤنث غائب، تثنیہ مؤنث غائب اور حاضر کے چھ صیغوں میں لگتی ہے۔

ا : صرف واحد متکلم کے صیغہ میں لگتا ہے۔

ن : صرف جمع متکلم کے صیغہ میں لگتا ہے۔

وہ پانچ صیغے جن کے آخر میں پیش آتا ہے، وہ یہ ہیں:

1. واحد مذکر غائب جیسے: يَضْرِبُ
2. واحد مؤنث غائب جیسے: تَضْرِبُ
3. واحد مذکر حاضر جیسے: تَضْرِبُ
4. واحد متکلم جیسے: اَضْرِبُ
5. جمع متکلم جیسے: نَضْرِبُ

وہ سات صیغے جن کے آخر میں نونِ اعرابی آتا ہے، وہ یہ ہیں:

چار صیغے تثنیہ کے جن میں نون مکسور نِ (زیر والا نون) آتا ہے۔ جیسے: نَضْرِبُ

دو صیغے جمع مذکر غائب اور جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر میں نون مفتوح نَ (زبر والا نون) ہوتا ہے۔ جیسے: يَضْرِبُوْنَ ، تَضْرِبُوْنَ ، تَضْرِبِيْنَ

دو صیغے جن میں جمع مؤنث کا نون، نون النسوۃ کہلاتا ہے۔

جمع مؤنث غائب: جیسے: يَضْرِبْنَ

جمع مؤنث حاضر : جیسے: تَضْرِبْنَ

فعل مضارع مثبت معروف کی گردان:

گردان	ترجمہ	صیغہ
يَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد	غائب واحد مذکر
يَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد	غائب تثنیہ مذکر
يَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد	غائب جمع مذکر
تَضْرِبُ	مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	غائب واحد مؤنث
تَضْرِبَانِ	مارتی ہے یا ماریں گی وہ دو عورتیں	غائب تثنیہ مؤنث
يَضْرِبْنَ	مارتی ہے یا ماریں گی وہ سب عورتیں	غائب جمع مؤنث
تَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد	حاضر واحد مذکر
تَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے تم دو مرد	حاضر تثنیہ مذکر
تَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے تم سب مرد	حاضر جمع مذکر
تَضْرِبِيْنَ	مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت	حاضر واحد مؤنث
تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یا ماریں گی تو دو عورتیں	حاضر تثنیہ مؤنث
تَضْرِبْنَ	مارتی ہیں یا ماریں گی تم سب عورتیں	حاضر جمع مؤنث

اَضْرِبُ	مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد/ایک عورت	متکلم واحد مذکر ومؤنث
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں	متکلم جمع مذکر ومؤنث

درج ذیل افعال سے گردان کریں:

یَشْرَبُ ، یَنْظُرُ ، یَدْخُلُ

6.5.2 فعل مضارع مثبت مجہول

یہ وہ فعل ہے جس میں موجودہ یا آنے والے زمانے میں کسی کام کے ہونے کو بتلائیں مگر اس کا فاعل (کام کرنے والا) معلوم نہ ہو۔ جیسے: یُضْرَبُ (مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد)

فعل مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ

علامتِ مضارع (ی، ت، ا، ن) کو پیش دیا جائے گا، اگر اس پر پیش نہ ہو تو آخر سے پہلے والے حرف کو زبر دیا جائے گا، اگر اس پر زبر نہ ہو اور باقی حروف کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے گا۔ مضارع مجہول بن جائے گا۔ جیسے: یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ

فعل مضارع مثبت مجہول کی گردان:

گردان	ترجمہ	صیغہ
یُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد	غائب واحد مذکر
یُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ دو مرد	غائب تثنیہ مذکر
یُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ سب مرد	غائب جمع مذکر
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائے گی وہ ایک عورت	غائب واحد مؤنث
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	غائب تثنیہ مؤنث
یُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	غائب جمع مؤنث

تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا تو ایک مرد	حاضر واحد مذکر
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے تم دو مرد	حاضر تثنیہ مذکر
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے تم سب مرد	حاضر جمع مذکر
تُضْرَبِيْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائے گی تو ایک عورت	حاضر واحد مؤنث
تُضْرَبَانِ	مارتی جاتی ہیں یا ماری جائیں گی تم دو عورتیں	حاضر تثنیہ مؤنث
تُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائیں گی تم سب عورتیں	حاضر جمع مؤنث
أُضْرَبُ	مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤں گا میں ایک مرد/ایک عورت	متکلم واحد مذکر ومؤنث
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے ہم دو مرد/ہم دو عورتیں/ یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں	متکلم جمع مذکر ومؤنث

درج ذیل افعال سے گردان کریں:

يُفْتَحُ، يُنْصَرُ، يُكْتَبُ

6.5.3 فعل مضارع منفی معروف

وہ فعل مضارع جس میں موجودہ یا آئندہ زمانہ میں کسی کام کے نہ کرنے کو بتایا جائے۔ جیسے: لَا يَنْصُرُ (نہیں مدد کرتا ہے یا نہیں مدد کرے گا وہ)، لَا يَكْتُبُ (نہیں لکھتا ہے یا نہیں لکھے گا وہ)۔

فعل مضارع منفی معروف بنانے کا طریقہ :

مضارع مثبت معروف کے شروع میں ''لَا'' بڑھا دیں تو مضارع مثبت، منفی ہو جائے گا۔

فعل مضارع منفی معروف کی گردان :

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَا یَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد	غائب واحد مذکر
لَا یَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ دو مرد	غائب تثنیہ مذکر
لَا یَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ سب مرد	غائب جمع مذکر
لَا تَضْرِبُ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی وہ ایک عورت	غائب واحد مؤنث
لَا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہے یا نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں	غائب تثنیہ مؤنث
لَا یَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	غائب جمع مؤنث
لَا تَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا تو ایک مرد	حاضر واحد مذکر
لَا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے تم دو مرد	حاضر تثنیہ مذکر
لَا تَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے تم سب مرد	حاضر جمع مذکر
لَا تَضْرِبِیْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی تو ایک عورت	حاضر واحد مؤنث
لَا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی تو دو عورتیں	حاضر تثنیہ مؤنث
لَا تَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی تم سب عورتیں	حاضر جمع مؤنث
لَا اَضْرِبُ	نہیں مارتا ہوں یا نہیں ماروں گا میں ایک مرد/ایک عورت	متکلم واحد مذکر ومؤنث
لَا نَضْرِبُ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں	متکلم جمع مذکر ومؤنث

6.5.4 فعل مضارع منفی مجہول :

وہ فعل مضارع جس میں موجودہ یا آئندہ زمانہ میں کسی کام کے نہ ہونے کو بتایا جائے۔ جیسے: لَا یُنْصَرُ (نہیں مدد کیا جاتا ہے یا نہیں مدد کیا جائے گا)۔

فعل مضارع منفی مجہول بنانے کا طریقہ :

فعل مضارع منفی مجہول کا بھی طریقہ وہی ہے جو فعل مضارع مثبت منفی کا ہے یعنی مضارع مجہول سے پہلے لَا لگا یا جائے تو فعل مضارع منفی مجہول بن جائے گا۔ جیسے: لَا یُضْرَبُ (نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا)۔

گردان فعل مضارع منفی مجہول :

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَا یُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد	غائب واحد مذکر
لَا یُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	غائب تثنیہ مذکر
لَا یُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	غائب جمع مذکر
لَا تُضْرَبُ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی وہ ایک عورت	غائب واحد مؤنث
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	غائب تثنیہ مؤنث
لَا یُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	غائب جمع مؤنث
لَا تُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	حاضر واحد مذکر
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے تم دو مرد	حاضر تثنیہ مذکر
لَا تُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے تم سب مرد	حاضر جمع مذکر
لَا تُضْرَبِیْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی تو ایک عورت	حاضر واحد مؤنث
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی تم دو عورتیں	حاضر تثنیہ مؤنث
لَا تُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی تم سب عورتیں	حاضر جمع مؤنث
لَا اُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاؤں گا میں ایک مرد/ایک عورت	متکلم واحد مذکر ومؤنث
لَا نُضْرَبُ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے ہم دو مرد/ ہم دو عورتیں/ یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں	متکلم جمع مذکر ومؤنث

6.5.5 تدریبات (مشقیں)

1. اردو میں ترجمہ کیجئے۔

يَنْصُرُوْنَ، تَجْلِسُ، اَفْتَحُ ، تَسْمَعُ
يَأْكُلُوْنَ، تَشْرَبُوْنَ، يَقْرَأُ، نَقْرَأُ

2. اردو میں ترجمہ کیجئے۔

لَا أَذْهَبُ ، لَا يَدْخُلُوْنَ، لَا تَأْخُذُ ، لَا أَكْذِبُ
لَا يَصْدُقُ، لَا تَعْلَمُوْنَ، لَا يَضْحَكُوْنَ، لَا يَقْرَأُ

3. اردو میں ترجمہ کیجئے۔

لَا يُسْمَعُ ، لَا تُنْصَرِيْنَ، لَا تُكْتَبُ ، لَا يُفْتَحُ
يُشْرَبُوْنَ، تُفْتَحِيْنَ، يُكْتَبَانِ، يُغْضَبُ

جدید کلمات کے معانی۔

يَدْخُلُ (وہ داخل ہوتا ہے)، يَشْرَبُ (وہ پیتا ہے)،
يَكْذِبُ (وہ جھوٹ بولتا ہے)، يَضْحَكُ (وہ ہنستا ہے)،
يَغْضَبُ (وہ غصہ ہوتا ہے)، يَصْدُقُ (وہ سچ کہتا ہے)

6.6 فعل أمر :

مخاطب یعنی جس سے بات کی جارہی ہے اس کو کسی کام کا حکم دینے اور کسی کام کے منع کرنے کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

(1) فعل أمر (2) فعل نہی

فعل امر: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ مخاطب کو کسی بات کا حکم دیا جاتا ہے یا کسی کام کو طلب کیا جاتا ہے۔ جیسے : اِقْرَأْ

عام طور پر حکم سامنے والے کو دیا جاتا ہے اس لئے اس گردان کے صرف چھ صیغے ہوتے ہیں۔

فعل امر حاضر بنانے کا طریقہ

امر حاضر کے چھ صیغے ہوتے ہیں جو فعل مضارع سے بنائے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے علامتِ مضارع (ت) کو حذف کردیں۔ ''ت'' کو حذف کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ (أ) کا اضافہ کریں، اگر مضارع کے دوسرے حرف یعنی ع پر ضمہ (ـُـ) ہو تو ہمزہ (أ) کو پیش دیا جائے گا۔ جیسے: تَكْتُبُ سے اُكْتُبْ، تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر عین پر فتحہ (ـَـ) یا کسرہ ہوگا تو ہمزہ کو کسرہ (ـِـ) دیا جائے گا۔ جیسے: تَفْتَحُ سے اِفْتَحْ (کھول تو)، تَجْلِسُ سے اِجْلِسْ (بیٹھ تو)۔

آخری حرف کو جزم دیا جائے گا جیسا کہ آپ نے مذکورہ مثالوں میں دیکھا ہے۔

فعل امر حاضر کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
اُكْتُبْ	تو ایک مرد لکھ	حاضر واحد مذکر
اُكْتُبَا	تو دونوں مرد لکھو	حاضر تثنیہ مذکر
اُكْتُبُوْا	تم سب مرد لکھو	حاضر جمع مذکر
اُكْتُبِيْ	تو ایک عورت لکھ	حاضر واحد مؤنث
اُكْتُبَا	تو دو عورتیں لکھو	حاضر تثنیہ مؤنث
اُكْتُبْنَ	تم سب عورتیں لکھو	حاضر جمع مؤنث

درج ذیل کلمات سے امر حاضر کی گردان کریں:

اِشْرَبْ (تو پی)، اِطْبَخْ (تو پکا)، اُنْصُرْ (تو مدد کر)، اِمْنَعْ (تو روک)،

نوٹ : امر حاضر کے علاوہ امر غائب و امر متکلم بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کے صیغوں پر لامِ امر (لام مکسور یعنی زیر والا لام) بڑھا دیا جاتا ہے۔ جیسے:

لِیَذْهَبْ (اسے جانا چاہئے)

لِیَذْهَبُوْا (انہیں جانا چاہئے)

لِاَذْهَبْ (مجھے جانا چاہئے)

6.6.1 تدریبات (مشقیں) :

اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

اُدْخُلْ، اُسْكُنُوْا، اِلْعَبْ، اِفْتَحُوْا، اُسْكُتْ، اِضْرِبْ، اِسْمَعِیْ، اِقْرَأْ

درج ذیل افعال سے فعل امر بنائیے۔

تَنْصُرُ، تَكْتُبُ،

جدید کلمات کے معانی

اِطْبَخْ (پکاتو)، اِمْنَعْ (روک تو)، اُسْكُتْ (خاموش ہوجا)۔

6.7 فعل نہی :

فعل نہی کی تعریف

فعل نہی وہ فعل ہے جس کے ذریعہ مخاطب کو کسی کام سے روکا جاتا ہے اور اُسے نہ کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا تَفْعَلْ (تو مت کر)، لَا تَذْهَبْ (تو مت جا)، لَا تَجْلِسْ (تو مت بیٹھ)۔

فعل نہی بنانے کا طریقہ :

فعل نہی فعل مضارع واحد مذکر حاضر سے بنتا ہے، فعل مضارع کے شروع میں '' لَا '' کا اضافہ کریں۔ فعل امر کی طرف فعل نہی کے آخر میں سکون آئے گا۔

فعل نہی کے چھ صیغے ہیں۔

فعل نہی کی گردان :

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَا تَكْتُبْ	تو مت لکھ	حاضر واحد مذکر
لَا تَكْتُبَا	تو دو مت لکھو	حاضر تثنیہ مذکر
لَا تَكْتُبُوْا	تم سب مت لکھو	حاضر جمع مذکر
لَا تَكْتُبِيْ	تو مت لکھ	حاضر واحد مؤنث
لَا تَكْتُبَا	تو دونوں مت لکھو	حاضر تثنیہ مؤنث
لَا تَكْتُبْنَ	تم سب مت لکھو	حاضر جمع مؤنث

درج ذیل الفاظ سے گردان کریں :

لَا تَكْذِبْ (جھوٹ مت بول)، لَا تَضْحَكْ (تو مت ہنس)،

لَا تَلْعَبْ (تو مت کھیل)۔

6.7.1 تدریبات (مشقیں) :

اردو میں ترجمہ کیجئے۔

لَا تَنْظُرْ، لَا تَضْحَكُوْا، لَا تَنْصُرِيْ، لَا تَجْلِسْ

درج ذیل افعال سے فعل نہی بنائیے۔

تَذْهَبُ ، تَقْرَأُ

فعل مثبت ومنفی :

فعل (کام) کے ہونے نہ ہونے کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:

6.8 فعل لازم وفعل متعدی :

فعل لازم: وہ فعل ہے جس فعل میں صرف فاعل کی ضرورت ہو یعنی فاعل پر جملہ مکمل ہو، اور مفعول کی حاجت نہ ہو۔ جیسے: ضَحِكَ حَامِدٌ (حامد ہنسا)، جَلَسَ زَيْدٌ (زید بیٹھا)، سَقَطَ الزُّجَاجُ (شیشا گرا)۔

فعل متعدی: وہ فعل ہے جس فعل میں فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو، مفعول یعنی جس پر فاعل کے کام کا اثر ہو۔ جیسے: كَتَبَ حَامِدٌ رِسَالَةً (حامد نے ایک خط لکھا)۔

6.9 سبق کا خلاصہ :

- فعل اس کلمہ کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا ہونا یا کرنا کسی خاص زمانہ ماضی، حال یا مستقبل بھی معلوم ہو۔
- فعل کی چار قسمیں ہیں:
(1) فعل ماضی (2) فعل مضارع (3) فعل اَمر (4) فعل نہی
- فعل ماضی میں گذرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہو۔ جیسے:
ذَهَبَ (وہ گیا)، كَتَبَ (اس نے لکھا) وغیرہ۔ اس کے چودہ صیغے ہیں:
- فعل مضارع وہ فعل ہے جس سے موجودہ یا آنے والے زمانے میں کسی کام کے ہونے یا کرنے کو سمجھا جا سکے۔ جیسے: يَذْهَبُ (جاتا ہے یا جائے گا وہ)۔
- فعل اَمر وہ ہے جس کے ذریعہ کسی کام کے کرنے یا ہونے کا حکم دیا جائے۔ جیسے: اُكْتُبْ (لکھ)، اِذْهَبْ (تو جا)۔

- فعل نہی وہ ہے جس کے ذریعہ کسی کام سے روکا جائے۔ جیسے: لَا تَكْتُبْ (تومت لکھ)، لَا تَذْهَبْ (تومت جا)۔

6.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا :

1. فعل اوراس کی اقسام معلوم ہوئے۔
2. فعل ماضی کی تعریف اوراس کے اقسام سے واقفیت حاصل ہوئی۔
3. فعل مضارع اوراس کی اقسام کا علم ہوا۔
4. فعل امر ونہی کا استعمال اوراس کے بنانے کا طریقہ معلوم ہوا۔

6.11 امتحانی سوالات :

1. فعل کسے کہتے ہیں۔
2. فعل کی اقسام بتایئے۔
3. فعل ماضی کی تعریف کیجئے۔
4. فعل ماضی مثبت معروف ومجہول کی گردان کیجئے۔
5. فعل ماضی منفی معروف ومجہول کی گردان کیجئے۔
6. فعل مضارع کی تعریف کیجئے۔
7. فعل مضارع کے بنانے کا طریقہ بتایئے۔
8. فعل مضارع مثبت معروف کی گردان کیجئے۔
9. فعل نہی کی تعریف کرتے ہوئے اس کی گردان کیجئے۔

•••

الدرس السابع

سبق-7

حروف اوران کے اقسام

7.1 تمہید
7.2 مقصد
7.3 حرف کی تعریف
7.4 حروف کے اقسام
7.4.1 حروفِ جارہ
7.4.1.1 تدریبات (مشقیں)
7.4.2 حروفِ عطف
7.4.2.1 تدریبات (مشقیں)
7.4.3 حروفِ استفہام
7.4.3.1 تدریبات (مشق)
7.4.4 اِنَّ وَ أَخَوَاتُهَا (حروف مشبہ بالفعل)
7.4.4.1 تدریبات (مشقیں)
7.4.5 كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا (افعالِ ناقصہ)
7.4.5.1 تدریبات (مشقیں)
7.4.6 حروفِ ایجاب
7.4.6.1 تدریبات (مشقیں)
7.5 سبق کا خلاصہ
7.6 آپ نے سبق سے کیا سیکھا
7.7 امتحانی سوالات

7.1 تمہید :

ابتداء میں ہم نے کلمہ کی تعریف اوراس کے اقسام کو پڑھا۔
کلمہ کی تین قسمیں ہیں:(1) اسم (2) فعل (3) حرف۔
اسم اورفعل کی تعریف اوراس کے متعلقات سے واقفیت حاصل ہوئی۔
اس درس میں ہم حرف کے متعلق جانیں گےاوراس کے اقسام کو پڑھیں گے۔

7.2 مقصد

1. حروف کی تعریف اوراس کے اقسام کی معرفت۔
2. حروف جارہ اوراس کے طریقۂ استعمال سے واقفیت۔
3. حروف عطف کے بارے میں جاننا۔
4. حروف مشبہ بالفعل کے بابت معلومات کا حصول۔
5. حروف استفہام اورحروف ایجاب کے استعمال کوسیکھنا۔
6. افعال ناقصہ کسے کہتے ہیں اوران کے طریقۂ استعمال کوسمجھنا۔

7.3 حروف کی تعریف

حرف کی جمع ''حروف'' ہے،حرف وہ کلمہ ہے جس کے معنی دوسرے کلمہ کوملائے بغیر سمجھ میں نہ آئے یعنی یہ اپنے معنی بتلانے میں دوسرے کلمہ کا محتاج ہو۔جیسے: مِنْ (سے)، عَلٰی (پر)، فِیْ (میں)، اِنَّ (بےشک)، هَلْ (کیا)۔

7.4 حروف کے اقسام

حروف کی متعدد قسمیں ہیں: ان میں سے کچھ ضروری اقسام کا یہاں ذکر کیا جارہا ہے۔

1. حروف جارہ
2. حروفِ عطف
3. حروفِ استفہام
4. حروف مشبہ بالفعل (اِنَّ وَاَخَوَاتُهَا)
5. افعال ناقصہ (كَانَ وَأَخَوَاتُهَا)
6. حروف ایجاب

7.4.1 حروفِ جارہ

جر دینے والے حروف کو حروفِ جارہ کہتے ہیں ۔حروفِ جارہ وہ حروف ہیں جو اپنے بعد والے اسم کو جر زیر( ) دیتے ہیں۔ جیسے: مِنَ الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ سے)، اِلَى الْبَيْتِ (گھر تک)، لِلّٰهِ (اللہ کے لئے)، ان مثالوں میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ اسم کے آخر میں زیر آرہا ہے۔ اَلْمَدْرَسَةِ، الْبَيْتِ، لِلّٰهِ ، ان تینوں پر زیر حروفِ جارہ کی وجہ سے آیا ہے۔

مجرور: اس اسم کو کہتے ہیں جس پر حرف جر داخل ہو، اور اس کے آخری حرف کو زیر دیا ہو۔ جیسے: '' مِنَ الْمَدْرَسَةِ '' اس مثال میں'' الْمَدْرَسَةِ '' مجرور ہے کیونکہ اس پر زیر آیا ہے، اس کی وجہ '' مِنْ '' ہے۔

حروف جارہ 17 ہیں اور وہ یہ ہیں :

بَاءُ ، تَاءُ ، كافُ ، لَامُ ، وَاوُ ، مُنْذُ ، مُذْ ، خَلَا

رُبَّ ، حَاشَا ، مِنْ ، عَدَا ، فِيْ ، عَنْ ، اِلٰى ، حَتّٰى ، عَلٰى

ان میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والے حروف درج ذیل ہیں:

ب : سے، میں، پر، ساتھ کے لئے آتا ہے۔جیسے: كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ (میں نے قلم سے لکھا)۔

كَ : مشابہت کے لئے آتا ہے۔جیسے: زَيْدٌ كَالْاَسَدِ (زید شیر کی طرح ہے)۔

لِ : ملکیت ظاہر کرنے کے لئے۔جیسے: هٰذا الْبَيْتُ لِخَالِدٍ (یہ گھر خالد کے لئے ہے)۔

و : قسم کے لئے آتا ہے۔جیسے: وَالفَجْرِ (قسم ہے فجر کے وقت کی)۔

مُنْذُ : وقت کی تعین کے لئے آتا ہے۔جیسے: هُوَ مَرِيْضٌ مُنْذُ يَوْمِ الجُمُعَةِ (وہ جمعہ کے دن سے بیمار ہے)۔

مِنْ : سے، کے، معنی میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے: مَدْرَسَتِيْ قَرِيْبٌ مِنْ بَيْتِيْ (میرا مدرسہ قریب ہے میرے گھر سے)۔

عَنْ : سے،اور متعلق فاصلہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: اَلْمَسْجِدُ بَعِيْدٌ عَنِ السُّوْقِ (مسجد بازار سے دور ہے)، يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ (وہ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں)۔

فِيْ : ''میں'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے: اَلطُّلَّابُ فِي الْمَدْرَسَةِ (طلبہ مدرسہ میں ہیں)۔

اِلٰى : طرف،تک اور کو کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے: ذَهَبَ حَامِدٌ (حامد مسجد کو گیا)۔

حَتّٰى : ''تک'' اور ''یہاں تک کہ'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے: قَرَأْتُ حَتَّى الصَّبَاحِ (میں صبح تک پڑھا)۔

عَلٰى : ''پر'' اور ''اوپر'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے: اَلْوَلَدُ عَلَى السَّقْفِ (لڑکا چھت پر ہے)۔

7.4.1.1 تدریبات (مشقیں) :

(i) مناسب حروف جارہ لگا کر خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

1. ذَهَبَ الْاُسْتَاذُ ..... الْمَدْرَسَةِ
2. يَكْتُبُ الْمُعَلِّمُ ..... الْقَلَمِ
3. اَلْوَلَدُ ..... الْبَيْتِ
4. اَلطُّلَّابُ ..... الْمَدْرَسَةِ

(ii) درج ذیل جملوں میں حروف جارہ کو پہچانئے۔

1. اَلتِّلْمِيْذُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ (شاگرد کرسی پر بیٹھا ہے)۔
2. اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے)۔
3. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے)۔

(iii) ایسے تین جملوں کو لکھو جس میں حروف جارہ کا استعمال ہو :

7.4.2 حروفِ عطف :

حروفِ عطف : ایک لفظ کو دوسرے لفظ سے جوڑنے کے لئے آتے ہیں۔ جیسے: ذَهَبَ رَاشِدٌ وَ حَامِدٌ (راشد اور حامد گئے)۔ اس مثال میں "و" حرف عاطفہ ہے۔

حروف عطف سے پہلے اسم یا جملہ یا جملہ کے ٹکڑے کو معطوف علیہ اور بعد والے اسم یا جملہ یا جملہ کے ٹکڑے کو معطوف کہتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ حَامِدٌ وَ خَالِدٌ (حامد اور خالد آئے) اس مثال میں ''حَامِدٌ'' معطوف علیہ اور ''و'' حرفِ عطف اور ''خَالِدٌ'' معطوف ہے۔

حروف عطف کل دس ہیں:

وَ، فَ، ثُمَّ، حَتّٰی، أَوْ، إِمَّا، أَمْ، لَا، لٰكِنْ، بَلْ

ان میں سے چند مشہور یہ ہیں:

1. وَ : دو چیزوں کو ایک حکم میں لانے کے لئے آتا ہے۔ جیسے:
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اللہ زمین وآسمان کا نور ہے)۔
2. فَ : ترتیب بغیر تاخیر کے لئے آتا ہے۔ جیسے: دَخَلَ رَاشِدٌ فَزَاهِدٌ الْفَصْلَ
(راشد کلاس میں داخل ہوا پھر زاہد داخل ہوا)۔
3. ثم : دیر کے ساتھ ترتیب کے لئے آتا ہے۔ جیسے: حَضَرَ الطُّلَّابُ ثُمَّ الْمُعَلِّمُوْنَ
(پہلے طلبہ پھر ٹیچرس کلاس میں آئے)۔
4. أو : دو چیزوں میں سے کسی چیز کو اختیار کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے:
اِخْتَرِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ أَوِ الْاِنْكِلِيْزِيَّةَ (عربی زبان لو یا انگریزی) یعنی
دونوں میں سے کسی کو چنو۔
5. أَمْ : ''یا'' دو چیزوں میں سے کسی ایک کے ساتھ کسی حکم کا تعلق ظاہر کرنے کے لئے
آتا ہے۔ جیسے: أَخَالِدٌ فِي الدَّارِ أَمْ حَامِدٌ (گھر میں خالد ہے یا حامد)۔
6. بَلْ : ''بلکہ'' ایک چیز کے بجائے دوسری صحیح چیز کو بتانے کے لئے آتا ہے۔ جیسے:
نَجَحَ أَخُوْكَ بَلْ صَدِيْقُكَ (تمہارا بھائی کامیاب ہوا بلکہ تمہارا دوست)۔

7.4.2.1 تدریبات (مشقیں) :

1. حروف عطف کیا کیا ہیں لکھئے۔
2. حروف عطف کے استعمال سے تین جملے بنائیے۔

3. درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

1. قَرَأَ الطُّلَّابُ وَالْاَسَاتِذَةُ
2. ذَهَبَ الْمُعَلِّمُوْنَ وَ الْمُعَلِّمَاتُ
3. أَخَالِدٌ فِي الْبَيْتِ أَمْ رَاشِدٌ۔

7.4.3 حروفِ استفہام:

عربی زبان میں سوال کرنے یا کسی چیز کو دریافت کرنے کے لئے حروف استعمال ہوں، انہیں استفہام کہا جاتا ہے۔ان میں سے چند مشہور یہ ہیں:

هَلْ، أ، مَنْ، مَتٰى، أَيْنَ، كَيْفَ، أَيُّ

1. هَلْ : اس کے معنیٰ ''کیا'' ہیں، یہ حرف کسی بات کو یقینی طور پر معلوم کرنے کے لئے آتا ہے جیسے: هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ (کیا زید کھڑا ہے)۔
2. أَ : ''کیا'' دو چیزوں میں سے کسی ایک چیز کو یقینی طور پر معلوم کرنے کے لئے آتا ہے جیسے: أَزَيْدٌ قَائِمٌ، أَمْ خَالِدٌ (کیا زید کھڑا ہے یا خالد)۔
3. مَا : ''کیا'' کسی چیز کے بارے میں پوچھنے کے لئے آتا ہے۔جیسے: مَا الْحَرَكَةُ (حرکت کیا چیز ہے)۔
4. مَنْ : ''کون'' کسی شخص کے بارے میں پوچھنے کے لئے آتا ہے۔جیسے: مَنْ أَنْتَ (آپ کون ہیں)، مَنْ كَتَبَ (کس نے لکھا)۔
5. مَتٰى : زمانہ دریافت کرنے کے لئے آتا ہے۔جیسے: مَتٰى تَقْرَأُ (تو کب تک پڑھتا ہے)۔
6. كَيْفَ : حالت دریافت کرنے کے لئے آتا ہے۔جیسے: كَيْفَ حَالُكَ (آپ کیسے ہیں)

7. أَيْنَ : جگہ دریافت کرنے کے لئے آتا ہے۔جیسے:أَيْنَ تَذْهَبُ (تو کہاں جاتا ہے)
8. أَيٌّ : ''کون''، ''کیا چیز''، ''کوئی''، ''کوئی بھی'' ان تمام معانی کے لئے آتا ہے۔
جیسے: أَيُّ طَالِبٍ مَاهِرٌ (کونسا طالبِ علم ماہر ہے)اس کا مؤنث ''أَيَّةٌ'' ہے۔

7.4.3.1 تدریبات (مشقیں) :

1. حروف استفہام کی تعریف کیجئے اور چند کثیر الاستعمال حروف استفہام لکھئے۔
2. حروف استفہام کے استعمال سے تین جملے بنائیے۔
3. درج ذیل کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

1. مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا زَيْدٌ۔
2. كَيْفَ وَأَنْتَ؟ أَنَا طَيِّبٌ۔
3. هَلْ أَكَلْتَ الطَّعَامَ؟ نَعَمْ، أَكَلْتُ الطَّعَامَ۔

7.4.4 حروف مشبّہ بالفعل (حروفِ ناصبہ)

حروف مشبّہ بالفعل یعنی اِنَّ وَ أَخَوَاتُهَا جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔جیسے: اَللّٰهُ عَلِيْمٌ اس میں اَللّٰهُ مبتدا ہے اور علیم خبر ہے۔اِنَّ داخل کرنے کے بعد جملہ اسمیہ اس طرح آئے گا: اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ، اس مثال میں اَللّٰهُ جو مبتدا ہے اب اِنَّ کا اسم کہلائے گا اور خبر کو اِنَّ کی خبر کہا جائے گا۔یہ حروف اسم کو نصب (ـَـ) دیتے ہیں اور خبر کو رفع (ـُـ) دیتے ہیں۔جیسے: اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (بے شک اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے)۔

حروف مشبّہ بالفعل چھ ہیں :

اِنَّ اَنَّ كَأَنَّ لٰكِنَّ لَيْتَ لَعَلَّ

1. اِنَّ : ''بے شک'' اس کا استعمال جملہ میں تاکید وزور پیدا کرنے کے لئے آتا ہے۔
جیسے: اِنَّ اللّٰہَ خَالِقٌ (بے شک اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے)۔
2. أَنَّ : یہ بھی جملہ میں تاکید کے لئے آتا ہے مگر ہمیشہ یہ جملہ کے درمیان میں آتا ہے۔
جیسے: عَلِمْتُ أَنَّ زَیْدًا عَالِمٌ
(میں نے جانا بے شک زید عالم ہے)۔
3. كَأَنَّ : تشبیہ کے لئے آتا ہے۔ جیسے: كَأَنَّ زَیْدًا أَسَدٌ (زید گویا کہ شیر ہے)۔
4. لٰكِنَّ : ''لیکن'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: غَابَ الْقَوْمُ لٰكِنَّ حَامِدًا حَاضِرٌ (قوم غائب ہوئی لیکن حامد حاضر ہے)۔
5. لَیْتَ : ناممکن بات کی تمنا کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے: لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ
(کاش جوانی لوٹتی)۔
6. بَلْ : ممکن بات کی امید کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے: لَعَلَّ الْمُسَافِرَ قَادِمٌ
(شاید مسافر آنے والا ہے)۔

7.4.4.1 تدریبات (مشقیں) :

1. حروف مشبّہ بالفعل کتنے ہیں اور کیا کیا ہیں بیان کیجئے۔
2. اِنَّ کے استعمال سے تین جملے بنائیے۔
3. درج ذیل کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔
   1. اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ
   2. اِنَّ الْاُسْتَاذَ عَطُوْفٌ۔
   3. اِنَّ الْخَادِمَ جَیِّدٌ۔

7.4.5 كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا (افعالِ ناقصہ)

كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا : وہ حروف جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور اس کے پہلے جزء کو رفع یعنی پیش (ـُ) دیتے ہیں اور دوسرے جز کو نصب یعنی زبر (ـَ) دیتے ہیں۔ جیسے: كَانَ الْبَيْتُ وَاسِعًا (گھر کشادہ تھا)، كَانَ الْمَرِيْضُ نَائِمًا (مریض سو رہا تھا)۔

كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا یہ ہیں:

كَانَ صَارَ ظَلَّ بَاتَ أَصْبَحَ أَمْسٰى أَضْحٰى
لَيْسَ مَازَالَ مَا انْفَكَّ مَابَرِحَ مَافَتِئَ مَادَامَ

1. كَانَ : ''تھا رہے'' جیسے: كَانَ الْخِطَابُ جَيِّدًا (تقریر اچھی تھی)۔
2. صَارَ : ''ہوگیا'' جیسے: صَارَ الْفِصْلُ بَارِدًا (موسم ٹھنڈا ہوگیا)۔
3. ظَلَّ : ''باقی رہا'' جیسے: ظَلَّ زَيْدٌ صَائِمًا (زید دن بھر روزہ رہا)۔
4. بَاتَ : ''گذارا'' جیسے: بَاتَ زَيْدٌ نَائِمًا (زید رات بھر سوتا رہا)۔

5,6,7. أَصْبَحَ ، أَمْسٰى ، أَضْحٰى :

یہ تینوں جملہ کے مضمون کو اپنے اپنے اوقات صبح وشام اور چاشت کے وقت سے ملاتے ہیں۔
جیسے: أَصْبَحَ زَيْدٌ قَائِمًا (زید صبح کے وقت کھڑا ہوا)، أَمْسٰى زَيْدٌ مَسْرُوْرًا (زید شام کے وقت خوش ہوا)، أَضْحٰى زَيْدٌ غَنِيًّا (زید چاشت کے وقت مالدار ہوا)۔

8. لَيْسَ : یہ جملہ کے مضمون کو زمانۂ حال میں نفی کرتا ہے۔ جیسے: لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا (زید کھڑا ہوا نہیں ہے)۔

9,10,11,12. مَازَالَ ، مَابَرِحَ ، مَافَتِئَ ، مَا انْفَكَّ :

یہ چاروں حروف زمانۂ ماضی میں شروع کردہ کام جو آگے بھی جاری ہے اس کو بتلاتا ہے۔
جیسے: مَازَالَ / مَابَرِحَ / مَافَتِئَ / مَا انْفَكَّ زَيْدٌ غَنِيًّا (زید ہمیشہ مالدار رہا)

13. **مَادَامَ** : یہ خبر کے ثابت ہونے کی مدت تک کسی کام کا وقت بتانے کے لئے ہے۔ جیسے:

اِجْلِسْ مَادَامَ زَيْدٌ جَالِسًا (بیٹھ جب تک زید بیٹھا رہے)۔

7.4.5.1 تدریبات (مشقیں) :

1. كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں لکھئے۔
2. كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا اپنے اسم وخبر پر کیا عمل کرتے ہیں بیان کیجئے۔
3. كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا کے استعمال سے پانچ جملے بنائیے۔

7.4.6 حروفِ ایجاب :

حروفِ ایجاب وہ حروف ہیں جن کے ذریعہ مثبت (ہاں) یا منفی (نہیں) جواب دیا جاتا ہے۔

جیسے: هَلْ ذَهَبَ زَيْدٌ؟ (نَعَمْ ذَهَبَ زَيْدٌ)۔

حروف ایجاب چھ ہیں اور وہ یہ ہیں:

1. نَعَمْ (ہاں)، 2. بَلٰى (کیوں نہیں)،
3. اِیْ (ہاں)، 4. أَجَلْ (ہاں)،
5. لَا (نہیں)، 6. اِنَّ (بے شک)،

مثال : أَذَهَبَ زَيْدٌ (کیا زید گیا)، نَعَمْ (ہاں)، لَا (نہیں)۔

7.4.6.1 تدریبات (مشقیں) :

1. حروف ایجاب کا مقصد کیا ہے لکھئے۔
2. حروف ایجاب کے استعمال سے مثالوں کو بیان کیجئے۔
3. درج ذیل کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔

1. اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؟ قَالُوْا بَلٰى۔
2. هَلْ أَنْتَ طَالِبٌ ؟ نَعَمْ أَنَا طَالِبٌ۔
3. أَ جَاءَ زَيْدٌ ؟ نَعَمْ۔

7.5 سبق کا خلاصہ

- حرف کلمہ کی قسموں میں سے ایک قسم ہے۔
- حروف جر اپنے بعد آنے والے اسم کو جر (زیر) دیتے ہیں یہ فعل پر ہرگز نہیں آتے ہیں۔ جیسے: مِنَ الْبَيْتِ (گھر سے)۔
- اِنَّ وَ أَخَوَاتُهَا کو حروف مشبّہ بالفعل بھی کہا جاتا ہے: یہ حروف جملہ اسمیہ پر آتے ہیں پہلے جز کو نصب (ـَـ) اور دوسرے جز کو رفع (ـُـ) دیتے ہیں۔ جیسے: اِنَّ زَيْدٌ قَائِمًا (بے شک زید کھڑا ہے)۔
- حروف عطف ایک لفظ کو دوسرے لفظ سے جوڑتے ہیں۔ جیسے: ذَهَبَ حَامِدٌ وَ خَالِدٌ (حامد اور خالد گئے)۔ حروف عطف دس ہیں۔
- حروفِ استفہام: وہ حروف ہیں جن کا استعمال کسی چیز یا بات کی دریافت کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے: كَيْفَ حَالُكَ (آپ کا حال کیسا ہے)۔
- كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا: ان کو افعال ناقصہ بھی کہا جاتا ہے، یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور اس کے پہلے جز کو رفع (ـُـ) اور دوسرے جز کو نصب (ـَـ) دیتے ہیں۔ جیسے: كَانَ الْخِطَابُ جَيِّدًا (تقریر اچھی تھی)۔
- حروف ایجاب: ان حروف کے ذریعہ مثبت یا منفی جواب دیا جاتا ہے یہ چھ ہیں۔ جیسے: هَلْ هُوَ عَالِمٌ (کیا وہ عالم ہے)، نَعَمْ (ہاں)۔

7.6 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا۔

1. حروف اوراس کے اقسام کے معلومات حاصل ہوئیں۔
2. حروف جارہ اوران کے طریقہ استعمال سے واقفیت ہوئی۔
3. حروف عطف وحروف استفہام کا مقصداوران کا طریقہ استعمال کا علم ہوا۔
4. اِنَّ وَ أَخَوَاتُهَا اور كَانَ وَ أَخَوَاتُهَا کا مقصداوران کا طریقہ استعمال کوسیکھا۔
5. حروف ایجاب کیوں آتے ہیں معلوم ہوا۔

7.7 امتحانی سوالات :

1. حروف کی تعریف کیجئے۔
2. حروف کے اقسام بیان کیجئے۔
3. حروف جارہ کسے کہتے ہیں اورکون کونسے ہیں بتایئے۔
4. حروف جارہ کا عمل اپنے بعدوالے اسماء پرکیا ہوتا ہے مع مثال بیان کیجئے۔
5. حروف عطف کتنے ہیں؟ کیا کیا ہیں، مع مثال واضح کیجئے۔
6. حروف استفہام کیوں آتے ہیں اوروہ کیا کیا ہیں بیان کیجئے۔
7. حروف مشبّہ بالفعل کی تعریف کرتے ہوئے اس کا عمل جملہ اسمیہ پرکیا ہوتا ہے مع مثال بیان کیجئے۔
8. افعال ناقصہ کتنے ہیں،کون کون سے ہیں ان کا عمل جملہ اسمیہ پرکیا ہوتا ہے بتایئے۔
9. حروف ایجاب کا مقصد بتایئے۔
10. اس سبق پرایک مختصرنوٹ تیارکیجئے جس کا موضوع ''سبق کا خلاصہ'' ہو۔

•••

الدرس الثامن

سبق-8

مرکبات

8.1 تمہید
8.2 مقصد
8.3 مرکب کی تعریف اوراس کی قسمیں
8.4 مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ)
8.4.1 تدریبات (مشقیں)
8.5 مرکب توصیفی (موصوف صفت)
8.5.1 تدریبات (مشقیں)
8.6 جملہ کی تعریف اوراس کی قسمیں
8.7 جملہ اسمیہ
8.7.1 تدریبات (مشقیں)
8.8 جملہ فعلیہ
8.8.1 تدریبات (مشقیں)
8.9 سبق کا خلاصہ
8.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا
8.11 امتحانی سوالات

8.1 تمہید :

ہم نے گذشتہ سبق میں کلمہ کے متعلق پڑھا، ان کلموں کو ترکیب کے ساتھ جوڑ دیا جائے گا اس کو مرکب کہتے ہیں، اس سبق میں ہم مرکب کو تفصیل سے پڑھیں گے۔

8.2 مقصد

1. مرکب کی تعریف جاننا۔
2. مرکبِ اضافی و مرکب توصیفی سے واقفیت حاصل کرنا۔
3. جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کو سمجھنا۔
4. مبتدا اور خبر میں تمیز کرنا۔
5. اسم فاعل اور اسم مفعول کی شناخت کرنا

8.3 مرکب کی تعریف اور اس کی قسمیں:

مرکب کلمات کے مجموعے کا نام ہے۔

مرکب کی دو قسمیں ہیں: (1) مرکب مفید (2) مرکب غیر مفید

مرکب مفید: مکمل جملہ جس کو مرکب تام بھی کہا جاتا ہے جس میں کسی خبر، خواہش یا طلب معلوم ہو، اس کو جملہ بھی کہتے ہیں۔ جیسے: اَلْکِتَابُ جَدِیْدٌ (کتاب نئی ہے)۔

مرکب غیر مفید: نامکمل جملہ جس کو مرکب ناقص بھی کہتے ہیں، وہ مرکب ہے جس میں پوری بات واضح نہ ہو، مکمل مفہوم جاننے کے لئے مزید الفاظ کی ضرورت ہو۔ جیسے: اِسْمُ الْوَلَدِ (لڑکے کا نام)، اَلْبَیْتُ الْوَاسِعُ (کشادہ گھر)۔

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں جو زیادہ استعمال ہوتی ہیں، وہ یہ ہیں:

مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ)

مرکب توصیفی (موصوف صفت)

8.4 مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ)

مرکب اضافی جس کو مضاف و مضاف الیہ بھی کہا جاتا ہے ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں ایک کلمہ کی اضافت دوسرے کلمہ کی طرف جوڑ دی جاتی ہے۔ جیسے: بَابُ الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کا دروازہ)، كِتَابُ مُحَمَّدٍ (محمد کی کتاب)۔

ان مثالوں میں جو پہلا کلمہ ہے وہ مضاف ہے اور جو دوسرا کلمہ ہے وہ مضاف الیہ کہلاتا ہے۔ پہلی مثال میں باب کی نسبت مدرسة کی طرف ہو رہی ہے اسی لئے باب مضاف ہے اور المدرسة اس کی طرف باب کی اضافت ہونے پر مضاف الیہ کہلاتا ہے۔

8.4.1 تدریبات (مشقیں) :

1. مضاف مضاف الیہ کی تعریف کیجئے۔
2. مضاف مضاف الیہ کے تین جملے لکھئے۔
3. درج ذیل جملوں کو مناسب مضاف کے ذریعہ پر کیجئے۔

1. ---------- اللهِ	2. ---------- اَلْأُسْتَاذِ
3. ---------- اَلْمَسْجِدِ	4. ---------- خَالِدٍ
5. ---------- اَلْاِمْتِحَانِ	6. ---------- اَلْجُمُعَةِ

8.5 مرکب توصیفی (موصوف صفت) :

مرکب توصیفی وہ ناقص مرکب ہے جس کا پہلا جز موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔ جیسے:
رَجُلٌ عَالِمٌ (عالم آدمی)، اس میں رَجُلٌ موصوف ہے اور عَالِمٌ صفت ہے۔

موصوف اور صفت حسبِ ذیل صورتوں میں ایک دوسرے سے مطابقت رکھتے ہیں:

(1) تعریف وتنکیر (2) تذکیر وتانیث (3) واحد، تثنیہ، جمع (4) رفع، نصب وجر

1. طَالِبٌ جَدِيْدٌ (نیا طالبِ علم)، اس جملہ میں دیکھیں :

(1) طَالِبٌ مفرد، اس کی صفت جَدِيْدٌ بھی مفرد ہے۔ (2) دونوں نکرہ ہیں۔

(3) دونوں مذکر ہیں۔ (4) دونوں مرفوع ہیں۔

2. طَالِبَانِ جَدِيْدَانِ (دو نئے طلباء)، اس میں دیکھیں:

(1) دونوں تثنیہ ہیں۔ (2) دونوں مرفوع ہیں۔

(3) دونوں مذکر ہیں (4) دونوں نکرہ (یعنی ان پر ''ال'' نہیں ہے)۔

3. اَلطُّلَّابُ الْمُجْتَهِدُوْنَ (محنتی طلبہ)، اس میں دیکھیں:

(1) دونوں جمع ہیں۔ (2) دونوں مذکر ہیں۔

(3) دونوں مرفوع ہیں۔ (4) دونوں معرفہ ان پر ''ال'' ہے۔

8.5.1 تدریبات (مشقیں)

1. موصوف صفت کی تعریف کیجئے۔
2. درج ذیل اسماء کے آگے مناسب صفت لگا کر ان کو مرکب بنائیے۔

1. كِتَابٌ ---------- 2. اَلْوَرْدَةُ ----------
3. اَلْوَلَدُ ---------- 4. بِنْتٌ ----------
5. اَلْجَامِعَةُ ---------- 6. اَلْمُعَلِّمُ ----------

3. درج ذیل موصوف کے لئے مناسب صفت لگائیے۔

1. اَلرِّجَالُ ---------- 2. اَلْبَابَانِ ----------
3. اَلطُّلَّابُ ---------- 4. سَاعَاتٌ ----------
5. اَلْبِنْتَانِ ---------- 6. اَلْمَسَاجِدُ ----------

جدید الفاظ کے معانی۔

وَرْدَةٌ (گلاب)، جَامِعَةٌ (یونیورسٹی)، سَاعَةٌ جمع سَاعَاتٌ (گھڑی)
بِنْتٌ جمع بَنَاتٌ (لڑکی)، طَالِبٌ جمع طُلَّابٌ (طلبہ)،
رَجُلٌ جمع رِجَالٌ (آدمی)۔

8.6 جملہ کی تعریف اور اس کی قسمیں:

جملہ وہ مرکب مفید جو دو یا دو سے زیادہ کلمات سے مل کر بنے اور اس سے پوری بات سمجھ میں آئے اس کی دو قسمیں ہیں:

(1) جملہ اسمیہ (2) جملہ فعلیہ

جملہ اسمیہ وہ جملہ ہے جو اسم سے شروع ہو۔ جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے)، اَلْبَيْتُ جَمِيْلٌ (گھر خوبصورت ہے)۔

8.7 جملہ اسمیہ/مبتدا وخبر:

جملہ اسمیہ کا پہلا جز مبتدا ہوتا ہے اور دوسرا جز خبر کہلاتا ہے۔

مبتدا اور خبر میں تذکیر، تانیث اور عدد میں مطابقت ضروری ہے۔ جیسے:

اَلْمُهَنْدِسُ مَاهِرٌ (انجینئر ماہر ہے)۔

اَلطَّالِبَةُ ذَكِيَّةٌ (طالبہ ذہین ہے)۔

اَلطُّلَّابُ مُجْتَهِدُوْنَ (طلبہ محنتی ہیں)۔

ان مثالوں میں پہلا کلمہ مبتدا ہے اور دوسرا کلمہ خبر ہے۔

پہلی مثال میں جنس اور عدد میں مطابقت پائی جاتی ہے۔ مبتدا واحد مذکر ہے تو خبر بھی واحد مذکر ہے۔

دوسری مثال میں مبتدا واحد مؤنث ہے تو خبر بھی واحد مؤنث ہے۔

تیسری مثال میں مبتدا جمع مذکر ہے تو خبر بھی جمع مذکر لائی گئی ہے۔

8.7.1 تدریبات (مشقیں) :

1. جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے۔
2. درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔

هٰذَا قَلَمٌ ، ذٰلِكَ بَابٌ ، هِيَ ذَاهِبَةٌ ،

حَامِدٌ جَالِسٌ اَلْوَالِدُ عَطُوْفٌ اَلرَّجُلُ ضَعِيْفٌ

8.8 جملہ فعلیہ :

جملہ فعلیہ وہ جملہ ہے جو فعل سے شروع ہوتا ہے۔ جیسے: ذَهَبَ الْوَلَدُ (لڑکا گیا)،

كَتَبَ الْاُسْتَاذُ دَرْسًا (استاذ نے سبق لکھا)۔

مثال (1) : ذَهَبَ الْوَلَدُ میں ذَهَبَ فعل اور اَلْوَلَدُ فاعل ہے۔

مثال (2) : كَتَبَ الْاُسْتَاذُ دَرْسًا میں كَتَبَ فعل، الْاُسْتَاذُ فاعل اور دَرْسًا مفعول ہے۔

8.8.1 تدریبات (مشقیں) :

1. نیچے دیئے گئے مثالوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ فعل، فاعل اور مفعول کو پہچانئے۔

ضَحِكَ الصَّبِيُّ (بچہ ہنسا)۔

جَاءَ الْوَلَدُ (لڑکا آیا)۔

اَكَلَتِ الْبِنْتُ التُّفَاحَ (اس لڑکی نے سیب کھایا)۔

اَكَلَ الْوَلَدُ الْمَوْز (لڑکا موز کھایا)۔

2. پانچ ایسے جملے لکھئے جو فعل سے شروع ہوں۔

3. مناسب کلمات سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1. ---------- اَلتِّلْمِيْذُ 2. ---------- اَلْبِنْتُ

3. كَتَبَ ---------- 4. ذَهَبَ ----------

جدید الفاظ کے معانی۔

ضَحِكَ (گلاب)، صَبِيٌّ (یونیورسٹی)، نَجَحَ (گھڑی)، اَلطِّفْلُ (آدمی)۔

8.9 سبق کا خلاصہ

- مرکب وہ جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے مل کر بنے۔ جیسے:
- مرکب کی دو قسمیں ہیں: (1) مرکب مفید (2) مرکب غیر مفید

(1) مرکب مفید: جس کو مرکب تام بھی کہتے ہیں جس میں کسی خبر، خواہش یا طلب معلوم ہو، اس کو جملہ بھی کہتے ہیں۔

(2) مرکب غیر مفید: جس کو مرکب ناقص بھی کہا جاتا ہے، وہ مرکب ہے جس میں پوری بات واضح نہ ہو، مکمل مفہوم جاننے کے لئے مزید الفاظ کی ضرورت ہو۔ اس کی دو قسمیں جو زیادہ استعمال ہوتی ہیں وہ یہ ہیں: مرکب اضافی، مرکب توصیفی۔

- مرکب مفید کی دو قسمیں ہیں: (1) جملہ اسمیہ (2) جملہ فعلیہ۔

جملہ اسمیہ : وہ ہے جو اسم سے شروع ہوا ہو۔

جملہ فعلیہ : وہ ہے جو فعل سے شروع ہوا ہو۔

8.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا

1. مرکب کی تعریف اور اس کے اقسام۔
2. مرکب اضافی و مرکب توصیفی کی پہچان۔
3. جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ سے متعلق معلومات حاصل ہوئیں۔

8.11 امتحانی سوالات

1. مرکب کی تعریف کیجئے۔
2. مرکب کے اقسام بیان کیجئے۔
3. مرکب اضافی کسے کہتے ہیں مع مثال لکھئے۔
4. مرکب توصیفی کی تعریف مع مثال لکھئے۔
5. جملہ اسمیہ کی تعریف اور اس کے اجزا بیان کیجئے۔
6. مبتدا اور خبر میں کن باتوں میں تطبیق ضروری ہے اور اس کے اجزاء بیان کیجئے۔
7. فعل لازم کی تعریف مع مثال بیان کیجئے۔
8. فعل متعدی کی تعریف مع مثال بیان کیجئے۔

الوحدة الثانية

ماڈیول : 2

الدراسات المنطقية

Regional Studies

الدرس التاسع	:	مدينة العجائب	109
الدرس العاشر	:	أُستاذ السلاطين	127
الدرس الحادى عشر	:	تلنغانه الحديثة	144
الدرس الثاني عشر	:	النشيد الهندي	163
الدرس الثالث عشر	:	رائد أدب الأطفال	175

الدرس التاسع

سبق-9

مدينة العجائب

9.1 تمہید (التمهيد)

9.2 مقصد (الهدف)

9.3 متن (المتن)

9.4 حل لغات (حل اللّغات)

9.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

9.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

9.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

9.8 قواعد (القواعد)

9.9 مشقیں (تدریبات)

9.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

9.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

مَدِیْنَۃُ الْعَجَائِبِ
عجائبات کا شہر

9.1 تمہید (التمہید) :

حیدرآباد کا شمار دنیا کے ان شہروں میں ہوتا ہے جو اپنی تہذیب وثقافت کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ یہ ہندوستان کا ایک عام شہر نہیں بلکہ ثقافتی اور تہذیبی پایۂ تخت ہے۔ اس شہر کی تہذیب وثقافت نے پورے ہندوستان کو شہرت کا اعزاز بخشا، یہ شہر تاریخی لحاظ سے چار سو سالہ عہدِ زریں پر محیط ہے۔ اس کی بنیاد قطب شاہی خاندان نے ڈالی اور اس پر دو سو سال حکومت کی، اس کے بعد آصف جاہی خاندان نے دو سو چوبیس سال حکومت کر کے اس کی ترقی کو بامِ عروج پر پہونچایا، اور اس طرح اس شہر کی ترقی اور منفرد تہذیب وثقافت کی شہرت پوری دنیا میں پھیل گئی۔

قطب شاہی دورِ حکومت کی اہم تاریخی یادگاروں میں چار مینار، مکہ مسجد اور قلعہ گولکنڈہ کی عمارتیں ہیں۔ آصف جاہی خاندان نے اس شہر کو ثقافتی اور تہذیبی شہر بنانے میں اہم رول ادا کیا، چنانچہ جامعہ عثمانیہ اور دائرۃ المعارف جیسے علمی اداروں کے قیام نے ساری دنیا میں حیدرآباد اور ہندوستان کا ثقافتی اور تہذیبی تعارف کرایا۔ اس کے علاوہ دیگر رفاہی کارناموں میں عدالت عالیہ، آصفیہ لائبریری خزانۂ آب اور عوامی ہسپتالوں کا قیام بھی قابلِ ذکر ہے جن سے عوام وخواص تا حال استفادہ کر رہے ہیں۔

قطب شاہی اور آصف جاہی حکمرانوں کی علم دوستی نے دنیا کے مختلف گوشوں سے علماء وادباء اور صوفیا کو اس عظیم شہر میں اکٹھا کر دیا جن کی جدوجہد اور میل ملاپ سے ایک ہمہ جہتی ثقافت وجود میں آئی جس میں عرب وعجم کی ثقافت کا حسین امتزاج ہے، مختلف زبانوں اور متنوع عقائد ونسل کے لوگوں نے مل جل کر اس شہر کو ہندوستان کا مامون شہر بنا دیا۔

آزادی کے بعد یہ شہر جدید ترقی کے وسائل سے بھی مالا مال ہے۔اس شہر میں ہائی ٹیک سٹی ہے جس میں دنیا کی بڑی بڑی سافٹ ویر کمپنیاں اور صنعتی وتجارتی ادارے قائم ہیں، اس کے علاوہ اس شہر میں مختلف تفریحی پارک اور عالمی معیار کی ہوٹلیں موجود ہیں، اس سبق میں ان تمام چیزوں پر روشنی ڈالی گئی ہے تا کہ طالب علم حیدر آباد کی مشہور ثقافت وتہذیب سے آشنا ہو سکیں۔

9.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں حیدر آباد کے تاریخی وتہذیبی وثقافتی مقام ومرتبہ کو اجاگر کیا جائے گا، نیز قواعد میں مرکب اضافی کی مشق کرائی جائے گی جس سے مضاف، مضاف الیہ کو سمجھنے میں آسانی ہوگی، اس سبق میں فعل کے استعمال سے گریز کیا گیا ہے۔

9.3 متن (المتن) :

مَدِيْنَةُ حَيْدَرْاٰبَادَ مَدِيْنَةٌ شَهِيْرَةٌ فِيْ الْعَالَمِ لِثَقَافَتِهَا الْغَنِيَّةِ وَالْمَبَانِيْ الشَّامِخَةِ، وَهِيَ مَدِيْنَةٌ قَدِيْمَةٌ وَ تَارِيْخُهَا رَاجِعٌ إِلَى الْقَرْنِ السَّادِسَ عَشَرَ الْمِيْلَادِيّ، وَهِيَ عَاصِمَةُ وِلَايَةِ تِلَنْغَانَهْ ، وَلَهَا دَوْرٌ كَبِيْرٌ فِيْ رَفْعِ سُمْعَةِ الْهِنْدِ فِيْ الْعَالَمِ۔ وَمِنْ مَبَانِيهَا الشَّامِخَةِ تَشَارْمِيْنَارَ وَهُوَ بِنَاءٌ رَائِعٌ عَدِيْمُ النَّظِرِ فِيْ فَنِّ الْمِعْمَارِيَّةِ ، وَلَهُ أَرْبَعُ مَنَارَاتٍ مُرْتَفِعَةٍ وَ طُوْلُهَا '' 160 قَدَمًا '' وَفِيْ الْجَانِبِ الْأَيْمَنِ لِتَشَارْمِيْنَارْ أَرْبَعَةُ أَقْوَاسٍ فِيْ أَرْبَعِ جِهَاتٍ شَرَقًا وَ غَرْبًا ، شِمَالًا وَ جُنُوْبًا، وَفِيْ وَسْطِ هٰذِهِ الْاَقْوَاسِ الْأَرْبَعَةِ نَافُوْرَةٌ جَمِيْلَةٌ ۔ وَ جَاءَ بِنَاءُ هٰذِهِ الْأَبْنِيَةِ فِيْ عَهْدِ مُحَمَّد قُلِيْ قُطْبْ شَاهْ، اَلْمَلِكُ الْخَامِسُ مِنْ مُلُوْكِ مَمْلَكَةِ الْقُطْبِ الشَّاهِيَةِ وَ ذٰلِكَ فِيْ عَامِ 1591 لِلْمِيْلَادِ۔

وَفِيْ الْجَانِبِ الْأَيْسَرَ لِتَشَارْمِيْنَارْ مَسْجِدٌ رَائِعٌ تَارِيْخِيٌّ وَهُوَ مَشْهُوْرٌ بِاسْمِ مَكَّةَ مَسْجِد، وَهُوَ مَسْجِدٌ جَمِيْلٌ ، فِيْهِ مِحْرَابٌ رَفِيْعٌ وَ مِنْبَرٌ كَبِيْرٌ وَ صَحْنٌ وَاسِعٌ ، وَفِيْ الْجَانِبِ الْأَيْسَرِ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ مَقَابِرُ مُلُوْكِ الْمَمْلَكَةِ الْاٰصِفْجَاهِيَّةِ ، وَعَامُ تَأْسِيْسِ الْمَسْجِدِ 1964 م وَ مُؤَسِّسُهُ هُوَ مُؤَسِّسُ تَشَارْمِيْنَارْ ۔

وَ أَمَامَ الْمَسْجِدِ مَبْنَى الْمُسْتَشْفَى الْيُوْنَانِيّ وَفِيْهَا كُلِّيَةُ الطِّبِّ الْيُوْنَانِيِّ أَيْضًا، وَ هَاتَانِ الْعِمَارَتَانِ وَجْهًا لِوَجْهٍ وَ مَنْظَرُهُمَا رَائِعٌ جِدًّا وَفِيْ جِهَةِ الْغَرْبِ الْاُخْرٰى لِتَشَارْمِيْنَارْ سُوْقٌ كَبِيْرَةٌ جَمِيْلَةٌ، فِيْهَا مَحَلَّاتٌ كَبِيْرَةٌ لِلْأَسَاوِرِ الزُّجَاجِيَّةِ وَاللَّاٰلِئِ الْأَصْلِيَّةِ وَالْاِصْطِنَاعِيَّةِ ۔ هٰذِهِ السُّوْقُ مَعْرُوْفَةٌ بِاسْمِ لَارْدْبَازَارْ ۔

وَ ''قَلْعَةُ كُولْكُنْدَهْ'' مِنَ الْمَبَانِيْ الْأَثَرِيَّةِ فِيْ حَيْدَرْاٰبَادَ ، فَهِيَ إِحْدٰى الْقَلَاعِ الشَّهِيْرَةِ فِيْ الْهِنْدِ، وَهِيَ أَيْضًامِنْ ذِكْرِيَّاتِ عَهْدِ مَمْلَكَةِ الْقُطْبِ الشَّاهِيَّةِ وَهِيَ قَلْعَةٌ كَبِيْرَةٌ شَامِخَةٌ فِيْهَا قُبَّاتٌ وَ قُبُوْرٌ لِمُلُوْكِ أُسْرَةِ قُطْبْ شَاهْ۔ وَ هٰذِهِ الْاٰثَارُ التَّارِيْخِيَّةُ كُلُّهَا مِنْ عَطَاءَاتِ مَمْلَكَةِ الْقُطْبِ الشَّاهِيَةِ ۔

وَاَمَّا الْعَهْدُ الْاٰصِفْجَاهِيُّ فَهُوَ مُخْتَلِفٌ مِنَ الْعَهْدِ السَّابِقِ لِأَنَّ الْمُلُوْكَ الْاٰصِفْجَاهِيَّةِ رَكَّزُوْا اِهْتِمَامَهُمْ عَلٰى نَشْرِ الْعُلُوْمِ وَالثَّقَافَةِ بِتَأْسِيْسِ الْمَعَاهِدِ وَالْمَكْتَبَاتِ وَالْجَامِعَاتِ وَ مَرَاكِزِ التَّحْقِيْقِ وَ غَيْرِهَا مِنَ الْمَعَاهِدِ، وَفِيْ السُّطُوْرِ الْاٰتِيَةِ نَدْرُسُ شَيْئًا عَنْ بَعْضِ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ الَّتِيْ لَهَا دَوْرٌ بَارِزٌ فِيْ تَطَوُّرِ الْعِلْمِ وَالثَّقَافَةِ بِحَيْدَرْاٰبَادَ مِنْهَا : مَتْحَفُ سَالَارْ جَنْگ وَ الْمَكْتَبَةُ الْاٰصِفِيَّةُ وَغَيْرُهُمَا۔

وَ مَتْحَفُ سَالَارْ جَنْگ مِنَ الْمَتَاحِفِ الشَّهِيْرَةِ فِيْ الْهِنْدِ وَ خَارِجِهَا. فِيْهِ الَافٌ مِنَ النَّوَادِرِ وَهُوَ مَنْسُوْبٌ إِلَى النَّوَابِ مِيْر يُوْسُفْ عَلِيْ خَانْ سَالَارْ جَنْگ الثَّالِثِ. وَفِيْهِ أَيْضًا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ وَ مَخْطُوْطَاتٌ نَّادِرَةٌ بِاللُّغَاتِ الْعَرَبِيَّةِ وَالْفَارْسِيَّةِ وَالتُّرْكِيَّةِ. عَامُ اِفْتِتَاحِهٖ هُوَ 1951ء۔

وَالْمَكْتَبَةُ الْاٰصِفِيَّةُ مَكْتَبَةٌ ذَاخِرَةٌ بِالْكُتُبِ الْقَدِيْمَةِ وَالْجَدِيْدَةِ النَّافِعَةِ لِلْبَاحِثِيْنَ وَالطُّلَّابِ بِاللُّغَاتِ الْمُخْتَلِفَةِ۔

وَمِنْ أَبْنِيَتِهَا التَّارِيْخِيَّةِ مَبْنَى الْمَحْكَمَةِ الْعُلْيَا وَاَمَامَهُ مَبْنَى الْمُسْتَشْفَى الْعَامُّ وَ يَجْرِيْ بَيْنَهُمَا نَهْرُ مُوْسٰى وَهٰذَا الْمَنْظَرُ يَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ۔ مَبْنَى الْمَحْكَمَةِ الْعُلْيَا شَامِخٌ وَجَمِيْلٌ جِدًّا وَهُوَ مُتَّسِعٌ فِيْ مِنْطَقَةٍ كَبِيْرَةٍ مُطِلٌّ عَلٰى نَهْرِ مُوْسٰى۔

وَالْمُسْتَشْفَى الْعَامُ الْعُثْمَانِيُّ مَنْسُوْبٌ إِلٰى مِيْر عُثْمَانْ عَلِيْ خَانْ اٰصَفْ جَاهِ السَّابِعِ مِنْ مُلُوْكِ الْمَمْلَكَةِ الْاٰصِفْجَاهِيَّةِ وَهُوَ مُسْتَشْفٰى كَبِيْرٌ فِيْهِ اِهْتِمَامٌ لِعِلَاجِ الْأَمْرَاضِ الْمُخْتَلِفَةِ۔

وَمِنَ الْمَاٰثِرِ التَّارِيْخِيَّةِ لِمُلُوْكِ الْاٰصِفْجَاهِيَةِ لِجَامِعَةُ الْعُثْمَانِيَّةُ بِحَيْدَرْاٰبَادَ. وَهِيَ جَامِعَةٌ رَفِيْعَةُ الشَّاْنِ شَهِيْرَةٌ فِيْ الْعَالَمِ۔ مَنْظَرُ عِمَارَتِهَا جَمِيْلٌ جِدًّا. وَلَهَا شَرَفُ الْأَوَّلِيَّةِ فِيْ الْهِنْدِ لِتَدْرِيْسِ الْعُلُوْمِ الْعَصْرِيَّةِ بِاللُّغَةِ الْاُرْدِيَّةِ. فِيْهَا كُلِّيَاتٌ مُّخْتَلِفَةٌ. وَ مَبْنَى كُلِّيَةِ الْاٰدَابِ وَالْعُلُوْمِ الْاِجْتِمَاعِيَّةِ مَبْنًى مَرْكَزِيٌّ لِلْجَامِعَةِ فِيْهِ 25 قِسْمًا مِّنْهَا الْقِسْمُ الْعَرَبِيُّ. وَ هٰذَا الْمَبْنَى شَامِخٌ وَ مِثَالٌ رَائِعٌ لِاِمْتِزَاجِ الْفَنِّ الْاِسْلَامِيِّ وَالْفَنِّ الْهِنْدُوْسِيِّ۔ مُؤَسِّسُهَا هُوَ الْمَلِكُ السَّابِعُ مِيْر عُثْمَانْ عَلِيْ خَان۔

وَ بِجَنْبِ هٰذِهِ الْجَامِعَةِ الشَّهِيْرَةِ مَرْكَزٌ عِلْمِيٌّ كَبِيْرٌ مَعْرُوْفٌ بِاِسْمِ ''دَائِرَةُ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةُ'' وَهُوَ ذَاخِرٌ بِالْكُتُبِ الْعِلْمِيَّةِ الْكَثِيْرَةِ وَالْمَخْطُوْطَاتِ النَّادِرَةِ الْقَيِّمَةِ مُؤَسِّسُهُ أَيْضًا اَلْمَلِكُ السَّابِعُ مِيْر عُثْمَانْ عَلِيْ خَانْ ۔ وَهِيَ مَشْهُوْرَةٌ فِيْ الْعَالَمِ لِتَحْقِيْقِ الْمَخْطُوْطَاتِ النَّادِرَةِ وَنَشْرِهَا فِيْ صُوْرَةِ الْكُتُبِ ۔

وَمِنْ اٰثَارِ الْاٰصِفْجَاهِيَّةِ قُصُوْرٌ عَدِيْدَةٌ أَشْهَرُهَا وَأَجْمَلُهَا قَصْرُ ''فَلَكْ نُمَا'' وَهُوَ قَصْرٌ جَمِيْلٌ وَ مُرْتَفِعٌ عَلٰى جَبَلٍ وَ هُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى نَوَادِرَ ثَمِيْنَةٍ وَ فَرِيْدَةٍ ۔

وَمِنْ أَرْقٰى مَنَاطِقِ حَيْدَرْاٰبَادَ فِيْ الْعَصْرِ الْحَدِيْثِ هَائِيْ تِيْكْ سِيْتِيْ ، مَعْنَاهُ مَدِيْنَةُ الْعُلُوْمِ الْمُتَطَوِّرَةِ ، وَهِيَ مَدِيْنَةُ الْعُلُوْمِ وَالتُّكْنُوْلُوْجِيَا ، فِيْهَا اَنْوَاعٌ مِنْ مَرَاكِزِ الشَّرِكَاتِ الْعَالَمِيَّةِ وَالْمَعَارِضِ التِّجَارِيَّةِ ۔

وَمِنَ الْاَمَاكِنِ التَّرْفِيْهِيَّةِ فِيْ حَيْدَرْاٰبَادَ رَامُوْجِيْ فِيْلْمَ سِيْتِيْ ، وَحَدِيْقَةُ الْحَيْوَانَاتِ ، وَحَدِيْقَةُ لُومْبِيْنِيْ ، وَحَدِيْقَةُ اِيْن تِيْ اٰر ، وَ مَسْرَحُ رَوِيْنْدَرَا بَهَارَتِيْ ، وَ حُسَيْن سَاغَرْ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْاَمَاكِنِ ۔

فِيْ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ فَنَادِقُ عَالَمِيَّةٌ عَدِيْدَةٌ ، أَشْهَرُهَا تَاجْ كِرِشْنَا وَ تَاجْ بَنْجَارَهْ وَمَارِيُوْتْ وَغَيْرُهَا ۔

وَمِنْ أَشْهَرِ أَنْوَاعِ الطَّعَامِ فِيْ حَيْدَرْاٰبَادْ ، ''بِرْيَانِيْ'' فَكُلُّ زَائِرٍ مُشْتَاقٌ إِلَيْهِ ، وَ هُوَ مَشْهُوْرٌ فِيْ الْعَالَمِ بِـ ''بِرْيَانِيْ حَيْدَرْاٰبَادَ'' ۔

بِهٰذِهِ الْمَعَالِمِ الْاَثَرِيَّةِ وَالْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ وَالْاَمَاكِنِ التَّرْفِيْهِيَّةِ وَالثَّقَافَةِ الْفَرِيْدَةِ أَصْبَحَتْ مَدِيْنَةُ حَيْدَرْاٰبَادَ مَدِيْنَةَ الْعَجَائِبِ ۔

تَحِيَّاتٌ وَ تَمَنِّيَاتٌ لِمَدِيْنَتِنَا حَيْدَرْاٰبَادَ ۔

9.4 حل لغات (حل اللغات) :

	واحد	جمع	معنی	ضد	معنی	تانیث وتذکیر
1	عَجِيْبَةٌ	عَجَائِبُ	عجیب			
2	مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ	شہر	قَرْيَةٌ	گاؤں	
3	اَلْمِيْلَادِيُّ		عیسوی			
4	وِلَايَةٌ	وِلَايَاتٌ	صوبہ			
5	عَاصِمَةٌ	عَوَاصِمُ	پایۂ تخت			
6	سُمْعَةٌ		شہرت			
7	هَيْكَلُ	هَيَاكِلُ	ڈھانچہ			
8	مُكَوَّنٌ	مُكَوَّنُوْنَ	بناہوا			مُكَوَّنَةٌ
9	قَوْسٌ	أَقْوَاسٌ	کمان			
10	وَسَطٌ	أَوْسَاطٌ	درمیان	نَاحِيَةٌ	کنارہ	
11	نَافُوْرَةٌ	نَوَافِيْرُ	فوارہ			
12	أَمَامَ		سامنے	وَرَاءَ، خَلْفَ	پیچھے	
13	مَبْنٰى	مَبَانِيْ	عمارت			
14	مَنَارَةٌ	مَنَارَاتٌ	مینارہ			
15	مُرْتَفِعَةٌ	مُرْتَفِعَاتٌ	بلند	مُنْخَفِضَةٌ	پست	مُرْتَفِعٌ
16	مِحْرَابٌ	مَحَارِيْبُ	محراب			

	واحد	جمع	معنی	ضد	معنی	تانیث وتذکیر
17	صَحْنٌ	صُحُوْنٌ	آنگن			
18	وَاسِعٌ	وَاسِعُوْنَ	کشادہ	ضَيِّقٌ	تنگ	وَاسِعَةٌ
19	أَيْسَرُ		بائیں	أَيْمَنُ	دائیں	يُسْرٰى
20	عَامٌّ	أَعْوَامٌ	سال			
21	تَأْسِيْسٌ		بنیاد رکھنا			
22	مُسْتَشْفٰى	مُسْتَشْفَيَاتٌ	ہسپتال			
23	كُلِّيَةٌ	كُلِّيَّاتٌ	کالج			
24	وَجْهًا لِوَجْهٍ		آمنے سامنے			
25	رَائِعٌ		خوشنما	قَبِيْحٌ	برا	رَائِعَةٌ
26	مَحَلٌّ	مَحَلَّاتٌ	دوکان			
27	أَسْوِرَةٌ	أَسَاوِرُ	کنگن			
28	زُجَاجِيَّةٌ		کانچ کے			
29	لُؤْلُؤٌ	لَآلِيْ	موتی			
30	اصْطِنَاعِيَّةٌ		مصنوعی	أَصْلِيَّةٌ	اصلی	
31	سُوْقٌ	أَسْوَاقٌ	بازار			
32	خَلْفِيٌّ		پچھلا	أَمَامِيٌّ	سامنے	خَلْفِيَّةٌ
33	مُسْتَطِيْلَةٌ		لمبا			مُسْتَطِيْلٌ
34	خَلَّابٌ		پرکشش			
35	مَتْحَفٌ	مَتَاحِفُ	میوزیم			

	واحد	جمع	معنی	ضد	معنی	تانیث وتذکیر
36	مَكْتَبَةٌ	مَكْتَبَاتٌ	لائبریری			
37	حَائِلٌ		بیچ میں			حَائِلَةٌ
38	مَخْطُوْطَةٌ	مَخْطُوْطَاتٌ	قلمی نسخہ	مَطْبُوْعَةٌ	چھپا ہوا	مَخْطُوْطٌ
39	ذَاخِرَةٌ		بھرا ہوا			ذَاخِرٌ
40	بَاحِثٌ	بَاحِثُوْنَ	اسکالر، محقق			بَاحِثَةٌ
41	مَحْكَمَةٌ	مَحَاكِمُ	عدالت			
42	قُدَّامُ		آگے	وَرَاءَ	پیچھے	
43	مُتَّسِعٌ		پھیلا ہوا	مُنْزَوٍ	سمٹا ہوا	مُتَّسِعَةٌ
44	مُطِلٌّ		جھانکتا ہوا			مُطِلَّةٌ
45	قِسْمٌ	أَقْسَامٌ	شعبہ			
46	شَامِخٌ		بلند			شَامِخَةٌ
47	اِمْتِزَاجٌ		آمیزش	اِنْفِرَادٌ	الگ	
48	نَشْرٌ		شائع کرنا			
49	قَصْرٌ	قُصُوْرٌ	محل	كُوْخٌ	جھونپڑی	
50	سَمَاءٌ	سَمَاوَاتٌ	آسمان	أَرْضٌ	زمین	
51	أَثَاثٌ	أَثَاثَاتٌ	فرنیچر			
52	ثَمِيْنَةٌ		قیمتی	رَخِيْصَةٌ	سستا، معمولی	
53	فَرِيْدَةٌ		منفرد، یکتا	فَرِيْدٌ		

	واحد	جمع	معنی	ضد	معنی	تانیث وتذکیر
54	ذِكْرٰى	ذِكْرِيَّاتٌ	یادگار			
55	قُبَّةٌ	قُبَّاتٌ	گنبد			
56	أُسْرَةٌ	أُسَرٌ	خاندان			
57	أَرْقٰى		ترقی یافتہ			
58	شَرِكَةٌ	شَرِكَاتٌ	کمپنی			
59	فُنْدُقٌ	فَنَادِقُ	ہوٹل			
60	عِلْمٌ	عُلُومٌ	سائنس			
61	اِجْتِمَاعِيٌّ		سماجی، سوشل			اِجْتِمَاعِيَّةٌ

9.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

شہر حیدرآباد دنیا میں اپنی شاندار تہذیب اور بلند عمارتوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ اور یہ ایک پرانا شہر ہے، اس کی تاریخ سولہویں صدی عیسوی سے جڑی ہے۔ یہ ریاست تلنگانہ کا پایۂ تخت ہے اور دنیا میں ہندوستان کی شہرت پھیلانے میں اس کا بڑا رول ہے۔

اس کی شاندار عمارتوں میں سے ایک چار مینار ہے وہ فنِ تعمیر میں بے مثال ایک شاندار اور خوشنما عمارت ہے، اس کے چار بلند مینارے ہیں، ان کی لمبائی 160 فٹ ہے، اور اس کے دائیں جانب چاروں جہت مشرق، مغرب، شمال وجنوب میں چار کمانیں ہیں اور ان چاروں کمانوں کے درمیان ایک خوبصورت فوارہ ہے، یہ عمارتیں قطب شاہی سلطنت کے پانچویں بادشاہ محمد قلی قطب شاہ کے زمانے میں 1591ء میں تعمیر ہوئی ہیں۔

چار مینار کے ایک بائیں جانب تاریخی خوشنما مسجد ہے جو مکہ مسجد کے نام سے مشہور ہے اور یہ خوبصورت مسجد ہے جس میں ایک اونچا محراب اور ایک بڑا منبر اور کشادہ صحن ہے، اور اس مسجد کی بائیں جانب آصف جاہی سلطنت کے بادشاہوں کی قبریں ہیں، مسجد کے سنگِ بنیاد کا سال 1694ء ہے اور اس کے بانی چار مینار کے بانی ہیں۔

اور مسجد کے سامنے تاریخی ہسپتال کی عمارت ہے اور وہ موجودہ وقت میں یونانی طبیہ کالج ہے، یہ دونوں عمارتیں آمنے سامنے ہیں ان کا منظر بڑا خوشنما ہے۔

اور چار مینار کے دوسرے مغربی دائیں جانب ایک خوبصورت بڑا بازار ہے، اس میں کانچ کے کنگنوں اور اصلی و مصنوعی موتیوں کی بڑی دوکانیں ہیں، یہ بازار لاڑ بازار کے نام سے مشہور ہے۔

اور گولکنڈہ قلعہ حیدرآباد کی تاریخی عمارتوں میں سے ہے، چنانچہ یہ ہندوستان کے مشہور قلعوں میں سے ایک ہے، اور یہ بھی قطب شاہی سلطنت کے زمانے کی یادگاروں میں سے ہے، اور یہ ایک بڑا شاندار قلعہ ہے اس میں قطب شاہی خاندان کے بادشاہوں کی کئی قبریں اور گنبد ہیں۔ اور یہ تمام تاریخی آثار شاہانِ قطب شاہ کی دین ہے۔

عہدِ آصف جاہی پچھلے عہد سے مختلف ہے، کیونکہ آصف جاہی بادشاہوں نے ادارے، لائبریریاں، جامعات اور تحقیقی ادارے وغیرہ قائم کر کے علوم اور ثقافت کی نشر و اشاعت پر زیادہ توجہ دی۔ آنے والی سطور میں ہم بعض ان علمی مراکز کو بتلائیں گے جن کا حیدرآباد میں علم و ثقافت کی ترقی میں نمایاں رول ہے جن میں سالار جنگ میوزیم اور کتب خانہ آصفیہ قابلِ ذکر ہیں۔

سالار جنگ میوزیم ہندو بیرونِ ہند کے مشہور عجائب گھروں میں سے ہے، اس میں ہزاروں نوادرات ہیں اور وہ نواب میر یوسف علی خان تیسرے سالار جنگ سے منسوب ہے، اور اس میں قیمتی کتابیں اور نادر مخطوطات بھی عربی، فارسی و ترکی زبانوں میں ہیں، اس کے افتتاح کا سال 1951ء ہے۔

اور آصفیہ لائبریری ایسی قدیم وجدید کتابوں سے بھری پڑی ہے جو اسکالرس اور طلباء کے لئے مختلف زبانوں میں مفید ہے۔

تاریخی عمارتوں میں سے ایک عمارت عدالت العالیہ ہے اور جس کے سامنے جنرل ہسپتال کی عمارت ہے دونوں کے درمیان موسی ندی بہتی ہے اور یہ ناظرین کے لئے دلکش نظارہ ہے، عدالت عالیہ کی عمارت بڑی شاندار اور خوبصورت ہے وہ ایک بڑے احاطے میں پھیلی ہوئی موسی ندی کے کنارہ پر ہے۔

اور آصف جاہی خاندان کے تاریخی آثار میں عثمانیہ جنرل ہسپتال ہے جو میر عثمان علی خان سے منسوب ہے جو آصف جاہی سلطنت کے بادشاہوں میں ساتویں بادشاہ تھے، یہ ہسپتال بڑا ہے جس میں مختلف امراض کا علاج کیا جاتا ہے، اور اس کی روشن دانیاں بھی موسیٰ ندی کی طرف کھلتی ہیں۔

اور آصف جاہی بادشاہوں کے تعمیر کردہ تاریخی مقامات میں سے جامعہ عثمانیہ ہے، یہ ایک عظیم الشان، دنیا میں مشہور جامعہ ہے، اس کی عمارت کا منظر بڑا خوبصورت ہے، اور ہندوستان میں بزبان اردو جدید سائنس کی تعلیم کا اولین شرف اسے ہی حاصل ہے، اس میں مختلف کالجس ہیں، اور کالج آف آرٹس وسوشل سائنس کی عمارت جامعہ کی مرکزی عمارت ہے، اس میں 25 شعبے ہیں ان میں سے شعبۂ عربی ہے، یہ عمارت، اسلامی اور ہندو آرٹ کے آمیزش کی ایک بہترین مثال ہے، اس کے بانی ساتویں بادشاہ میر عثمان علی خان ہیں۔

اس مشہور جامعہ کے قرب میں ایک بڑا علمی مرکز ہے جو دائرۃ المعارف العثمانیہ کے نام سے مشہور ہے، یہ بہت سی علمی کتابوں اور قیمتی نایاب مخطوطات سے بھرا ہوا ہے، اس کے بھی بانی ساتویں بادشاہ میر عثمان علی خان ہیں، یہ تاریخی مخطوطات کی تحقیق اور کتابوں کی شکل میں انھیں شائع کرنے میں دنیا میں مشہور ہے۔

آصف جاہی دور کی تاریخی عمارتوں میں کئی محلات ہیں جن میں سب سے زیادہ مشہور اور خوبصورت '' فلک نما پیالیس'' ہے، یہ پہاڑ کی اونچائی پر ہے، اس میں قیمتی نوادرات اور اثاثہ جات ہیں۔

موجودہ زمانے میں حیدرآباد کے ترقی یافتہ علاقوں میں سے ہائی ٹیک سیٹی ہے، جس کے معنی ترقی یافتہ سائنس کا شہر ہے، یہ سائنس اور ٹیکنالوجی کا شہر ہے، اس میں کئی قسم کی عالمی کمپنیوں کے سینٹر اور کاروباری ادارے ہیں۔

حیدرآباد کی تفریحی جگہوں میں سے راموجی فیلم سیٹی اور زو پارک، لومبینی پارک، این ٹی آر پارک، رویندرا بھارتی تھیٹر اور حسین ساگر وغیرہ ہیں۔

اس شہر میں کئی عالمی معیار کے ہوٹل ہیں، ان میں مشہور ترین تاج کرشنا، تاج بنجارہ، ماریوت وغیرہ ہیں۔

حیدرآباد کے کھانوں کی اقسام میں مشہور ترین بریانی ہے، چنانچہ ہر آنے والا اس کا خواہش مند ہوتا ہے، یہ بریانی دنیا میں حیدرآبادی بریانی سے مشہور ہے۔

ان تاریخی مقامات اور علمی مراکز اور تفریحی مقامات اور بے مثال تہذیب کی وجہ سے شہر حیدرآباد عجائب کا شہر بن گیا۔

ہمارے شہر حیدرآباد کو سلام۔

9.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَا هُوَ سَبَبُ شُهْرَةُ مَدِيْنَةِ حَيْدَرْاٰبَادَ؟

حیدرآباد کس وجہ سے دنیا میں مشہور ہے؟

2. كَيْفَ مَكَّةُ مَسْجِد ؟

مکہ مسجد کیسی ہے؟

3. مَنْ مُّؤَسِّسُ تَشَارْمِيْنَارْ؟

چارمینار کو بنانے والے کون ہیں؟

4. مَا هُوَ الْمَبْنَى التَّارِيْخِيُّ أَمَامَ مَتْحَفِ سَالَارْ جَنْكَ؟

سالار جنگ میوزیم کے سامنے کون سی تاریخی عمارت ہے؟

5. فِيْ أَيِّ شَيْءٍ شَرَفُ الْأَوَّلِيَّةِ لِلْجَامِعَةِ الْعُثْمَانِيَّةِ؟

جامعہ عثمانیہ کو کس چیز میں اولیت کا شرف حاصل ہے؟

6. بِأَيِّ سَبَبٍ دَائِرَةُ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةِ مَشْهُوْرَةٌ فِيْ الْعَالَمِ؟

دائرۃ المعارف العثمانیہ کی شہرت دنیا میں کس وجہ سے ہے؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. لِثَقَافَتِهَا الْفَرِيْدَةِ۔

اپنی منفرد تہذیب وثقافت کی وجہ سے۔

2. مَسْجِدٌ جَمِيْلٌ فِيْهِ مِحْرَابٌ رَفِيْعٌ وَ مِنْبَرٌ كَبِيْرٌ وَ صَحْنٌ وَاسِعٌ ۔

ایک خوبصورت مسجد ہے جس میں ایک بلند محراب اور بڑا منبر اور کشادہ صحن ہے۔

3. مُحَمَّدُ قُلِيْ قُطْبُ شَاهْ اَلْمَلِكُ الْخَامِسُ مِنْ مُلُوْكِ مَمْلَكَةِ الْقُطْبِ الشَّاهِيَّةِ ۔

محمد قلی قطب شاہ پانچوں بادشاہ سلطنت قطب شاہی کے بادشاہوں میں سے ہے۔

4. اَلْمَكْتَبَةُ الْآصِفِيَّةُ۔

مکتبہ آصفیہ

5. فِيْ تَدْرِيْسِ الْعُلُوْمِ الْعَصْرِيَّةِ بِاللُّغَةِ الْأُرْدِيَّةِ ۔

اردو زبان میں جدید سائنس کی تعلیم میں۔

6. بِتَحْقِيْقِ الْمَخْطُوْطَاتِ النَّادِرَةِ وَ نَشْرِهَا فِيْ صُوْرَةِ الْكُتُبِ ۔

نایاب مخطوطات کی تحقیق اور کتابوں کی شکل میں اس کی نشر واشاعت کی وجہ سے۔

9.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

مَدِيْنَةُ حَيْدَرْاٰبَادَ مَعْرُوْفَةٌ فِيْ الْعَالَمِ بِثَقَافَتِهَا الْفَرِيْدَةِ ، وَ مَعَالِمِهَا التَّارِيْخِيَّةِ، وَنَهْضَتِهَا الْعِلْمِيَّةِ ، وَأَمَاكِنِهَا التَّرْفِيْهِيَّةِ : مِثْلَ تَشَارَمِيْنَارْ ، وَمَسْجِدُ مَكَّةَ،وَأَسْوَاقٌ جَمِيْلَةٌ،وَالْجَامِعَةُ الْعُثْمَانِيَّةُ،وَدَائِرَةُ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةُ ، وَ مَبْنَى الْمَحْكَمَةِ الْعُلْيَا، وَالْمُسْتَشْفَى الْعَامُ الْعُثْمَانِيُّ، وَ مَتْحَفُ سَالَارْ جَنْكَ، وَالْمَكْتَبَةُ الْآصِفِيَّةُ وَهَائِيْ تِيْكَ سِيْتِيْ وَ بَعْضُ الْقُصُوْرِ وَالْقَلَاعِ التَّارِيْخِيَّةِ وَالْفَنَادِقِ الْعَالَمِيَّةِ۔

شہر حیدرآباد دنیا میں اپنی منفرد تہذیب اور اپنے تاریخی آثار اور اپنی علمی ترقی اور اپنے تفریحی مقامات کی وجہ سے مشہور ہے، چنانچہ اس میں چار مینار، مکہ مسجد اور لارڈ بازار، جامعہ عثمانیہ، دائرۃ المعارف العثمانیہ، عدالت عالیہ کی عمارت، عثمانیہ جنرل ہسپتال، سالار جنگ میوزیم، آصفیہ لائبریری، ہائی ٹیک سیٹی اور بعض تاریخی محلات، قلعے اور عالمی معیار کی ہوٹلیں موجود ہیں۔

9.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

مرکب اضافی : (التركيب الإضافي)

اَلْمُرَكَّبُ الْإِضَافِيُّ مُكَوَّنٌ مِنَ الْمُضَافِ وَالْمُضَافِ إِلَيْهِ وَهُوَ مُرَكَّبٌ غَيْرُ تَامٍّ ، وَ هُوَ إِمَّا مُبْتَدَأٌ أَوْ خَبَرٌ۔

وَالْمُضَافُ خَالٍ عَنِ التَّنْوِيْنِ وَالْأَلِفِ وَاللَّامِ ، وَالْمُضَافُ إِلَيْهِ مُجْرُوْرٌ دَائِمًا

مرکب اضافی مضاف اور مضاف الیہ سے بنتا ہے، اور یہ نامکمل جملہ ہوتا ہے اور یہ یا مبتدأ ہوگا یا خبر۔

اور مضاف تنوین اور الف لام سے خالی ہوتا ہے، جبکہ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

مثالیں :

شُهْرَةُ	حَيْدَرْاٰبَادَ	قَلْعَةُ	كُولْكُنْدَهْ
مضاف	مضاف إليه	مضاف	مضاف إليه
هَيْكَلُ	اَلْمَدِيْنَةُ	وسط	هَا
مضاف	مضاف إليه	مضاف	مضاف إليه

9.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. أَيْنَ أَرْبَعُ مَنَارَاتٍ عَالِيَةٍ ؟
2. مَنْ هُوَ مُؤَسِّسُ الْجَامِعَةِ الْعُثْمَانِيَّةِ ؟
3. أَيْنَ دَائِرَةُ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةِ ؟
4. كَيْفَ قَصْرُ فَلَكْ نُمَا ؟
5. مَا مَعْنَى هَائِيْ تِيْك سِيْتِيْ ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. مسجد مكة	ا۔ مدينة العجائب
2. حائل	ب۔ برياني
3. قلعة كولكنده	ج۔ نهر موسي
4. مدينة حيدراباد	د۔ من المباني الأثرية
5. من أشهر أنواع الطعام	هـ۔ جميل

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. مقابر ..... المملكة الأصفجاهية
2. هي ..... ولاية تلنغانه
3. المستشفى العام ..... الى مير عثمان علي خان
4. مبنى كلية الآداب والعلوم الاجتماعية مبنى للجامعة
5. في هذه المدينة فنادق ..... عديدة

(عالمية ـ عاصمة ـ ملوك ـ مركزي ـ منسوب)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْآتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. أمام تشار مينار في أربعة أقواسٍ۔
2. المكتبة الآصفية و ذاخرٌ بالكتب القديمة و الجديدة۔
3. المؤسس الجامعة العثمانية مير عثمان علي خان۔
4. قلعة كولكنده على ذكريات ملوك قطب الشاهية۔
5. من شهر أنواع الطعام في حيدرآباد هو برياني ۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. شهرة حيدرآباد عند العامة والخاصة بهذه المنارات الأربع ۔
2. أمام المسجد مبني المستشفي التاريخي۔
3. مبني المحكمة العليا شامخ و جميل جدا۔
4. في مدينة حيدرآباد قصور عديدة أشهرها و أجملها قصر فلك نما۔

عَيِّنِ الْمُرَكَّبَ الْإِضَافِيَّ فِي الْاِقْتِبَاسِ الْآتِيْ :
(مندرجہ ذیل اقتباس میں مرکبِ اضافی کی تعیین کیجئے)۔

من أرقي مناطق حيدرآباد في العصر الحديث هائي تيك سيتي ، معناه مدينة العلوم المتطورة ، هي مدينة العلوم والتكنولوجيا ۔

9.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

1. مدينة حيدرآباد مدينة قديمة و شهيرة في العالم ۔
2. من أشهر الأماكن التاريخية تشار مينار و مسجد مكة و متحف سالار جنك ۔
3. للجامعة العثمانية شرف الأولية في تدريس العلوم العصرية باللغة الأردية ۔
4. قلعه كولكنده من المباني الأثرية في حيدرآباد۔
5. دائرة المعارف العثمانية مشهورة في العالم ۔
6. هائي تيك سيتي مدينة العلوم والتكنولوجيا۔

9.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. من مؤسس تشار مينار ؟ وما هو عام تأسيسه ؟
2. صف مسجد مكة في سطرين؟
3. فيما أولية للجامعة العثمانية ؟
4. ما هي في سوق لاردبازار ؟
5. كيف منظر قصر فلك نما؟
6. بين بعض الأماكن الترفيهية في حيدرآباد ۔

الدرس العاشر

سبق-10

اُستاذ السّلاطين

10.1 تمہید (التمهيد)

10.2 مقصد (الهدف)

10.3 متن (المتن)

10.4 حل لغات (حل اللّغات)

10.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

10.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

10.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

10.8 قواعد (القواعد)

10.9 مشقیں (تدریبات)

10.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

10.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اُسْتَاذُ السَّلَاطِيْن

بادشاہوں کے استاذ

10.1 تمہید (التمهيد) :

حضرت شیخ الاسلام محمد انوار اللہ خان فاروقی کی شخصیت سرزمین دکن کے لئے شاہی گھرانے سے لے کر عوامی سطح تک ایک مصلح اور مربی کی حیثیت سے معروف ومشہور ہے، آپ کے علمی اور اصلاحی فیض سے نہ صرف سرزمین دکن بلکہ پورا ہندوستان فیض یاب ہو رہا ہے، آپ نے ایک طرف شاہی گھرانے کو انوارِ علم ومعرفت سے منور کیا تو دوسری طرف معاشرے میں پھیلی بے جا رسومات وبدعات کا خاتمہ کیا، ان کے عظیم کارناموں میں جامعہ نظامیہ، دائرۃ المعارف العثمانیہ، آصفیہ لائبریری کا قیام، اور شرعی نصاب کی تیاری ہے جس سے آج تک پوری قوم کا فیض پہنچ رہا ہے، اس سبق میں دکن کی اس عظیم ہستی کا تعارف کروایا گیا ہے۔

10.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں شیخ الاسلام مولانا محمد انوار اللہ خان فاروقی الملقب بفضیلت جنگ بہادر کی شخصیت کے تعارف کے ساتھ (کان) اور اس کے جیسے دیگر افعال ناقصہ کا زیادہ سے زیادہ استعمال بتلایا گیا ہے۔

10.3 متن (المتن) :

بَعْدَ نِهَايَةِ سِلْسِلَةِ النُّبُوَّةِ كَانَ مِنْ سُنَّةِ اللهِ إِعْدَادُ رِجَالٍ يَقُوْمُوْنَ بِتَجْدِيْدِ الدِّيْنِ وَإِصْلَاحِ الْمُجْتَمَعِ . وَكَانَ مِنْ نِعَمِ اللهِ عَلٰى أَرْضِ الدَّكَنِ أَنَّهُ اخْتَارَ شَخْصِيَّةَ شَيْخِ الْإِسْلَامِ مَوْلَانَا مُحَمَّدْ أَنْوَارُ اللهِ خَانْ الْفَارُوْقِيْ

لِإِصْلَاحِ الدَّكَنِ وَ نَشْرِ الْعُلُوْمِ الدِّيْنِيَّةِ فِيْ أَرْجَائِهَا ، فَكَانَ الصَّلَاحُ فِيْ ذَاتِهِ وَسُلُوْكِهِ مُنْذُ الطُّفُوْلَةِكَانَتْ بِدَايَةُدِرَاسَتِهِ مِنْ حِفْظِ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ وَدِرَاسَةِ الْعُلُوْمِ الْإِبْتِدَائِيَّةِ عَلٰى وَالِدِهِ الْعَطُوْفِ. ثُمَّ ظَلَّ عَاكِفًا عَلَى الدِّرَاسَاتِ الْعُلْيَا وَاسْتَفَادَ مِنْ كِبَارِ الْعُلَمَاءِ، وَاكْتَسَبَ مِنْ فُيُوْضِهِمِ الْعِلْمِيَّةِ حَتّٰى أَصْبَحَ عَالِمًا جَلِيْلًا ۔

كَانَ دُخُوْلُهُ فِيْ مَجَالِ الْعَمَلِ بِإِخْتِيَارِ وَظِيْفَةٍ فِيْ الْمَصْلِحَةِ الْحُكُوْمِيَّةِ وَلَمْ يَزَلْ يَسْتَمِرُّ فِيْ عَمَلِهٖ إِلٰى مُدَّةٍ حَتّٰى حَالَ دُوْنَهُ سَبَبٌ شَرْعِيٌّ فَاسْتَقَالَ مِنْ وَظِيْفَتِهِ وَذٰلِكَ بِأَنَّ رَئِيْسَ الْمَصْلَحَةِ الْمَالِيَّةِ طَلَبَ مِنْهُ كِتَابَةَ مَا يُؤَيِّدُ الرِّبٰوا فَلَمْ يَرْضَ الشَّيْخُ بِذٰلِكَ وَحَسِبَهُ أَمْرًا مُنْكَرًا مُخَالِفًا لِلشَّرْعِ ،فَتَخَلّٰى عَنِ الْوَظِيْفَةِ وَلَمْ يُفَكِّرْ فِيْمَا يَحْدُثُ بِشَأْنِ أُسْرَتِهِ مِنْ عُسْرَةٍ مَالِيَةٍ، فَأَصْبَحَ الشَّيْخُ بِدُوْنِ عَمَلٍ لِفَتْرَةٍ وَلٰكِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَ كَانَ يُدَبِّرُ مِنْ خِلَالِ هٰذِهِ الْحَادِثَةِ أَنْ يَّرْفَعَ شَأْنَهُ وَيَضَعَهُ فِيْ مَكَانٍ يَلِيْقُ بِهِ، وَكَانَ كَذٰلِكَ إِذْ عَرَضَ عَلَيْهِ الْمَلِكُ وَظِيْفَةَ التَّدْرِيْسِ لِابْنِهِ عُثْمَانَ عَلِيْ خَانْ فَلَمْ يُسْرِعْ فِيْ قَبُوْلِهَا، وَلٰكِنَّهُ اسْتَخَارَ فَأَلْهَمَ اللهُ قَلْبَهُ قَبُوْلَ هٰذِهِ الْوَظِيْفَةِ، وَمُنْذُ ذٰلِكَ الْوَقْتِ أَصْبَحَ الشَّيْخُ أُسْتَاذًا وَمُرَبِّيًا لِعُثْمَانْ عَلِيْ خَانْ۔

هٰذِهِ الْوَظِيْفَةُ الشَّرِيْفَةُ الَّتِيْ جَعَلَتِ الشَّيْخَ مُشْرِفًا وَمُعَلِّمًا لِتِلْمِيْذٍ سَيَكُوْنُ مَلِكًا عَظِيْمًا ،سَيَأْتِيْ بِانْقِلَابٍ عَظِيْمٍ فِيْ التَّارِيْخِ وَكَانَ كُلُّ ذٰلِكَ نَتِيْجَةً لِتَرْبِيَةِ الشَّيْخِ وَتَأْثِيْرِهِ فِيْهِ، هٰذَا مَا كَانَ مِنْ جُهُوْدِ الشَّيْخِ فِيْ مَجَالِ الْإِصْلَاحِ الْفَرْدِيِّ۔

وَأَمَّا أَعْمَالُهُ فِيْ إِصْلَاحِ الْمُجْتَمَعِ فَكَانَتْ بِدَايَتُهَا مُنْذُ أَنْ عُيِّنَ وَزِيْرًا لِلشُّؤُنِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ حُكُوْمَةِ الْمَلِكِ السَّابِعِ مِيْر عُثْمَانَ عَلِيْ خَانْ، حَيْثُ

أَصْبَحَ مُصْلِحًا كَبِيْرًا فِيْمَا شَاعَ فِي الْمُجْتَمِعِ مِنْ بَعْضِ التَّقَالِيْدِ الْمُحَرَّمَةِ شَرْعًا مِثْلَ جَلَسَاتِ الرَّقْصِ بِمُنَاسَبَةِ حَفَلَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ. فَمَنَعَ الشَّيْخُ الرَّاقِصَاتِ الْمُحْتَرِفَاتِ مِنْ عَقْدِ هٰذِهِ الْجَلَسَاتِ الْمُحَرَّمَةِ. وَلِلشَّيْخِ إِصْلَاحَاتٌ أُخْرٰى لِلْمُجْتَمَعِ بَعْضُهَا مَا يَلِيْ:

1. مَنَعُ أَكَلِ النَّاسِ جِهَارًا فِيْ الشَّوَارِعِ فِيْ شَهْرِ رَمْضَانَ۔
2. فَرْضُ إِرْسَالِ السَّتَائِرِ عَلَى الْمَطَاعِمِ فِيْ رَمْضَانَ حِفَّاظًا عَلٰى حُرْمَةِ هٰذَا الشَّهْرِ
3. نَشْرُ الْعُلُوْمِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ الْقُرٰى وَالْمَنَاطِقِ النَّائِيَةِ بِإِرْسَالِ جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ وَالدُّعَاةِ حَتّٰى يَتَسَلَّحَ عَامَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ بِسِلَاحِ الدِّيْنِ لِيُصْبِحَ الْمُجْتَمَعُ الْمُسْلِمُ عَلٰى بَصِيْرَةٍ دِيْنِيَّةٍ وَشِعَارٍ إِسْلَامِيٍّ۔
4. تَعْيِيْنُ الذَّابِحِيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ الْمَجَازِرِ لِيَتِمَّ الذَّبْحُ عَلَى الطَّرِيْقَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَتَصِلَ لُحُوْمُ الْحَلَالِ إِلٰى عَامَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ۔
5. عَقْدُ تَدْرِيْبَاتٍ دِيْنِيَّةٍ لِأَهْلِ الْخِدْمَاتِ الشَّرَعِيَّةِ مِنْهَا: اَلْإِمَامَةِ وَالذَّبْحِ وَعَقْدِ النِّكَاحِ لِيُؤَدِّيَ كُلٌّ مِنْهُمْ وَاجِبَهُمُ الدِّيْنِيَّ بِطَرِيْقَةٍ حَسَنَةٍ وَيَكُوْنَ الْإِسْلَامُ شَامِلًا فِيْ حَيَاةِ عَامَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ۔
6. إِعْدَادُ وَثَائِقِ عَقْدِ الزَّوَاجِ ، وَ كَانَ لَهَا أَكْبَرُ دَوْرٍ فِيْ تَنْظِيْمِ الْحَيَاةِ الْإِجْتِمَاعِيَّةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ عَنْ طَرِيْقِ الزَّوَاجِ الشَّرْعِيِّ۔

وَهُنَاكَ أَعْمَالٌ أُخْرٰى لِلشَّيْخِ فِيْ إِصْلَاحِ الْمُجْتَمَعِ ، كَانَ لِكُلِّهَا دَوْرٌ بَارِزٌ فِيْ جَعْلِ مِنْطَقَةِ الدَّكَنِ مِنْطَقَةً مِثَالِيَّةً۔

وَبِجَانِبِ هٰذِهِ الْأَعْمَالِ الْإِصْلَاحِيَّةِ لِلشَّيْخِ أَعْمَالٌ أُخْرٰى أَيْضًا تَتَعَلَّقُ بِخِدْمَةِ الْعُلُوْمِ الْإِسْلَامِيَّةِ. فَقَامَ بِإِنْشَاءِ بَعْضِ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ فِيْ حَيْدَرَابَادَ

مِنْهَا الْمَدْرَسَةُ النِّظَامِيَّةُ الَّتِيْ أَصْبَحَتْ فِيْمَا بَعْدُ صَرْحًا عِلْمِيًّا كَبِيْرًا وَعُرِفَتْ بِالْجَامِعَةِ النِّظَامِيَّةِ، اَلَّتِيْ مَازَالَتْ وَلَا تَزَالُ تُنْجِبُ عَدَدًا هَائِلًا مِنَ الْعُلَمَاءِ وَتَنْشُرُ الْعُلُوْمَ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ الْهِنْدِ وَخَارِجِهَا وَتَبُثُّ الْوَعْيَ الدِّيْنِيَّ فِيْ قُلُوْبِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

وَمِنْ خِدْمَاتِهِ الْعِلْمِيَّةِ تَأْسِيْسُ دَائِرَةِ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةِ الَّتِيْ سَاهَمَتْ مُسَاهَمَةً كَبِيْرَةً فِيْ تَحْقِيْقِ الْمَخْطُوْطَاتِ الْعَرَبِيَّةِ النَّادِرَةِ وَطَبْعِهَا بِطَبَاعَةٍ جَمِيْلَةٍ وَبِإِسْهَامَاتِهَا الْقَيِّمَةِ أَصْبَحَتْ مَرْكَزًا عَالَمِيًّا لِحِفْظِ التُّرَاثِ الْإِسْلَامِيِّ وَلِتَشْجِيْعِ الْبَاحِثِيْنَ وَالْمُحَقِّقِيْنَ عَلَى الْبَحْثِ وَالتَّحْقِيْقِ وَلِتَرْغِيْبِ الطُّلَّابِ النَّائِشِيْنَ إِلَى الْمُطَالَعَةِ وَمُرَاجَعَةِ الْمَصَادِرِ وَضَعَ الشَّيْخُ لِبِنَةَ الْمَكْتَبَةِ الْكَبِيْرَةِ الذَّاخِرَةِ بِالْكُتُبِ الْقَيِّمَةِ بِإِسْمِ الْمَكْتَبَةِ الْآصِفِيَّةِ، اَلَّتِيْ فِيْ مُدَّةٍ قَلِيْلَةٍ أَصْبَحَتْ الدَّائِرَةُ مُلْتَقَى الْعُلَمَاءِ وَالْبَاحِثِيْنَ وَالطَّلَبَةِ وَالدَّارِسِيْنَ۔ هٰذِهِ النَّشَاطَاتُ الْعِلْمِيَّةُ وَالْأَدَبِيَّةُ جَاءَتْ بِسُمْعَةٍ وَشُهْرَةٍ فِيْ الْأَوْسَاطِ الْعِلْمِيَّةِ فِيْ الْعَالَمِ شَرْقًا وَغَرْبًا وَأَصْبَحَتْ مَدِيْنَةَ حَيْدَرْاٰباد عَاصِمَةَ الثَّقَافَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ۔

وَلَا شَكَّ أَنَّ إِنْشَاءَ هٰذِهِ الصُّرُوْحِ الْعِلْمِيَّةِ تَمَّ عَلٰى يَدِ الْمَلِكِ السَّابِعِ مِيْرْ عُثْمَانَ عَلِيْ خَان وَلٰكِنَّ الرُّوْحَ الْعَامِلَةَ وَرَاءَهَا كَانَتْ هِيَ رُوْحَ شَيْخِ الْإِسْلَامِ فَهُوَ الَّذِيْ حَثَّ الْمَلِكَ عَلٰى إِنْشَاءِ هٰذِهِ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ وَهٰكَذَا كَانَ شَيْخُ الْإِسْلَامِ أَصْبَحَ مُجَدِّدُ الدَّكَنِ وَأُسْتَاذَ الْمُلُوْكِ وَمُصْلِحَ الْأُمَّةِ وَمُؤَسِّسَ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ۔

10.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	نِهَايَةٌ	اختتام	بِدَايَةٌ	ابتدا
2.	سُنَّةٌ جمع سُنَنٌ	طریقہ		
3.	إِعْدَادٌ	تیار کرنا		
4.	يَقُوْمُوْنَ قَامَ يَقُوْمُ	انجام دینا		
5.	تَجْدِيْدٌ	نیا کرنا		
6.	اَلْمُجْتَمَعُ جمع مُجْتَمَعَاتٌ	معاشرہ		
7.	نِعَمٌ واحد نِعْمَةٌ	نعمت		
8.	إِخْتَارَ يَخْتَارُ	چننا، انتخاب کرنا		
9.	صَلَاحٌ	نیکی		
10.	عَطُوْفٌ	مہربان، مشفق		
11.	عَاكِفٌ جمع عَاكِفُوْنَ	لگا رہنے والا	مؤنث عَاكِفَةٌ	
12.	اَلدِّرَاسَاتُ الْعُلْيَا	اعلیٰ تعلیم		
13.	كِبَارٌ واحد كَبِيْرٌ	بڑا	مؤنث كَبِيْرَةٌ	
14.	اِسْتِفَادَ ـ يَسْتَفِيْدُ + مِنْ	فائدہ اٹھانا		
15.	اِكْتَسَبَ ـ يَكْتَسِبُ	حاصل کرنا		
16.	فُيُوْضٌ واحد فَيْضٌ	فیض		
17.	مَجَالٌ جمع مَجَالَاتٌ	میدان		

18. وَظِيْفَةٌ جمع وَظَائِفُ عہدہ
19. اَلْمَصْلِحَةُ جمع اَلْمَصَالِحُ ادارہ
20. حَالَ ـ يَحُوْلُ رکاوٹ بننا
21. اِسْتَقَالَ ـ يَسْتَقِيْلُ استعفیٰ دینا
22. اَلرِّبٰوا سود
23. حَسِبَ ـ يَحْسِبُ سمجھنا
24. مُنْكَرًا جمع مُنْكَرَاتٌ برائی، گناہ
25. تَخَلّٰى + عَنْ کنارہ کش ہونا
26. عُسْرَةٌ تنگی
27. يُدَبِّرُ ـ دَبَّرَ يُدَبِّرُ تدبیر کرنا
28. عَرَضَ ـ يَعْرِضُ پیش کرنا
29. يُسْرِعُ ـ أَسْرَعَ يُسْرِعُ جلدی کرنا أَبْطَأَ يُبْطِأُ سستی کرتا
30. مُشْرِفٌ نگران
31. أَحْدَثَتْ ـ أَحْدَثَ يُحْدِثُ انجام دینا، پیدا کرنا
32. أَنْجَزَ ـ يُنْجِزُ انجام دینا
33. شَاعَ ـ يَشِيْعُ پھیلنا
34. اَلتَّقَالِيْدُ واحد اَلتَّقْلِيْدُ رسومات
35. اَلْمُحْتَرِفَاتُ واحد اَلْمُحْتَرِفَةُ پیشہ ور مذکر اَلْمُحْتَرِفُ

.36	جِهَارًا	علی الاعلان، کھلے عام
.37	شَارِعٌ جمع شَوَارِعُ	راستہ
.38	إرسال	لٹکانا
.39	مَطْعَمٌ جمع مَطَاعِمُ	ہوٹل
.40	قَرْيَةٌ جمع قُرَىٰ	گاؤں
.41	اَلنَّائِيَةُ	دوردراز
.42	تَسَلَّحَ ـ يَتَسَلَّحُ + بِـ	مسلح ہونا
.43	مَجْزَرَةٌ جمع مَجَازِرُ	مذبح
.44	عَقْدٌ	قائم کرنا
.45	صرح جمع صروح	قلعہ
.46	أَنْجَبَ ـ يُنْجِبُ	پیدا کرنا
.47	بَثَّ ـ يَبُثُّ	پھیلانا
.48	اَلْوَعْيُ	شعور
.49	ذَاعَ ـ يَذِيْعُ	پھیلنا
.50	صِيْتٌ	شہرت
.51	حَثَّ ـ يَحُثُّ + عَلى	ابھارنا

10.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

نبوت کے سلسلہ کے ختم ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کا منشا تھا کہ ایسی جماعت تیار کی جائے جو تجدیدِ دین اور معاشرے میں اصلاح کا کام انجام دے، اور خطہ دکن پر اللہ کی نعمتوں میں سے ایک یہ بھی رہی کہ اس نے شیخ الاسلام مولانا محمد انوار اللہ خان فاروقی کا انتخاب دکن کی اصلاح اور اس کے اطراف میں دینی علوم کی نشر واشاعت کے لئے کیا، کیونکہ نیکی ان کی ذات اور عمل میں بچپن سے ہی تھی، ان کی تعلیم کی ابتدا حفظ قرآن اور ان کے مشفق والد محترم سے ابتدائی تعلیم کے حصول سے ہوئی۔ پھر وہ مسلسل اعلیٰ تعلیم کے لئے بڑے بڑے علمائے کرام سے جڑے رہے، ان سے اکتساب فیض کیا اور ان کے علمی فیوض سے مستفیض ہوتے رہے، یہاں تک کہ ایک زبردست عالم بن گئے۔

عملی زندگی کا آغاز حکومتی ادارے میں ایک عہدہ کے انتخاب سے ہوا، وہ اپنی ملازمت میں ایک مدت تک مصروف کار رہے، یہاں تک کہ ان کی راہ میں ایک شرعی سبب رکاوٹ بن گیا اور وہ اپنے عہدہ سے مستعفی ہوگئے، اور یہ اس وجہ سے ہوا کہ ادارہ مالیہ کے صدر نے شیخ سے ایسی تحریر کے لئے کہا کہ جس سے ربوا کی تائید ہورہی تھی، شیخ اس پر راضی نہیں ہوئے اور اسے مخالف شرع غلط کام تصور کیا، پھر وہ عہدے سے دستبردار ہوگئے اور انہوں نے اس مالی تنگی کا نہیں سوچا جو ان کے خاندان کے تعلق سے پیش آسکتی تھی، اس طرح شیخ ایک عرصہ تک بغیر ملازمت کے رہ گئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اس حادثہ کے پیچھے ان کے مقام کو بلند کرنے اور انہیں ان کی شایان شان منصب پر متعین کرنے کی تدبیر کررہا تھا۔ وہ اسی حالت پر تھے کہ بادشاہ نے اپنے فرزند عثمان علی خان کی اتالیقی کے لئے پیش کش کی، انہوں نے اس عہدہ کو قبول کرلینے میں جلد بازی نہیں، بلکہ استخارہ کیا، پھر اللہ نے ان کے دل میں اس عہدہ کو قبول کرلینے کا الہام کیا اور اس وقت سے شیخ عثمان علی خان کے استاذ اور اتالیق بن گئے۔

یہ معزز عہدہ جس نے شیخ کو ایک ایسے شاگرد کا نگراں اور اتالیق بنا دیا جو بعد میں ایک بڑا بادشاہ بننے والا تھا، وہ تاریخ میں ایک عظیم انقلاب پیدا کرنے والا تھا، یہ سب کچھ شیخ کی تربیت وتاثیر کا نتیجہ تھا، یہ تو انفرادی واصلاحی شیخ کی کاوشیں تھیں۔

اصلاح معاشرہ میں آپ کے کارنامے تو ان کی شروعات تو اسی وقت سے ہوگئی جب وہ ساتویں بادشاہ میر عثمان علی خان کی حکومت میں اسلامی اُمور کے وزیر مقرر ہوئے، جہاں وہ معاشرے میں پھیلی ہوئی بعض حرام رسومات کے لئے بڑے مصلح بن گئے جیسے مختلف محافل میں عورتوں کے رقص کی مجلسیں، شیخ نے پیشہ ور رقاصاؤں کو ان حرام مجلسوں کو منعقد کرنے سے روک لگا دیا اور شیخ کی معاشرے کے تعلق سے اور بھی دوسری اصلاحات ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں۔

1. رمضان کے مہینے میں راستوں میں لوگوں کے برملا کھانے پر روک لگانا۔
2. رمضان میں ہوٹلوں پر پردے لٹکانے کو ضروری قرار دینا تاکہ اس مہینے کی حرمت کی حفاظت ہو سکے۔
3. ائمہ اور دعاۃ کی ٹیم تیار کر کے گاؤں اور دور دراز کے علاقوں میں بھیج کر علوم اسلامیہ کی نشر و اشاعت تاکہ عام مسلمان دین کے ہتھیار سے مسلح ہوں، اور مسلم معاشرہ دینی سوجھ بوجھ اور اسلامی شعار والا ہو جائے۔
4. مسالخ میں مسلمان ذبح کرنے والوں کو مقرر کرنا تاکہ ذبح کا عمل اسلامی طریقے پر ہو، اور حلال گوشت عام مسلمانوں تک پہنچے۔
5. امامت، ذبح اور عقد نکاح جیسے شرعی کاموں پر مامور لوگوں کی دینی مشق کروانا تاکہ یہ لوگ اپنی دینی ذمہ داری کو اچھے طریقہ سے انجام دیں اور عام مسلمانوں کی زندگی میں اسلام عام ہو۔
6. عقد نکاح کے دستوری کاغذات تیار کرنا، جس سے مسلمانوں کی شرعی زواج کے ذریعہ سماجی زندگی منظم ہونے میں بڑی مدد ملی۔

7. اصلاح معاشرہ میں شیخ کے اور بھی کارنامے ہیں جن کا سرزمین دکن کو مثالی علاقہ بنانے میں بڑا کردار رہا ہے۔

شیخ کے اصلاحی کارناموں کے علاوہ دوسرے بھی ایسے کارنامے ہیں جن کا تعلق اسلامی علوم کی خدمت سے ہے، چنانچہ انہوں نے حیدرآباد میں کئی ایک علمی مراکز بھی قائم کئے، ان میں سے مدرسہ نظامیہ بھی ہے جو بعد میں ایک بڑا علمی قلعہ بن گیا اور جامعہ نظامیہ کے نام سے مشہور ہوا جو مسلسل علماء کی ایک بڑی تعداد تیار کرتا رہا، اور ہند و بیرونِ ہند، علومِ اسلامیہ کی نشر و شاعت اور مسلمانوں کے دلوں میں دینی شعور بیدار کرتا رہا ہے۔

اور ان کی علمی خدمات میں سے دائرۃ المعارف العثمانیہ کی تأسیس بھی ہے جس کا عربی نادر مخطوطات کی تحقیق اور عمدہ طباعت میں بڑا حصہ ہے، اس کے قیمتی کارنامہ کی وجہ سے اسلامی علمی سرمایہ کی حفاظت کا یہ عالمی مرکز بن گیا۔ اور اسکالر و محققین کو تحقیقی کاموں میں حوصلہ افزائی ملی، اور نئے طلبہ کو مطالعہ، اور مراجع کی ترغیب کے لئے انھوں نے قیمتی کتب سے مالا مال آصفیہ لائبریری کے نام سے بڑی لائبریری کی بنیاد رکھی، جو مختصر مدت میں علماء، اسکالرس، اور طلبہ و محققین کی آماجگاہ بن گئی، ان علمی و ادبی سرگرمیوں کا پوری دنیا کے مشرق و مغرب میں خوب چرچا ہوا اور شہر حیدرآباد اسلامی ثقافت کا پایۂ تخت قرار پایا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ان علمی قلعوں کا قیام ساتویں بادشاہ میر عثمان علی خان کے ہاتھوں انجام پایا لیکن ان کے پس منظر جو جذبہ کارفرما تھا، وہ شیخ الاسلام کا جذبہ تھا، چنانچہ انہوں نے ہی بادشاہ کو ان کاموں کی انجام دہی کے لئے آمادہ کیا، اس طرح شیخ الاسلام مجدد دکن، بادشاہوں کے استاذ، مصلح امت اور علمی مراکز کے بانی تھے۔

10.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَنْ هُوَ أُسْتَاذُ الْمُلُوكِ؟
استاذ الملوک کون ہیں؟

2. مِمَّا كَانَتْ بِدَايَةُ دِرَاسَةِ الشَّيْخِ؟
شیخ کی تعلیم کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟

3. مَاذَا عَرَضَ الْمَلِكُ عَلَى الشَّيْخِ؟
بادشاہ نے شیخ سے کیا پیش کش کی؟

4. اُذْكُرْ عَمَلًا مِنْ أَعْمَالِ الْإِصْلَاحِ الْاِجْتِمَاعِيِّ لِلشَّيْخِ؟
شیخ کے معاشرتی اصلاح کا کوئی کارنامہ بتایئے۔

5. مَنْ أَسَّسَ الْجَامِعَةَ النِّظَامِيَّةَ ؟
جامعہ نظامیہ کو کس نے قائم کیا؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. شَيْخُ الْإِسْلَامُ مَوْلَانَا أَنْوَارُ اللهُ خَانُ اَلْفَارُوْقِيْ۔
شیخ الاسلام مولانا انوار اللہ خان فاروقی

2. كَانَتْ بِدَايَةُ دِرَاسَتِهِ مِنْ حِفْظَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ ۔
ان کی تعلیم کی ابتدا حفظ قرآن کریم سے ہوئی۔

3. عَرَضَ الْمَلِكُ عَلَيْهِ وَظِيْفَةَ التَّدْرِيْسِ لِابْنِهِ عُثْمَانَ عَلِيْ خَان۔
بادشاہ نے ان سے اپنے بیٹے میر عثمان علی خان کی تعلیم کے عہدہ کی پیش کش کی۔

4. مَنعُ أَكلِ النَّاسِ جِهَارًا فِيْ الشَّوَارِعِ فِيْ شَهرِ رَمَضَانَ۔
رمضان کے مہینے میں راستوں میں کھلے عام لوگوں کے کھانے پر روک لگانا۔

5. أَسَّسَهَا شَيْخُ الْإِسْلَامِ مَوْلَانا أَنوَارُ اللهِ خَانْ اَلْفَارُوْقِيْ۔
اسے شیخ الاسلام مولانا انوار اللہ خان فاروقی نے قائم کیا۔

10.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

كَانَ شَيْخُ الْإِسْلَامِ مَوْلَانَا أَنْوَارُ اللهِ خَان الْفَارُوْقِيُّ أُسْتَاذَ الْمُلُوْكِ وَمُجَدِّدَ الدَّكَنِ وَلَهُ أَعْمَالٌ مَجِيْدَةٌ فِيْ إِصْلَاحِ الْمُجْتَمَعِ، وَكَانَ مُؤَسِّسَ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ الْكَبِيْرَةِ مِنْهَا الْجَامِعَةُ النِّظَامِيَّةُ وَ دَائِرَةُ الْمَعَارِفِ الْعُثْمَانِيَّةُ، وَالْمَكْتَبَةُ الْآصِفِيَّةُ وَ بِفَضْلِ جُهُوْدِهِ الْإِصْلَاحِيَّةِ وَأَعْمَالِهِ الْعِلْمِيَّةِ أَصْبَحَتْ مَدِيْنَةُ حَيْدَرَابَادَ عَاصِمَةَ الثَّقَافَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ الْهِنْدِ۔

شیخ الاسلام مولانا انوار اللہ خان فاروقی بادشاہوں کے استاذ اور دکن کے مجدد تھے، اصلاح معاشرہ میں ان کے عظیم کارنامے ہیں، وہ بڑے علمی مراکز کے بانی بھی تھے، ان میں سے جامعہ نظامیہ، دائرۃ المعارف العثمانیۃ، آصفیہ لائبریری ہیں، ان کی اصلاحی جدوجہد اور عملی کارناموں ہی کی بدولت شہر حیدرآباد ہندوستان میں اسلامی تہذیب وثقافت کا پایہ تخت بنا۔

10.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

كَانَ وَأَخَوَاتُهَا کان اور اس کے جیسے دیگر افعال ناقصہ

اَلْأَفْعَالُ النَّاقِصَةُ كَثِيْرَةٌ مِنْهَا: كَانَ، صَارَ، ظَلَّ، أَصْبَحَ، مَازَالَ

كَانَ وَأَخَوَاتُهَا کان اور اس کے جیسے دیگر افعال ناقصہ بہت ہیں۔ جن میں سے کان، صار، ظل، أصبح، مازال ہیں۔

وَهِيَ تَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَةِ الْإِسْمِيَّةِ، فَتَرْفَعُ الْمُبْتَدَاءِ ، وَيُسَمَّى اِسْمُ كَانَ وَتَنْصِبُ الْخَبَرَ ، وَيُسَمَّى خَبَرَ كَانَ۔

یہ افعال جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں، مبتدا کو رفع دیتے ہیں، اسے کان کا اسم کہا جاتا ہے، اور خبر کو نصب دیتے ہیں، اسے کان کی خبر کہا جاتا ہے۔

(نوٹ) : یہی قاعدہ تمام افعال ناقصہ کا ہے۔

مثالیں :

كَانَ شَيْخُ الْإِسْلَامِ مُجَدِّدَ الدَّكَنِ
اسم مرفوع خبر منصوب

أَصْبَحَ الشَّيْخُ أُسْتَاذًا
اسم مرفوع خبر منصوب

10.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. مِمَّنْ حَصَلَ الشَّيْخ الْعِلْمَ الْإِبْتِدَائِيَّ؟
2. عَلٰى أَيِّ وَظِيْفَةٍ عُيِّنَ الشَّيْخُ فِيْ حُكُوْمَةِ الْمَلِكِ السَّابِعِ مِيْر عُثْمَانَ عَلِيْ خَان؟
3. مَا كَانَ إِصْلَاحُ الشَّيْخِ فِيْ عَقْدِ الْحَفَلَاتِ الْمُخْتَلِفَةِ ؟
4. لِمَاذَا سُمِّيَتْ حَيْدَرَابَادُ بِعَاصِمَةِ الثَّقَافَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ الْهِنْدِ ؟
5. مَنْ حَثَّ الْمَلِكَ عَلٰى إِنْشَاءِ الْمَرَاكِزِ الْعِلْمِيَّةِ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ (الفاظ جوڑیئے)۔

1.	كَانَ الصَّلَاحُ	ا۔	عَنِ الْوَظِيْفَةِ
2.	فَتَخَلَّى	ب۔	شَامِلًا
3.	أَصْبَحَ	ج۔	فِيْ ذَاتِهِ وَسُلُوْكِهِ
4.	وَيَكُوْنُ الْإِسْلَامُ	د۔	مُصْلِحًا كَثِيْرًا
5.	كَانَ شَيْخُ الْإِسْلَامِ	ھ۔	أُسْتَاذَ الْمُلُوْكِ

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. للشيخ ---------- أخرى للمجتمع۔
2. ظلّ ---------- على الدراسات العليا۔
3. أصبح الشيخُ بدون ---------- لفترة۔
4. إنشاء المكتبة الأصفية كان علامة لحب الشيخ ----------۔
5. لكن ---------- العاملة وراءها كانت هي روح شيخ الإسلام۔

(الروح۔ وظيفة۔ للعلوم الإسلامية۔ عاكفا۔ أعمال)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْآتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. كان الصلاح في ذاته وسلوكه عند الطفولة۔
2. ألهم الله قلبه على قبول هذه الوظيفة۔
3. عين وزير للشؤن الإسلامية۔
4. إرسال الستائر على المطاعم من رمضان۔
5. أصبحت مدينة حيدرآباد و عاصمة ثقافة الإسلامية۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. منذ ذلك الوقت أصبح الشيخ أستاذا ومربيا لعثمان علي خان
2. فلم يرض الشيخ بذلك وحسبه امرا منكرا
3. هذا ما كان من جهود الشيخ في مجال الإصلاح الفردي
4. وذاع بها صيت الهند في العالم كله

عَيِّنْ اسم وخبر كان وأخواتها في الاقتباس الآتي :

(کان اور اس جیسے افعال کے اسم اور خبر کی مندرجہ ذیل اقتباس میں تعیین کیجئے)۔

ولكن الروح العاملة وراءها كانت هي روح شيخ الإسلام فهو الذي حث الملك على إنشاء هذه الأعمال وهكذا كان الشيخ مجدد الدكن وأستاذ الملوك

10.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

1. شيخ الاسلام مولانا أنوار الله خان الفاروقي كان مجدد الدكن وأستاذ الملوك۔
2. كان الصلاح في ذاته وسلوكه منذ الطفولة۔
3. لعب دورًا بارزًا في إصلاح المجتمع۔
4. اختاره الله للإصلاح والتجديد ونشر العلوم في منقطة الدكن۔
5. من أهم الأعمال العلمية التي تمّ إنجازها بفضله وجهوده إنشاء الجامعة النظامية، ودائرة المعارف العثمانية، والمكتبة الآصفية۔

10.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. كيف كانت بداية دراسة الشيخ ثم إتمام الدراسات العليا؟
2. لأي سبب ترك الشيخ وظيفة المصلحة الحكومية؟
3. ماذا عرض الملك على الشيخ؟
4. كيف كانت جهود الشيخ الإصلاحية في رمضان؟
5. صف الجامعة النظامية في سطرين؟
6. بماذا عرفت حيدرآباد بعد جهود الشيخ الإصلاحية والعلمية؟

•••

الدرس الحادي عشر

سبق-11

تلنغانه الحديثة

11.1 تمہید (التمهيد)
11.2 مقصد (الهدف)
11.3 متن (المتن)
11.4 حل لغات (حل اللّغات)
11.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)
11.6 سوالات وجوابات (الاسئلة و الاجوبة)
11.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)
11.8 قواعد (القواعد)
11.9 مشقیں (تدریبات)
11.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)
11.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

تِلَنْغَانَہْ اَلْحَدِیْثَۃْ

جدید تلنگانہ

11.1 تمہید (التمهيد) :

حیدرآباد آثار قدیمہ کی کثرت، علمی مراکز کی بہتات، گنگا جمنی تہذیب کا سنگم، اسلامی ثقافت کا مظہر، یہ وہ خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے یہ پوری دنیا میں مشہور ہے اور عصر حاضر میں بھی تلنگانہ ریاست کا صدر مقام حیدرآباد ہی ہے، یہ جدید ترقی کے تقاضوں کو پورا کرنے میں بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے، برسوں سے تلنگانہ کو یہ اعزاز حاصل رہا ہے کہ اس پر ایسی حکومتیں اور حکمراں حکومت کئے جنہوں نے اس ریاست کی ترقیات پر پوری توجہ مبذول کی، چنانچہ آج تلنگانہ ہندوستان کے گنے چنے ترقی یافتہ ریاستوں میں شمار ہوتا ہے۔

جدید تلنگانہ میں تعلیم کی اہمیت اور اسے عام کرنے کی ضرورت کے پیش نظر اقامتی اسکولوں کا ایک جال بچھا ہوا ہے، اس کے علاوہ بے شمار کالج اور کئی ایک یونیورسٹیاں بھی ہمہ جہتی تعلیم سے طلبہ کو آراستہ کر رہی ہیں، عوام کی صحت کا خیال رکھنے کے لئے ہر محلے میں بستی دواخانے قائم ہیں جو ہر طرح کی سہولت کے ساتھ مصروف خدمت ہیں، ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کے لئے حکومت نے ہریتا ہرم پروگرام کے تحت شجر کاری کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ جاری کر رکھا ہے جس کے تحت کروڑوں پودے لگائے جا چکے ہیں۔

سائنس اور جدید ٹکنالوجی کے میدان میں شہر حیدرآباد میں موجود ہائی ٹیک سٹی نے مختلف کمپنیوں اور ٹکنالوجی کے مراکز کے ذریعہ اس صوبہ کو پوری دنیا سے جوڑ رکھا ہے اس کے علاوہ زراعت کے میدان میں بھی کالیشورم پراجیکٹ کے ذریعہ زراعت کی آبکاری کے ہر ممکن وسائل فراہم ہیں، اس طرح جدید تلنگانہ جدید ترقی کے تمام اصولوں پر رواں دواں ہے، اس سبق میں ان تمام باتوں پر روشنی ڈالی گئی ہے، تاکہ طالب علم جدید تلنگانہ کی ترقیات کو جان سکے۔

11.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں جدید تلنگانہ کی ترقی کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے گا، جن میں بطور خاص تعلیمی ترقی، صحت عامہ کی بہتری، ماحولیاتی پاکیزگی، ٹکنالوجی کی سرپرستی، زرعی ترقی وغیرہ جیسے اہم موضوعات شامل ہیں جو جدید تلنگانہ کی آئینہ دار ہیں، نیز قواعد میں معرفہ، نکرہ، مذکر و مونث، واحد تثنیہ جمع کی مشق کرائی جائے گی تاکہ طلبہ کو متن سمجھنے میں آسانی ہو۔

11.3 متن (المتن) :

إِنَّ وِلَايَةَ تِلَنْغَانَهُ مِنْ أَحْدَثِ وِلَايَاتِ الْهِنْدِ، فَقَدْ جَاءَ وُجُوْدُهَا كَوِلَايَةٍ مُّسْتَقِلَّةٍ فِيْ شَهْرِ يُوْنِيُوْ 2014 لِلْمِيْلَادِيْ ، وَكَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ جُزْءًا مُهِمًّا لِوِلَايَةِ اَنْدَرَابَرَادِيْشَ، وَقَدْ شَاهَدَتْ وِلَايَةُ تِلَنْغَانَهُ، عَبْرَ التَّارِيْخِ تَطَوُّرًا هَائِلًا فِيْ جَمِيْعِ مَجَالَاتِ الْحَيَاةِ الْإِنْسَانِيَّةِ إِلٰى أَنْ جَاءَ عَصْرٌ جَدِيْدٌ ، فَلَمْ يَتَوَقَّفْ سَيْرُهَا بَلْ زَادَ تَقَدُّمًا وَازْدِهَارًا بَعْدَ ظُهُوْرِهَا كَوِلَايَةٍ مُسْتَقِلَّةٍ ۔

كَانَ اِزْدِهَارُ تِلَنْغَانَهُ اَلْحَدِيْثَةِ شَامِلًا لِلتَّعْلِيْمِ ،وَالصِّحَّةِ الْعَامَّةِ، وَتِقْنِيَاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ ، وَتَحْسِيْنِ الزِّرَاعَةِ ، وَتَنَوُّعِ وَسَائِلِ النَّقْلِ الْعَامِّ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْمَجَالَاتِ الْمُخْتَلِفَةِ فِيْمَا يَلِيْ بَيَانٌ إِجْمَالِيٌّ لِإِنْجَازَاتِهَا بَعْدَ وُجُوْدِهَا الْحَدِيْثِ۔

اَلْمَدَارِسُ السَّكَنِيَّةُ :

لِمَحْوِ الْاُمِّيَّةِ قَامَتِ الْحُكُوْمَةُ الْوِلَائِيَةُ بِإِنْشَاءِ أَكْثَرَ مِئَا مِنَ الْمَدَارِسِ السَّكَنِيَّةِ لِلطُّلَّابِ وَالطَّالِبَاتِ عَلٰى حِدَةٍ بِتَوْفِيْرِ جَمِيْعِ التَّسْهِيْلَاتِ مَجَّانًا سَوَاءً فِيْ الْقُرٰى وَالْمُدُنِ وَهٰذِهِ الْمَدَارِسُ جَاءَتِ بِالْإِنْجَازَاتِ الْمَطْلُوْبَةِ، وَنَتَائِجُهَا الرَّاقِيَةُ خَيْرُ دَلِيْلٍ لَهَا۔

مَشْرُوعُ تَوْفِيرِ مُسَاعَدَةٍ مَالِيَّةٍ لِتَزْوِيجِ الْبَنَاتِ :

تَمْتَازُ وِلَايَةُ تِلَنْغَانَهُ مِنْ وِلَايَاتٍ أُخْرَىٰ لِتَقْدِيمِ الْمُسَاعَدَاتِ الْمَالِيَةِ لِأُسَرٍ مِسْكِينَةٍ لِتَزْوِيجِ الْبَنَاتِ وَ هٰذَا الْمَشْرُوعُ لَهُ إِسْمَانِ : أَوَّلُهُمَا ''شَادِيْ مُبَارَكْ'' وَهِيَ لِلطَّبَقَةِ الْمُسْلِمَةِ وَأُخْرَاهُمَا ''كَلْيَانْ لَكْشمِيْ'' لِلطَّبَقَةِ الْهِنْدُوسِيَّةِ۔

اِفْتِتَاحُ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةِ :

تَهْتَمُّ الْحُكُومَةُ الْوِلَائِيَّةِ بِالْحِفَاظِ عَلَى الصِّحَّةِ الْعَامَّةِ لِلشَّعْبِ ، وَلِهٰذَا الْغَرَضِ أَنْشَأَتِ الْحُكُومَةُ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةَ وَهِيَ تُوجَدُ فِيْ كُلِّ حَيٍّ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ؛ يُوَفِّرُ الْعِلَاجُ مَجَّانًا دُوْنَ تَكْلِيْفِ السَّفَرِ وَتَضْيِيْعِ الْوَقْتِ ، وَهٰذِهِ الْعِيَادَاتُ تَشْتَمِلُ عَلٰى جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَطِبَّاءِ وَالْمُمَرِّضَاتِ بِتَسْهِيْلَاتِ الْفَحْصِ الطِّبِّيِّ لِلْمَرْضٰى، وَأَوْقَاتُهَا مَضْبُوْطَةٌ نَظْرًا لِأَنْشِطَةِ الْمُسْتَفِيْدِيْنَ وَذٰلِكَ مِنَ السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ صَبَاحًا حَتَّى السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ مَسَاءً وَفِيْ حَالَاتِ الطَّوَارِئِ تُرْسَلُ الْمَرْضٰى إِلَى الْمُسْتَشْفَى الْمَرْكَزِيِّ أَوِ الْمُسْتَشْفَى الْكَبِيْرِ الْقَرِيْبِ مِنْ بُيُوْتِهِمْ۔

غَرْسُ الْأَشْجَارِ :

تَهْتَمُّ الْحُكُومَةُ بِالنَّظَافَةِ وَالطَّهَارَةِ أَشَدَّ اِهْتِمَامٍ وَلِتَحْقِيْقِ هٰذَا الْهَدَفِ بَدَأَتِ الْحُكُومَةُ مُهِمَّةَ غَرْسِ الْأَشْجَارِ فِي الْمَكْتَبَاتِ ، وَالْمَدَارِسِ وَالْمَعَاهِدِ ، وَالشَّوَارِعِ وَغَيْرِهَا بِاسْمِ '' هَرِيْتَا هَرَمْ '' وَتَحْتَ هٰذَا الْمَشْرُوعِ تَمَّ غَرْسُ مَلَايِيْنَ مِنَ الْأَشْجَارِ فِي الْأَمَاكِنِ الْمُخْتَلِفَةِ وَنَتِيْجَةً لِذٰلِكَ اِخْضَرَّتْ أَرْضُ تِلَنْغَانَهُ بِالْأَشْجَارِ وَالْأَعْرَاسِ الَّتِيْ تُسَاعِدُ عَلٰى إِنْشَاءِ بِيْئَةٍ نَظِيْفَةٍ۔

إِنْشَاءُ مَدِيْنَةِ هَائِ تِيْكْ:

تُعَدُّ وِلَايَةُ تِلَنْغَانَهْ مِنَ الْوِلَايَاتِ الْمُتَقَدِّمَةِ فِيْ مَجَالِ تِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَهِيَ أَكْبَرُ مَرْكَزٍ فِيْ مَجَالِ تِقْنِيَاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَ لِشَبَكَةِ الشَّرِكَاتِ الدُّوْلِيَّةِ الْكَائِنَةِ بِغَشِّيْ بَاوُلِيْ - وَحُكُوْمَةُ تِلَنْغَانَهْ تُرَغِّبُ الشَّرِكَاتِ الدُّوْلِيَّةَ إِلٰى إِنْشَاءِ مَرَاكِزِهَا فِيْ حَيْدَرَابَادَ بِسْتَهِيْلِ مَرَاحِلِ الْإِنْشَاءِ وَالتَّطْوِيْرِ - وَهٰذِهِ الشَّرِكَاتُ تُوَفِّرُ وَظَائِفَ كَثِيْرَةً فَيَشْتَغِلُ فِيْهَا اٰلَافٌ مِنَ الْمُؤَظَّفِيْنَ مِنْ نَوَاحِي الْهِنْدِ الْمُخْتَلِفَةِ.وَأَهَمُّ شَرِكَاتِهَا الَّتِيْ تَمَّ إِنْشَاؤُهَا وَتَطَوُّرُهَا هِيَ:اِنْفُوْسِيْس،وامْرِيْ بَرَائِزْ، وَكَاغَنِيْزِيْنَتْ ، وَأَمِيْزَانُ وَغَيْرُهَا۔

مَشْرُوْعُ كَالِيْشْوَرَمَ لِلزِّرَاعَةِ:

مِنَ الْمَعْلُوْمِ أَنَّ الْهِنْدَ عَلَى الْعُمُوْمِ وَتِلَنْغَانَهْ عَلَى الْخُصُوْصِ مِنْطَقَةٌ زِرَاعِيَّةٌ وَمُعْظَمُ سُكَّانِهَا يَشْتَغِلُوْنَ بِالزِّرَاعَةِ وَالْفِلَاحَةِفَتَشْجِيْعًا عَلَى الزِّرَاعَةِ اِفْتَتَحَتِ الْحُكُوْمَةُ مَشْرُوْعَاتٍ مُفِيْدَةً مِنْهَا إِنْشَاءُ مَشْرُوْعِ كَالِيْشْوَرَمَ الَّذِيْ يَسْقِيْ أَوْسَعَ مَسَاحَاتِ الْأَرَاضِيْ. حَتّٰى قِيْلَ إِنَّهُ هٰذَا أَكْبَرُ مَشْرُوْعٍ فِيْ الْعَالَمِ لِلزِّرَاعَةِ. وَالْفَلَّاحُوْنَ مَسْرُوْرُوْنَ بِهٰذَا لْمَشْرُوْعِ لِأَنَّهُمْ يَزْرَعُوْنَ الزِّرَاعَةِ بِدُوْنِ خَوْفِ قِلَّةِ الْمَاءِ وَيُبُوْسَةِ الْأَرَاضِيْ ۔

بِإِنْجَازِ هٰذِهِ الْمَشَارِيْعِ الْمُخَطَّطَةِ مِنْ حُكُوْمَةِ تِلَنْغَانَهْ.أَصْبَحَتْ تِلَنْغَانَهْ الْحَدِيْثَةُ إِحْدٰى وِلَايَاتِ الْهِنْدِ الْمُتَطَوِّرَةِ۔

11.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	أَحْدَثَ	جدید ترین
2.	مَكَانَةٌ	درجہ، حیثیت
3.	فَتْرَةٌ جمع فَتْرَاتٌ	عرصہ، مختصر زمانہ
4.	شَاهَدَتْ۔ شَاهَدَ ، يُشَاهِدُ	دیکھنا
5.	عَبْرَ	دوران
6.	تَطَوُّرٌ جمع تَطَوُّرَاتٌ	ترقی
7.	هَائِلًا	بڑی
8.	مَجَالَاتٌ واحد مَجَالٌ	میدان
9.	سَيْرٍ	چال، رفتار
10.	تَقَدُّمًا	ترقی
11.	ازدهارا	عروج
12.	شَامِلًا	وسیع
13.	تقنياتُ المعلوماتِ	انفارمیشن ٹکنالوجی
14.	عِيَادَاتٌ واحد عِيَادَة	ڈسپنسری
15.	العِيادات المحلية	بستی دواخانہ
16.	اَلشَّعْبُ جمع شُعُوْب	عوام
17.	أنشَأَتْ	قائم کی

.18	المواطنين واحد اَلْمَوَاطِنْ	شہری، سیٹیزن
.19	مَجَّانِيَّةٌ	مفت، بغیر معاوضہ کے
.20	دُوْنَ	بغیر
.21	تَضْيِيْعٌ	ضائع کرنا
.22	أَطِبَّاءُ واحد طَبِيْبٌ	ڈاکٹر، طبیب
.23	مُمَرِّضَاتٌ واحد مُمَرِّضَةٌ	نرس
.24	الفَحْصُ الطِّبِّي	میڈیکل جانچ
.25	مَرْضٰى واحد مَرِيْضٌ بیمار	ضد صَحِيْحٌ جمع صِحَاح تندرست
.26	مَضْبُوْطَةٌ	مناسب
.27	أَنْشِطَةٌ واحد نَشَاطٌ	سرگرمی
.28	السَّاعَةُ الْعَاشِرَةُ صَبَاحًا	صبح دس بجے
.29	السَّاعَةُ الرَّابِعَةُ مساءًا	شام چار بجے
.30	الطوارئُ واحد طارئة	ایمرجنسی
.31	تُرْسِلُ۔ أَرْسِلَ ، يُرْسِلُ	بھیجنا
.32	الْمُسْتَشْفٰى جمع مُسْتَشْفِيَاتٌ	ہسپتال
.33	غَرْسُ الْأَشْجَارِ	شجرکاری
.34	النظافة	صفائی
.35	الطهارة	پاکی

36. تَحْقِيْقٌ — پورا کرنا
37. هَدَفٌ جمع أهداف — مقصد
38. مُهِمَّةٌ جمع مُهِمَّاتٌ — مہم
39. مَكْتَبَاتٌ واحد مكتَبَةٌ — لائبریری
40. المعاهد واحد المعهد — ادارہ
41. شوارع واحد شَارِعٌ — سڑک
42. المشروع جمع الْمَشَارِيْعِ — پروجیکٹ
43. مَلَائِيْنَ واحد مَلْيُوْن — دس لاکھ
44. أَمَاكِنُ واحد مكان — جگہ
45. اِخْضَرَّتْ — ہرا بھرا ہونا
46. الأغراس واحد الغرس — پودے
47. تُسَاعِدُ — معاون ہونا
48. إنشاء — بنانا
49. بِيئَةٌ جمع بيئاتٌ — ماحول
50. تُعَدُّ — شمار ہونا
51. المتقدمة — ترقی یافتہ
52. شَبَكَةٌ جمع شَبَكَاتٌ — نیٹ ورک، جال
53. الشركات الدُّوَلِيَّة واحد شَرِكَةٌ — بین الاقوامی کمپنیاں

.54	اَلْكَائِنَةُ	موجود
.55	تُرَغِّبُ۔ رَغَّبَ، يُرَغِّبُ	راغب کرنا
.56	تَسْهِيْلٌ	سہولیات فراہم کرنا
.57	اَلتَّطْوِيْرُ	ترقی دینا
.58	تُوَفِّرُ	مہیا کرنا
.59	وظائِف واحد وظِيْفَةٌ	ملازمت
.60	الاف واحد أَلف	ہزار
.61	نواحِيْ واحد ناحِيَةٌ	اطراف
.62	تَمَّ ۔ تَمَّ، يَتِمُّ	پورا ہونا
.63	مِنْطِقَةٌ جمع مناطق	علاقہ، ایریا
.64	سُكَّانٌ واحد سَاكن	باشندہ
.65	أَوْسَع	وسیع ترین
.66	مساحات واحد مِسَاحَةٌ	رقبہ
.67	يُبْسٌ	خشکی/سوکھا پن
.68	إنجاز	پورا کرنا
.69	مُخَطَّطَةٌ	پلاننگ کئے ہوئے

11.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

ریاست تلنگانہ، ہندوستان کے وجود میں آنے والے جدید ترین ریاستوں میں سے ایک ہے، اسے ایک مستقل ریاست کی حیثیت جون 2014ء میں ملی، اس سے پہلے یہ ریاست آندھرا پردیش کا اہم حصہ تھی، تلنگانہ کے علاقہ نے تاریخ انسانی کے دوران انسانی زندگی کے بہت سارے میدان میں بڑی ترقی دیکھی ہے، یہاں تک کہ نیا زمانہ آ گیا، اور اس کی رفتار رُکی نہیں، بلکہ ترقی اور عروج میں اور زیادتی ہوئی، اس کے نئے وجود کے بعد جدید تلنگانہ کا عروج، تعلیم، صحت عامہ، انفارمیشن، ٹکنالوجی، زراعت میں بہتری اور وسائل حمل ونقل میں تنوع جیسے مختلف شعبوں کو شامل ہے، جن کی تفصیل ذیل میں ہے:

اقامتی مدارس :

جہالت کے خاتمہ کے لئے ریاستی حکومت نے طلبا اور طالبات کے لئے علحدہ اور مفت تعلیم کے لئے سینکڑوں کئی مدارس تمام سہولیات کے ساتھ گاؤں اور شہروں میں قائم کیا ہے اور یہ مدارس مطلوبہ کارنامے انجام دے رہے ہیں، ان کے اچھے نتائج اس کی دلیل ہیں۔

لڑکیوں کی شادی کے لئے مالی تعاون :

دوسرے ریاستوں کے مقابلے میں تلنگانہ کو غریب خاندانوں کی لڑکیوں کی شادی کے لئے مالی تعاون کی فراہمی کا امتیاز حاصل ہے۔ اس منصوبہ کی دو شقیں ہیں، ایک ''شادی مبارک'' جو مسلم طبقہ کے لئے خاص ہے، دوسرے ''کلیان لکشمی'' جو ہندو طبقہ کے لئے ہے۔

بستی دواخانے :

ریاستی حکومت عوام کی صحت عامہ کا پورا خیال رکھتی ہے، اس لئے اس نے بستی دواخانے قائم کئے ہیں، یہ عوام کی صحت کا خیال رکھنے کے لئے ہر محلے میں موجود ہے۔ یہ بغیر سفر کی تکلیف

اور وقت کی ضیاع کے مفت ہیں، ان دواخانوں میں ڈاکٹروں، اور نرسوں کی ایک ٹیم کے علاوہ مریضوں کی طبی جانچ کی سہولیات بھی ہیں ان کے اوقات استفادہ کرنے والوں کی سرگرمیوں کا خیال مقرر کئے گئے ہیں، یہ صبح دس بجے سے شام چار بجے کا وقت ہے، ایمرجنسی حالات میں یہ دواخانے مریضوں کو مرکزی ہسپتال یا ان کے گھروں سے قریب بڑے ہسپتال بھیجتے ہیں۔

شجرکاری :

حکومت پاکی اور صفائی کا پورا خیال رکھتی ہے، اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے لائبریریوں، اسکولوں، اداروں اور سڑکوں پر شجرکاری کے لئے ہریتا ہرم کے نام سے ایک مہم شروع کررکھی ہے، اس منصوبہ کے تحت مختلف جگہوں پر کروڑوں پودے لگائے جاچکے ہیں، اس کے نتیجے میں تلنگانہ کی زمین سرسبز وشاداب ہوگئی جو ایک صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں معاون ہے۔

ہائی ٹیک سٹی :

ریاست تلنگانہ کا شمار انفارمیشن ٹکنالوجی کے میدان میں ترقی یافتہ ریاستوں میں ہوتا ہے، یہ گچی باؤلی میں انفارمیشن ٹکنالوجی کے میدان اور عالمی کمپنیوں کے نیٹ ورک میں سب سے بڑا سنٹر ہے، تلنگانہ حکومت بین الاقوامی کمپنیوں کو تعمیر وترقی کے مراحل کی سہولت دیتے ہوئے حیدرآباد میں ان کے سینٹر قائم کرنے کی طرف راغب کرتی ہے، یہ کمپنیاں بہت سی ملازمتیں فراہم کرتی ہیں، ان میں ہندوستان کے مختلف علاقوں سے ہزاروں ملازمین کام کرتے ہیں، جن کمپنیوں کا قیام عمل میں آچکا ہے، ان میں قابل ذکر انفوسس امری پرائز، کاغنیزینٹ، امیزان وغیرہ ہیں۔

کالیشورم پراجیکٹ :

یہ اظہر من الشّمس ہے کہ ہندوستان عمومی طور پر اور تلنگانہ خصوصی طور پر زراعتی علاقہ ہے، اس کے اکثر باشندے، زراعت اور کھیتی سے جڑے ہوئے ہیں، زراعت کی حوصلہ افزائی کرنے

کے لئے حکومت نے کئی مفید منصوبے (پراجیکٹ) شروع کئے ہیں، ان میں سے ایک کالیشورم منصوبہ کا قیام ہے جو وسیع ترین رقبوں کو سیراب کرتا ہے، بعض لوگوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ یہ پوری دنیا میں زراعت کا سب سے بڑا پروجیکٹ ہے، کسان اس پروجیکٹ سے خوش ہیں، کیوں کہ وہ بغیر پانی کی قلت اور زمین کی خشکی کے خوف کے زراعت کر رہے ہیں۔

حکومت تلنگانہ کے ان منصوبوں کی تکمیل سے جدید تلنگانہ ہندوستان کے ترقی یافتہ ریاستوں میں سے ایک اہم ریاست ہوگئی۔

11.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَتٰى حَصَلَتْ تِلَنْغَانَهْ عَلٰى مَكَانَةِ وِلَايَةٍ مُسْتَقِلَّةٍ؟

تلنگانہ کو خصوصی ریاست کی حیثیت کب ملی؟

2. أَيْنَ تُوْجَدُ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةِ؟

بستی دواخانے کہاں ہیں؟

3. مَا هِيَ أَوْقَاتُ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةِ؟

بستی دواخانوں کے اوقات کیا ہیں؟

4. كَمْ تَمَّ غَرْسُ الْأَشْجَارِ تَحْتَ مَشْرُوْعِ هَرِيْتَا هَرَمْ؟

ہریتا ہرم پروجیکٹ کے تحت کتنے درخت لگائے گئے؟

5. مَا هُوَ مَوْقِفُ الْفَلَّاحِيْنَ فِيْ مَشْرُوْعِ كَالِيْشْوَرَمْ؟

کالیشورم پروجیکٹ کے بارے میں کسانوں کا خیال کیا ہے؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. حَصَلَتْ عَلٰى مَكَانَةٍ مُسْتَقِلَّةٍ فِيْ فَتْرَةٍ قَرِيْبَةٍ فِيْ شَهْرِ يُوْنِيُوْ عَام 2014م
مستقبل ریاست کی حیثیت اسے قریبی زمانہ جون 2014ء میں ملی۔

2. هِيَ تُوْجَدُ فِيْ كُلِّ حَيٍّ لِلْحِفَاظِ عَلٰى صِحَّةِ الْمُوَاطِنِيْنَ۔
عوام کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے یہ بستی دواخانے ہر محلہ میں قائم ہیں۔

3. مِنَ السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ صَبَاحًا حَتَّى السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ مَسَاءًا۔
صبح دس بجے سے شام چار بجے تک

4. تَمَّ غَرْسُ مَلَايِيْنَ مِنَ الْأَشْجَارِ فِي الْأَمَاكِنِ الْمُخْتَلِفَةِ۔
مختلف جگہوں پر لاکھوں پودے لگائے جا چکے۔

5. اَلْفَلَّاحُوْنَ مَسْرُوْرُوْنَ بِهٰذَا الْمَشْرُوْعِ۔
کسان اس پروجیکٹ سے خوش ہیں۔

11.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

إِنَّ وِلَايَةَ تِلَنْغَانَهْ شَاهَدَتْ مُنْذُ زَمَانٍ قَدِيْمِ التَّطَوُّرَ وَالْإِزْدِهَارَ وَفِي الْعَصْرِ الْحَاضِرِ زَادَتْ هَذِهِ الْوِلَايَةُ تَقَدُّمًا فِيْ مَجَالَاتِ التَّعْلِيْمِ وَالصِّحَةِ وَتِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَتَحْسِيْنِ الزِّرَاعَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ۔

فَأُنْشِئَتِ الْعِيَادَاتُ الْمَحَلِّيَّةُ فِيْ كُلِّ حَيٍّ لِتَسْهِيْلِ الْمَرْضٰى ، وَغُرِسَتْ مَلَايِيْنُ مِنَ الْأَشْجَارِ تَحْتَ بَرْنَامِجِ هَرِيْتَا هَرَمْ ، وَأُقِيْمَ فِيْ غَشِّيْ بَاوِلِيْ أَكْبَرُ مَرْكَزٍ ، لِتِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ اِجْتَمَعَتْ حَوْلَهُ الشَّرِكَاتُ الدُّوْلِيَّةُ وَأُنْشِئَ مَشْرُوْعُ

كَالِيشوَرَمَ لِتَحْسِيْنِ حَالِ الزِّرَاعَةِ ، فَسَقٰى مِسَاحَةً كَبِيْرَةً مِنَ الْأَرَاضِيْ مِمَّا فَرِحَ بِهِ الْفَلَّاحُوْنَ وَاسْتَطَاعُوْا الزِّرَاعَةَ بِكُلِّ نَشَاطٍ۔

هٰذِهِ أَهَمُّ الْإِنْجَازَاتِ مِنْ حُكُوْمَةِ تِلَنْغَانَهُ الْحَدِيْثَةِ وَالَّتِيْ قَدْ جَعَلَهَا وِلَايَةً مُتَطَوِّرَةً فِيْ الْهِنْدِ۔

صوبہ تلنگانہ نے قدیم زمانے سے ہی ترقی اور عروج کو دیکھا ہے، نئے زمانے میں اس ریاست کو تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹکنالوجی، زراعت میں بہتری جیسے میدانوں میں ترقی اور عروج اور زیادہ حاصل ہوا۔

چنانچہ مریضوں کی سہولت کے لئے ہر محلے میں بستی دواخانے بنائے گئے اور گچی باؤلی میں انفارمیشن ٹکنالوجی کا سب سے بڑا مرکز قائم ہے، جس کے اطراف بین الاقوامی کمپنیاں اکٹھا ہیں، زراعت میں بہتری کے لئے کالیشورم پروجیکٹ قائم ہے، جس نے زمین کے بڑے رقبے کو سیراب کیا ہے، جس سے کسان خوش ہیں، اور آزادی سے کھیتی کر رہے ہیں۔

حکومت تلنگانہ کے یہ اہم کارنامے ہیں، جن کی وجہ سے جدید تلنگانہ ہندوستان کا ایک ترقی یافتہ ریاست بن گیا ہے۔

11.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

اَلْاِسْمُ إِمَّا مَعْرِفَةٌ أَوْ نَكِرَةٌ

فَالْمَعرِفَةُ اِسْمٌ وُضِعَ لِشَيءٍ مُعَيَّنٍ ، وَالنَّكِرَةُ مَا وُضِعَ لِشَيءٍ غَيْرِ مُعَيَّنٍ وَأَسْمَاءُ الْمَعْرِفَةِ هِيَ: الضَّمَائِرُ، وَالْأَعْلَامُ، وَأَسْمَاءِ الْإِشَارَاتِ، وَالْمَوْصُوْلَاتِ، وَالْمُعَرَّفُ بِاللَّامِ ، وَالْمُضَافُ وَالْمُنَادَى۔

وَهٰكَذَا الْإِسْمُ إِمَّا أَنْ يَكُوْنَ مُذَكَّرًا أَوْ مُؤَنَّثًا۔

فَالْمُؤَنَّثُ مَا فِيْهِ تَاءُ التَّانِيْثِ أَوِ الْأَلِفُ الْمَقْصُوْرَةُ أَوِ الْمَمْدُوْدَةُ وَقَدْ يَكُوْنُ الْمُؤَنَّثُ بِدُوْنِ عَلَامَةِ التَّانِيْثِ فَيُسَمَّى سَمَاعِيًّا. وَالْمُذَكَّرُ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ عَلَامَةُ التَّانِيْثِ۔

اسم کبھی معرفہ ہوتا ہے اور کبھی نکرہ۔

معرفہ : وہ اسم ہے جو کسی متعین چیز کے لئے بولا جائے اور نکرہ وہ ہے جو غیر متعین چیز کے لئے بولا جائے۔

معرفہ یہ ہیں : ضمیریں، نام، اسم اشارہ، اسم موصول، الف لام والا، مضاف، منادی۔

اور ایسے ہی اسم یا مذکر ہوگا یا مونث۔

مونث وہ ہے جس میں تا یا الف مقصورہ یا ممدودہ ہو، اور کبھی مونث بغیر ان علامتوں کے سماعی بھی ہوتا ہے اور مذکر وہ ہے جس میں تانیث کی علامت نہ ہو۔

مثالیں (الأمثلة) :

وَقَدْ شَاهَدَتْ وِلَايَةُ تِلَنْغَانَهُ عَبْرَ التَّارِيْخِ تَطَوُّرًا هَائِلًا۔

معرفہ (مضاف) نکرہ

وتحت هذا المشروع تم غرس ملايين من الأشجار

معرفہ اسم اشارہ والا معرفہ (الف لام والا)

وهي أكبر مركز

نکرہ

إلى ان جا عصر جديد

مذکر ، نکرہ

اخضرت أرض تلنغانه

مؤنث سماعي

منطقة زراعية

مؤنث بالتاء مونث بالتاء

11.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الأسئلة) سوالات :

1. مَا اسْمُ مَشْرُوْعِ الزِّرَاعَةِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ الْحَدِيْثَةِ؟

جدید تلنگانہ میں زراعت کے پروجیکٹ کا کیا نام ہے؟

2. مَا هِيَ مَكَانَةُ مَدِيْنَةِ هَائِيْ تِيْك فِيْ مَجَالِ تِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ؟

انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ہائی ٹیک سٹی کا کیا مقام ہے؟

3. بِمَاذَا اِخْضَرَّتْ أَرْضُ تِلَنْغَانَهْ؟

تلنگانہ کی زمین کس وجہ سے ہری بھری ہوئی؟

4. مَا هِيَ وَسَائِلُ خِدْمَاتِ الْمَرْضٰى فِيْ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةِ؟

بستی دواخانوں میں مریضوں کی خدمات کے ذرائع کیا ہیں؟

5. أَيُّ وِلَايَةٍ أَحْدَثُ وِلَايَاتِ الْهِنْدِ؟

کون ریاست ہندوستان کی ریاستوں میں سب سے نئی ہے؟

(الأجوبة) جوابات :

1. کالیشورم۔

کالیشورم پراجکٹ

2. هِيَ أَكْبَرُ مَرْكَزٍ فِيْ مَجَالِ تِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ۔

انفارمیشن ٹکنالوجی کے میدان میں یہ سب سے بڑا مرکز ہے۔

3. بِمَشْرُوْعِ هَرِيْتَا هَرَمْ۔

ہریتاہرم پراجیکٹ کی وجہ سے۔

4. جَمَاعَةٌ مِنَ الْأَطِبَّاءِ وَالْمُمَرِّضَاتِ بِتَسْهِيْلَاتِ الْفَحْصِ الطِّبِّيِّ لِلْمَرْضٰى

مریضوں کی طبی جانچ کی سہولیات کے ساتھ ڈاکٹروں اور نرسوں کی ایک ٹیم۔

5. تِلَنْغَانَهُ الْحَدِيْثَةُ۔

جدید تلنگانہ۔

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. وأوقاتها مضبوطة نظرًا لأنشطة	ا۔ كثيرة
2. وتحت هذا المشروع تمّ غرس ملايين من	ب۔ زراعية
3. وهذه الشركات توفر وظائف	ج۔ المشروع
4. وتلنغانه على الخصوص منطقة	د۔ المستفيدين
5. والفلاحون مسرورون بهذا	ھ۔ الأشجار

اِمْلَا الْفَرَاغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. إن ولاية تلنغانه من ..... ولايات الهند۔
2. وفي حالات الطوارئ ترسل ..... إلى المستشفى المركزي۔
3. فيشتغل فيها ..... من الموظفين۔
4. فتشجيعا على ..... افتتحت الحكومة مشروعات مفيدة
5. هذا أكبر ..... في العالم للزراعة۔

(الزراعة۔ مشروع۔ أحدث۔ آلاف۔ المرضى)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْاٰتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. وهي توجد في كل مدينة للحفاظ على صحة المواطنين
2. وذلك من الساعة العاشرة ليلا
3. تم غرس مئات من الأشجار
4. وهذه الشركات توفر وظائف قليلا
5. إن الهند على العموم وتلنغانه على الخصوص منطقة صناعية

شَكِّلِ الْجُمَلِ التَّالِيَةَ : (اعراب لگائیے)۔

تهتم حكومة الولاية بالحفاظ علي الصحة العامة للشعب فأنشات العيادات المحلية وهي توجد في كل حي للحفاظ علي صحة المواطنين، وهي مجانية دون تكليف السفر وتضييع الوقت۔

مندرجہ ذیل جملوں میں معرفہ، نکرہ، مذکر، مؤنث کی تعیین کیجئے۔

عَيِّنِ الْمَعْرِفَةَ وَالنَّكِرَةَ وَالْمُذَكَّرَ وَالْمُؤَنَّثَ فِيْ الْجُمَلِ الاٰتِيَةِ۔

تهتم الحكومة بالنظافة والطهارة أشد اهتمام، ولتحقيق هذا الهدف بدأت الحكومة مهمة غرس الأشجار في المكتبات والمدارس والمعاهد والشوارع وغيرها باسم ''هريتا هرم''۔

11.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

اِزْدَهَرَتْ تِلَنْغَانَهُ الْحَدِيْثَةُ فِيْ مَجَالَاتِ التَّعْلِيْمِ وَ تِقْنِيَّاتِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَالصِّحَّةِ وَالزِّرَاعَةِ اِزْدِهَارًا وَاسِعًا، وَأَكْبَرُ مِثَالٍ عَلٰى ذٰلِكَ هِيَ الْعِيَادَاتُ الْمَحَلِّيَةُ

وَمُهِمَّةُ هَرِيْتَا هَرَمْ ، وَنَشَاطَاتُ مَدِيْنَةِ هَائِيْ تِيْك ، وَمَشْرُوْعُ سَقْيِ الزِّرَاعَةِ كَالِيشْوَرَمْ وَبِهٰذِهِ الْإِنْجَازَاتِ الْمُهِمَّةِ تُعَدُّ تِلَنْغَانَهُ الْحَدِيْثَةُ مِنْ وِلَايَاتِ الْهِنْدِ الْمُتَقَدِّمَةِ وَهِيَ مِمَّا نَعْتَزُّ بِهٖ۔

جدید تلنگانہ نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹکنالوجی اور زراعت کے میدان میں بہت زیادہ ترقی کی ہے، اس کی بڑی مثال بستی دواخانے اہم منصوبہ کالیشورم ہیں، انہیں اہم کارناموں کی وجہ سے جدید تلنگانہ کا شمار ہندوستان کی ترقی یافتہ صوبوں میں ہوتا ہے جو ہمارے لئے قابل فخر بات ہے۔

11.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. مَاذَا كَانَتْ تِلَنْغَانَهُ قَبْلَ حُصُوْلِهَا عَلٰى مَكَانَةِ وِلَايَةٍ؟
   کون سی ریاست کا درجہ حاصل کرنے سے پہلے کیا تھا؟
2. مَا هِيَ فَوَائِدُ الْعِيَادَاتِ الْمَحَلِّيَّةِ؟
   بستی دواخانے کے کیا فائدے ہیں؟
3. اُذْكُرْ أَهَمَّ شَرِكَاتٍ تُوْجَدُ فِيْ مَدِيْنَةِ هَائِيْ تِيْك؟
   ہائی ٹیک سٹی کی اہم کمپنیوں کو بتلائیں؟
4. مَا اسْمُ الْمَشْرُوْعِ الَّذِيْ تَمَّ إِنْشَاؤُهُ لِتَحْسِيْنِ الزِّرَاعَةِ؟
   زراعت کی بہتری کے لئے قائم ہونے والے پروجیکٹ کا کیا نام ہے؟
5. مَا هِيَ أَهَمُّ إِنْجَازَاتِ هَرِيْتَا هَرَمْ؟
   ہریتا ہرم کے اہم کارنامے کیا ہیں؟

•••

الدرس الثاني عشر

سبق-12

النّشيد الهندىّ

12.1 تمہید (التمهيد)

12.2 مقصد (الهدف)

12.3 متن (المتن)

12.4 حل اللغات (حل اللّغات)

12.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

12.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

12.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

12.8 مشقیں (تدريبات)

12.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

12.10 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ

ہندوستانی ترانہ

12.1 تمہید (التمهيد) :

ترانہ ایسے گیت کو کہتے ہیں جسے دو یا دو سے زیادہ افراد مل کر گاتے ہیں۔عموماً اس میں گانے والوں کی تعداد تین ہوتی ہے۔مواد کے اعتبار سے یہ ایسی نظم ہوتی ہے جو سماج کے ایک گروپ کے خیالات کی عکاسی کرتی ہے۔ ہمارے ملک کا قومی ترانہ مشہور ومعروف ہے جسے ہر طالب علم سیکھتا ہے اور قومی تہواروں جیسے یوم آزادی اور یوم جمہوریہ کے علاوہ بہت سارے قومی تہواروں میں گایا جاتا ہے۔ ان ترانوں میں علامہ اقبال کا ترانہ ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا۔۔۔۔'' اور ''چین وعرب ہمارا ہندوستاں ہمارا۔۔۔۔'' وغیرہ مشہور ہیں۔

زیر نظر ترانہ ہماری ریاست کے ایک عظیم عربی شاعر مولانا محمد خواجہ شریف صاحب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ نے لکھا ہے جس کا نام ''النشيد الهندي'' (ہندوستانی ترانہ) ہے۔

اس قومی ترانہ کے شاعر ہندوستان کی جنوبی ہند کی مشہور علمی شخصیت ہے جن کو دنیا محمد خواجہ شریف کے نام سے جانتی ہے، ان کی علمی خدمات سے پورا خطۂ دکن فیض یاب ہوا، ان کی پوری زندگی علم کی اشاعت میں گذری، وہ ایک نیک اور خدا ترس عالم دین تھے، علم حدیث وفقہ میں امام تسلیم کئے جاتے ہیں۔

12.2 مقاصد (الأهداف) :

1. طلبہ کو صنف ترانہ سے روشناس کرانا۔
2. طلبہ میں حمد، نعت، نظمیں اور قومی گیت گانے کے شوق کو پروان دینا۔
3. طلبہ کے اندر حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنا۔

4. طلبہ کو اللہ کی رحمتوں کی بارش کی طرف متوجہ کر کے مایوسی کے پہلو کو ختم کرنا۔
5. طلبہ کو ہندوستان جیسے عظیم ملک کے شہری ہونے پر فخر کرنا سکھانا۔
6. ہندوستانی نشانیوں اور قابل ذکر اشیاء کو عربی زبان میں پیش کرنے کا انداز سکھانا، وغیرہ۔

12.3 اشعار (أبيات) :

هِنْدٌ لَنَا هِنْدٌ لَنَا هِنْدٌ لَنَا — تَحْيَى وَ تَحْيَى هِنْدُنَا تَحْيَى لَنَا
بُشْرَى لِأَهْلِ الْهِنْدِ مَهْبَطِ اٰدَمَ — صَارَتْ لَنَا مِنْ رَبِّنَا أَرْضَ السَّنَا
هِنْدٌ دِيَارُ الْحُبِّ وَالْوُدِّ وَالْوَفَا — فِيْهَا قِيَامٌ طَابَ طَابَتْ مَسْكَنَا
يَا أَرْضَ رَحْبٍ رَتْعَةً وَ رَبَاعَةً — يَا أَرْضَ فَنْجَابٍ وَ جَنْجَا جَامْنَا
لِلّٰهِ دَرُّ الْهِنْدِ شِبْهُ الْجَنَّةِ — نِعْمَ الْبِقَاعُ فِيْ الْأَرَاضِيْ هِنْدُنَا
أَرْضُ الْمَعَارِفِ وَالْعُلَا مِنْ فَضْلِهِ — أَنْهَارُهَا تَجْرِيْ وَتَسْقِيْ غُلَّنَا
قَدْ بَارَكَ الرَّحْمَانُ فِيْهَا ثَرْوَةً — لَا تَيْأَسُوْا وَاسْتَبْشِرُوْا يَا شَعْبَنَا

12.4 حل لغات (حل اللغات) :

1. بُشْرَىٰ — خوشخبری
2. تَحْيَىٰ — زندہ رہے
3. أَهْلُ الْهِنْدِ — اہل ہند
4. مَهْبَطٌ — اُترنے کی جگہ
5. صَارَتْ — ہوگئی
6. أَرْضٌ جمع أَرَاضِيْ — زمین

.7	سَنَا	روشن
.8	حُبٌّ	محبت
.9	دَارٌ جمع دِيَارٌ	گھر، مکان، جگہ
.10	وُدٌّ	محبت
.11	وَفَا	وفاداری
.12	قِيَامٌ	رہنا
.13	مَسْكَنٌ	رہنے کی جگہ جمع مَسَاكِنُ
.14	طَابَ ، يَطِيْبُ	بہترین ہوگیا
.15	رَحْبٌ	وسیع
.16	رَتْعَةٌ	سیرابی
.17	رَبَاعَةٌ	شادابی
.18	فَنْجَابٌ	پنجاب
.19	جَنْجَا	گنگا
.20	جَامُنَا	جمنا
.21	دُرٌّ	خوبی
.22	شِبْهٌ	جیسا، مانند
.23	نِعْمَ	بہترین
.24	جَنَّةٌ جمع جَنَّاتٌ	جنت، باغ
.25	بُقْعَةٌ جمع بِقَاعٌ	زمین کے حصے
.26	مَعَارِفُ	علوم

.27	عُلَا	بڑائی، اونچائی
.28	فَضْلٌ جمع فَضَائِلُ	مہربانی، فضیلت
.29	نَهْرٌ جمع أَنْهَارٌ	دریا، ندی
.30	جَرَىٰ ، يَجْرِيْ	بہنا
.31	سَقَىٰ ، يَسْقِيْ	سیراب کرنا
.32	غُلٌّ	شدید پیاس
.33	بَارَكَ ، يُبَارِكُ	برکت دینا
.34	شَعْبٌ جمع شُعُوْبٌ	قوم، جماعت
.35	ثَرْوَةٌ	مال ودولت
.36	لا تيأسوا	مایوس نہ ہو
.37	استبشروا	خوش ہوجاؤ

12.5 ترجمہ وتشریح : (الترجمة والشرح) :

هِنْدٌ لَنَا هِنْدٌ لَنَا هِنْدٌ لَنَا تَحْيَى وَ تَحْيَى هِنْدُنَا تَحْيَى لَنَا

ترجمہ : ہندوستان ہمارا ہے، ہندوستان ہمارا ہے، ہندوستان ہمارا ہے۔ زندہ باد، زندہ باد، ہمارا ہندوستان زندہ باد۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : انسانی فطرت ہے کہ وہ جس سے محبت کرتا ہے اس کی عمر درازی کی دعا کرتا ہے۔ اور شاعر اپنے مادر وطن سے محبت کرتا ہے اسی لئے فطری طور پر اس کی عمر کی درازی کی دعا کرتے ہوئے ہندوستان سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے اس کو ہمارا ہندوستان قرار دے رہا ہے۔ اور دعا کر رہا ہے کہ ملک ہندوستان کی عمر لمبی ہو۔

بُشْرَىٰ لِأَهْلِ الْهِنْدِ مَهْبَطِ اٰدَمَ صَارَتْ لَنَا مِنْ رَبِّنَا أَرْضَ السَّنَا

ترجمہ : ہندوستان والوں کے لئے خوشی کی بات ہے کہ ہندوستان آدم کے (جنت سے دنیا میں) اترنے کی جگہ ہے۔ وہ ہمارے لئے ہمارے رب کی جانب سے روشن زمین ہوگئی۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : آدمی کو جب کسی چیز کے فائدہ اور خصوصیات معلوم ہوتی ہیں تو اس کے دل میں اس چیز کی طرف کشش اور رغبت پیدا ہوتی ہے۔ شاعر ہندوستان کی فضیلت کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ حضرت آدم علیہ السلام کے اترنے کی جگہ ہے جس کے سبب یہ زمین روشن ہوگئی۔

هِنْدٌ دِيَارُ الْحُبِّ وَالْوُدِّ وَالْوَفَا فِيْهَا قِيَامٌ طَابَ طَابَتْ مَسْكَنَا

ترجمہ : ہندوستان پیار، محبت اور وفاداری کی سرزمین ہے، اس میں قیام (رہنا) خوشگوار ہے اور یہ کتنی اچھی رہنے کی جگہ ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : ہندوستان پیار، محبت اور وفاداری کی سرزمین ہے اور جو زمین ان چیزوں کا گہوارہ ہوگی وہ قیام کے لئے سب سے زیادہ خوشگوار ہوگی۔

يَا أَرْضَ رَحْبٍ رَتْعَةً وَ رَبَاعَةً يَا أَرْضَ فَنْجَابٍ وَ جَنْجَا جَامْنَا

ترجمہ : اے سرسبزی وشادابی کے اعتبار سے وسیع زمین! اے پنجاب، گنگا اور جمنا کی سرزمین!

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : سرزمین ہندوستان کی سرسبزی اور شادابی یہاں کی بہنے والی دریاؤں کے باعث ہے جن میں پنجاب کی پانچ دریائیں اور گنگا اور جمنا شامل ہیں۔

لِلّٰهِ دَرُّ الْهِنْدِ شِبْهُ الْجَنَّةِ نِعْمَ الْبِقَاعُ فِي الْأَرَاضِيْ هِنْدُنَا

ترجمہ : اللہ کے فضل سے ہندوستان کی خوبی ہے جو جنت کی مانند ہے۔ کرہ زمین پر ہمارا ہندوستان کتنا بہترین حصہ ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : اللہ تعالیٰ نے ہندوستان کو کتنا بہترین ملک بنایا جو جنت کے مانند دکھائی دیتا ہے ہمارا ہندوستان دنیا کا کتنا بہترین خطہ ہے۔

أَرْضُ الْمَعَارِفِ وَالْعُلَا مِنْ فَضْلِهِ أَنْهَارُهَا تَجْرِيْ وَتَسْقِيْ غُلَّنَا

ترجمہ : اس کے فضل سے یہ علم اور بلندی کی زمین ہے اور اس کی نہریں ہماری پیاس بجھاتی ہیں۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : اللہ نے اپنے فضل سے ہندوستان کو علم اور بلندی کی زمین بنایا ہے اس اعتبار سے ہندوستان دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس کی بہتی نہریں جس طرح حسین منظر پیش کرتی ہیں اسی طرح ہماری ضرورت کو پورا کرتی ہیں جیسا کہ پانی زندگی کی اہم ضرورت ہے۔

قَدْ بَارَكَ الرَّحْمَانُ فِيْهَا ثَرْوَةً لَا تَيْأَسُوْا وَاسْتَبْشِرُوْا يَا شَعْبَنَا

ترجمہ : رحمان (رب العالمین) نے اس (ملک) کی دولت میں برکت دی ہے۔ اے ہمارے ساتھیو! مایوس نہ ہو! خوش ہو جاؤ۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''اَلنَّشِيْدُ الْهِنْدِيُّ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر محمد خواجہ شریف ہیں۔

تشریح : شاعر کہہ رہا ہے کہ اے میرے ہم وطنو! اس ملک کو غریب اور مفلس سمجھ کر مایوس نہ ہو بلکہ اس ملک کی دولت میں جو برکت اللہ نے دی ہے اس کو تلاش کرو، اس سے فائدہ اٹھاؤ، اور خوش رہو۔

12.6 سوالات وجوابات : (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَا هِيَ الْبُشْرَىٰ لِأَهْلِ الْهِنْدِ؟

ہندوستان والوں کے لئے کیا خوشخبری ہے؟

2. كَيْفَ أَرْضُ الْهِنْدِ؟

ہندوستان کی زمین کیسی ہے؟

3. بِمَاذَا يُبَشِّرُ الشَّاعِرُ شَعْبَ الْهِنْدِ؟

شاعر ہندوستان کے لوگوں کو کس چیز کی خوشخبری دے رہا ہے؟

4. أُذْكُرْ أَنْهَارَ الْهِنْدِ الشَّهِيْرَةَ؟

ہندوستان کی مشہور دریاؤں کا ذکر کیجئے۔

5. أَيُّ بِقَاعِ الْأَرْضِ أَرْضُ الْمَعَارِفِ وَالْعُلَا؟

زمین کا کون سا حصہ علم اور بلندی کی زمین ہے۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. بُشْرَى لِأَهْلِ الْهِنْدِ أَنَّهَا مَهْبَطُ اٰدَمَ۔

ہندوستان والوں کے لئے خوشخبری یہ ہے کہ یہ آدم علیہ السلام کے اُترنے کی جگہ ہے۔

2. هِنْدٌ دِيَارُ الْحُبِّ وَالْوُدِّ وَالْوَفَا

ہندوستان پیار، محبت اور وفاداری کی سرزمین ہے۔

3. لِلّٰهِ دَرُّ الْهِنْدِ شِبْهُ الْجَنَّةِ

اللہ ہی کے لئے ہندوستان کی خوبی ہے جو جنت کے مانند ہے۔

4. أَنْهَارُ الْهِنْدِ جَنْجَا جَامُنَا۔

ہندوستان کی مشہور دریا گنگا و جمنا ہیں۔

5. أَرْضُ الْهِنْدِ أَرْضُ الْمَعَارِفِ وَالْعُلَا۔

زمین کا کون سا حصہ علم اور بلندی کی زمین ہے۔

12.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

يقول الشّاعر : إن أرض الهند وطننا و دعاؤنا لها أن تدوم لأنها أرض الخيرات و المعارف وأرض الأنهار والمحاسن كما هي مهبط ادم فللمواطنين بشرى فيها۔

شاعر کہہ رہا ہے کہ ہندوستان کی سرزمین ہمارا وطن ہے، اس کے لئے دعا ہے کہ یہ قائم و دائم رہے، کیوں کہ یہ بھلائیوں اور علوم کی سرزمین ہے، اور ندیوں کی زمین ہے، اور آدم علیہ السلام کے آنے کی زمین ہے، یہاں کے لوگوں کے لئے اس میں خوشخبری ہے۔

12.8 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. دعا به الشاعر للهند؟

شاعر نے ہندوستان کے لئے کیا دعا دی ہے؟

2. صارت الهند أرض السنا؟

ہندوستان بلندی کی سرزمین کیسے ہوا؟

3. ماذا در الهند ؟

کس بات سے ہندوستان کی خوبی ہے؟

4. السكن فيها؟

اس میں رہنا کیسا ہے؟

5. نهر جانجا و جامنا؟

گنگا، جمنا، ندی کہاں ہے؟

(ب) جوابات (الأجوبة) :

1. أن تحيي هندنا۔

ہمارا ہندوستان آباد ہے۔

2. لأنها مهبط ادم ۔

کیوں کہ یہ آدم علیہ السلام کے اُترنے کی جگہ ہے۔

3. إنها شبه الجنة۔

وہ جنت کے مانند ہے۔

4. طابت مسكنا۔

بہت اچھا ہے رہنا۔

5. في الهند۔

ہندوستان میں۔

رَكِّبِ الْأَبْيَاتِ التَّالِيَةَ (مصرع کو جوڑیئے)۔

1.	للهِ دَرُّ الْهِنْدِ شِبْهُ الْجَنَّةِ	ا۔	لَا تَيْأَسُوا وَاسْتَبْشِرُوا يَا شَعْبَنَا
2.	بُشْرَىٰ لِأَهْلِ الْهِنْدِ مَهْبَطِ اٰدَمَ	ب۔	أَنْهَارُهَا تَجْرِي وَتَسْقِي غُلَّنَا
3.	أَرْضُ الْمَعَارِفِ وَالْعُلَا مِنْ فَضْلِهِ	ج۔	نِعْمَ الْبِقَاعُ فِي الْأَرَاضِي هِنْدُنَا
4.	قَدْ بَارَكَ الرَّحْمَانُ فِيهَا ثَرْوَةً	د۔	صَارَتْ لَنَا مِنْ رَبِّنَا أَرْضَ السَّنَا

اِمْلَا الْفَرَاغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. بشري لأهل الهند مهبط---------- ۔
2. ---------- ديار الحب والود والوفا۔
3. يا أرض ---------- و جنجا جامنا۔
4. لله در الهند ---------- الجنة۔
5. أنهارها تجري و تسقي ---------- ۔
6. ----------بارك الرحمن فيها ثروة۔

(هند۔ فنجاب۔ شبه۔ غلنا۔ قد۔ اٰدم)

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگایئے)۔

1. يا أرض رحب رتعة و رباعة۔
2. نعم البقاع في الأراضي هندنا۔

12.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس) :

1. إن الهند و طننا الغالي۔
ہندوستان ہمارا قیمتی وطن ہے۔

2. وهي أرض الخيرات و البركات۔
یہ نعمتوں اور برکتوں والا ملک ہے۔

3. فيها أمثال فنجاب و جانجا و جامنا من البقعة والأنهار۔
اس میں پنجاب اور گنگا جمنا جیسے علاقے اور ندیاں ہیں۔

4. وهي مهبط اٰدم و شبه الجنة۔
اور یہ آدمؑ کی جگہ اور جنت جیسی سرزمین ہے۔

5. وهي أرض العلماء و الفضلاء۔
اور یہ علماء وفضلاء کی سرزمین ہے۔

12.10 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. ما هو البشریٰ لأهل الهند؟
ہندوستان والوں کے لئے کس بات کی خوشخبری ہے؟

2. بماذا يشبه الهند؟
ہندوستان کی سرزمین کیسی ہے؟

3. كيف ديار الهند ؟
ہندوستان کس جیسا ہے؟

4. بماذا بارك الله فيها؟
اللہ نے اس میں کیا برکت دی ہے؟

5. ما هي التسلية لشعب الهند؟
ہندوستانی قوم کے لئے کیا تسلی ہے؟

•••

الدرس الثالث عشر

سبق-13

رَائد أدب الأطفال

13.1 تمہید (التمهيد)

13.2 مقصد (الهدف)

13.3 متن (المتن)

13.4 حل لغات (حل اللّغات)

13.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

13.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

13.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

13.8 قواعد (القواعد)

13.9 مشقیں (تدريبات)

13.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

13.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

رَائِدُ أَدَبِ الْأَطْفَالِ

ادبِ اطفال کے نقیب

13.1 تمہید (التمهيد) :

ادب اطفال، یعنی بچوں کا ادب، عربی زبان کے ادب میں ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے، طالبِ علموں کو مخصوص انداز میں مخاطب ہوتے ہوئے سہل اور مؤثر جملوں میں ان تک مختلف قیمتی اور مفید باتیں پہونچانے میں اس صنفِ ادب کو اہم مقام حاصل ہے۔

ہماری تلنگانہ ریاست میں ادب اطفال کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دینے کا انفرادی سہرا حضرت مولانا سید نبی حیدرآبادی کے سر جاتا ہے، کیوں کہ انھوں نے اس فن میں اپنی مشہور کتاب ''منهاج العربية'' تصنیف کر کے عربی کے طلبہ کے لئے بڑا قیمتی ادبی مواد فراہم کیا ہے، جس سے کالجس اور مدارس کے عربی نصاب کی تیاری میں بہت مدد ملی۔

منهاج العربية جو پانچ اجزاء پر مشتمل ہے ادبِ اطفال کے فن میں خصوصی اہمیت کی حامل ہے کیوں کہ کتاب کی زبان آسان ہونے کے ساتھ بہت سے مفید اور قیمتی موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے ہے جس کا براہِ راست اثر تعلیم کے ساتھ طلبہ کی تربیت پر بھی ہوتا ہے اسی لئے ہندوستان کے بیشتر اسکولوں اور کالجوں میں عربی کے نصاب میں یہ کتاب شامل ہے، اور متعدد ایڈیشن بھی شائع ہو چکے ہیں۔

اس سبق میں ماضی اور مضارع کے افعال بتائے گئے ہیں۔

13.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق کے ذریعہ ادب اطفال کے فن میں لکھی جانے والی منفرد کتاب ''منهاج العربية'' کی خصوصیات بیان کرنا، طلبہ کو اس کے اسلوب اور مضامین سے استفادہ کرنا، اور تلنگانہ میں اس فن کے پیشوا کے بارے میں جاننا ہے۔

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ فعل ماضی اور فعل مضارع کو سمجھ سکیں گے اور دونوں میں فرق کو بھی جان لیں گے۔

13.3 متن (المتن) :

إِنَّ أَدَبَ الْأَطْفَالِ نَوْعٌ مِنْ أَنْوَاعِ الْأَدَبِ الْعَرَبِيِّ، وَ يَخُصُّ هٰذَا الْأَدَبُ تَوْجِيْهَ الطُّلَّابِ إِلَى الْمَعْلُوْمَاتِ الْعَامَّةِ عَنِ الْعِبَادَاتِ وَالتَّعْلِيْمَاتِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَ مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ بِأُسْلُوْبٍ سَهْلٍ وَ عِبَارَاتٍ وَاضِحَةٍ ۔ وَمِنْ أَبْرَزِ مَنْ كَتَبَ فِيْ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِي الْهِنْدِ عَامَّةً هُوَ الشَّيْخُ أَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيٌّ النَّدْوِيُّ، اَلَّذِيْ أَلَّفَ كِتَابَهُ الشَّهِيْرَ ''قَصَصُ النَّبِيِّيْنَ'' وَ هُوَ مِنَ الْمُقَرَّرَاتِ الدِّرَاسِيَّةِ فِيْ مَدَارِسِ الْهِنْدِ وَ كُلِّيَاتِهَا۔

وَ الَّذِيْ يَتَفَرَّدُ فِيْ وِلَايَةِ تِلَنْغَانَةُ بِالْكِتَابَةِ فِيْ أَدَبِ الْأَطْفَالِ هُوَ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْاَبَادِيُّ اَلَّذِيْ قَامَ بِخِدْمَاتٍ جَلِيْلَةٍ فِيْ مَجَالِ أَدَبِ الْأَطْفَالِ، فَهُوَ رَائِدُ هٰذَا الْأَدَبِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ ، وَطَارَصِيْتُهُ بِكِتَابِهِ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' بِأَجْزَائِهِ الْخَمْسَةِ الَّتِيْ هِيَ مِنْ أَهَمِّ الْكُتُبِ الْأَدَبِيَّةِ الْعَرَبِيَّةِ، وَقَدْ نَالَ هٰذَا الْكِتَابُ قَبُوْلًا وَاسِعًا فِيْ مَدَارِسِ الْهِنْدِ وَ كُلِّيَاتِهَا، وَ أُدْخِلَ فِيْ مِنْهَاجِهَا الدِّرَاسِيِّ وَطُبِعَ عِدَّةَ مَرَّاتٍ، وَكَذٰلِكَ تَرْجم إِلَى اللُّغَاتِ الْإِنْجِلِيْزِيَّةِ وَالتَّامِيْلِيَّةِ وَالْهِنْدِيَّةِ وَغَيْرُهَا مِنَ اللُّغَاتِ۔

كَانَ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْاَبَادِيُّ أَدِيْبًا بَارِعًا مِنْ أُدَبَاءِ تِلَنْغَانَهْ ، وُلِدَ سَنَةَ 1901م فِيْ حَارَّةِ دُوْدھ بَاؤلِيْ بِمَدِيْنَةِ حَيْدَرْاَبَادَ وَ نَشَأَ بِهَا نَشْأَةً دِيْنِيَّةً عِلْمِيَّةً،

وَ كَانَ وَالِدُهُ مِنْ مَشَائِخِ ''بِيْدَرَ '' وَمِنْ أَسَاتِذَتِهِ الْكِبَارِ الْعَلَّامَةُ الشَّهِيْرُ الْأَدِيْبُ الْجَلِيْلُ مَوْلَانَا السَّيِّدُ اِبْرَاهِيْمُ الرِّضْوِيُّ. فَقَرَأَ عَلَيْهِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَعُلُوْمَهَا وَ اٰدَابِهَا. وَاجْتَهَدَ فِيْ الدِّرَاسَاتِ سَنَوَاتٍ عَدِيْدَةٍ. فَبَرَعَ فِيْ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَ اٰدَابِهَا. بَدَءَ حَيَاتَهُ الْعَمَلِيَّةَ كَمُحَاضِرِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ فِيْ كُلِّيَةٍ بِاسْمِ سِتِيْ كَالِجْ (City College) فَدَرَّسَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ سَنَوَاتٍ عَدِيْدَةً. وَاسْتَفَادَ مِنْهُ عَدَدٌ كَبِيْرٌ مِنَ الطُّلَّابِ. وَاشْتَهَرَ اسْمُهُ بِإِجَادَةِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَ بَعْدَ سَنَوَاتٍ عَدِيْدَةٍ. اِنْخَرَطَ فِيْ سِلْكِ التَّدْرِيْسِ فِيْ الْجَامِعَةِ الْعُثْمَانِيَّةِ. وَعَلَّمَ فِيْهَا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَ اٰدَابَهَا بِكُلِّ نَشَاطٍ ۔

إِنَّ السَّيِّدَ نَبِيَّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيَّ أَلَّفَ فِيْ أَدَبِ الْأَطْفَالِ كِتَابًا قَيِّمًا مُفِيْدًا لِلطُّلَّابِ فِيْ تَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ. وَهُوَ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' ۔وَ بِتَأْلِيْفُ هٰذَا الْكِتَابِ أَصْبَحَ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيُّ رَائِدَ أَدَبِ الْأَطْفَالِ وَ مُمَثِّلًا لِوِلَايَةِ تِلِنْغَانَهْ. لِأَنَّ هٰذَا الْكِتَابَ نَالَ قَبُوْلًا عَامًّا فِيْ أَكْثَرِ الْمَدَارِسِ وَالْكُلِّيَاتِ فِي الْهِنْدِ وَبَاكِسْتَانِ. وَلَاسِيَّمَا فِيْ مَدَارِسِ حَيْدَرْاٰبَادَ وَ كُلِّيَاتِهَا فِيْ مُخْتَلِفِ الْمُسْتَوَيَاتِ وَالْمَرَاحِلِ الثَّانَوِيَةِ ۔

يَمْتَازُ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' فِيْ أَدَبِ الْأَطْفَالِ بِمِيْزَاتٍ كَثِيْرَةٍ ، مِنْهَا أَنَّهُ يَحُثُّ الْأَطْفَالَ عَلَى الْعِبَادَاتِ عَنْ طَرِيْقِ الْحِوَارِ بَيْنَ الْأَطْفَالِ. مَعَ الْإِشَارَةِ إِلَى بَعْضِ الْقَوَاعِدِ النَّحْوِيَّةِ. فَمَثَلًا يَقُوْلُ عَنْ فَضِيْلَةِ الصَّلَاةِ بِالْجَمَاعَةِ :

رَشِيْدٌ : أَيَرُوْحُ أَبُوْكَ إِلَى الْمَسْجِدِ لِلصَّلَاةِ كُلَّ يَوْمٍ؟

فَرِيْدٌ : نَعَمْ يَرُوْحُ أَبِيْ إِلَيْهِ لِلصَّلَاةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ ۔

رَشِيْدٌ : أَتَـرُوْحُ مَعَ أَبِيْكَ أَنْتَ وَ أَخُوْكَ ؟

فَرِيْدٌ : نَعَمْ نَـرُوْحُ مَعَهُ۔

وَ مِنْهَا أَنَّهُ يَدْعُـو الطُّلَّابَ إِلٰى تَـزْكِيَةِ النَّفْسِ وَالتَّحَلِّيْ بِالْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ، وَالْحَذَرِ مِنَ الْجَمَالِ الظَّاهِرِيِّ الَّذِيْ لَهُ فِنَاءٌ، فَيَقُوْلُ فِيْ مَوْضِعٍ بِأُسْلُوْبِ النُّصْحِ وَالْإِرْشَادِ :

'' اِعْلَمُوْا أَنَّ الْجَمَالَ الَّذِيْ لَهُ بَقَاءٌ فَإِنَّمَا هُوَ يَحْصُلُ بِتَنْظِيْفِ النَّفْسِ وَتَطْهِيْرِهَا مِنَ الْقَبَائِحِ، وَتَزْيِيْنِهَا بِالْأَخْلَاقِ الْفَاضِلَةِ وَالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ وَالْعُلُوْمِ النَّافِعَةِ، فَزَيِّنُوْا أَنْفُسَكُمْ بِالْجَمَالِ التَّامِّ لِيَخْلُدَ اِسْمُكُمْ فِيْ صُدُوْرِ الْأَنَامِ ، وَيُذْكَرُ بِالْعِزِّ وَالْكَرَمِ مَدَى الْأَيَّامِ۔

وَمِنْ مِيْزَاتِ الْكِتَابِ أَنَّهُ يَخْلُقُ فِي الطُّلَّابِ أَمَلَ النَّجَاحِ فِيْ كُلِّ جُهْدٍ ، وَعَزِيْمَةَ التَّقَدُّمِ فِيْ كُلِّ جُهْدٍ نَّافِعٍ، فَيُحَذِّرُهُمْ كُلَّ الْحَذَرِ مِنَ الْيَأْسِ وَ الْأَسَفِ، فَيَقُوْلُ وَهُوَ يَنْصَحُ الطُّلَّابَ :

'' إِنْ خَابَ سَعْيُكَ فَلَا تَيْأَسْ، فَإِنَّ الْيَأْسَ يَجُرُّ عَلَيْكَ الْبَأْسَ، إِذَا تَقَدَّمْتَ مَرَّةً فَلَا تَـتَأَخَّـرْ ، إِذَا تَأَخَّرْتَ فَلَا تَـتَقَاعَدْ ،بَلْ شَجِّعْ نَفْسَكَ عَلَى التَّقَدُّمِ ، فَإِنَّ التَّقَدُّمَ سَبَبُ التَّكَرُّمِ ''۔

وَ مِنْ مِيْزَاتِ الْكِتَابِ أَنَّهُ يَشْتَمِلُ عَلٰى مَجْمُوْعَةٍ مِّنَ الْأَمْثَالِ وَالْحِكَمِ الَّتِيْ تُفِيْدُ الطُّلَّابَ فِيْ حَيَاتِهِمْ ، وَتُحَرِّضُهُمْ عَلَى الْأَعْمَالِ الْحَسَنَةِ، فَمِنْ هٰذِهِ الْأَمْثَالِ وَالْحِكَمِ :

'' إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ ، يَـوْمٌ لَكَ وَيَـوْمٌ عَلَيْكَ ،

صِغَارُ الْاُمُوْرِ يَهِيْجُ الْكِبَارَ۔ وَعْدٌ بِلَا وَفَاءٍ عَدَاوَةٌ بِلَا سَبَبٍ، مِلْحٌ عَلٰى جُرْحٍ، بَعْدَ الْبَلَاءِ يَكُوْنُ الثَّنَاءُ ''۔

وَمِنْ مِيْزَاتِهِ أَنَّهُ قَدْ يَذْكُرُ قِصَّةً قَصِيْرَةً تَحْمِلُ النَّصِيْحَةَ لِلطُّلَّابِ فِيْ الْحَذَرِ مِنْ مَعْصِيَةِ اللهِ، عَلٰى اَنَّ اللهَ يَرٰى كُلَّ مَا يَفْعَلُهُ عَبْدُهُ، فَجَاءَتْ فِيْ الْكِتَابِ هٰذِهِ الْقِصَّةُ :

'' ذَهَبَ رَجُلٌ إِلٰى حَدِيْقَةٍ مُثْمِرَةٍ ، لِيَسْرِقَ مِنْهَا شَيْئًا مِنَ الْفَاكِهَةِ، وَقَدْ أَخَذَ مَعَهُ وَلَدًا صَغِيْرًا لَهُ، فَتَسَلَّقَ الرَّجُلُ الْحَائِطَ، وَ قَالَ لِابْنِهِ : إِذَا نَظَرْتَ أَحَدًا يَجِيْءُ نَحْوَنَا فَأَعْلِمْنِيْ لِأَرْجِعَ عَنْ عَمَلِيْ ، فَاشْتَغَلَ الرَّجُلُ بِعَمَلٍ غَيْرِ صَالِحٍ، فَبَعْدَ قَلِيْلٍ سَمِعَ الرَّجُلُ صَوْتَ وَلَدِهِ يَصِيْحُ يَا أَبِيْ فَهُنَاكَ مَنْ يَرَاكَ، فَخَافَ الرَّجُلُ وَأَسْرَعَ فِي الْحَالِ، وَ عَادَ إِلٰى ابْنِهِ وَهُوَ خَائِفٌ وَقَالَ لِوَلَدِهِ أَيْنَ مَنْ يَرَانَا ؟ فَقَالَ الْوَلَدُ : هُوَ اللهُ يَرَاكَ وَيَرَانِيْ۔ ''

وَ هُنَاكَ مِيْزَاتٌ أُخْرٰى لِهٰذَا الْكِتَابِ وَهُوَ فِيْ أُسْلُوبِهِ، سَهْلٌ جِدًّا، وَكَلِمَاتُهُ مَفْهُوْمَةٌ لِلطُّلَّابِ، لَا فِيْهَا غُمُوْضٌ وَلَا تَعْقِيْدٌ، وَ مَعَ سُهُوْلَةِ الْأَلْفَاظِ جَذَّابٌ يُؤَثِّرُ فِيْ قُلُوْبِ الطُّلَّابِ، فَيَفْرَحُوْنَ بِقِرَاءَتِهِ دُوْنَ مَلَلٍ۔

فَبِهٰذِهِ الْخَصَائِصِ وَعُمُوْمِ فَائِدَتِهِ لِلطُّلَّابِ اِشْتَهَرَ الْكِتَابُ فِيْ الْأَوْسَاطِ الْعِلْمِيَّةِ فِيْ مَجَالِ أَدَبِ الْأَطْفَالِ، فَمُؤَلِّفُهُ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيُّ يَسْتَحِقُّ أَنْ يُّقَالَ إِنَّهُ رَائِدُ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ۔

13.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	اَلْأَطْفَالُ	واحد اَلطِّفْلُ	بچہ
2.	نَوْعٌ	جمع أنواعٌ	قسم
3.	يَخُصُّ	خَصَّ، يَخُصُّ	خاص کرنا (فعل مضارع)
4.	تَوْجِيْه		دعوت دینا، بلانا، مائل کرنا
5.	مَكَارِمُ	واحد مَكْرَمَةٌ	اعلیٰ عمدہ
6.	أُسْلُوْبٌ	جمع أَسَالِيْبٌ	انداز، طرز
7.	أَبْرَزَ		نمایاں
8.	كَتَبَ	لکھا كَتَبَ، يَكْتُبُ	لکھنا (فعل ماضی)
9.	أَلَّفَ	تصنیف کیا أَلَّفَ، يُؤَلِّفُ	(فعل ماضی)
10.	المقررات الدراسية		تعلیمی نصاب
11.	كُلِّيَّاتٌ	واحد كُلِّيَّةٌ	کالج
12.	يتفرد	منفرد ہونا تَفَرَّدَ، يَتَفَرَّدُ	(فعل مضارع)
13.	قَامَ بِخِدْمَاتٍ	خدمات انجام دینا	(فعل ماضی)
14.	جليلة	جمع جلائل	عظیم
15.	مجال	جمع مجالات	میدان
16.	رَائِدٌ	جمع رُوَادٌ	علمبردار
17.	اِشْتَهَرَ	مشہور ہوئے اِشْتَهَرَ، يَشْتَهِرُ	(فعل ماضی)
18.	بَلَغَ	پہونچنا بَلَغَ، يَبْلُغُ	(فعل ماضی)

.19	مِنْهَاج	جمع مَنَاهِجُ نصاب	
.20	بَرَعَ	ماہر ہونا، باکمال ہونا	
.21	اِشْتَغَلَ بِـ	مصروف ہونا اِشْتَغَلَ ، يَشْتَغِلُ	(فعل ماضی)
.22	وَظِيْفَةٌ	ملازمت جمع وَظَائِفُ	
.23	دَرَّسَ	پڑھایا دَرَّسَ يُدَرِّسُ تَدْرِيْسًا	(فعل ماضی)
.24	إِجَادة	اچھا جاننا	
.25	اِنْخَرَطَ	منسلک ہوئے اِنْخَرَطَ ، يَنْخَرِطُ	(فعل ماضی)
.26	عَلَّمَ	تعلیم دیا عَلَّمَ ، يُعَلِّمُ	(فعل ماضی)
.27	أَلَّفَ	تصنیف کیا،لکھا	
.28	مُمَثِّلٌ	جمع مُمَثِّلُوْنَ نمائندہ	
.29	نَالَ	پانا، نَالَ ، يَنَالُ نَيْلًا	(فعل ماضی)
.30	وَلَا سِيَّمَا	بطورِخاص	
.31	المستويات	واحد المستوى معیار،لیول	
.32	الثانوية	سیکنڈری	
.33	يَمتازُ	نمایاں ہونا اِمتَازَ ، يَمْتَازُ	(فعل مضارع)
.34	ميْزاتٌ	واحد مِيْزَةٌ خصوصیت	
.35	يَحثُّ	اُبھارنا، راغب کرنا	(فعل مضارع)
.36	الحِوَارُ	مکالمہ جمع الحوارات	
.37	يذكُرُ	بیان کرنا، ذَكَرَ ، يَذْكُرُ	(فعل مضارع)
.38	يَرُوْحُ	جانا رَاحَ، يَرُوْحُ	(فعل مضارع)

.39	التَّحَلِّيْ	سنورنا، مزین ہونا	
.40	الحِذْرُ	بچنا، دوررہنا	
.41	اَلْقَبَائِحُ	واحد اَلْقَبِيْحَةُ برائیاں	
.42	يَخْلُدُ	ہمیشہ رہنا، باقی رہنا، خَلَدَ ، يَخْلُدُ	(فعل مضارع)
.43	صُدُوْرُ	واحد صَدْرٌ	سینہ، دل
.44	الْأَنَامُ	مخلوق	
.45	مدي الأيام	دنوں تک، طویل زمانہ تک	
.46	يَخْلُقُ	پیدا کرنا خَلَقَ، يَخْلُقُ	
.47	أَمَلٌ	امید اٰمَالٌ	
.48	النّجاح	کامیابی	
.49	عَزِيْمَةٌ	جمع عَزَائِم حوصلہ	
.50	اَلتَّقَدُّم	آگے بڑھنا	
.51	يُحَذِّرُ	بچانا۔ حَذَّرَ ، يُحَذِّرُ	(فعل مضارع)
.52	الْيَأْسُ	مایوسی	
.53	الأسف	افسوس	
.54	خَابَ	ناکام ہونا خَابَ يَخِيْبُ	(فعل ماضی)
.55	يَجُرُّ	لانا جَرَّ، يَجُرُّ	(فعل مضارع)
.56	البأس	مصیبت	
.57	تقاعد	بیٹھ جانا	
.58	شَجَّعَ عَلٰى	ابھارنا	
.59	الأمثال	واحد مَثَلٌ مشہورقول، عبرت	

.60	اَلْحِكَمُ	واحد اَلْحِكْمَةُ دانشمندانہ بات	
.61	صِغَارٌ	واحد صَغِيْرٌ چھوٹا	
.62	يَهِيْجُ	مشتعل کرنا هَاجَ ، يَهِيْجُ	(فعل مضارع)
.63	جُرْحٌ	جمع جُرُوح زخم	
.64	مِلْحٌ	نمک	
.65	اَلثَّنَاءُ	تعریف	
.66	قِصَّةٌ	جمع قَصَصٌ	
.67	قَصِيْرَةٌ	چھوٹا	
.68	تَحْمِلُ	لئے رہنا حَمَلَ ، يَحْمِلُ	(فعل مضارع)
.69	مَعْصِيَةٌ	جمع مَعَاصِيْ نافرمانی	
.70	حَدِيْقَةٌ	جمع حَدَائِقُ باغ	
.71	مُثْمِرَةٌ	پھلدار	
.72	يَسْرِقُ	چرانا سَرَقَ ، يَسْرِقُ (فعل مضارع)	
.73	تَسَلَّقَ	چڑھنا تَسَلَّقَ ، يَتَسَلَّقُ (فعل ماضی)	
.74	حَائِطٌ	جمع حِيْطَانٌ دیوار	
.75	يَجِيْئُ	آنا جَاءَ ، يَجِيئُ (فعل مضارع)	
.76	نَحْو	طرف	
.77	أَعْلَمُ	أَعْلَمَ ، يُعْلِمُ بتلانا، خبر دینا	
.78	أَرْجِعُ	میں لوٹ آؤں رَجَعَ ، يَرْجِعُ (فعل مضارع)	
.79	صَوْتٌ	جمع أَصْوَاتٌ آواز	
.80	يَصِيْحُ	چیخنا صَاحَ ، يَصِيْحُ (فعل مضارع)	

81. أَسْرَعَ جلدی کرنا (فعل مضارع)
82. عَادَ لوٹنا عَادَ، يَعُوْدُ (فعل ماضی)
83. خَائِفٌ جمع خَائِفُوْنَ ڈراہوا
84. غموض پیچیدگی
85. جَذَّاب پرکشش
86. يَفْرَحُوْنَ + بـ وہ خوش ہوتے ہیں فَرِحَ، يَفْرَحُ (فعل مضارع)
87. أَوْسَاطٌ واحد وَسْطٌ حلقے

13.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

بلاشبہ بچوں کا ادب، عربی ادب کے اقسام کی ایک قسم ہے۔ یہ ادب بطورِ خاص طلبہ کو عبادات، اسلامی تعلیمات اور عمدہ اخلاق کے بارے میں عام معلومات کی طرف آسان اسلوب اور واضح عبارتوں کے ذریعہ راغب کرتا ہے۔ بچوں کے ادب پر ہندوستان میں عمومی طور پر جن لوگوں نے لکھا ہے ان میں سب سے نمایاں مولانا ابوالحسن علی ندوی ہیں، جنھوں نے مشہور کتاب ''قصص النبیین'' تصنیف کی ہے، یہ کتاب ہندوستان کے مدارس اور کالجوں کے تعلیمی نصاب میں شامل ہے۔

ریاست تلنگانہ میں بچوں کے ادب پر لکھنے والی منفرد شخصیت سید نبی حیدرآبادی کی ہے، جنھوں نے بچوں کے ادب کے میدان میں عظیم خدمات انجام دیں ہیں، اس طرح وہ تلنگانہ میں اس ادب کے پیشوا ہیں، اور ان کی شہرت ان کی کتاب ''منهاج العربية'' سے ہوئی جو پانچ حصوں پر مشتمل عربی ادب کی اہم کتابوں میں سے ایک ہے، اس کتاب کو ہندوستان کے اسکولوں اور کالجوں میں وسیع پیمانہ پر پذیرائی ملی، اور ان کے تعلیمی نصاب میں داخل ہے، کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ اس طرح اس کتاب کا انگریزی، تمل اور ہندی زبانوں میں بھی ترجمہ ہوا ہے۔

سید نبی حیدرآبادی تلنگانہ کے ادیبوں میں ایک باکمال ادیب تھے، ان کی ولادت شہر حیدرآباد کے دودھ باؤلی محلہ میں سن 1951ء میں ہوئی، یہیں دینی اور علمی نشونما ہوئی، ان کے والدِ محترم ''بیدر'' کے مشائخ میں سے تھے، اور ان کے عظیم اساتذہ میں مشہور علامہ ادیب مولانا سید ابراہیم رضوی تھے، ان کے پاس انھوں نے عربی زبان وادب اور اس کے علوم کی تعلیم حاصل کی، تعلیم میں محنت کی، اور عربی زبان وادب میں ماہر ہوگئے۔ پھر وہ سٹی کالج میں بحیثیت لکچرر پیشۂ تدریس سے وابستہ ہوئے اور چند سال تک عربی زبان کی تعلیم دیتے رہے، ان سے طلبہ کی ایک بڑی تعداد نے استفادہ کیا، اور عربی زبان کی مہارت میں ان کا چرچا ہوگیا، پھر وہ عثمانیہ یونیورسٹی میں تدریس سے منسلک ہوئے، اور اس کے شعبۂ عربی میں اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے، انھوں نے اس میں عربی زبان وادب کی پوری دلچسپی سے تعلیم دی۔

سید نبی حیدرآبادی نے بچوں کے ادب پر ایک ایسی قیمتی کتاب لکھی جو طلبہ کے لئے عربی زبان سیکھنے میں مفید ہے، وہ کتاب ''منهاج العربية'' ہے۔ اس کتاب کی تصنیف کی وجہ سے سید نبی حیدرآبادی تلنگانہ میں بچوں کے ادب کے پیشوا اور نمائندہ ہوگئے، کیوں کہ اس کتاب کو ہندو پاک کے اکثر اسکولوں اور کالجوں میں اور بطورِ خاص حیدرآباد کے اسکولوں اور کالجوں کے مختلف سطحوں اور سیکنڈری مرحلوں میں عام مقبولیت حاصل ہوئی۔

بچوں کے ادب میں ان کی کتاب ''منهاج العربية'' بہت ساری خصوصیات میں امتیازی حیثیت رکھتی ہے، ان خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ یہ بچوں کو مکالمہ کے ذریعہ عبادات کی طرف راغب کرتی ہے، ساتھ ہی بعض نحوی قواعد کی طرف اشارہ بھی ہوتا ہے، مثلاً وہ اپنی اس کتاب کے اندر ایک موقع پر نماز باجماعت کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

رشید : کیا تمہارے ابو روزانہ نماز کے لئے مسجد جاتے ہیں؟

فرید : ہاں! میرے ابو نماز کے لئے روزانہ مسجد جاتے ہیں۔

رشید : کیاتم اورتمہارے بھائی بھی تمہارے ابو کے ساتھ جاتے ہیں؟

فرید : ہاں! ہم سب ان کے ساتھ جاتے ہیں۔

کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ طلبہ میں تزکیۂ نفس اور اچھے اخلاق سے مزین ہونے اور اس ظاہری حسن و جمال سے بچنے کی تحریک پیدا کرتی ہے جو ختم ہونے والا ہے، چنانچہ مصنف ایک جگہ ناصحانہ انداز میں کہتے ہیں:

'' جان لو کہ باقی رہنے والا حسن و جمال محض دل کی پاکیزگی اور برائیوں سے پاک رہ کر، نفس کو اعلیٰ اخلاق، نیک اعمال اور مفید علوم سے آراستہ کر کے ہی حاصل ہوتا ہے، اس لئے اپنے نفس کو مکمل حسن و جمال سے آراستہ کرو، تاکہ تمہارا نام لوگوں کے دِلوں میں باقی رہے اور عزت و شرافت سے ہمیشہ یاد رکھا جائے۔''

کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ طلبہ میں ہر کوشش کے وقت کامیابی کی امید، اور ہر مفید جدوجہد کے وقت آگے بڑھنے کا حوصلہ پیدا کرتی ہے، چنانچہ ان کو مایوسی اور افسوس سے پوری طرح بچاتی ہے، چنانچہ مصنف طلبہ کو نصیحت کے انداز میں کہتے ہیں:

''اگر تمہاری کوشش ناکام ہو جائے تو مایوس نہ ہوں، کیونکہ مایوسی تمہارے اوپر مصیبت لائے گی، جب ایک دفعہ تم قدم اُٹھالو تو پیچھے نہ ہٹو، جب پیچھے ہو جاؤ تو بیٹھ نہ جاؤ، بلکہ اپنے دل کو آگے بڑھنے کا حوصلہ دو، کیونکہ آگے بڑھنا ہی عزت پانے کا ذریعہ ہے۔''

کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں امثال اور حکیمانہ اقوال کا ایک مجموعہ بھی ہے جو بچوں کی زندگی کے لئے مفید ہے اور اچھے اعمال کی طرف آمادہ کرتا ہے، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

''اعمال کا دارومدار محض نیتوں پر ہے، تمام مؤمن بھائی ہیں، ایک دن تمہارے حق میں اور ایک دن تمہارے خلاف ہے، چھوٹی باتیں بڑی باتوں کے لئے ورغلاتی ہیں، بغیر پورا کیا ہوا وعدہ بلاوجہ کی دشمنی ہے، زخم پر نمک، آزمائش کے بعد تعریف ہوتی ہے۔''

اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں ایک چھوٹا سا قصہ ہوتا ہے جو طلبہ کے لئے اللہ کی نافرمانی سے بچنے کی نصیحت لئے ہوئے ہوتا ہے، کیوں کہ اللہ وہ عمل دیکھتا ہے جسے اس کا بندہ کرتا ہے، چنانچہ بطورِ مثال کتاب میں یہ قصہ آیا ہے:

''ایک آدمی ایک پھل دار باغ میں گیا، تا کہ اس میں سے کچھ پھل چرائے، اپنے ساتھ اپنے ایک چھوٹے لڑکے کو بھی لے لیا، پھر وہ دیوار پر چڑھا اور اپنے بیٹے سے کہا: جب تم ہماری طرف کسی کو آتا دیکھو تو مجھے بتلا دو تا کہ میں اپنے کام سے رُک جاؤں، آدمی اپنے غیر درست عمل میں مصروف ہو گیا، تھوڑی دیر کے بعد اس آدمی نے اپنے لڑکے کی آواز سنی وہ چیخ رہا تھا کہ اے ابو! یہاں پر کوئی ہے جو آپ کو دیکھ رہا ہے، وہ آدمی ڈرا، اور تیزی کے ساتھ اپنے بیٹے کے پاس سہما ہوا آیا اور اس سے کہا: وہ آدمی کہاں ہے جو ہمیں دیکھ رہا ہے؟ تب لڑکے کے کہا: وہ اللہ ہے جو آپ کو اور مجھے دیکھ رہا ہے۔''

اس کتاب کی اور بھی دیگر خصوصیات ہیں جن کا تعلق اندازِ بیان سے ہے، چنانچہ انداز نہایت سہل ہے، اس کے الفاظ طلبہ کے لئے قابل فہم ہیں نہ تو ان میں ابہام ہے اور نہ کوئی پیچیدگی، آسان الفاظ کے باوجود پر کشش ہے جو طلبہ کے دِلوں پر اثر انداز ہوتا ہے، وہ بغیر کسی اُکتاہٹ کے اسے پڑھ کر خوش ہوتے ہیں۔

کتاب کی انھیں خصوصیات اور طلبہ کے لئے عمومی افادیت کی وجہ سے یہ کتاب علمی حلقوں میں بچوں کے ادب میں مشہور ہے، اور اس کے مصنف سید نبی حیدر آبادی بجا طور پر اس کے اہل ہیں کہ انھیں تلنگانہ میں بچوں کے ادب کا پیشوا، علمبردار کہا جائے۔

13.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَنْ هُوَ رَائِدُ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ؟
تلنگانہ میں بچوں کے ادب کا پیشوا کون ہے؟

2. أَيْنَ وُلِدَ وَ نَشَأَ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْ اٰبَادِيْ؟
سید نبی حیدرآبادی کی ولادت اور پرورش کہاں ہوئی؟

3. مَا هِيَ مَكَانَةُ كِتَابِ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' فِيْ أَدَبِ الْأَطْفَالِ؟
بچوں کے ادب میں کتاب ''منہاج العربیۃ'' کا کیا مقام ہے؟

4. أُذْكُرْ إِحْدَىٰ مِيْزَاتِ الْكِتَابِ؟
کتاب کی کسی ایک خصوصیت کو بیان کرو۔

5. تَكَلَّمْ عَنْ أُسْلُوْبِ كِتَابِ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ''
کتاب منہاج العربیۃ کے اندازِ بیان کے بارے میں بتاؤ۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. هُوَ السَّيِّدُ نَبِيُّ الْحَيْدَرْ اٰبَادِيُّ۔
وہ سید نبی حیدرآبادی ہیں۔

2. وُلِدَ فِيْ حَارَّةِ دُوْدھ بَاؤْلِيْ بِمَدِيْنَةِ حَيْدَرْ اٰبَادَ وَ نَشَأَ بِهَا۔
ان کی ولادت اور پرورش شہر حیدرآباد کے دودھ باؤلی محلے میں ہوئی۔

3. مِنْ أَهَمِّ الْكُتُبِ الْأَدَبِيَّةِ الْعَرَبِيَّةِ۔
یہ عربی ادب کی کتابوں میں سے ایک اہم کتاب ہے۔

4. إِنَّهُ يَخْلُقُ فِي الطُّلَّابِ أَمَلَ النَّجَاحَ فِيْ كُلِّ سَعْيٍ۔
یہ کتاب طلبہ کے اندر ہر جدوجہد کے لئے کامیابی کی اُمید پیدا کرتی ہے۔

5. أُسْلُوْبُهُ سَهْلٌ جِدًّا، وَ كَلِمَاتُهُ مَفْهُوْمَةٌ لِلطُّلَّابِ۔
اس کا اندازِ بیان نہایت سہل ہے اور الفاظ طلبہ کے لئے قابلِ فہم ہیں۔

13.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

إِنَّ أَدَبَ الْأَطْفَالِ مِنْ أَهَمِّ أَنْوَاعِ الْأَدَبِ الْعَرَبِيِّ، وَ يَرْجِعُ الْفَضْلُ فِيْ تَطْوِيْرِ هٰذَا الْأَدَبِ فِيْ تِلَنْغَانَهُ إِلَى السَّيِّدُ نَبِيّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيّ فَأَلَّفَ كِتَابَهُ الشَّهِيْرَ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' الَّذِيْ لَقِيَ قَبُوْلًا عَامًّا فِيْ الْمَدَارِسِ وَالْكُلِّيَّاتِ، حَتّٰى أَصْبَحَ السَّيِّدُ نَبِيّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيّ رَائِدُ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِيْ تِلِنْغَانَهُ۔

وَ هٰذَا الْكِتَابُ لَهُ خَصَائِصُ كَثِيْرَةٌ حَيْثُ أَنَّهُ يَحُثُّ الطُّلَّابِ عَلَى الْعِبَادَاتِ وَالْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ وَالْعَمَلِ الدَّؤُوْبِ لِلتَّقَدُّمِ بِأُسْلُوْبٍ سَهْلٍ جَذَّابٍ وَ لُغَةٍ سَهْلَةٍ لَا تَعْقِيْدَ فِيْهَا۔

بچوں کا ادب، عربی ادب کی ایک اہم قسم ہے، تلنگانہ میں اس ادب کو ترقی دینے میں سید نبی حیدرآبادی کا بڑا رول ہے، کیوں کہ انھوں نے اپنی ایسی مشہور کتاب ''منھاج العربیۃ'' تصنیف کی جو اسکولوں اور کالجوں میں مقبول عام ہوئی، اسی وجہ سے سید نبی حیدرآبادی تلنگانہ میں بچوں کے ادب کے پیشوا ہو گئے۔

اس کتاب کی بڑی خصوصیات ہیں، کیوں کہ یہ کتاب طلبہ کو عبادات، اچھے اخلاق، ترقی کے لئے مسلسل لگے رہنے جیسے کاموں کی طرف آسان پرکشش اندازِ بیان اور واضح آسان زبان کے ذریعے راغب کرتی ہے۔

13.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

اَلْمَاضِيْ فِعْلٌ دَلَّ عَلٰى زَمَانٍ مَا مَضٰى، وَهُوَ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحَةِ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ ضَمِيْرٌ مَرْفُوْعٌ مُتَحَرِّكٌ نَحْوُ ضَرَبَتْ۔

وَالْمُضَارِعُ فِعْلٌ تَدْخُلُ فِيْ أَوَّلِهِ إِحْدٰى حُرُوْفِ أ، ت، ي، ن وَيَدُلُّ عَلٰى زَمَانِ الْحَالِ اَوِ الْإِسْتِقْبَالِ، وَيَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِهِ الضَّمَّةُ۔

فعل ماضی وہ فعل ہے جس میں گذرا ہوا زمانہ ہو، اور وہ ہمیشہ مبنی علی الفتحہ ہوتا ہے، یعنی اس کے آخر میں فتحہ ہوتا ہے، بشرطیکہ اس کے ساتھ ضمیر مرفوع متحرک نہ ہو، جیسے: ضَرَبْتَ اور نہ ہی آخر میں واو ہو۔

اور فعل مضارع وہ فعل ہے جس کے شروع میں أ، تا، یا، ن میں سے کوئی آئے اور اس میں حال یا مستقبل کا زمانہ موجود ہو، اس کے آخر میں پیش ہوتا ہے۔

مثالیں (الأمثلة) :

وَ قَدْ بَلَغَ هٰذَا الْكِتَابُ رَوَاجًا وَاسِعًا
ماضي بالفتحه

بَرَعَ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ
ماضي بالفتحه

يَخْلُقُ فِي الطُّلَّابِ أَمَلَ النَّجَاحِ
مضارع بالضمه

يَصِيْحُ يَا أَبِيْ فَهُنَاكَ مَنْ يَرَاكَ
مضارع بالضمه

13.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الأسئلة) سوالات :

1. مَنْ أَلَّفَ كِتَابَ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ''؟
2. مَا هُوَ أَدَبُ الْأَطْفَالِ؟
3. اُذْكُرْ إِحْدَىٰ خَصَائِصِ مِنْهَاجِ الْعَرَبِيَّةِ۔
4. مَا هِيَ النَّصِيحَةُ لِلطُّلَّابِ فِيْ قِصَّةِ الدَّرْسِ۔
5. أَذْكُرْ بَعْضَ الْأَمْثَالِ الْمَذْكُوْرَةِ فِي الدَّرْسِ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ (الفاظ جوڑیئے)۔

1.	كان والدة من مشائخ	ا۔	الباس
2.	ثم اشتغل بوظيفة التدريس في	ب۔	''بيدر''
3.	زينوا أنفسكم بالجمال	ج۔	مثمرة
4.	فإن اليأس يجر عليك	د۔	التام
5.	ذهب رجل إلٰ حديقة	ھ۔	كلية المدينة

اِمْلَأِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. صغار ..... يهيج الكبار۔
2. أيروح ..... إلي المسجد للصلاة كل يوم؟
3. ..... الرجل الحائط۔
4. يسرق منها شيئا من .....
5. إن أدب الأطفال ..... من أنواع الأدب العربي۔

(الفاكهة۔ نوع۔ أبوك۔ الأمور۔ فتسلق)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْاٰتِيَةِ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. فَهُوَ رَائِدَةُ هٰذَا الْأَدَبِ فِيْ تِلْنْغَانَهْ۔
2. شَهِرَ بِكِتَابِهِ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' بِأَجْزَائِهِ الْخَمْسَةِ۔
3. فَعَيِّنَ أُسْتَاذٌ مُسَاعِدٌ فِيْ قِسْمِهَا الْعَرَبِيِّ۔
4. إِنَّ نَجَحَ سَعْيُكَ فَلَا تَيْأَسْ۔
5. شَغَّلَ الرَّجُلُ بِعَمَلٍ صَالِحٍ۔

شَكِّلِ الْجُمَلِ التَّالِيَةَ : (اعراب لگائیے)۔

إعلموا أن الجمال الذي له بقاء فإنما هو يحصل بتنظيف النفس وتطهيرها من القبائح، و تزيينها بالأخلاق الفاضلة والأعمال الصالحة والعلوم النافعة،فزينوا أنفسكم بالجمال التنام ليخلد إسمكم في صدور الأنام ، ويذكر بالعز والكريم مدي الأيام ۔

مندرجہ ذیل اقتباس میں فعل ماضی اور فعل مضارع کو متعین کیجئے۔

عَيِّنِ الْمَاضِيَ وَالْمُضَارِعَ فِي الْإِقْتِبَاسِ التَّالِيْ۔

وعاد إلى ابنه وهو خائف وقال لولده أن من يرانا؟

ومن أبرز من كتب في أدب الأطفال في الهند عامة هو الشيخ أبو الحسن علي الندوي والذي يتفرد في ولاية تلنغانه بالكتابة في أدب الأطفال هو السيد نبي الحيدرآبادي ۔ انه يخلق في الطلاب أمل النجاح في كل سعي۔

13.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

- إِنّ السَّيِّد نَبِيّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيّ هُوَ رَائِدُ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ ۔
- كِتَابُ ''مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ'' أَوَّلُ كِتَابٍ أُلِّفَ فِيْ تِلَنْغَانَهْ فِيْ مَجَالِ أَدَبِ الْأَطْفَالِ۔
- يَحْمِلُ هٰذَا الْكِتَابُ خَصَائِصَ فِيْ الْمَوْضُوْعِ وَ خَصَائِصَ فِيْ الْأُسْلُوْبِ فَمَوْضُوْعَاتُهُ مُخْتَلِفَةٌ كُلُّهَا تَحُثُّ الطُّلَّابُ عَلٰى حُسْنِ تَرْبِيَتِهِمْ، وَ أُسْلُوْبُهُ سَهْلٌ وَاضِحٌ مُمْتِعٌ ۔
- وَ بِهٰذَا الْكِتَابِ عُرِفَ السَّيِّدُ نَبِيّ الْحَيْدَرْاٰبَادِيْ فِيْ الْأَوْسَاطِ الْأَدَبِيَّةِ بِرَائِدِ أَدَبِ الْأَطْفَالِ فِيْ تِلَنْغَانَهْ ۔

سید نبی حیدرآبادی تلنگانہ میں بچوں کے ادب کے قائد (پیشوا) ہیں، منہاج العربیۃ تلنگانہ میں پہلی کتاب ہے جو بچوں کے ادب پر لکھی گئی۔

یہ کتاب اپنے مضمون اور اسلوب دونوں میں خصوصیات کی حامل ہے چنانچہ اس کے موضوعات

مختلف ہیں، اور سب طلبہ کی اچھی تربیت کے لئے ترغیب دلاتے ہیں، اور اسلوب نہایت آسان، واضح اور دلچسپ ہے۔

اسی کتاب کی وجہ سے سید نبی حیدرآبادی تلنگانہ میں بچوں کے ادب کے پیشوا، علمبردار سے مشہور ہوئے۔

13.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. ما هي مكانة الشيخ أبي الحسن علي الندوي في أدب الأطفال؟
شیخ ابوالحسن علی الندوی کا ادب اطفال میں کیا مقام ہے؟

2. من مؤلف ''منهاج العربية'' و ''قصص النبيين''؟
منهاج العربیۃ اور قصص النبیین کے مصنف کون ہیں؟

3. في أي منطقة أدخل منهاج العربية في مقرراتها الدراسية؟
منهاج العربیۃ کہاں کے اسکولوں اور کالجوں کے نصاب میں ہے؟

4. كم جزءا المنهاج العربية؟
منهاج العربیۃ کے کتنے حصے ہیں؟

5. من هو أكبر أستاذ لسيد نبي الحيدرابادي؟
سید نبی حیدرآبادی کے سب سے بڑے استاذ کون تھے؟

•••

الوحدة الثالثة

ماڈیول : 3

الدراسات البيئية

Environmental Studies

الدرس الرابع عشر	:	الولد المحبوب	199
الدرس الخامس عشر	:	التلوّث بين المشاكل والحلول	214
الدرس السادس عشر	:	غرس الأشجار	232
الدرس السابع عشر	:	الضاحية	250
الدرس الثامن عشر	:	الصحة خير من الف نعمة	261

الدرس الرابع عشر

سبق-14

الولد المحبوب

14.1 تمہید (التمهيد)

14.2 مقصد (الهدف)

14.3 متن (المتن)

14.4 حل اللغات (حل اللّغات)

14.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

14.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

14.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

14.8 قواعد (القواعد)

14.9 مشقیں (تدریبات)

14.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

14.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلْوَلَدُ الْمَحْبُوْبُ

محبوب لڑکا

14.1 تمہید (التمهيد) :

اس سبق میں ایک ایسے لڑکے کا ذکر ہے جو اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھتا ہے، اور وقت سے پابندی کے ساتھ اسکول جاتا ہے، اسکول میں لگن سے پڑھتا ہے، اور گھر کے اندر بھی اپنے تمام کام وقت پر کرتا ہے، ہر ایک کے ساتھ احترام سے پیش آتا ہے، اس لئے گھر کے لوگ اور اسکول کے ٹیچر وطلبہ سبھی اس کو چاہتے ہیں۔

14.2 مقصد (الهدف) :

طلبہ کے اندر صفائی کا خیال رکھنے اور پڑھائی میں زیادہ سے زیادہ دلچسپی لینے اور کام کو وقت سے کرنے کا داعیہ پیدا کرنے کے ساتھ حرف (إِنَّ) کو جملوں میں استعمال کرنا اور اس سے ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھانا مقصود ہے۔

14.3 متن (المتن) :

إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ مَحْبُوْبٌ. هُوَ يَعْرِفُ أَنَّ النَّظَافَةَ نِصْفُ الْإِيْمَانِ. إِنَّهُ يَنَامُ فِيْ اللَّيْلِ مُبَكِّرًا. وَيَنْهَضُ فِيْ الصَّبَاحِ مُبَكِّرًا يَتَوَضَّأُ جَيِّدًا ثُمَّ يَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى بَيْتِهِ. وَيَقْرَأُ شَيْئًا مِنَ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ. ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَهُ وَيَأْكُلُ الْفُطُوْرَ. هٰكَذَا عَادَتُهُ كُلَّ يَوْمٍ. وَ هٰذَا الْإِلْتِزَامُ جَعَلَهُ نَشِيْطًا وَسَلِيْمًا مِنَ الْأَمْرَاضِ۔

وَ مَدْرَسَتُهُ بَعِيْدَةٌ عَنْ بَيْتِهِ فَيَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ مُبَكِّرًا وَيَرْكَبُ الْحَافِلَةَ، يَصِلُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ عَلَى الْمَوْعِدِ يُسَلِّمُ عَلٰى أَسَاتِذَتِهِ وَزُمَلَائِهِ، وَيَجْلِسُ فِي الْفَصْلِ بِأَدَبٍ وَيَسْمَعُ الدُّرُوْسَ بِكُلِّ رَغْبَةٍ، وَإِنَّهُ يَكْتُبُ فِيْ كُرَّاسَتِهِ مَا هُوَ ضَرُوْرِيٌّ وَلَا يَلْتَفِتُ يَمِيْنًا وَّلَا شِمَالًا أَثْنَاءَ الدَّرْسِ۔ إِنَّ كُتُبَهُ وَكُرَّاسَاتِهِ كُلَّهَا نَظِيْفَةٌ عَلَيْهَا غِلَافٌ جَمِيْلٌ وَهِيَ مُرَتَّبَةٌ فِي الْحَقِيْبَةِ فَهُوَ طَالِبٌ نَظِيْفٌ مَحْبُوْبٌ لَدَى الطُّلَّابِ وَالْاَسَاتِذَةِ إِنَّهُ يَحْتَرِمُ أَسَاتِذَتَهُ وَيَتَأَدَّبُ مَعَهُمْ، وَيَخْرُجُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ ضَرْبِ الْجَرْسِ بِهُدُوْءٍ۔

بَعْدَ الْوُصُوْلِ إِلَى الْبَيْتِ يَضَعُ حَقِيْبَتَهُ فِيْ مَكَانٍ مُخَصَّصٍ لَهَا ثُمَّ يَتَوَجَّهُ إِلَى الْحَمَّامِ لِيَغْسِلَ وَجْهَهُ وَ يَدَهُ ثُمَّ يَتَنَاوَلُ الْغَدَاءَ وَيَسْتَرِيْحُ قَلِيْلًا وَ إِنَّهُ يُكْرِمُ الْوَالِدَيْنِ وَيُحِبُّ إِخْوَتَهُ وَأَخَوَاتِهِ، وَيُسَاعِدُ فِي الْأَعْمَالِ الْمَنْزِلِيَّةِ، إِنَّ غُرْفَةَ خَالِدٍ نَظِيْفَةٌ وَثِيَابُهُ فِي الدُّوْلَابِ، وَكُتُبُهُ فِي الرُّفُوْفِ وَأَحْذِيَتُهُ فِيْ مَكَانِهَا۔

وَ إِضَافَةً إِلٰى أَعْمَالِهِ الدِّرَاسِيَّةِ يُشَارِكُ فِي الْاُمُوْرِ الْمَنْزِلِيَّةِ فَيَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ وَ يَشْتَرِيْ حَوَائِجَ الْبَيْتِ۔ يُكْرِمُ الضُّيُوْفَ إِذَا نَزَلُوْا بَيْتَهُ، وَ يُحْسِنُ إِلَى الْجِيْرَانِ فَيُسَاعِدُهُمْ فِيْ أُمُوْرِهِمْ وَ يَزُوْرُهُمْ يَوْمَ الْإِجَازَةِ۔ إِنَّ يَوْمَ الْإِجَازَةِ فِيْ مَدْرَسَةِ خَالِدٍ يَوْمُ الْأَحَدِ وَفِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ أَيْضًا يَكُوْنُ نَشِيْطًا، فَيَنْهَضُ مُبَكِّرًا وَلَا يَنَامُ إِلٰى وَقْتٍ طَوِيْلٍ كَالطُّلَّابِ الْاٰخَرِيْنَ۔ إِنَّهُ يَكُوْنُ مَشْغُوْلًا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ أَيْضًا، فَيَغْسِلُ الثِّيَابَ وَ يُنَظِّفُ غُرْفَتَهُ وَ يُرَتِّبُ كُتُبَهُ، ثُمَّ يَزُوْرُ بَعْضَ أَقْرِبَائِهِ۔

إِنَّ خَالِدًا مَعْرُوْفٌ فِي الْحَيِّ بِنَظَافَتِهِ وَنَشَاطِهِ وَحُسْنِ خُلُقِهِ۔

إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ ذُوْ خُلُقٍ حَسَنٍ، يَبْتَسِمُ دَائِمًا، لَا يَغْضَبُ عَلٰى أَحَدٍ، يُحِبُّهُ جَمِيْعُ النَّاسِ يُحِبُّهُ أَبَوَاهُ وَإِخْوَتُهُ وَأَخَوَاتُهُ كَمَا يُحِبُّهُ أَسَاتِذَتُهُ، وَزُمَلَاؤُهُ۔

يُحِبُّ خَالِدٌ السِّيَاحَةَ وَالنُّزْهَةَ وَالْأَلْعَابَ الرِّيَاضِيَّةَ فَإِذَا جَاءَتِ الْمُنَاسَبَةُ لِلنُّزْهَةِ يُشَجِّعُهُ عَلٰى ذٰلِكَ وَالِدَاهُ وَ يُوَفِّرُ لَهُ جَمِيْعَ التَّسْهِيْلَاتِ لَهَا مِنْ تَجْهِيْزِ الطَّعَامِ وَ تَوْفِيْرِ عُلْبَةٍ وَ تَزْوِيْدِهِ بِمَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ لِلتَّرْفِيْهِ۔

إِنَّ خَالِدًا يَجْتَهِدُ كَذٰلِكَ فِي الدِّرَاسَةِ، يَجْتَهِدُ مُنْذُ بِدَايَةِ السَّنَةِ يَقْرَأُ الدُّرُوْسَ يَوْمِيًّا، وَيُكْمِلُ الْوَاجِبَاتِ الْمَنْزِلِيَّةَ، فَلَا يَقَعُ فِيْ مُشْكِلَةٍ أَيَّامَ الْإِخْتِبَارِ، وَيَفُوْزُ بِالدَّرَجَةِ الْأُوْلٰى۔

فَنِعْمَ الْوَلَدُ خَالِدٌ وَنِعْمَ مَنْ رَبَّاهُ وَعَلَّمَهُ۔

14.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	وَلَدٌ جمع أَوْلَادٌ	لڑکا
2.	نَظِيْفٌ	صاف ستھرا ضد وَسِخٌ میلا
3.	اَلنَّظَافَةُ	صفائی
4.	نَامَ ، يَنَامُ	سونا
5.	نَهَضَ ، يَنْهَضُ	بیدار ہونا
6.	مُبَكِّرًا	سویرے رجلد ضد مُتَأَخِّرًا دیر میں
7.	صَلّٰى ، يُصَلِّيْ	نماز پڑھنا
8.	رَجَعَ ، يَرْجِعُ	لوٹنا
9.	قَرَأَ ، يَقْرَأُ	پڑھنا

10.	اِغْتَسَل ـ يَغْتَسِلُ	غسل کرنا	
11.	تَنَاوَلَ ـ يَتَنَاوَلُ	لینا	
12.	اَلْفُطُوْرُ	ناشتہ	
13.	نَشِيْطٌ	چست	ضد كَسْلَانٌ ست
14.	سَلِيْمٌ	محفوظ	
15.	ثَوْبٌ	کپڑا	جمع ثِيَابٌ، أَثْوَابٌ
16.	ذَهَبَ ـ يَذْهَبُ	جانا	
17.	مَدْرَسَةٌ جمع مَدَارِسُ	اسکول	
18.	رَكِبَ ، يَرْكَبُ	سوار ہونا	
19.	حَافِلَةٌ جمع حَافِلَاتٌ	بس	
20.	وَصَلَ ، يَصِلُ	پہنچنا	
21.	مَوْعِدٌ جمع مَوَاعِدُ	وقتِ مقررہ	
22.	سَلَّمَ ، يُسَلِّمُ	سلام کرنا	
23.	زَمِيْلٌ جمع زُمَلَاءَ	ساتھی	
24.	جَلَسَ ـ يَجْلِسُ	بیٹھنا	
25.	فَصْلٌ جمع فُصُوْلٌ	کلاس	
26.	عِنَايَةٌ	توجہ	
27.	سَمِعَ ، يَسْمَعُ	سننا	
28.	دَرْسٌ جمع دُرُوْسٌ	سبق	
29.	كَتَبَ ، يَكْتُبُ	لکھنا	

30. كُرَّاسَةٌ جمع كُرَّاسَاتٌ — کاپی، نوٹ بک
31. لَعِبَ۔يَلْعَبُ — کھیلنا
32. اِلْتَفَتَ۔ يَلْتَفِتُ — متوجہ ہونا
33. يَمِيْنٌ — دائیں ضد شَمَالٌ بائیں
34. اَلنُّزْهَةُ — تفریح
35. جَادَلَ ۔يُجَادِلُ — جھگڑا کرنا
36. طَالِبٌ جمع طُلَّابٌ — طالب علم
37. عُلْبَةٌ — کھیل کا سامان
38. مَحْبُوْبٌ جمع مَحْبُوْبُوْنَ — پسندیدہ ضد مَبْغُوْضٌ ناپسندیدہ
39. تَأَدَّبَ۔ يَتَأَدَّبُ — باادب رہنا
40. ضَرْبُ الْجَرْسِ — گھنٹی بجنا
41. وَضَعَ۔ يَضَعُ — رکھنا
42. حَقِيْبَةٌ جمع حَقَائِبُ — بستہ
43. اَلْغَدَاءُ — دوپہر کا کھانا
44. اِسْتَرَاحَ، يَسْتَرِيْحُ — آرام کرنا
45. أَكْرَمَ، يُكْرِمُ — عزت کرنا
46. تَعَامُلٌ — معاملہ کرنا
47. أَخٌ جمع إِخْوَةٌ — بھائی
48. أُخْتٌ جمع أَخَوَاتٌ — بہن
49. سَاعَدَ ۔يُسَاعِدُ — مدد کرنا

.50	غُرْفَةٌ جمع غُرَفٌ	کمرہ
.51	دُوْلَابٌ جمع دَوَالِيْبُ	الماری
.52	اِشْتَرٰى۔ يَشْتَرِيْ	خریدنا
.53	حَاجَةٌ جمع حَوَائِجُ	ضروریات
.54	نَزَلَ۔ يَنْزِلُ	آنا
.55	جَارٌ جمع جِيْرَانٌ	پڑوسی
.56	زَارَ۔ يَزُوْرُ	ملاقات کرنا
.57	إِجَازَةٌ جمع إِجَازَاتٌ	چھٹی
.58	يَوْمُ الْأَحَدِ	اتوار
.59	غَسَلَ ، يَغْسِلُ	دھلنا
.60	نَظَّفَ ، يُنَظِّفُ	صاف کرنا
.61	قَرِيْبٌ جمع أَقْرِبَاءُ	رشتہ دار
.62	حَيٌّ جمع أَحْيَاءٌ	محلہ
.63	عَرَفَ ، يَعْرِفُ	پہچاننا
.64	عَادَ۔ يَعُوْدُ	عیادت کرنا
.65	مَرِيْضٌ جمع مرضٰى	بیمار
.66	إِبْتَسَمَ ، يَبْتَسِمُ	مسکرانا
.67	تَرْفِيْهٌ	پکنک، تفریح
.68	اِسْتَعِدَّ۔ يَسْتَعِدُّ	تیاری کرنا
.69	جَهَّزَ ، يُجَهِّزُ	تیار کرنا

.70	خَلِيْقٌ	بااخلاق
.71	اِجْتَهَدَ۔ يَجْتَهِدُ	محنت کرنا
.72	يَوْمِيًّا	روزانہ
.73	اَلْوَاجِبَاتُ الْمَنْزِلِيَّةُ	ہوم ورک
.74	يَضْرِبُ مَثَلًا	مثال دینا
.75	نِعْمَ	اچھا ہے
.76	رَبّٰى ، يُرَبِّيْ	تربیت دینا

14.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

خالد ایک صاف ستھرا لڑکا ہے، وہ جانتا ہے کہ صفائی آدھا ایمان ہے، وہ رات میں جلد سوتا اور صبح سویرے اٹھتا ہے، اچھی طرح وضوء کرتا ہے، پھر نمازِ فجر کے لئے مسجد جاتا ہے، پھر اپنے گھر کو لوٹ کر قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے، پھر غسل کے بعد ناشتہ لیتا ہے، اسی طرح اس کی روزانہ کی عادت ہے، ان چیزوں کی پابندی اس کو چست اور تمام امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔

اسکول اس کے گھر سے دور ہے، اس لئے وہ اپنے گھر سے سویرے نکلتا ہے، اور بس پر سوار ہوتا ہے، اسکول وقت سے پہنچتا ہے، اپنے اساتذہ اور ساتھیوں سے سلام کرتا ہے اور کلاس میں ادب سے بیٹھتا ہے، اور اسباق پوری توجہ سے سنتا ہے، وہ اپنی کاپی میں وہی لکھتا ہے جو ضروری ہے، وہ سبق کے دوران دائیں بائیں متوجہ نہیں ہوتا ہے، اس کی کتابیں اور کاپیاں سب صاف ستھری ہوتی ہیں ان پر خوبصورت کور ہوتا ہے اور وہ بیگ میں ترتیب سے رکھی ہوئی ہوتی ہیں، وہ طلباء اور اساتذہ سب کا چہیتا ایک صاف ستھرا طالب علم ہے، وہ اپنے اساتذہ کا احترام کرتا اور ان کے ساتھ باادب رہتا ہے، اور گھنٹی بجنے کے بعد اسکول سے سکون کے ساتھ نکلتا ہے۔

گھر پہنچنے کے بعد وہ اپنا بستہ مخصوص جگہ پر رکھتا ہے، پھر باتھ روم جا کر اپنے چہرہ اور ہاتھ

دھوتا ہے، پھر دوپہر کا کھانا کھاتا ہے اور تھوڑا آرام کرتا ہے، وہ والدین کی عزت کرتا اور اپنے بھائی بہنوں کے ساتھ اچھا معاملہ کرتا ہے، اور ان کی گھر کے کاموں میں مدد کرتا ہے، خالد کا کمرہ صاف ستھرا ہے، اس کے کپڑے الماری میں ہوتے ہیں، اور اس کی کتابیں شیلف میں اور جوتے مخصوص جگہ میں ہوتے ہیں، وہ پڑھائی کے علاوہ گھر کے کاموں میں شریک ہوتا ہے، بازار جاتا اور گھر کی ضروریات کی چیزیں خریدتا ہے، مہمان جب اس کے گھر آتے ہیں تو ان کی عزت کرتا ہے، اور پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے، ان کے کاموں میں ان کی مدد کرتا ہے۔

چھٹی کا دن خالد کے اسکول میں اتوار کا دن ہے، اس دن بھی وہ چاق و چوبند رہتا ہے، سویرے اُٹھتا ہے، دوسرے بچوں کی طرح دیر تک نہیں سوتا، وہ اس دن بھی مصروف رہتا ہے، کپڑے دھوتا اور اپنے کمرے کی صفائی کرتا اور کتابوں کو ترتیب سے رکھتا ہے، پھر بعض رشتہ داروں سے ملاقات کے لئے جاتا ہے۔

خالد محلہ میں اپنی صفائی اور چستی اور اچھے اخلاق کے لئے مشہور ہے۔

خالد اچھے اخلاق والا لڑکا ہے، ہمیشہ مسکراتا رہتا ہے، اسے سب لوگ چاہتے ہیں، اس کے ماں باپ بھائی بہن اس کے اساتذہ اور ساتھی سبھی اسے چاہتے ہیں۔

خالد، تفریح، سیاحت اور کھیلوں کو پسند کرتا ہے، جب پکنک کا وقت آتا ہے تو اس کے والدین اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، سہولیات کی تمام چیزیں جیسے کھانا تیار کرنا اور کھیل کا سامان فراہم کرنا اور پکنک کے لئے ضروریات کی چیزیں سب فراہم کرتے ہیں۔

خالد اسی طرح پڑھائی میں محنت کرتا ہے، وہ شروع سال سے محنت کرتا ہے، اسباق کو روزانہ پڑھتا ہے، اور ہوم ورک پورا کرتا ہے، اس لئے وہ امتحان کے دنوں میں پریشانی میں نہیں پڑتا، اور اول درجہ سے کامیاب ہوتا ہے۔

خالد نہایت ہی محبوب ہے اور اس کے مربی بھی قابلِ تحسین ہے۔

14.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (اَلْأَسْئِلَةُ) :

1. مَتٰى يَنْهَضُ خَالِدٌ؟
خالد کب سوکر اٹھتا ہے؟

2. أَيْنَ مَدْرَسَةُ خَالِدٍ؟
خالد کا اسکول کہاں ہے؟

3. كَيْفَ يَتَعَامَلَ خَالِدٌ مَعَ الْوَالِدَيْنِ وَ إِخْوَتِهِ وَأَخَوَاتِهِ؟
خالد کا برتاؤ والدین اور بھائی بہنوں کے ساتھ کیسا ہے؟

4. بِمَاذَا يُعْرَفُ خَالِدٌ فِيْ الْحَيِّ؟
خالد محلے میں کس چیز سے مشہور ہے؟

5. مَاذَا يَعْمَلُ خَالِدٌ مُنْذُ بِدَايَةِ السَّنَةِ؟
خالد شروع سال سے کیا کرتا ہے؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. إِنَّ خَالِدًا يَنْهَضُ فِيْ الصَّبَاحِ مُبَكِّرًا۔
یقیناً خالد صبح سویرے اٹھتا ہے۔

2. إِنَّ مَدْرَسَةَ خَالِدٍ بَعِيْدَةٌ عَنْ بَيْتِهِ۔
یقینا خالد کا اسکول اس کے گھر سے دور ہے۔

3. إِنَّ خَالِدًا يُكْرِمُ الْوَالِدَيْنِ وَيُحْسِنُ التَّعَامُلَ مَعَ إِخْوَتِهِ وَأَخَوَاتِهِ۔
یقیناً خالد والدین کی عزت کرتا اور اپنے بھائی بہنوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتا ہے۔

4. إِنَّ خَالِدًا مَعْرُوْفٌ فِيْ الْحَيِّ بِنَظَافَتِهِ وَنَشَاطِهِ وَحُسْنِ خُلُقِهِ۔
یقیناً خالد محلے میں اپنی صفائی اور چستی اور حسن اخلاق سے مشہور ہے۔

5. يَجْتَهِدُ وَيَقْرَأُ الدُّرُوْسَ يَوْمِيًّا وَيُكْمِلُ الْوَاجِبَاتِ الْمَنْزِلِيَّةَ۔
محنت کرتا اور اسباق کو روزانہ پڑھتا ہے اور ہوم ورک پورا کرتا ہے۔

14.7 خلاصہ سبق: (ملخص الدرس) :

إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ نَظِيْفٌ يَنْهَضُ مُبَكِّرًا وَيَذْهَبُ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَيَسْمَعُ الدَّرْسَ بِعِنَايَةٍ وَيَجْتَهِدُ فِيْ الدِّرَاسَةِ مُنْذُ بِدَايَةِ السَّنَةِ فَيَفُوْزُ بِالدَّرَجَةِ الْأُوْلٰى، إِنَّهُ وَلَدٌ ذُوْ خُلُقٍ حَسَنٍ يُحْسِنُ إِلَى الْجَمِيْعِ فَيُحِبُّهُ الْجَمِيْعُ ، يُعْرَفُ فِيْ الْحَيِّ بِنَظَافَتِهِ وَ نَشَاطِهِ وَحُسْنِ خُلُقِهِ۔

إِنَّهُ وَلَدٌ مِثَالِيٌّ يَذْكُرُ النَّاسُ اِسْمَهُ فِيْ الْمَجَالِسِ ، نِعْمَ الْوَلَدُ خَالِدٌ۔

خالد ایک صاف ستھرا لڑکا ہے، سویرے اٹھتا ہے اور روزانہ اسکول جاتا ہے اور سبق توجہ سے سنتا ہے، پڑھائی میں شروع سال سے محنت کرتا ہے اور اس لئے اول درجہ سے کامیاب ہوتا ہے، یقیناً وہ اچھے اخلاق والا لڑکا ہے، سب کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے، اس لئے سب اس کو چاہتے ہیں، وہ محلے میں اپنی صفائی اور چستی اور اچھے برتاؤ سے مشہور ہے۔

وہ ایک مثالی لڑکا ہے، لوگ اس کا نام محفلوں میں لیتے ہیں، خالد اچھا لڑکا ہے۔

14.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد : (قواعد الدرس) :

إِنَّ وَأَخَوَاتُهَا وَهِيَ سِتٌّ ، إِنَّ ، أَنَّ، كَأَنَّ، لٰكِنَّ، لَيْتَ، لَعَلَّ تَدْخُلُ إِنَّ وَأَخَوَاتُهَا عَلَى الْجُمْلَةِ الْإِسْمِيَّةِ. فَتَنْصِبُ الْمُبْتَدَأَ وَيُسَمّٰى اِسْمَ ''إِنَّ'' وَتَرْفَعُ الْخَبَرَ وَيُسَمّٰى خَبَرَ إِنَّ۔

حَرْفُ ''إِنَّ'' يُفِيْدُ مَعْنَى التَّأْكِيْدِ فِيْ الْجُمْلَةِ۔

إِنَّ وَأَخَوَاتُهَا وَهِيَ سِتٌّ ، إِنَّ ، أَنَّ، كَأَنَّ، لٰكِنَّ، لَيْتَ، لَعَلَّ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، مبتدا کو إنّ کا اسم اور خبر کو إنّ کی خبر کہتے ہیں۔

مثالیں (الأمثلة) :

إِنَّ	خَالِدًا	وَلَدٌ نَظِيْفٌ
حرف تاکید	إن کا اسم	إن کی خبر
إِنَّ	مَدْرَسَتَهُ	بَعِيْدَةٌ عَنْ بَيْتِهِ
حرف تاکید	إنَّ کا اسم	إنّ کی خبر

14.9 مشقیں : (تدریبات)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. كَيْفَ خَالِدٌ ؟
2. إِلٰى أَيْنَ يَذْهَبُ كُلَّ يَوْمٍ ؟
3. مَتٰى يَوْمُ الْإِجَازَةِ فِيْ مَدْرَسَةِ خَالِدٍ؟
4. فِيْ مَاذَا يُشَارِكُ خَالِدٌ؟
5. كَيْفَ تَكُوْنَ نَتِيْجَةُ خَالِدٍ فِيْ الْاِخْتِبَارِ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. إِنَّ خَالِدًا ---------- ا۔ دَائِمًا
2. يَعُوْدُ ---------- ب۔ الْأُوْلٰى
3. يَبْتَسِمُ ---------- ج۔ وَلَدٌ نَظِيْفٌ
4. ثِيَابُهُ ---------- د۔ اَلْمَرْضٰى
5. يَفُوْزُ بِالدَّرَجَةِ ---------- ھ۔ فِيْ الدُّوْلَابِ

اِمْلَإِ الْفَرَاغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. يَسْتَيْقِظُ فِيْ ---------- مُبَكِّرًا۔
2. إِنَّهُ يَكُوْنُ ---------- مِنَ الْأَمْرَاضِ۔
3. يُحِبُّهُ جَمِيْعُ ----------
4. ---------- خَالِدٌ فِيْ الرِّحْلَةِ التَّرْفِيْهِيَّةِ۔
5. إِنَّ أُمَّهُ ----------لَهُ الطَّعَامَ۔

(الناس۔ يُشَارِك۔ سَلِيْمًا۔ الصباح۔ تُجَهِّزُ)

صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. إِنَّ مَدْرَسَتَهُ قَرِيْبَةٌ مِنْ بَيْتِهِ۔
2. يَلْعَبُ فِيْ الصَّفِّ مَعَ الزُّمَلَائِهِ۔
3. إِنَّ الْيَوْمَ الْإِجَازَةِ فِيْ مَدْرَسَةِ خَالِدٍ هُوَ يَوْم الأَحَدِ۔
4. إِنَّهُ لَا يَقْرَأُ الدُّرُوْسَ يَوْمِي۔
5. يَفُوْزُ مَعَ الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. إن خالدا معروف في الحي بنظافته ونشاطه وحسن خلقه ۔
2. إنه يكتب في كراسته ما هو ضروري۔
3. يذهب إلى السوق ويشتري حوائج البيت۔
4. إن كل عمل له يكون بترتيب حسن۔

عَيِّنِ الْمُرَكَّبَ التَّوْصِيْفِيَّ فِيْ الْاِقْتِبَاسِ الْاٰتِيْ :

(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔

إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ نَظِيْفٌ ، هُوَ يَعْرِفُ أَنَّ النَّظَافَةَ نِصْفُ الْإِيْمَانِ، إِنَّهُ يَنَامُ فِيْ اللَّيْلِ مُبَكِّرًا وَ يَنْهَضُ فِيْ الصَّبَاحِ مُبَكِّرًا۔

14.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا: (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

1. إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ نَظِيْفٌ وَنَشِيْطٌ يَذْهَبُ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَيَجْتَهِدُ ۔
2. إِنَّ النَّظَافَةَ نِصْفُ الْإِيْمَانِ۔
3. إِنَّ خَالِدًا ذُوْ خُلُقٍ حَسَنٍ يُحْسِنُ إِلَى الْوَالِدَيْنِ وَالْإِخْوَةِ وَالْجِيْرَانِ۔
4. يَجْتَهِدُ خَالِدٌ فِي الدِّرَاسَةِ مُنْذُ بِدَايَةِ السَّنَةِ فَيَفُوْزَ فِي الْإِخْتِبَارِ ۔ بِالدَّرَجَةِ الْأُوْلٰى۔
5. إِنَّ خَالِدًا وَلَدٌ مَحْبُوْبٌ فِي الْبَيْتِ وَالْمَدْرَسَةِ وَالْحَيِّ۔
6. عَلٰى كُلِّ طَالِبٍ أَنْ يَخْتَارَ طَرِيْقَ خَالِدٍ فِيْ النَّظَافَةِ وَالدِّرَاسَةِ وَالنَّشَاطِ وَالْأَخْلَاقِ۔

14.11 نمونے امتحانی سوالات : (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. صِفْ نَظَافَةَ خَالِدٍ فِيْ سَطْرَيْنِ ؟
2. كَيْفَ يَقْضِيْ خَالِدٌ وَقْتَهُ فِيْ الصَّبَاحِ فِيْ بَيْتِهِ؟
3. مَاذَا يَعْمَلُ خَالِدٌ فِيْ الْمَدْرَسَةِ ؟
4. أَذْكُرْ بَعْضَ الصِّفَاتِ الَّتِيْ جَعَلَتْ خَالِدًا مَحْبُوْبًا عِنْدَ الْجَمِيْعِ۔
5. كَيْفَ يَكُوْنُ خَالِدٌ نَشِيْطًا يَوْمَ الْإِجَازَةِ؟
6. مَاذَا يُجَهِّزَاهُ وَالِدَا خَالِدٍ لَهُ لِلرِّحْلَةِ التَّرْفِيْهِيَّةِ؟

•••

الدرس الخامس عشر

سبق-15

التّلوّث بين المشاكل والحلول

15.1 تمہید (التمهيد)

15.2 مقصد (الهدف)

15.3 متن (المتن)

15.4 حل لغات (حل اللّغات)

15.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

15.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

15.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

15.8 قواعد (القواعد)

15.9 مشقیں (تدریبات)

15.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

15.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلتَّلَوُّثُ بَيْنَ الْمَشَاكِلِ وَالْحُلُوْلِ

آلودگی مشکلات اور حل

15.1 تمہید (التمهيد) :

موجودہ زمانے کی صنعتیں اور دیگر انسانی ترقی کے ذرائع اور وسائل حمل ونقل سے ایک طرف اگر انسانی زندگی آسان اور پرتعیش ہوگئی ہے، تو دوسری طرف شہری فضائی ماحول میں بہت ساری تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں، مختلف آلودگیوں نے انسانی زندگی کے لئے مسائل پیدا کردیئے ہیں جس کے اثرات صحت عامہ پر مرتب ہورہے ہیں۔ فضا میں آلودگی چاہے کسی ذریعہ سے ہو ہمارے لئے نقصان دہ ہے۔

آلودگی دراصل پٹرولیم مٹیریئل یا دیگر کیمیائی اشیاء سے اٹھنے والی کیفیت یا مختلف توانائیوں میں اضافہ کے سبب ماحول کو متاثر کرنے والی حالت ہے۔ آلودگی کئی طرح کی ہوتی ہے: آبی، ارضی، شوری، صوتی وغیرہ۔ اس سبق میں آلودگی کے اقسام، اس سے پیدا ہونے والے مسائل اور ضروری حل کو بیان کیا جائے گا، تاکہ طالب علم آلودگی کے خطرات سے آشنا ہوکر بچاؤ کی تدبیر اختیار کرسکے۔

15.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں انسانی ماحول میں پیدا ہونے والی مختلف آلودگیوں اور اس سے بچاؤ کی تدبیر کو اجاگر کیا جائے گا، نیز قواعد میں حروف استفہام اور جار مجرور کی مشق کرائی جائے گی، جس سے استفہامیہ جملے، اور جار مجرور والے جملے سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

15.3 متن (المتن) :

اَلتَّلَوُّثُ هُوَ ارْتِفَاعُ كَمِّيَّةِ بَعْضِ الْمَوَادِّ الْغَازِيَةِ أَوِ السَّائِلَةِ أَوِ الصَّلْبَةِ أَوْ إِضَافَةُ أَحَدِ أَشْكَالِ الطَّاقَاتِ الصَّوْتِيَةِ وَالْحَرَارِيَّةِ وَالضَّوْئِيَّةِ وَغَيْرِهَا دَاخِلَ الْبِيئَةِ۔

اَلْاِخْتِرَاعَاتُ الْحَدِيْثَةُ وَ إِنْ حَقَّقَتْ نَجَاحًا كَبِيْرًا فِيْ تَطْوِيْرِ الْحَيَاةِ الْإِنْسَانِيَّةِ وَلٰكِنْ هَلْ فَكَّرْنَا أَنَّهَا تُشَكِّلُ خَطَرًا عَظِيْمًا لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ بِإِحْدَاثِ التَّلَوُّثِ بِأَنْوَاعِهِ؟ هٰذَا التَّلَوُّثُ يَكُوْنُ لَهُ تَأْثِيْرٌ سَلْبِيٌّ عَلَى الصِّحَّةِ الْعَامَّةِ لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ وَخَاصَّةِ الْإِنْسَانِ، وَلِلتَّلَوُّثِ أَنْوَاعٌ عَدِيْدَةٌ : تَلَوُّثُ الْمِيَاهِ، وَتَلَوُّثُ التُّرْبَةِ، وَتَلَوُّثُ الضَّوْءِ ، وَتَلَوُّثُ الضَّوْضَاءِ، وَتَلَوُّثُ الْهَوَاءِ۔

أَمَّا تَلَوُّثُ الْمِيَاهِ فَيَحْدُثُ بِإِضَافَةِ الْمَوَادِّ الْكِيْمِيَائِيَّةِ ، وَهِيَ الْمَعَادِنُ الثَّقِيْلَةُ كَالرَّصَاصِ وَغَيْرِهَا وَالْمُبِيْدَاتُ وَالْأَسْمِدَةُ الزِّرَاعِيَّةُ الَّتِيْ تَنْتَقِلُ عَنْ طَرِيْقِ الْجَرَيَانِ السَّطْحِيِّ لِلْمِيَاهِ وَالْمُخَلَّفَاتُ الْكِيْمِيَائِيَّةُ وَالصِّنَاعِيَّةُ وَالْمُخَلَّفَاتُ النَّاتِجَةُ عَنْ مُعَالَجَةِ إِنْتَاجِ الْأَغْذِيَةِ۔

وَتَلَوُّثُ التُّرْبَةِ هُوَ ارْتِفَاعُ نِسْبَةِ الْمَوَادِّ الْكِيْمِيَائِيَّةِ فِيْ التُّرْبَةِ أَوْ وُجُوْدُ مَوَادٍ غَرِيْبَةٍ لَاصِلَةَ لَهَا بِهَا۔ وَهٰذَا التَّلَوُّثُ خَطَرٌ عَلَى الْبِيْئَةِ لِأَنَّهُ لَايُرَى بِالْعَيْنِ مُبَاشَرَةً۔

وَتَلَوُّثُ الْهَوَاءِ يَحْدُثُ بِإِضَافَةِ بَعْضِ الْمُلَوِّثَاتِ مِثْلَ الْمَوَادِّ الْبَيُوْلُوْجِيَّةِ أَوِ الْمَوَادِّ الْمُعَلَّقَةِ الَّتِيْ تُؤَثِّرُ عَلٰى حَيَاةِ الْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ سَلْبِيًّا۔ وَقَدْ يَحْدُثُ مِنْ بَعْضِ الْأَنْشِطَةِ الْبَشَرِيَّةِ ، وَهٰذَا التَّلَوُّثُ قَدْ يُسَبِّبُ بَعْضَ الْأَمْرَاضِ وَقَدْ يُؤَدِّيْ إِلَى الْوَفَاةِ بَعْضَ الْأَحْيَانِ۔

وَتَلَوُّثُ الضَّوْضَاءِ قَدْ يُسَمَّى التَّلَوُّثُ السَّمْعِيُّ ، وَهُوَ يَشْتَمِلُ عَلٰى جَمِيْعِ مَصَادِرِ الْأَصْوَاتِ الْمُرْتَفِعَةِ غَيْرِ الْمَرْغُوْبِ بِهَا، وَيُسَبِّبُ هٰذَا التَّلَوُّثُ عَدِيْدًا مِنَ الْأَضْرَارِ لِلْجِهَازِ السَّمْعِيِّ وَضُعْفِ السَّمْعِ وَارْتِفَاعِ ضَغْطِ الدَّمِ، وَالصُّدَاعِ ، وَاضْطِرَابَاتِ النَّوْمِ، وَأَهَمُّ مَصَادِرِ التَّلَوُّثِ السَّمْعِيِّ الْإِنْفِجَارَاتُ، وَالْآلَاتُ الْمَوْسِيْقِيَّةُ وَ وَسَائِلُ النَّقْلِ الْمُخْتَلِفَةُ مِثْلُ: الشَّاحِنَاتِ، وَالطَّائِرَاتِ وَالْحَافِلَاتِ وَغَيْرِهَا۔

والتَّلَوُّثُ الضَّوْئِيُّ يَعُمُّ جَمِيْعَ مَصَادِرِ الْإِضَاءَةِ الْإِصْطِنَاعِيَّةِ الضَّارَّةِ وَهٰذَا التَّلَوُّثُ يَنْقَسِمُ إِلٰى أَرْبَعَةِ أَقْسَامٍ :

1. اَلْوَهْجُ ، وَهُوَ الْإِضَاءَةُ الَّتِيْ تُسَبِّبُ إِزْعَاجَ الْعَيْنِ عِنْدَ الرُّؤْيَةِ۔
2. اَلْوَهْجُ السَّمَائِيُّ ۔

وَهُوَ سُطُوْعُ السَّمَاءِ بِالْأَضْوَاءِ فِي اللَّيْلِ فَوْقَ الْمَنَاطِقِ السَّكَنِيَّةِ۔

3. اَلتَّشْتِيْتُ الضَّوْئِيُّ
4. اَلتَّعَدِّيُّ الضَّوْئِيُّ۔

وَالْحَقُّ أَنَّ جَمِيْعَ أَنْوَاعِ التَّلَوُّثِ مَوْجُوْدَةٌ فِيْ بِيْئَتِنَا لِأَنَّنَا نَعِيْشُ فِيْ عَصْرِ التَّقَدُّمِ عَصْرِ الصِّنَاعَةِ وَالتِّكْنُوْلُوْجِيَا۔ أَلَيْسَ وَاجِبًا عَلَيْنَا أَنْ نَعْرِفَ الْحُلُوْلَ لِهٰذِهِ الْمُشْكِلَاتِ الَّتِيْ نَتَجَتْ فِيْ بِيْئَتِنَا بِسَبَبِ التَّلَوُّثِ؟

وَبَعْضَ الْحُلُوْلِ الَّتِيْ يَجِبُ عَلَيْنَا اتِّخَاذُهَا لِتَخْفِيْفِ أَضْرَارِ التَّلَوُّثِ هِيَ:

1. إِنْشَاءُ الْمُدُنِ الْخَضْرَاءِ۔
2. إِسْتِعْمَالُ مُبِيْدَاتٍ حَشَرِيَّةٍ بِأَقَلَّ كَمِيَّةٍ۔

3. مُعَالَجَةُ مُخَلَّفَاتِ الْحَيْوَانَاتِ۔
4. اَلتَّقْلِيْلُ مِنْ شِرَاءِ الْبَضَائِعِ ذَاتِ التَّغْلِيْفِ الشَّدِيْدِ۔
5. اَلتَّقْلِيْلُ مِنْ اسْتِعْمَالِ الْأَكْيَاسِ الْمُضِرَّةِ۔
6. تَقْلِيْلُ اسْتِعْمَالِ الْبَلَاسِتِيْكِ۔
7. تَقْلِيْلُ الضَّوْضَاءِ النَّاتِجَةِ عَنْ وَسَائِلِ النَّقْلِ، وَتَخْفِيْفُ الْأَصْوَاتِ إِلٰى حَدٍّ لَا بُدَّ مِنْهُ۔
8. اِسْتِخْدَامُ كَابِيْنَاتٍ عَازِلَةٍ لِلصَّوْتِ۔
9. زِرَاعَةُ الْأَشْجَارِ أَمَامَ الْمَبَانِيْ وَفِيْ بَعْضِ الْمَنَاطِقِ وَالطُّرُقِ۔
10. تَقْلِيْلٌ عَلٰى تَرْكِيْزِ الْإِضَاءَةِ فِيْ الْمَكَانِ الْمُرَادِ إِنَارَتُهُ۔
11. إِطْفَاءُ الْأَنْوَارِ فِيْ النَّهَارِ وَاسْتِعْمَالُهَا فَقَطْ فِيْ اللَّيْلِ۔
12. تَثْبِيْتُ ضَوْءٍ أَحْمَرَ عِنْدَ التَّحَرُّكِ أَثْنَاءَ اللَّيْلِ لِلذِّهَابِ إِلَى الثَّلَّاجَةِ أَوِ الْحَمَّامِ مَثَلًا۔

بِإِسْتِخْدَامِ هٰذِهِ الطُّرُقِ الْإِحْتِيَاطِيَّةِ نَسْتَطِيْعُ التَّخْفِيْفَ فِيْ أَضْرَارِ التَّلَوُّثِ فِيْ الْبِيْئَةِ۔

15.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	اَلتَّلَوُّثُ	جمع	اَلتَّلَوُّثَاتُ	آلودگی
2.	كَمِّيَّةٌ	جمع	كَمِّيَّاتٌ	مقدار
3.	اَلْغَازِيَّةُ			پٹرولیم، گیس والی

4.	اَلسَّائِلَةُ	سیال
5.	اَلصَّلْبَةُ	سخت
6.	اَلصَّوْتِيَّةُ	آواز والی
7.	اَلْحَرَارِيَّةُ	گرمی والی
8.	اَلضَّوْئِيَّةُ	روشنی والی
9.	بِيْئَةٌ جمع بِيْئَاتٌ	ماحول
10.	اَلْإِخْتِرَاعَاتُ الْحَدِيْثَةُ	نئی ایجادات
11.	تُشَكِّلُ ـ شَكَّلَ ، يُشَكِّلُ	پیدا کرنا
12.	إِحْدَاثٌ ـ أَحْدَثَ ، يُحْدِثُ	پیدا کرنا
13.	سَلْبِيٌّ	منفی
14.	اَلرَّصَاصُ	سیسہ
15.	اَلْمُبِيْدَاتُ واحد اَلْمُبِيْدَةُ	مہلک، جان لیوا (کیڑے مار ادویات)
16.	أَسْمِدَةٌ واحد سِمَادٌ	کھاد
17.	مُخَلَّفَاتٌ واحد مُخَلَّفَةٌ	متروکہ اشیاء، فضلات
18.	إِنْتَاجٌ	پیداوار
19.	اَلْأَغْذِيَةُ واحد غِذَاءٌ	غذا
20.	تُرْبَةٌ جمع تُرَبٌ	مٹی، زمین
21.	نِسْبَةٌ	تناسب
22.	غَرِيْبَةٌ جمع غَرَائِبُ	اجنبی، نیا

.23	مُبَاشَرَةً		بلاواسطہ
.24	مُلَوِّثَات واحد	مُلَوِّثَةٌ	آلودگی پیدا کرنے والا
.25	اَلْمَوَادُ الْبَيُولُوجِيَّة		حیاتیاتی مواد
.26	اَلْمَوَادُ الْمُعَلَّقَةُ		ذرات
.27	أَنْشِطَةٌ واحد	نَشَاطٌ	سرگرمی، سرگرمیاں
.28	يُسَبَّبُ۔ سَبَّبَ	يُسَبَّبُ	ذریعہ یا سبب بنا
.29	أَحْيَانٌ واحد	حِيْنٌ	وقت
.30	اَلضَّوْضَاءُ		شوروغل
.31	أَصْوَاتٌ واحد	صَوْتٌ	آواز
.32	أَضْرَارٌ واحد	ضَرَرٌ	نقصانات
.33	جِهَازٌ جمع	أَجْهِزَةٌ	نظام، سامان
.34	ضَغْطُ الدَّمِ		بلڈ پریشر
.35	اَلصُّدَاعُ		سرکا درد
.36	اَلْإِنْفِجَارَاتُ		دھماکے
.37	شَاحِنَاتٌ واحد	شَاحِنَةٌ	لاری،ٹرک
.38	حَافِلَاتٌ واحد	حَافِلَةٌ	بس
.39	اَلتَّلَوُّثُ الضَّوئِيُّ		روشنی کی آلودگی
.40	اَلْوَهْجُ		چکاچوند، تیز روشنی

41.	اَلْإِضَاءَةُ	روشنی
42.	اَلتَّشْتِيتُ الضَّوْئِيُّ	بکھیرنے والی روشنی
43.	اَلتَّعَدِّيُ الضَّوْئِيُّ	روشنی کی زیادتی
44.	وَاجَهْتَ۔ وَاجَهَ يُوَاجِهُ مُوَاجَهَةً	سامنا کرنا
45.	اَلتَّقَدُّمُ	ترقی
46.	إِنْشاءٌ	بنانا
47.	مُبِيْدَاتٌ حَشَرِيَّةٌ	کیڑے مار دوائیں
48.	مُعَالَجَةٌ	حل نکالنا
49.	اَلتَّقْلِيْلُ	کم کرنا
50.	أَكْيَاسٌ واحد كِيْسٌ	تھیلا
51.	كَابِيْنَاتٌ واحد كَابِيْنَةٌ	کیبن
52.	عَازِلَةٌ	الگ، دور
53.	تَرْكِيْزٌ	زور دینا، فوکس کرنا
54.	إِنَارَةٌ	اُجالا کرنا، روشن کرنا
55.	إِطْفَاءٌ	بجھانا
56.	أَنْوَارٌ واحد نُوْرٌ	روشنی
57.	تَثْبِيْتٌ	لگانا
58.	مُعْتَمَّةٌ	مدھم، ہلکی روشنی

15.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

آلودگی درحقیقت ماحول میں بعض گیس والے یا مائع یا سخت مواد کی مقدار کا اوپر اٹھنا یا صوتی اور گرمی اور شور وشغب والی طاقتوں میں سے کسی ایک کی شکل کا بڑھ جانا ہے۔

جدید ایجادات نے اگرچہ انسانی زندگی کی ترقی میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے لیکن کیا ہم نے غور کیا کہ اس نے آلودگی کی مختلف شکلوں کو پیدا کر کے جاندار مخلوقات کے لئے بڑا خطرہ بھی پیدا کر دیا ہے؟

اس آلودگی کا جاندار مخلوقات اور خاص طور سے انسان کی عام صحت پر منفی اثر ہوتا ہے، آلودگی کی کئی اقسام ہیں جیسے پانی کی آلودگی، مٹی کی آلودگی، روشنی کی آلودگی، شعور وشغب کی آلودگی، فضائی آلودگی۔

پانی کی آلودگی، کیمیائی مواد کے اضافہ سے پیدا ہوتی ہے، اور یہ مواد بھاری معدنیات ہیں، جیسے سیسہ وغیرہ اور وہ کیڑے مار دوائیں اور زراعت کی کھادیں جو پانی کے سطحی بہاؤ کے ذریعہ منتقل ہوتی ہیں، اور صنعتی کیمیائی فضلات ہیں اور وہ فضلات جو غذا کی تیاری سے نمٹنے سے وجود میں آتے ہیں۔

مٹی کی آلودگی دراصل مٹی میں کیمیائی مواد کے تناسب کا بڑھ جانا ہے، یا پھر نئے قسم کے مواد کا پایا جانا ہے، جس کا مٹی سے تعلق نہیں ہے، اور یہ آلودگی ماحول کے لئے اس لئے خطرناک ہے کیونکہ براہ راست آنکھ سے یہ نظر نہیں آتی۔

فضائی آلودگی، بعض آلودگی پیدا کرنے والی چیزوں کے اضافہ سے پیدا ہوتی ہے، جیسے حیاتیاتی مواد یا وہ ذرات جو جاندار مخلوقات کی زندگی پر منفی اثرات پیدا کرتے ہیں، اور بعض دفعہ یہ آلودگی بعض انسانی سرگرمیوں سے بھی پیدا ہوتی ہے، اور یہ آلودگی بعض امراض کی موجب بنتی ہے، بسا اوقات تو موت تک پہنچا دیتی ہے۔

شور وشغف کی آلودگی کا دوسرا نام سماعت کی آلودگی بھی ہے، اس ضمن میں ناپسندیدہ اونچی آواز کے تمام ذرائع شامل ہیں۔ یہ آلودگی نظام سماعت، سماعت کی کمزوری، بلڈ پریشر کا بڑھ جانا، سر کا درد، اور نیند کی پریشانیوں جیسے کئی نقصانات کا سبب بنتی ہے، سماعتی آلودگی کے اہم ذرائع یہ ہیں، دھماکے، موسیقی آلات، مختلف وسائل نقل جیسے لاریاں، ہوائی جہاز، اور بسیں وغیرہ۔

اور روشنی کی آلودگی میں مصنوعی نقصان دہ روشنی کے تمام ذرائع شامل ہیں، یہ آلودگی چار اقسام کی ہوتی ہے۔

1. چکاچوند کردینے والی روشنی یہ روشنی دیکھتے وقت آنکھ میں اضطراب کا ذریعہ بنتی ہے۔
2. آسمانی چکاچوند روشنی: وہ رات میں رہائشی علاقوں کے اوپر آسمان میں پھیلی ہوئی جگمگاتی روشنیاں ہیں۔
3. بکھرنے والی روشنی۔
4. روشنی کی زیادتی-

سچ یہ ہے کہ ہمارے ماحول میں آلودگی کی تمام اقسام موجود ہیں، ہم ترقی کے زمانے میں زندگی گذار رہے ہیں، صنعتی اور ٹیکنالوجی کے زمانے میں کیا یہ ہماری ذمہ داری نہیں ہے کہ ہم ان مشکلات کا حل جانیں جو آلودگی کی وجہ سے ہمارے ماحول میں پیدا ہوگئی ہیں؟

آلودگی کے نقصانات کو کم کرنے کے لئے بعض وہ حل جنہیں اختیار کرنا ہمارے لئے ضروری ہے، وہ یہ ہیں:

1. ہرے شہر آباد کرنا۔
2. کیڑے مار ادویہ کا کم مقدار میں استعمال کرنا۔
3. جانوروں کے فضلات کا حل نکالنا۔
4. دبیز کوروالے سامان کو کم سے کم خریدنا۔

5. نقصاندہ تھیلوں کا کم استعمال کرنا۔
6. پلاسٹک کا کم استعمال کرنا۔
7. ذرائع نقل سے پیدا ہونے والے شور کو کم کرنا، اور آواز ضروری حد تک ہلکی کر دینا۔
8. آواز سے الگ کیبن کا استعمال۔
9. گھروں کے سامنے اور بعض علاقوں، راستوں پر شجر کاری کرنا۔
10. جس جگہ روشنی کی ضرورت ہے، اس میں روشنی کا فوکس کم کرنا۔
11. دن میں لائٹ بجھا دینا، صرف رات میں اس کا استعمال کرنا۔
12. رات کے وقت فریج یا باتھ روم وغیرہ جانے کے لئے لال روشنی کا استعمال۔

ان احتیاطی طریقوں کو استعمال کر کے ہم ماحول میں آلودگی کے نقصانات کو کم کر سکتے ہیں۔

15.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (ألأسئلة) :

1. مَا هُوَ تَأْثِيْرُ التَّلَوُّثِ عَلَى الْحَيَاةِ الْإِنْسَانِيَّةِ؟
آلودگی کا انسانی زندگی پر کیا اثر ہوتا ہے؟
2. مَا هِيَ أَهَمُّ مَصَادِرِ التَّلَوُّثِ السَّمْعِيِّ؟
سماعت کی آلودگی کے اہم ذرائع کیا ہیں؟
3. كَمْ قِسْمًا لِلتَّلَوُّثِ الضَّوْئِيُّ؟
روشنی کی آلودگی کی کتنی قسمیں ہیں؟
4. مَا هِيَ بَعْضُ حُلُوْلِ مُشْكِلَاتِ التَّلَوُّثِ؟
آلودگی کی مشکلات کے بعض حل کیا ہیں؟

5. مَاذَا نَسْتَفِيدُ بِاسْتِخْدَامِ الطُّرُقِ الْإِحْتِيَاطِيَّةِ؟

احتیاطی طریقوں کو استعمال کرنے سے ہمیں کیا فائدہ ہوگا؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. يَكُوْنُ لِلتَّلَوُّثِ تَأْثِيْرٌ سَلْبِيٌّ عَلَى الصِّحَّةِ الْعَامَّةِ لِلْحَيَاةِ الْإِنْسَانِيَّةِ۔

آلودگی کا انسانی زندگی کے صحت عامہ پر منفی اثر ہوتا ہے۔

2. اَلْاِنْفِجَارَاتُ ، اَلْاٰلَاتُ الْمُوْسِيْقِيَّةُ ، وَسَائِلُ النَّقْلِ الْمُخْتَلِفَةُ۔

دھماکے موسیقی آلات، مختلف وسائل نقل وحمل۔

3. أَرْبَعَةُ أَقْسَامٍ ، اَلْوَهْجُ ، اَلْوَهْجُ السَّمَائِيُّ ، اَلتَّشْتِيْتُ الضَّوْئِيُّ ، اَلتَّعَدِّيْ الضَّوْئِيُّ۔

چار قسمیں ہیں، چکاچوند کردینے والی روشنی، آسمانی چکاچوند روشنی، بکھرنے والی روشنی، روشنی کی زیادتی

4. وَهِيَ كَثِيْرَةٌ مِثْلُ إِنْشَاءُ الْمُدُنِ الْخَضْرَاءِ ، تَقْلِيْلُ اسْتِعْمَالِ الْبَلَاسْتِيْكِ ، زِرَاعَةُ الْأَشْجَارِ وَغَيْرِهَا۔

اور وہ بہت ہیں جیسے ہرے شہر آباد کرنا، پلاسٹک کا کم استعمال، شجر کاری وغیرہ۔

5. نَسْتَطِيْعُ التَّخْفِيْفَ فِيْ أَضْرَارِ التَّلَوُّثِ فِي الْبِيْئَةِ۔

ماحول میں آلودگی کے نقصانات کو ہم کم کرسکتے ہیں۔

15.7 خلاصہ سبق: (ملخص الدرس) :

اَلتَّلَوُّثُ يَحْدُثُ فِيْ الْبِيْئَةِ بِالتَّصَرُّفِ الزَّائِدِ فِيْ بَعْضِ الْمَوَادِ أَوِ الطَّاقَاتِ ، وَلَهُ أَقْسَامٌ عَدِيْدَةٌ كَتَلَوُّثِ الْمِيَاهِ ، وَتَلَوُّثِ التُّرْبَةِ ، وَتَلَوُّثِ الضَّوْءِ ، وَتَلَوُّثِ الضَّوْضَاءِ ،

وَتَلَوُّثِ الْهَوَاءِ، وَكُلُّ هٰذِهِ الْأَنْوَاعِ لَهَا تَأْثِيْرٌ سَلْبِيٌّ فِيْ الصِّحَّةِ الْعَامَّةِ لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ۔

وَلِذَا يَجِبُ عَلَيْنَا إِتِّخَاذُ بَعْضِ الْحِيطَةِ فِيْ اسْتِخْدَامِ الْمَوادِّ الْكِيْمِيَائِيَّةِ وَاخْتِيَارِ بَعْضِ الْأَعْمَالِ لِلتَّخْفِيفِ فِيْ أَضْرَارِ التَّلَوُّثِ فِيْ الْبِيْئَةِ . أَمْثَالُ التَّقْلِيْلِ مِنْ اسْتِعْمَالِ الْأَكْيَاسِ الْمُضِرَّةِ وَ إِطْفَاءِ الْأَنْوَارِ فِيْ وَقْتٍ لَا حَاجَةَ إِلَيْهَا وَ إِنْشَاءِ الْمُدُنِ الْخَضْرَاءِ وَزِرَاعَةِ الْأَشْجَارِ وَمَا إِلٰى ذٰلِكَ۔

بعض مواد اور توانائیوں میں زائد تصرف کی وجہ سے ماحول میں آلودگی پیدا ہوتی ہے، آلودگی کی کئی اقسام ہیں جیسے پانی کی آلودگی، مٹی کی آلودگی، روشنی کی آلودگی، شور کی آلودگی، ہوا کی آلودگی، ان تمام قسموں کا جاندار مخلوقات کی صحت عامہ پر منفی اثر ہوتا ہے۔

چنانچہ ہمارے لئے ضروری ہے کہ کیمیاوی مواد کو استعمال کرنے میں بعض احتیاط برتیں اور بعض کام انجام دیں تاکہ ماحول میں آلودگی کے نقصانات کم ہوں، جیسے نقصان دہ تھیلوں کا کم استعمال کرنا، اور ضرورت نہ ہونے پر لائٹ بجھا دینا اور ہرے بھرے شہروں کو بسانا اور شجر کاری وغیرہ۔

15.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد : (قواعد الدرس) :

جَاءَ فِيْ هَذَا الدَّرْسِ حَرْفَا الْاِسْتِفْهَامِ وَالْجَارُ وَالْمَجْرُوْرُ۔ وَلِلْاِسْتِفْهَامِ حَرْفَانِ: اَلْهَمْزَةُ وَهَلْ ، وَلَهُمَا صَدْرُ الْكَلَامِ ، تَدْخُلَانِ عَلَى الْجُمْلَةِ الفِعْلِيَّةِ وَالْجُمْلَةِ الْاِسْمِيَّةِ، وَفِيْ بَعْضِ الصُّوَرِ تَأْتِي الْهَمْزَةُ دُوْنَ هَلْ۔

وَالْجَارُّ وَالْمَجْرُوْرُ يَعْنِيْ أَنَّ حَرْفَ الْجَرِّ يَدْخُلُ عَلَى الْاِسْمِ فَيُسَمَّى الْحَرْفُ جَارًّا وَالْاِسْمُ مَجْرُوْرًا۔

اس سبق میں حروف استفہام کا استعمال ہوا ہے اور جار مجرور کا بھی۔ حروف استفہام دو ہیں،

ہمزہ، اور ھل یہ دونوں جملہ کے شروع میں آتے ہیں، اور جملہ فعلیہ، جملہ اسمیہ دونوں پر داخل ہوتے ہیں، بعض صورتوں میں صرف ہمزہ آتا ہے، ھل نہیں آتا۔

اور جار ومجرور کا مطلب یہ ہے کہ جر دینے والا کوئی حرف اسم پر آتا ہے تو اس حرف کو جار کہتے ہیں اور اسم کو مجرور کہا جاتا ہے۔

مثالیں (اَلْأَمْثِلَةُ) :

هَلْ فَكَّرْنَا أَنَّهَا تُشَكِّلُ خَطَرًا عَظِيمًا

حرف استفہام جملہ فعلیہ

أَلَيْسَ وَاجِبًا عَلَيْنَا أَنْ نَعْرِفَ الْحُلُوْلَ

حرف استفہام جملہ فعلیہ

نَعِيْشُ فِيْ عَصْرِ التَّقَدُّمِ

حرف جار مجرور

وَلِلتَّلَوُّثِ أَنْوَاعٌ عَدِيْدَةٌ

حرف جار مجرور

15.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَاذَا يُضِرُّ التَّلَوُّثَ فِيْ حَيَاةِ الْإِنْسَانِ؟

آلودگی انسانی زندگی کو کیسے متاثر کرتی ہے؟

2. كَيْفَ يَحْدُثُ التَّلَوُّثُ فِيْ الْبِيْئَةِ؟

ماحول میں آلودگی کیسے ہوتی ہے۔

3. أَيُّ تَلَوُّثٍ أَخْطَرُ عَلٰى حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَالْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ؟

وہ کونسی آلودگی ہے جو انسانی زندگی اور جانداروں کے لئے زیادہ خطرناک ہے۔

4. مَا هِيَ بَعْضُ أَضْرَارِ تَلَوُّثِ الضَّوْضَاءِ؟

شوری آلودگی کے چند نقصانات بتائیں؟

5. كَيْفَ نَحُلُّ مُشْكِلَاتِ التَّلَوُّثِ؟

آلودگی کے مسائل کو کیسے حل کیا جاسکتا ہے۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. اَلتَّلَوُّثُ يُضِرُّ الصِّحَّةَ الْعَامَّةَ لِلْإِنْسَانِ وَالْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ۔

آلودگی انسانوں اور جانداروں کی عام صحت کو نقصان پہنچاتی ہے۔

2. يَحْدُثُ بِارْتِفَاعِ كَمِيَّةِ بَعْضِ الْمَوَادِّ أَوْ إِضَافَةِ بَعْضِ الطَّاقَاتِ۔

بعض مواد کی مقدار کے اوپر اُٹھنے اور بعض طاقتوں کے اضافہ سے ہوتی ہے۔

3. اَلتَّلَوُّثُ بِأَنْوَاعِهِ كُلِّهَا خَطَرٌ عَلٰى حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَالْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ۔

آلودگی کی وہ تمام شکلیں انسانی زندگی اور جاندار مخلوقات کے لئے خطرہ ہے۔

4. أَضْرَارٌ لِلْجِهَازِ السَّمْعِيِّ وَضُعْفِ السَّمْعِ وَارْتِفَاعِ ضَغْطِ الدَّمِ، وَالصُّدَاعِ۔

یہ نظام سماعت، سماعت کی کمزوری، بلڈ پریشر کا بڑھ جانا اور سر کے درد کا سبب بنتی ہے۔

5. نَحُلُّ مُشْكِلَاتِ التَّلَوُّثِ بِاخْتِيَارِ بَعْضِ الطُّرُقِ الْاِحْتِيَاطِيَّةِ أَثْنَاءَ التَّعَامُلِ مَعَ بَعْضِ الْمَوَادِّ وَالطَّاقَاتِ۔

چند احتیاطی تدابیر کو اختیار کر کے ہم آلودگی کے مسائل کو حل کرتے ہیں۔

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. اَلْمَعَادِنُ الثَّقِيْلَةُ	ا۔ مُبَاشَرَةً
2. هٰذَا التَّلَوُّثُ قَدْ يُسَبِّبُ	ب۔ البلاستيك
3. تَقْلِيْلُ اِسْتِعْمَالِ	ج۔ بعض الأمراض
4. إِنْشَاءُ الْمُدُنِ	د۔ كالرصاص
5. لَا يُرٰى بِالعَيْنِ	ھ۔ الخضراء

اِمْلَإِ الْفَرَاغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. هٰذَا التَّلَوُّثُ ---------- عَلَى الْبِيْئَةِ۔
2. وَ هٰذَا التَّلَوُّثُ ---------- إِلٰى أَرْبَعَةِ أَقْسَامٍ۔
3. أَلَيْسَ وَاجِبًا عَلَيْنَا أَنْ نَّعْرِفَ ----------
4. اِسْتِخْدَامُ ---------- عَاذِلَةً لِلصَّوْتِ۔
5. ---------- قَدْ يُسَمّٰى التَّلَوُّثُ السمعي۔

(ينقسم ۔ الحلول۔ تلوث ۔ الضوضاء، خطر۔ كابينات)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْاٰتِيَةِ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. اَلتَّلَوُّثُ هِيَ اِنْخِفَاضُ كَمِّيَّةِ بَعْضِ الْمَوَادِّ۔
2. إِنَّ يَحْدُثُ مِنْ بَعْضِ الْأَنْشِطَةِ الهَوَائِيَّة۔
3. وَ يُسَبِّبُ تَلَوُّثُ الضَّوْضَاءِ عَدِيْدًا مِنْ مَرَضٍ لِلْجِهَازِ الْبَصَرِيْ۔

4. إِنَّنَا اَعِيْشُ فِيْ عَصْرِ التَّقَدُّمِ۔
5. بِاِسْتِخْدَامِ هٰذِهِ الطُّرُقِ نَسْتَطِيْعُ الْقَضَاءِ لِاضْرَارِ التَّلَوُّثِ۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

والحق أن جميع أنواع التلوث موجودةفي بيتنا، لأننا نعيش في عصر التقدم عصر الصناعة والتكنولوجيا، أليس واجبا علينا أن نعرف الحلول لهذه المشكلات التي نتجت في بيئتنا بسبب التلوث ؟

(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔

عين في الاقتباس الآتي حرف الاستفهام والجار والمجرور :

أليس واجبا علينا أن نعرف الحلول لهذه المشكلات التي نتجت في بيئتنا بسبب التلوث؟

15.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا:(ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

1. اَلتَّلَوُّثُ خَطَرٌ عَلَى الصِّحَّةِ الْعَامَّةِ لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ۔
2. لِلتَّلَوُّثِ أَنْوَاعٌ عَدِيْدَةٌ : تَلَوُّثُ الْمِيَاهِ ، وَتَلَوُّثُ التُّرْبَةِ وَتَلَوُّثُ الضَّوضَاءِ وَتَلَوُّثُ الضَّوْءِ، وَتَلَوُّثُ الْهَوَاءِ۔
3. التَلَوُّثُ يَحْدُثُ بِإِضَافَةِ بَعْضِ الْمُلَوِّثَاتِ أَوْ ارْتِفَاعِ كَمِّيَّةِ بِبَعْضِ الْمَوَادِّ أَوْ بِتَصَرُّفَاتٍ مُبَالَغَةٍ مِّنَ الْإِنْسَانِ۔

4. يَسْتَطِيعُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُخَفِّفَ أَضْرَارَ التَّلَوُّثِ بِبَعْضِ الطُّرُقِ الْإِحْتِيَاطِيَّةِ

5. مِنْ أَهَمِّ حُلُولِ الْمُشْكِلَاتِ إِنْشَاءُ الْمُدُنِ الْخَضْرَاءِ وَغَرْسُ الْأَشْجَارِ، وَتَقْلِيلُ اسْتِعْمَالِ الْأَكْيَاسِ الْمُضِرَّةِ وَإِطْفَاءُ الْأَنْوَارِ فِي النَّهَارِ وَمَا إِلَىٰ ذٰلِكَ۔

15.11 نمونے امتحانی سوالات : (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. عَرِّفَ التَّلَوُّث؟

آلودگی کیا چیز ہے؟

2. كَمْ قِسْمًا لِلتَّلَوُّثِ؟

آلودگی کی کتنی قسمیں ہیں؟

3. مَا سَبَبُ خَطَرِ تَلَوُّثِ التُّرْبَةِ عَلَى الْبِيئَةِ؟

مٹی کی آلودگی ماحول کے لئے کیوں خطرناک ہے؟

4. فِيْ أَيِّ قِسْمٍ يُعَدُّ التَّشْتِيتُ الضَّوْئِيُّ؟

بکھرنے والی روشنی کا شمار کس قسم کی آلودگی میں ہوتا ہے؟

5. مَا هِيَ الطُّرُقُ الْإِحْتِيَاطِيَّةُ لِوِقَايَةِ التَّلَوُّثِ؟

آلودگی سے بچنے کے لئے بعض احتیاطی طریقے کیا ہیں؟

•••

الدرس السادس عشر

سبق-16

غرس الأشجار

16.1 تمہید (التمهيد)

16.2 مقصد (الهدف)

16.3 متن (المتن)

16.4 حل لغات (حل اللّغات)

16.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

16.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

16.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

16.8 قواعد (القواعد)

16.9 مشقیں (تدریبات)

16.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

16.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

غَرْسُ الْأَشْجَارِ
شجر کاری (پودے لگانا)

16.1 تمہید (التمهيد) :

اللہ تعالیٰ نے انسان اور حیوانات کی ضروریات کے لئے کائنات میں بہت سی چیزیں پیدا کر رکھی ہیں، بلند بالا پہاڑ جو زمین کی مضبوطی کے باعث ہیں، لمبی چوڑی ندیوں اور کشادہ تالابوں کے ذریعہ زمین کی سیرابی اور پانی کی ضروریات کی تکمیل کی ہے، ہرے بھرے درختوں سے اس کائنات کو گلزار بنایا، یہ درخت خوشگوار آب وہوا کا ذریعہ ہیں، اور اپنے پھلوں، پھولوں، لکڑیوں اور چاروں سے انسان کے ساتھ تمام جاندار مخلوقات کو ضروری فوائد اور غذائیں فراہم کرتے ہیں، ماحول کو بہت ساری آلودگیوں سے بچاتے ہیں، سب کے لئے آکسیجن فراہم کرتے ہیں، اور کاربن ڈائی آکسائڈ کو جذب کرتے ہیں، ان سب کے علاوہ یہ زمین کی زینت ہے جن سے باغات اور غابات آباد وشاداب ہیں، والحمد للہ علی ذلک۔ اس لئے زمین پر زیادہ سے زیادہ درخت ہونا جاندار مخلوقات کے لئے بے حد ضروری ہے۔

اس سبق میں ان تمام باتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے شجر کاری کی ضرورت واہمیت اور فائدوں کو بتایا گیا ہے تاکہ طالب علم شجر کاری کی اہمیت کو جان سکے۔

16.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں شجر کاری کی دینی اور سماجی لحاظ سے اہمیت وضرورت کو اجاگر کیا جائے گا، نیز قواعد میں ضمائر کی مشق کرائی جائے گی، کیونکہ ان کا استعمال عربی زبان میں بہت زیادہ ہے۔

16.3 متن (المتن) :

إِنَّ الْأَشْجَارَ وَسِيْلَةٌ كَبِيْرَةٌ لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ، لِأَنَّهَا تُوَفِّرُ الْأَزْهَارَ، وَالثِّمَارَ وَالْخَشَبَ، وَالْعَلَفَ، وَمِنْ أَكْبَرِ نَفْعِهَا أَنَّهَا ذَرِيْعَةٌ مُهِمَّةٌ لِحِمَايَةِ الْبِيْئَةِ بِإِزَالَةِ التَّلَوُّثِ، وَهِيَ تَجْذِبُ غَازَاتٍ ضَارَّةً مِثْلَ كَارْبُوْنَ دَائِيْ اُكْسَائِدْ، وَتُصْدِرُ اُكْسِيْجَنْ لِسُكَّانِ الْأَرْضِ، كَمَا هِيَ زِيْنَةُ الْأَرْضِ، وَبِهَا تَعْمُرُ الْبَسَاتِيْنُ وَتُجَمَّلُ الشَّوَارِعُ وَالطُّرُقُ۔

وَ لِلْأَشْجَارِ أَقْسَامٌ بَعْضُهَا تُعْطِيْنَا الثِّمَارَ، وَبَعْضُهَا تُوَفِّرُ لَنَا الظِّلَالَ، وَبَعْضُهَا تَهَبُ لَنَا الْأَزْهَارَ، وَبَعْضُهَا ذَاتُ أَلْيَافٍ جَمِيْلَةٍ تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ۔

وَيَحُثُّ الْإِسْلَامُ عَلٰى غَرْسِ الْأَشْجَارِ فِيْ الدُّوْرِ وَالْمَكْتَبَاتِ وَالْمُؤَسَّسَاتِ لِإِنْشَاءِ بِيْئَةٍ جَمِيْلَةٍ كَمَا وَرَدَ الْخَبَرُ عَنْ سَيِّدِ الْخَلَائِقِ وَالْبَشَرِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ مَا دَامَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ أَنَّهُ قَالَ: ''مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيْمَةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ''۔

نَظْرًا إِلٰى أَهَمِّيَّةِ الْأَشْجَارِ وَحِرْصًا عَلَى الْحِفَاظِ عَلَى الْبِيْئَةِ بَدَأَتِ الْحُكُوْمَةُ الْمَرْكَزِيَّةُ وَالْحُكُوْمَةُ الْوِلَائِيَّةُ بَرَامِجَ كَثِيْرَةً مِّنْهَا بَرْنَامِجٌ وِلَائِيٌّ بِاسْمِ ''هَرِيْتَا هَارَمْ'' وَقَامَتْ بِتَنْفِيْذِهِ حُكُوْمَةُ تِلَنْغَانَهْ فِيْ السَّنَوَاتِ الْمَاضِيَةِ۔

فَجَاءَتْ نَتَائِجُ هٰذَا الْبَرْنَامِجِ مُشَجِّعَةً كَمَا اخْضَرَّتْ أَرَاضِيْ تِلَنْغَانَهْ فِيْ الْقُرٰى وَالْمُدُنِ عَلَى السَّوَاءِ۔

فَوَائِدُ الْغَرْسِ :

فَوَائِدُ غَرْسِ الْأَشْجَارِ كَثِيْرَةٌ مِنْهَا:

- مَصْدَرُ غِذَاءٍ لِلْكَائِنَاتِ۔
- مَوْرِدٌ لِبَعْضِ الصِّنَاعَاتِ۔
- تَزْوِيْدُ الْهَوَاءِ بِأُوكْسِيْجَنْ۔
- حِفْظُ رُطُوْبَةِ الْجَوِّ۔
- تَرْسِيْبُ التُّرْبَةِ۔

فَضْلُ الْغَرْسِ فِي الْإِسْلَامِ :

- اَلْغَرْسُ صَدَقَةٌ جَارِيَةٌ۔
- لِلْغَارِسِ الْأَجْرُ وَالثَّوَابُ۔
- اَلْغَرْسُ وَالزَّرْعُ وَإِحْيَاءُ الْأَرْضِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ عِبَادَةٌ۔
- اَلْاِسْتِمْتَاعُ بِالْغَرْسِ فِي الدُّنْيَا ، وَنَيْلُ الْأَجْرِ فِي الْاٰخِرَةِ۔

عِنَايَةُ الْإِسْلَامِ بِالنَّبَاتَاتِ وَالْغَرْسِ :

بَعْدَ مَاعَرَفْنَا فَوَائِدَ النَّبَاتَاتِ وَالْغَرْسِ، فَإِنَّهُ يَنْبَغِيْ أَنْ نَعْرِفَ أَنَّ الْإِسْلَامَ اعْتَنٰى بِهِمَا كَثِيْرًا مِنْ خِلَالِ مَاجَاءَ فِي الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ وَالسُّنَّةِ النَّبَوِيَّةِ مِنْ تَوْجِيْهَاتٍ، لِذَا يَجِبُ عَلٰى كُلِّ طَالِبٍ أَنْ يُبَادِرَ إِلَى الْمُسَاهَمَةِ فِي كُلِّ حَمَلَاتِ التَّشْجِيْرِ۔

- تَقْدِيمُ الدَّعْمِ لِلْفَلَّاحِ فِيْ الْعُطْلَةِ۔
- مُسَاعَدَةُ أَهْلِهِ فِيْ عَمَلِيَّةِ سَقْيِ الْأَصِيْصِ الْمَوْجُوْدِ فِي بَيْتِهِ۔
- اَلتَّفْكِيْرُ فِيْ تَأْسِيْسِ نَادٍ بِيْئِيٍّ دَاخِلَ الْمُؤَسَّسَةِ أَوِ الْمَكْتَبَةِ أَوِ الْمَكْتَبِ۔
- اَلدَّعْوَةُ إِلَى الْعِنَايَةِ بِالْغَرْسِ حَيْثُ أَمَرَنَا الْإِسْلَامُ بِالْمُسَاهَمَةِ فِيْ غَرْسِ الْأَشْجَارِ وَسَائِرِ النَّبَاتَاتِ وَالْأَزْهَارِ وَجَعَلَ كُلَّ مَا يُؤْكَلُ مِنْ ثَمَرِهَا صَدَقَةً لِلْإِنْسَانِ۔
- اَلْأَمْرُ بِالْاِعْتِدَالِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْاِسْرَافِ فَلَا يَأْخُذُ الْإِنْسَانُ مِنَ النَّبَاتَاتِ الْمَغْرُوْسَاتِ إِلَّا مَا يَحْتَاجُهُ۔

16.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	الْأَشْجَارُ	واحد	الشَّجَرُ	درخت
2.	وَسِيْلَةٌ	جمع	وَسَائِلُ	ذریعہ
3.	تُوَفِّرُ۔	وَفَّرَ ، يُوَفِّرُ		فراہم کرنا
4.	الأَزْهَارُ	واحد	الزَّهْرُ	پھول
5.	الثِّمَارُ	واحد	الثَّمَرُ	پھل
6.	خَشَبٌ	جمع	أخشاب	لکڑی
7.	عَلَفٌ	جمع	أعلاف	چارہ
8.	حِمَايَةٌ			حفاظت
9.	اَلتَّلَوُّثُ			آلودگی

.10	تَجْذِبُ۔ جَذَبَ ، يَجْذِبُ	جذب کرنا
.11	غَازَاتٌ ضَارَّةٌ واحد غَازٌ	نقصاندہ گیس
.12	تَعْمُرُ۔ عَمَرَ ، يَعْمُرُ	آباد ہونا
.13	اَلْبَسَاتِيْنُ واحد اَلْبُسْتَانُ	باغ
.14	تَجْمُلُ۔ جَمُلَ ، يَجْمُلُ	خوبصورت ہونا
.15	اَلشَّوَارِعُ واحد اَلشَّارِعُ	سڑک، اسٹریٹ
.16	اَلطُّرُقُ واحد طَرِيْقٌ	روڈ، راستہ
.17	تُعْطِيْ۔ أَعْطَى ، يُعْطِيْ	دینا
.18	اَلظِّلَالُ واحد اَلظِّلُّ	سایہ
.19	تَهَبُ۔ وَهَبَ ، يَهَبُ	دینا
.20	أَلْيَافٌ واحد لِيْفٌ	ریشے، پتّے
.21	تَسُرُّ۔ سَرَّ ، يَسُرُّ	خوش کرنا
.22	يَحُثُّ۔ حَثَّ ، يَحُثُّ + عَلٰى	اُبھارنا، ترغیب دینا
.23	غَرْسٌ۔ غَرَسَ ، يَغْرِسُ	درخت لگانا، پودا لگانا
.24	اَلدُّوْرُ واحد دَارٌ	گھر
.25	اَلْمَكْتَبَاتُ واحد اَلْمَكْتَبَةُ	کتب خانہ
.26	اَلْمُؤَسَّسَاتُ واحد اَلْمُؤَسَّسَةُ	ادارہ
.27	إِنْشَاءٌ	بنانا، پیدا کرنا

.28	بِيْئَةٌ جمع بِيْئَاتٌ	ماحول
.29	مَادَامَتْ	جب تک رہے
.30	يَزْرَعُ۔ زَرَعَ، يَزْرَعُ	بونا، بیج ڈالنا
.31	بَهِيْمَةٌ جمع بَهَائِمُ	چوپایہ
.32	حِرْصٌ	خیال رکھنا، حفاظت کرنا
.33	اَلْحِفَاظُ + على	حفاظت کرنا
.34	اَلْحُكُوْمَةُ الْوِلَائِيَّةُ	صوبائی حکومت
.35	بَرَامِجُ واحد بَرْنَامِجٌ	پروگرام
.36	مُشَجَّعَةٌ	حوصلہ افزا
.37	اِخْضَرَّتْ	ہرا بھرا ہونا
.38	اَلْقُرَىٰ واحد اَلْقَرْيَة	گاؤں
.39	اَلْمُدُنُ واحد اَلْمَدِيْنَة	شہر
.40	عَلَى السَّوَاء	یکساں طور پر
.41	مَصْدَرٌ جمع مَصَادِرُ	ذریعہ، اصل
.42	مَوْرِدٌ جمع مَوَارِدُ	ذریعہ
.43	اَلصِّنَاعَاتُ واحد الصِّنَاعَةُ	صنعتیں
.44	تَزْوِيْدٌ	مہیا کرنا
.45	تَرْسِيْبٌ	جمانا/مضبوط کرنا

46.	اَلْاِسْتِمْتَاعُ	لطف اندوز ہونا
47.	عِنَايَةٌ	توجہ، اہتمام
48.	اعْتَنٰى + بـ	توجہ دینا
49.	تَوْجِيْهَاتٌ واحد تَوجِيْه	ہدایات
50.	يُبَادِرُ۔ بَادَرَ ، يُبَادِرُ	آگے بڑھنا
51.	اَلْمُسَاهَمَةُ	حصہ لینا
52.	حَمَلَاتٌ واحد حَمْلَةٌ	مہم
53.	اَلتَّشْجِيْرُ	شجرکاری
54.	اَلْحَيُّ جمع أَحْيَاءٌ	محلہ
55.	اَلدَّعْمُ	مدد
56.	تَقْدِيْمُ	پیش کرنا
57.	عَمَلِيَّةٌ جمع عَمَلِيَّاتٌ	کام
58.	سَقَي۔ سَقٰى ، يَسْقِيْ	پانی دینا
59.	أَصِيْصٌ جمع اُصُصٌ	گملا
60.	نَادٍ بِيْئِيٌّ جمع نَوَادٍ يٌّ	ماحولیاتی کلب
61.	اَلْمَكْتَبُ جمع اَلْمَكَاتِبُ	آفس
62.	اَلنَّبَاتَاتُ الْمَغْرُوْسَاتُ	لگائے گئے پودے

16.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

درخت، جاندار مخلوقات کے لئے ایک بڑا ذریعہ ہیں، کیونکہ وہ پھولوں، پھلوں اور لکڑی، چارے فراہم کرتے ہیں، ان کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ آلودگی کو ختم کرکے ماحول کی حفاظت کا اہم ذریعہ ہیں اور یہ نقصاندہ گیس جیسے کاربن ڈائی آکسائڈ کو جذب کرتے اور زمین پر بسنے والوں کے لیے آکسیجن فراہم کرتے ہیں، اس کے علاوہ یہ زمین کی زینت ہیں، انہیں سے باغات آباد ہوتے اور سڑکیں اور روڈ خوبصورت ہوتے ہیں۔

درختوں کی کئی قسمیں ہیں، بعض تو ہمیں پھل دیتے ہیں، اور بعض ہمارے لئے سائے فراہم کرتے ہیں اور بعض ہمارے لئے پھول مہیا کرتے ہیں۔ بعض خوبصورت پتے والے ہوتے ہیں جو دیکھنے والوں کو خوش کرتے ہیں۔

خوبصورت ماحول بنانے کے لئے اسلام، گھروں میں، لائبریریوں اور اداروں میں پودے لگانے کی ترغیب دیتا ہے، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث وارد ہے، آپؐ نے فرمایا۔ ''کوئی بھی مسلمان جو پودا لگائے اور بوئے اور اس سے کوئی پرندہ یا انسان یا چوپایہ کھائے تو وہ اس کے لئے صدقہ ہے''۔

درختوں، پودوں کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے اور ماحول کی حفاظت کا خیال رکھتے ہوئے مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے بہت سے پروگرام شروع کئے ہیں، ان میں سے ایک پروگرام ریاستی حکومت کا ہریتا ہارم کے نام سے ہے، جسے تلنگانہ حکومت نے پچھلے چند سالوں سے جاری کررکھا ہے، اس پروگرام کے نتائج حوصلہ افزا ہیں، چنانچہ تلنگانہ کی دیہی اور شہری سبھی زمین یکساں طور پر ہری بھری ہوگئی ہیں۔

شجرکاری کے فائدے:

- شجرکاری کے بہت سے فائدے ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں :
- کائنات کے لئے غذا کا ذریعہ۔
- بعض صنعتوں کے ضرورتوں کی تکمیل۔
- ہوا کو آکسیجن سے مالا مال کرنا۔
- فضا کی رطوبت کی حفاظت۔
- مٹی کو جمانا یا مضبوط کرنا۔

اسلام میں شجرکاری کی فضیلت:

- شجرکاری (پودے لگانا) صدقہ جاریہ ہے۔
- شجرکاری کرنے والے کے لئے اجروثواب ہے۔
- شجرکاری اور زراعت اور زمین کو ایسے زندگی دینا کہ لوگوں کو فائدہ پہنچے عبادت ہے۔
- دنیا میں شجرکاری سے لطف اندوز ہونا اور آخرت میں ثواب حاصل کرنا۔

اسلام میں شجرکاری اور پودوں کا اہتمام:

پودوں کے فوائد جاننے کے بعد یہ بھی جان لینا چاہیے کہ اسلام نے قرآن وحدیث میں آئی ہوئی تعلیمات کے ذریعہ پودوں اور شجرکاری پر خاصی توجہ عنایت کی ہے، اس لئے ہر طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ وہ شجرکاری کی ان تمام مہمات میں مندرجہ ذیل طریقوں سے حصہ لے۔

- چھٹیوں میں کسان کو مدد فراہم کرنا۔
- گھر میں موجود گملے میں پانی دینے کے لئے گھر والوں کا تعاون کرنا۔
- ادارے، لائبریری یا آفس کے اندر ایک ماحولیاتی کلب کے قیام کی سوچ رکھنا۔

- شجرکاری پر توجہ کی طرف راغب کرنا، کیونکہ اسلام نے ہمیں ہر طرح کے درخت اور پودے اور پھولوں کی شجرکاری کا حکم دیا ہے اور ہر وہ چیز جو اس کے پھل وغیرہ میں کھائے جاتے ہیں، انسان کے لئے صدقہ بتایا ہے۔
- اعتدال کا حکم دینا اور اسراف سے منع کرنا۔ تاکہ کوئی بھی انسان بوئے ہوئے پودوں میں وہی لے جس کی اسے ضرورت ہے۔

16.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. كَيْفَ أَصْبَحَتِ الْأَشْجَارُ وَسِيْلَةً كَبِيْرَةً لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ؟

شجرکاری جاندار مخلوقات کے لئے کیسے ایک بڑا ذریعہ ہے؟

2. مَا هِيَ أَقْسَامُ الْأَشْجَارِ مِنْ حَيْثُ إِفَادَتِنَا؟

ہمارے لئے افادہ کی حیثیت سے درختوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

3. مَا هُوَ فَضْلُ غَرْسِ الْأَشْجَارِ كَمَا وَرَدَ فِيْ الْحَدِيْثِ؟

شجرکاری کی حدیث میں کیا فضیلت آئی ہے؟

4. مَا هُوَ بَرْنَامِجُ حُكُوْمَةِ تِلَنْغَانَهْ لِغَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

تلنگانہ کی حکومت نے شجرکاری کے لئے کون سی مہم جاری کر رکھی ہے؟

5. اُذْكُرْ بَعْضَ فَوَائِدِ غَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

شجرکاری کے بعض فائدے بیان کیجئے؟

6. كَيْفَ نُسَاعِدُ أَهْلَنَا فِيْمَا يَتَعَلَّقُ بِغَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

شجرکاری کے تعلق سے ہم اپنے گھر والوں کا کیسے تعاون کریں؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. لِأَنَّهَا تُوَفِّرُ الْأَزْهَارَ وَالثِّمَارَ وَالْخَشَبَ وَالْعَلَفَ۔
کیوں کہ یہ پھولوں، پھلوں اور لکڑی چارے فراہم کرتی ہے۔

2. هِيَ عِدَّةُ أَقْسَامٍ : بَعْضُهَا تُعْطِينَا الثِّمَارَ ، وَبَعْضُهَا تُوَفِّرُ لَنَا الظِّلَالِ ، وَبَعْضُهَا تَهَبُ لَنَا الْأَزْهَارَ ، وَ بَعْضُهَا ذَاتُ أَلْيَافٍ جَمِيلَةٍ تَسُرُّ النَّاظِرِينَ۔
وہ کئی قسمیں ہیں، بعض ہمارے لئے پھل مہیا کرتے ہیں اور بعض سائے اور بعض پھول اور بعض تو خوبصورت ریشے والے ہوتے ہیں، جو دیکھنے والوں کو خوش کردیں۔

3. جَاءَ فِي الْحَدِيثِ : ''مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ ، أَوْ بَهِيمَةٌ إِلَّا وَ كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ''
حدیث میں آیا ہے کہ ''کوئی بھی مسلمان جو پودے لگائے اور بوئے اور اس سے کوئی پرندہ یا انسان یا چوپایہ کھائے تو وہ اس کے لئے صدقہ ہے''۔

4. اَلْبَرْنَامِجُ الَّذِي قَامَتْ حُكُومَةُ تِلِنْغَانَهْ بِتَنْفِيذِهِ لِغَرْسِ الْأَشْجَارِ اِسمه ''هَرِيتَا هَارَمْ''۔
تلنگانہ کی حکومت نے شجرکاری کے لئے جو مہم جاری کی ہے اس کا نام ''ہریتا ھارم'' ہے۔

5. مِنْ فَوَائِدِهِ مَصْدَرُ غِذَاءٍ لِلْكَائِنَاتِ ، وَتَزْوِيدُ الْهَوَاءِ بِأُوكْسِيجَنْ وَحِفْظُ رُطُوبَةِ الْجَوِّ وَغَيْرِهَا۔
اس کے بعض فوائد یہ ہیں : کائنات کے لئے غذا کا ذریعہ ہے، ہوا کو آکسیجن فراہم کرنا، فضا کی رطوبت کی حفاظت وغیرہ۔

6. نُسَاعِدُ أَهْلَنَا فِي عَمَلِيَّةِ سَقْيِ الْأَصِيصِ الْمَوْجُودِ فِي الْبَيْتِ۔
گھر میں موجود گملے میں پانی دینے کے لئے گھر والوں کا تعاون کریں۔

16.7 خلاصہ سبق: (ملخص الدرس) :

إِنَّ غَرْسَ الْأَشْجَارِ ضَرُوْرِيٌّ لَنَا، لِأَنَّ الْأَشْجَارَ تُعْطِيْنَا فَوَائِدَ كَثِيْرَةً مِنْهَا تَوْفِيْرُ الثِّمَارِ وَالْأَزْهَارِ وَالْخَشَبِ وَالْعَلَفِ وَحِمَايَةُ الْبِيْئَةِ مِنَ التَّلَوُّثِ ، وَتَوْفِيْرُ أُوْكْسِيْجَنْ. وَقَدْ حَثَّ الْإِسْلَامُ أَيْضًا عَلٰى غَرْسِ الْأَشْجَارِ وَجَعَلَهُ صَدَقَةً۔

وَجُهُوْدُ حُكُوْمَةِ تِلَنْغَانَهُ فِيْ غَرْسِ الْأَشْجَارِ كَبِيْرَةٌ حَيْثُ قَامَتْ بِتَنْفِيْذِ بَرْنَامِجٍ اِسْمُهُ ''هَرِيْتَا هَارَمْ'' فَيَجِبُ عَلٰى كُلِّ طَالِبٍ أَنْ يُسَاهِمَ فِيْ حَمَلَاتِ التَّشْجِيْرِ حَسْبَ مَا يَسْتَطِيْعُ لِيَكُوْنَ لَهُ مُسَاهَمَةٌ فِيْ غَرْسِ الْأَشْجَارِ وَحِمَايَةِ أَرْضِ وَطَنِهِ مِنَ التَّلَوُّثِ۔

شجر کاری ہمارے لئے ضروری ہے، کیونکہ درخت ہمیں بہت فائدہ پہنچاتے ہیں، ان میں سے پھل، پھول اورلکڑی اور چارے کی فراہمی اور ماحول کی آلودگی سے حفاظت اور آکسیجن مہیا کرنا ہے، اسلام نے بھی شجر کاری کی ترغیب دلائی اور اسے صدقہ مانا ہے، شجر کاری میں حکومت تلنگانہ کا بڑا کارنامہ ہے کیونکہ اس نے ہریتاہارم کے نام سے ایک پروگرام چلایا ہے، اس لئے ہر طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ شجر کاری کی مہم میں حسب استطاعت حصہ لے تاکہ شجر کاری اوراس کے وطن کی سرزمین کی آلودگی سے حفاظت میں اس کا بھی حصہ ہو۔

16.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد : (قواعد الدرس) :

اَلضَّمِيْرُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلٰى مُتَكَلِّمٍ أَوْ مُخَاطِبٍ أَوْ غَائِبٍ، تَقَدَّمَ ذِكْرُهُ ، وَهُوَ عَلٰى قِسْمَيْنِ: مُتَّصِلٌ وَهُوَ مَا لَا يُسْتَعْمَلُ وَحْدَهُ بَلْ يُسْتَعْمَلُ مَعَ اِسْمٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ حَرْفٍ وَمُنْفَصِلٌ : وَهُوَ مَا يُسْتَعْمَلُ وَحْدَهُ دُوْنَ اتِّصَالٍ بِكَلِمَةٍ۔

ضمیر وہ اسم ہے جو گذرے ہوئے غائب لفظ، یا مخاطب یا متکلم کو بتلائے۔
اس کی دو قسمیں ہیں: ضمیر متصل، یہ وہ ضمیر ہے جو تنہا استعمال نہ ہو بلکہ کسی اسم یا فعل یا حرف کے ساتھ لگ کر آئے، اور ضمیر منفصل وہ ضمیر ہے جو اکیلی بغیر ملے ہوئے استعمال ہو۔

مثالیں (الأمثلة) :

وَلِلْأَشْجَارِ أَقْسَامٌ بَعْضُهَا تُعْطِينَا الثِّمَارَ
ضمیر متصل

مُسَاعَدَةُ أَهْلِهِ فِيْ عَمَلِيَّةِ سَقْيِ الْأَصِيْصِ
ضمیر متصل

وَهِيَ تَجْذِبُ غَازَاتٍ ضَارَّةً مِثْلَ كَارْبُوْنْ دَائِيْ اُكْسَائِدْ
ضمیر منفصل

16.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَا عُنْوَانُ بَرْنَامِجِ حُكُوْمَةِ تِلَنْغَانَهْ لِغَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

حکومت تلنگانہ نے شجر کاری مہم کے لئے کیا نام رکھا ہے؟

2. كَيْفَ بَيَّنَ الْحَدِيْثُ فَضْلَ غَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

شجر کاری کی اہمیت حدیث شریف میں کیا بیان کی گئی ہے؟

3. اُذْكُرْ بَعْضَ أَقْسَامِ الْأَشْجَارِ؟

درختوں کی چند قسمیں بیان کریں۔

4. مَا مَعْنَى الْأَمْرُ بِالْاِعْتِدَالِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْإِسْرَافِ فِيْ النَّبَاتَاتِ؟

پودوں میں اعتدال کا حکم اور اسراف کی ممانعت کا کیا مطلب ہے؟

5. اُذْكُرْ فَائِدَتَيْنِ مِنْ فَوَائِدَ غَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

شجر کاری کے دو فائدے بتائیں۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. هَرِيْتَا هَارَمُ۔

ہریتا ہرم۔

2. اَلْغَرْسُ صَدَقَةٌ جَارِيَةٌ۔

پودے صدقہ جاریہ ہے۔

3. بَعْضُهَا تُعْطِيْنَا الثِّمَارَ، وَبَعْضُهَا تُوَفِّرُ لَنَا الظِّلَالَ، وَبَعْضُهَا تَهَبُ لَنَا الْأَزْهَارَ

کوئی ہمیں پھل دیتا ہے، کوئی سایہ دیتا ہے اور کوئی ہمیں پھول دیتا ہے۔

4. أَنْ لَّا يَأْخُذَ مِنَ النَّبَاتَاتِ الْمَغْرُوْسَاتِ إِلَّا مَا يَحْتَاجُهُ۔

وہ لگائے ہوئے پودوں سے نہیں لیتا سوائے اس کے جس کی اُسے ضرورت ہے۔

5. تَزْوِيْدُ الْهَوَاءِ بِأُوْكْسِيْجَنْ، وَحِفْظُ رُطُوْبَةِ الْجَوِّ۔

ھواء کو آکسیجن فراہم کرنا اور ھواء کو نم رکھنا۔

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. بَدَأَتِ الْحُكُوْمَةُ الْمَرْكَزِيَّةُ ا۔ مُشَجَّعَةً
وَالْحُكُوْمَةُ الْوِلَائِيَّةُ

2. بِهَا تَعْمُرُ الْبَسَاتِيْنُ وَتُجَمَّلُ ب۔ لِلْكَائِنَاتِ الْحَيَّةِ
3. فَجَاءَتْ نَتَائِجُ هٰذَا الْبَرْنَامِجِ ج۔ غَرْسِ الْأَشْجَارِ
4. إِنَّ الْأَشْجَارَ وَسِيْلَةٌ كَبِيْرَةٌ د۔ اَلشَّوَارِعُ وَالطُّرُقُ
5. أَمَرَنَا الْإِسْلَامُ بِالْمُسَاهَمَةِ فِيْ هـ۔ بَرَامِجَ كَثِيْرَةً۔

اِمْلَا الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. ---------- أَرَاضِيْ تِلَنْغَانَهْ فِيْ الْقُرٰى وَالْمُدُنِ۔
2. تُصْدِرُ ---------- لِسُكَّانِ الْأَرْضِ۔
3. يَحُثُّ ---------- عَلٰى غَرْسِ الْأَشْجَارِ فِيْ الدُّوْرِ وَالْمَكْتَبَاتِ وَالْمُؤَسَّسَاتِ۔
4. اَلتَّفْكِيْرُ فِيْ تَأْسِيْسِ ---------- بِيْئِيٍّ۔
5. لَا يَأْخُذُ الْإِنْسَانُ مِنَ النَّبَاتَاتِ ---------- إِلَّا مَا يَحْتَاجُهُ۔

(نَادٍ۔ اَلْإِسْلَامُ۔ اَلْمَغْرُوْسَاتِ۔ اَلْكِسِيْجَنُ۔ اِخْضَرَّتْ)

صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. وَهُوَ تَجْذِبُ غَازَاتٍ ضَارَّةً مِثْلَ اَلْكِسِيْجَنْ۔
2. تَقَدُّمُ الدَّعْمِ لِلطَّبِيْبِ فِيْ الْعُطْلَةِ۔
3. مِنْهَا بَرْنَامِجِ مَرْكَزِيٍّ بِاسْمِ هَرِيْتَا هَارَمْ۔
4. فَجَاءَتْ نَتَائِجُ هٰذَا الْبَرْنَامَجِ مُشَجَّعًا۔
5. مُسَاعَدَةِ أَهْلِهِ فِيْ عَمَلِيَّةِ سَقْيِ أَصِيْص الْمَوْجُوْدِ فِيْ بَيْتِهِ۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

إن الأشجار وسيلة كبيرة للكائنات الحية۔

بدأت الحكومة المركزية والحكومة الولائية برامج كثيرة منها: برنامج ولائي باسم هريتا هارم قامت بتنفيذه حكومة تلنغانه في السنوات الماضية۔

(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔

عَيِّنِ الضَّمَائِرَ وَنَوْعَهَا فِيْ الْاقْتِبَاسِ التَّالِيْ:

''مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيْمَةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ''۔

''وَمِنْ أَكْبَرِ نَفْعِهَا أَنَّهَا ذَرِيْعَةٌ مُهِمَّةٌ لِحِمَايَةِ الْبِيْئَةِ بِإِزَالَةِ التَّلَوُّثِ وَهِيَ تَجْذِبُ غَازَاتٍ ضَارَّةً۔

16.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا: (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟):

1. إِنَّ غَرْسَ الْأَشْجَارِ مِنَ الْأَعْمَالِ الَّتِيْ يَحُثُّ عَلَيْهَا الْإِسْلَامُ وَتَدْعُوْ إِلَيْهَا الْحُكُوْمَاتُ۔

شجر کاری ان کاموں میں سے ہے جن کی ترغیب اسلام نے بھی دلائی ہے۔ اور حکومتیں بھی ان پر توجہ دیتی ہیں۔

2. وَلِلْأَشْجَارِ فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ تَعُوْدُ إِلَى تَحْسِيْنِ حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَالْبِيْئَةِ الَّتِيْ يَعِيْشُ فِيْهَا۔

درخت کے بڑے فائدے ہیں، جن کا تعلق انسانی زندگی کو اور اس ماحول کو بہتر بنانے سے ہے جس میں وہ زندگی گذار رہا ہے۔

3. وَأَنَّ الْحَدِيْثَ قَدْ وَرَدَ فِيْ بَيَانِ فَضْلِ غَرْسِ الْأَشْجَارِ۔

4. وَاهْتَمَّتْ حُكُوْمَةُ تِلَنْغَانَهْ بِتَعْمِيْمِ غَرْسِ الْأَشْجَارِ عَنْ طَرِيْقِ بَرْنَامِجٍ خَاصٍّ بِاسْمِ ''هَرِيْتَا هَارَمْ''۔

تلنگانہ حکومت نے بھی ایک خصوصی پروگرام ہریتاہارم کے ذریعہ شجرکاری کو عام کرنے میں خصوصی دلچسپی دکھائی ہے۔

5. يَجِبُ عَلٰى كُلِّ إِنْسَانٍ أَنْ يُسَاهِمَ فِيْ عَمَلِيَّةِ غَرْسِ الْأَشْجَارِ۔

ہر انسان کی یہ ذمہ داری ہے کہ شجرکاری کی مہم میں چاہے اس کے گھر میں ہو یا محلے یا بستی یا شہر میں حصہ لے۔

16.11 نمونے امتحانی سوالات : (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. مَاذَا تَجْذِبُ الْأَشْجَارُ وَمَاذَا تُصْدِرُ؟

درخت کیا چیز جذب کرتے اور کیا چیز خارج کرتے ہیں؟

2. أَيْنَ يَحُثُّ الْإِسْلَامُ عَلَى غَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

اسلام کہاں پر شجرکاری کے لئے ترغیب دیتا ہے؟

3. مَا هِيَ هَرِيْتَا هَارَمْ؟

ھریتاہارم کیا ہے؟

4. مَاذَا يَجِبُ عَلَى الطَّالِبِ فِيْ غَرْسِ الْأَشْجَارِ؟

شجرکاری کے تعلق سے طالب علم کی کیا ذمہ داری ہے؟

5. مَا هُوَ الْإِحْتِيَاطُ فِيْ التَّعَامُلِ مَعَ النَّبَاتَاتِ الْمَغْرُوْسَاتِ؟

لگے ہوئے پودوں کے ساتھ کس طرح احتیاط سے پیش آیا جائے؟

•••

الدرس السابع عشر

سبق-17

الضّاحية

17.1 تمہید (التمهيد)

17.2 مقصد (الهدف)

17.3 متن (المتن)

17.4 حل لغات (حل اللّغات)

17.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

17.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

17.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

17.8 قواعد (القواعد)

17.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

17.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلضَّاحِيَةُ
مضافات

17.1 تمہید (التمهيد) :

یہ نظم عصر حاضر کے مشہور ادیب اور شاعر عبد اللطیف المغربی سے منسوب ہے۔جس میں مضافات کے دلکش مناظر کو پیش کیا گیا ہے،شہر کی بھیڑ بھاڑ اور آلودہ فضا سے دور مضافاتی علاقوں میں سرسبز و شاداب کھیت اور ہریالی،تالاب، پاکیزہ ماحول اور صاف ستھری آب و ہوا سب کچھ سیر وتفریح کا سامان فراہم کرتے ہیں۔ایسے دلفریب علاقہ کی ایک سیر کا شاعر نے اچھے انداز میں منظر پیش کیا ہے۔آج بھی ایسی سیر وتفریح کی ہم سب کو ضرورت ہے تا کہ اپنی صحت اور مزاج کو خوشگوار بنا سکیں۔

17.2 مقاصد (الأهداف) :

اس نظم کو پڑھنے کے بعد ہم مندرجہ ذیل مقاصد حاصل کر سکیں گے :

1. نئے الفاظ و معانی کو جان سکیں گے۔
2. نظم کا ترجمہ اور تشریح کر سکیں گے۔
3. مضافاتی زندگی کے فطری مناظر سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔
4. نظم کی شیرینی کو محسوس کر سکیں گے۔
5. چھوٹے ٹیون کی اس نظم کو آسانی سے یاد کر سکیں گے۔

17.3 اشعار (أبيات) :

إِنَّا قَصَدْنَا مَرَّةً فِيْ عَصْرِ يَوْمٍ ضَاحِيَـهْ
نَمْشِيْ عَلٰى أَقْدَامِنَا بَيْنَ الْجِهَاتِ الْغَالِيَـهْ
فَإِذَا الْحُقُوْلُ جُمْلَةً تُرْوٰى بِمَاءِ السَّاقِيَـهْ
خَضْرَاءُ يَزْهُوْ زَرْعُهَا حَوْلَ الْقُصُوْرِ الْعَالِيَـهْ
وَالْبَطُّ يَلْعَبُ سَابِحًا فَوْقَ الْمِيَاهِ الْجَارِيَـهْ
فِيْهَا الْحَيَاةُ جَمِيْلَةٌ فِيْهَا الْمَعِيْشَةُ صَافِيَـهْ

17.4 حل لغات (حلّ اللّغات) :

1. قَصَدْنَا — قَصَدَ ، يَقْصُدُ — اراداہ کرنا (ہم نے اراداہ کیا)
2. مَرَّةً — جمع مَرَّاتٍ — ایک دفعہ
3. ضَاحِيَةٌ — جمع ضَوَاحِيْ — مضافات ضد مَدِيْنَةٌ جمع مُدُنٌ شہر
4. عَصْرٌ — عُصُوْرٌ شام — ضد صُبْحٌ
5. مَشٰى — يَمْشِيْ — چلنا (ہم چلے)۔
6. عَلٰى أَقْدَامٍ — پیدل چلنا
7. جِهَاتٌ — واحد جِهَةٌ — طرف (اطراف)
8. غَالِيَةٌ — قیمتی/خوبصورت/عمدہ

9.	فَإِذَا	پس جب	
10.	حُقُوْلٌ	واحد حَقْلٌ	کھیت
11.	جُمْلَةً	سب کا سب	
12.	رَوِيَ	رَوِيَ يَرْوٰى	سیراب ہونا (سیراب ہو رہے تھے)
13.	سَاقِيَةٌ	جمع سَوَاقٍ	کنال
14.	خَضْرَاءُ	مذکر أَخْضَرُ	ہرا
15.	زَهَا	يَزْهُوْ	نشوونما پانا
16.	زَرْعٌ	جمع زُرُوْعٌ	کھیتی
17.	قُصُوْرٌ	واحد قَصْرٌ	محل، اونچا مکان
18.	عَالِيَةٌ	مذکر عَالٍ	اونچا (اونچے)
19.	اَلْبَطُّ	بطخ	
20.	لَعِبَ	لَعِبَ يَلْعَبُ	کھیلنا
21.	سَابِحًا	تیرتے ہوئے	
22.	اَلْمِيَاهُ	واحد مَاءٌ	پانی
23.	اَلْجَارِيَهُ	(اَلْجَارِيَةُ)	بہتا ہوا
24.	جَمِيْلَةٌ	مذکر جَمِيْلٌ	خوبصورت
25.	اَلْمَعِيْشَةُ	زندگی	
26.	صَافِيَهُ	(صَافِيَةٌ)	پاکیزہ، صاف ستھری

17.5 ترجمہ وتشریح : (الترجمة و الشرح) :

إِنَّا قَصَدْنَا مَرَّةً فِيْ عَصْرِ يَوْمٍ ضَاحِيَهْ

ترجمہ : ایک شام ہم نے مضافات کا ارادہ کیا:

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر مضافات کے دلکش مناظر کو دیکھنے کی چاہ رکھتا ہے اس لئے وہ چاہتا ہے کہ ایک شام مضافات (Outskirts) کی سیر کریں تا کہ شہر کی بھیڑ بھاڑ اور آلودہ فضا سے بچتے ہوئے پاکیزہ ماحول سے اپنے ذہن وفکر کو تسکین بخشیں۔

نَمْشِيْ عَلٰى أَقْدَامِنَا بَيْنَ الْجِهَاتِ الْغَالِيَهْ

ترجمہ : ہم پیدل خوبصورت اور دلفریب مختلف مناظر کا مشاہدہ کرتے ہوئے گذرے۔

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر جب مضافات جانے کا ارادہ کیا تو وہ پیدل چلتے ہوئے مختلف دلفریب اور خوبصورت مناظر کو پایا جہاں کی آب وہوا اور صاف ستھرا ماحول سیر وتفریح کا سامان فراہم کرتے رہے۔

فَإِذَا الْحُقُوْلُ جُمْلَةً تُرْوٰى بِمَاءِ السَّاقِيَهْ

ترجمہ : چنانچہ وہاں پر کھیت ایسے خوبصورت تھے کہ کنال کے پانی سے سیراب ہو رہے تھے۔

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر مختلف جہات کو بیان کرتے ہوئے خلاّقِ اکبر کی صنعت اور اس کی خلقت پر رشک کر رہا ہے اس لئے کہ وہاں کے کھیت سرسبز وشاداب اور خوبصورتی کی اپنی مثال آپ دے رہے تھے اور ان کھیت وکھلیانوں کو کنال کے پانی سے سیراب کیا جا رہا تھا یہ منظر بڑا دلکش اور بہت ہی خوبصورت تھا، شاعر جس مقصد کے تحت مضافات کی طرف جس مقصد سے رُخ کیا تھا اس میں اُسے نہ صرف کامیابی بلکہ فرحت وشادمانی وانبساط حاصل ہوئی۔

خَضْرَاءُ يَزْهُوْ زَرْعُهَا حَوْلَ الْقُصُوْرِ الْعَالِيَهْ

ترجمہ : وہ کھیت ہرے بھرے تھے اس کی کھیتی اونچے محلوں کے اطراف پروان چڑھ رہی تھی۔

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر اُن کھیتوں کا دوسرا منظر بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ کھیت بہت ہی خوبصورت اور ہرے بھرے تھے اور تیسرا یہ کہ اونچے مکانات کے درمیان ان کھیتوں میں کھیتیاں اپنے ناز ونعم کے ساتھ نغمہ سرا ہو کر لہلہا رہی تھیں گویا وہ اپنے خالق کی گن گا رہی تھیں۔

وَالْبَطُّ يَلْعَبُ سَابِحًا فَوْقَ الْمِيَاهِ الْجَارِيَهْ

ترجمہ : اور بطخ تیرتے ہوئے بہتے ہوئے پانی پر کھیل رہی ہے۔

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر مضافات کے اس منظر کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ نہ صرف کھیت وکھلیان اپنی فرحت وشادمانی کا ثبوت دے رہے ہیں بلکہ وہیں پرند اپنی زندگی کو بڑے ہی خوبصورت انداز میں گذار رہے ہیں اور بطخ بہتے پانی پر رقص کر رہی ہے اور اپنی زندگی سے لطف اندوز ہو رہی ہے۔

فِيهَا الْحَيَاةُ جَمِيلَةٌ فِيهَا الْمَعِيشَةُ صَافِيَهُ

ترجمہ : مضافات میں زندگی خوبصورت ہے اور صاف ستھری بھی ہے۔

بحوالہ متن : یہ شعر نظم ''اَلضَّاحِيَةُ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر عبداللطیف المغربی ہیں۔

تشریح : اس شعر میں شاعر مضافات کی زندگی کا خلاصہ بیان کر رہا ہے کہ وہ زندگی بڑی خوبصورت ہوتی ہے وہاں کی زندگی میں سرسبز و شادابی، ہریالی، پاکیزہ ماحول اور صاف و ستھری آب و ہوا پائی جاتی ہے ایسے دلفریب اور دلکش مناظر فطرت و قدرت کا مشاہدہ کرتے ہوئے مضافات کی سیر کرتا ہے۔ آج کے اس گہما گہمی زندگی میں ایسی ہی سیر و تفریح کی ضرورت ہے تاکہ خوشگوار ماحول سے اپنی صحت کا خیال رکھا جا سکے۔

17.6 سوالات وجوابات : (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (اَلْأَسِئِلَةُ) :

1. إِلَىٰ أَيْنَ قَصَدَ الشَّاعِرُ ؟
   شاعر نے کہاں کا ارادہ کیا؟
2. مَنْ هُوَ شَاعِرُ ''اَلضَّاحِيَةُ'' ؟
   '' الضاحیہ'' نظم کے شاعر کون ہیں؟
3. كَيْفَ كَانَتْ حُقُوْلُ الضَّاحِيَةِ ؟
   مضافات کے کھیت کیسے تھے؟
4. كَيْفَ الْحَيَاةُ وَالْمَعِيشَةُ فِيْ الضَّاحِيَةِ ؟
   مضافات کی زندگی اور رہنا کیسا ہے؟
5. مَاذَا يَفْعَلُ الْبَطُّ فَوْقَ الْمِيَاهِ؟
   پانی کے اوپر بطخ کیا کر رہی ہے؟

(ب) جوابات : (اَلْأَجْوِبَةُ)

1. قَصَدَ الشَّاعِرُ إِلَى الضَّاحِيَةِ

شاعر نے مضافات کا ارادہ کیا۔

2. شَاعِرُهَا عَبْدُ اللَّطِيْفِ الْمَغْرِبِيُّ

اس کا شاعر عبداللطیف مغربی ہے۔

3. كَانَتْ حُقُوْلُهَا تُرْوىٰ بِمَاءِ السَّاقِيَةِ

اس کے کھیت، کنال کے پانی سے سیراب ہو رہے تھے۔

4. يَلْعَبُ الْبَطُّ سَابِحًا فَوْقَهَا

بطخ اس کے اوپر تیرتے ہوئے کھیل رہی ہے۔

5. اَلْحَيَاةُ فِيْهَا جَمِيْلَةٌ وَالْمَعِيْشَةُ فِيْهَا صَافِيَةٌ

دیہات کی زندگی خوبصورت اور صاف ستھری ہے۔

17.7 خلاصہ سبق (ملخّصُ الدّرس) :

يَقُوْلُ الشَّاعِرُ : أَرَدْنَا يَوْمًا فِيْ وَقْتِ الْعَصْرِ أَنْ نَّذْهَبَ إِلىٰ الضَّاحِيَةِ فَلَمَّا وَصَلْنَا إِلَيْهَا رَأَيْنَا الْحُقُوْلَ تَسْقِيْهَا السَّاقِيَةُ ، وَ هِيَ خَضْرَاءُ بَيْنَ الْبُيُوْتِ الْعَالِيَةِ ، وَرَأَيْنَا الْبَطَّ يَسْبَحُ عَلَى الْمَاءِ ، كَانَتِ الْحَيَاةُ فِيْهَا جَمِيْلَةٌ وَ صَافِيَةٌ۔

شاعر کہہ رہا ہے کہ ایک دن شام کو ہم پیدل مضافات کا قصد کئے جب وہاں پہنچے تو دیکھا کہ کھیتوں کو کنال پانی دے رہا ہے، یہ کھیت اونچے مکانات کے بیچ ہرے بھرے تھے، اور بطخ کو دیکھا کہ پانی پر تیر رہی ہے، الغرض وہاں کی زندگی خوبصورت اور صاف ستھری ہے۔

17.8 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

سوالات (اَلْأَسْئِلَةُ)

1. مَاذَا فَعَلَ الشَّاعِرُ فِيْ وَقْتِ الْعَصْرِ؟
2. كَيْفَ كَانَ مَنْظَرُ الْحُقُوْلِ؟
3. عَلٰى مَاذَا كَانَ يَلْعَبُ الْبَطُّ؟
4. كَيْفَ كَانَ لَوْنُ الْحُقُوْلِ؟
5. أَيْنَ تَكُوْنُ الْحَيَاةُ جَمِيْلَةً وَ صَافِيَةً؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (مصرع کو جوڑیئے)۔

1.	نَمْشِيْ عَلٰى أَقْدَامِنَا	ا۔	تُرْوٰى بِمَاءِ السَّاقِيَـهُ
2.	خَضْرَاءُ يَزْهُوْ زَرْعُهَا	ب۔	بَيْنَ الْجِهَاتِ الْغَالِيَـهُ
3.	فِيْهَا الْحَيَاةُ جَمِيْلَةٌ	ج۔	فِيْ عَصْرِ يَوْمٍ ضَاحِيَـهُ
4.	إِنَّا قَصَدْنَا مَرَّةً	د۔	فِيْهَا الْمَعِيْشَةُ صَافِيَـهُ
5.	فَإِذَا الْحُقُوْلُ جُمْلَةً	و۔	حَوْلَ الْقُصُوْرِ الْعَالِيَـهُ

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. وَالْبَطُّ ---------- سَابِحًا
2. حَوْلَ ---------- الْعَالِيَهُ
3. تُرْوٰى بِمَاءٍ ----------
4. ---------- يَزْهُوْ زَرْعُهَا
5. فِيْهَا ---------- صَافِيَهُ
6. ---------- الْجِهَاتِ ----------

(اَلسَّاقِيَهُ ۔ خَضْرَاءُ ۔ الْمَعِيْشَةُ ۔ بَيْنَ ۔ يَلْعَبُ ۔ الْقُصُوْرِ ۔ الْغَالِيَهُ)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْاٰتِيَةَ : (مصرع کی تصحیح کیجئے)۔

1. والبط تلعب سابحا۔
2. على المياه الجاريه۔
3. في ظهر يوم ضاحيه۔
4. إن قصدنا مرة۔
5. جميل الحياة صافيه۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. خضراء يزهو زرعها حول القصور العاليه
2. فإذا الحقول جملة تروي بماء الساقيه

17.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلّمت من هذا الدرس) :

1. حَيَاةُ الضَّاحِيَةِ تَخْتَلِفُ عَنْ حَيَاةِ الْمَدِيْنَةِ۔
مضافات کی زندگی شہر کی زندگی سے الگ ہوتی ہے۔
2. فِيْهَا حُقُوْلٌ خَضْرَاءُ وَ مِيَاهٌ جَارِيَةٌ وَ زُرُوْعٌ زَاهِيَةٌ۔
وہاں ہرے بھرے کھیت، بہتے پانی اور لہلہاتی کھیتیاں ہیں۔
3. حَيَاةُ الضَّاحِيَةِ جَمِيْلَةٌ وَ صَافِيَةٌ۔
مضافات کی زندگی خوبصورت اور صاف ستھری ہوتی ہے۔
4. فَعَلَيْنَا أَنْ نَقْصِدَ فِيْ يَوْمٍ مِنَ الْأَيَّامِ الضَّاحِيَةَ وَ نَتَمَتَّعَ بِمَنَاظِرِهَا الْجَمِيْلَةِ
اس لئے ہمیں کوئی دن مضافات کا قصد کرتے ہوئے اس کے خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہونا چاہئے۔
5. لِأَنَّ فِيْهَا مَنَاظِرُ فِطْرِيَّةٌ بَعِيْدَةٌ عَنِ التَّلَوُّثِ۔
کیوں کہ وہاں کے مناظر فطری ہیں آلودگی سے پاک ہیں۔

17.10 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. كَيْفَ الْحُقُوْلُ فِي الضَّاحِيَةِ ؟
2. صِفْ مَنْظَرَ لَعِبِ الْبَطِّ عَلَى الْمَاءِ۔
3. مِنْ أَيْنَ يَأْتِيْ الْمَاءُ فِيْ الْحُقُوْلِ؟
4. كَيْفَ الْوُصُوْلُ إِلَى الضَّاحِيَةِ ؟
5. كَيْفَ الْحَيَاةُ فِيْ الضَّاحِيَةِ ؟

•••

الدرس الثامن عشر

سبق-18

الصّحة خير من ألف نعمة

18.1 تمہید (التمهيد)

18.2 مقصد (الهدف)

18.3 متن (المتن)

18.4 حل لغات (حل اللّغات)

18.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

18.6 سوالات وجوابات (الاسئلة و الاجوبة)

18.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

18.8 قواعد (القواعد)

18.9 مشقیں (تدریبات)

18.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

18.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلصِّحَّةُ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ نِعْمَةٍ
صحت ہزار نعمت سے بہتر ہے

18.1 تمہید (التمهيد) :

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت صحت ہے، تمام جسمانی اور دماغی سرگرمیوں کا دارومدار صحت پر ہے، صحیح فکر اور عقل صحت مند جسم ہی سے ہے، اگر جسم صحت مند نہ ہو تو صحیح ڈھنگ سے کوئی کام نہیں کیا جا سکتا، جسمانی صحت کے لئے جسم کے تمام اعضاء کا صحت مند رہنا ضروری ہے، صحت کی اہمیت پر مذہب کے علاوہ حکومتیں بھی توجہ دیتی ہیں، چنانچہ انسانی صحت کی بقاء اور امراض سے حفاظت کے لئے بڑے بڑے ہسپتال قائم ہیں، جہاں ماہرین طب کی ایک بڑی تعداد انسانی صحت کی حفاظت کے لئے سرگرم عمل رہتی ہے، اگر صحت ہے تو دنیا کی تمام نعمتیں اچھی لگتی ہیں، اسی لئے کہا جاتا ہے صحت ہزار نعمت سے بہتر ہے۔

18.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق میں یہ بتایا گیا ہے کہ صحت ہزار نعمت سے بہتر ہے، صحت کا تعلق جسم کی صفائی کے ساتھ کپڑوں کی صفائی، مکان کی صفائی، جسمانی ورزش، اچھی غذا کا استعمال، اور بدن کو ضروری آرام کی ضرورت جیسی اہم چیزوں سے ہے، ان سب باتوں کی تفصیل سے واقفیت، نیز قواعد میں فاعل اور مفعول کی مشق اس سبق کا مقصد اور ہدف ہے۔

18.3 متن (المتن) :

إِنَّ اللهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى أَعْطَانَا نِعَمًا كَثِيْرَةً مِّنْهَا الصِّحَّةُ وَ هِيَ لَا تُحْصَلُ إِلَّا بِالْحِفَاظِ عَلَى الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ، وَحُسْنِ الْمَسْكَنِ، وَطَهَارَةِ الْبَدَنِ، وَنَظَافَةِ الْمَلَابِسِ، وَالْاِهْتِمَامِ بِالْغِذَاءِ السَّاذَجِ، وَرَاحَةِ الْبَدَنِ۔

أَمَّا الرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ فَهِيَ مُشْتَمِلَةٌ عَلَى الْمَشْيِ صَبَاحًا وَ مَسَاءً، وَالْأَلْعَابِ الرِّيَاضِيَّةِ كَكُرَّةِ الْقَدَمِ، وَكُرَةِ السَّلَّةِ، وَكُرَةِ الْأَنَامِلِ وَغَيْرِهَا مِنَ الْأَلْعَابِ، وَهٰذِهِ الرِّيَاضِيَّاتُ مُفِيْدَةٌ فِيْ إِخْرَاجِ الْكَثَافَةِ الْبَدَنِيَّةِ عَنْ طَرِيْقِ الْعَرَقِ، وَتَقْوِيَةِ الْأَعْضَاءِ وَالْمِعْدَةِ، وَتَحْسِيْنِ دَوَرَانِ الدَّمِ، وَ جَوْدَةِ الْهَضْمِ وَ إِلَيْكُمْ أَيُّهَا الْأَوْلَادُ حِكَايَةٌ مُمْتِعَةٌ :

مَرِضَ اِبْنٌ لِوَالِدٍ غَنِيٍّ، فَدَعَا وَالِدُهٗ طَبِيْبًا مَاهِرًا، فَلَمَّا جَاءَ الطَّبِيْبُ وَرَأَى الْوَلَدَ ، عَرَفَ مَرَضَهٗ فَأَعْطَاهُ كُرَةً بَدْلًا عَنِ الدَّوَاءِ وَقَالَ لَهٗ : اِلْعَبْ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ ، فَفَعَلَ الْوَلَدُ كَمَا أَمَرَهُ الطَّبِيْبُ، وَ بَعْدَ أَيَّامٍ قَلِيْلَةٍ شَفَى اللهُ مَرَضَهٗ وَ أَصْبَحَ نَشِيْطًا، فَسَأَلَ الْوَلَدُ الطَّبِيْبَ عَنِ السَّبَبِ فِيْ شِفَائِهٖ، فَقَالَ الطَّبِيْبُ لِوَلَدِهٖ : سَبَبُ شِفَاءِكَ الْحَرَكَةُ وَ الرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ ۔ لِأَنَّ الصِّحَّةَ فِيْ الْحَرَكَةِ وَالْعَمَلِ ، وَالْمَرَضُ فِيْ الْبَطَالَةِ وَ الْكَسَلِ ۔

وَ أَمَّا حُسْنُ الْمَسْكَنِ فَهُوَ عُنْصُرٌ مُهِمٌّ لِلصِّحَّةِ الْجَيِّدَةِ ، وَ ذٰلِكَ بِأَنْ يَّكُوْنَ الْبَيْتُ فِيْ مَكَانٍ مُرْتَفِعٍ فِيْ حَارَّةٍ بُيُوْتُهَا عَلٰى فَاصِلَةٍ مُنَاسِبَةٍ لِسَيْرِ الْهَوَاءِ وَالضِّيَاءِ، وَ مِنَ اللَّازِمِ أَنْ يَكُوْنَ الْبَيْتُ نَظِيْفًا وَ نَزِيْهًا عَنِ الْأَقْذَارِ وَ الْعُفُوْنَةِ،

وَعَلٰى صَاحِبِ الْبَيْتِ أَنْ لَّا يَتْرُكَ فِيْ بَيْتِهٖ أَيَّ مَكَانٍ يَرْكُدُ فِيْهِ الْمَاءُ لِأَنَّ الْمَاءَ الرَّاكِدَ تَتَوَلَّدُ فِيْهِ الْجَرَاثِيْمُ الَّتِيْ تُسَبِّبُ الْأَمْرَاضَ الْوَبَائِيَّةَ ۔

وَأَمَّا طَهَارَةُ الْبَدَنِ فَهُوَ أَيْضًا ضَرُوْرِيٌّ لِلْحِفَاظِ عَلَى الصِّحَّةِ، وَتَحْصُلُ هٰذِهِ الطَّهَارَةُ مِنَ الْاِهْتِمَامِ بِالْغُسْلِ يَوْمِيًّا أَوْ غِبًّا أَوْ أُسْبُوْعِيًّا عَلَى الْأَقَلِّ، وَإِلَّا تَجْتَمِعُ الْأَوْسَاخُ فِيْ الْبَدَنِ، وَتَسُدُّ الْمَسَامَاتِ الَّتِيْ تَخْرُجُ مِنْهَا الْكَثَافَةُ الْبَدَنِيَّةُ عَنْ طَرِيْقِ الْعَرَقِ، وَالْوَضُوْءُ خَمْسَ مَرَّاتٍ كُلَّ يَوْمٍ أَيْضًا مُفِيْدٌ لِطَهَارَةِ الْبَدَنِ ۔

وَاللِّبَاسُ السَّاذَجُ وَ النَّظِيْفُ مَظْهَرُ شَخْصِيَّةِ اللَّابِسِ، فَعَلَيْهِ أَنْ يَغْسِلَ الْمَلَابِسَ عَلٰى فَتْرَةٍ قَصِيْرَةٍ، لِأَنَّ الْمَلَابِسَ الْوَسِخَةَ يَتَوَلَّدُ مِنْهَا الْعُفُوْنَةُ ، وَ يَكْرَهُهَا النَّاسُ، وَلَا يُحِبُّ أَحَدٌ أَنْ يَجْلِسَ مَعَ لَابِسِهَا، وَ هٰذِهِ الْعُفُوْنَةُ تُفْسِدُ الصِّحَّةَ أَيْضًا ۔

وَالْاِهْتِمَامُ بِالْأَغْذِيَةِ الصِّحِّيَّةِ أَيْضًا ضَرُوْرِيٌّ لِلصِّحَّةِ مُهِمٌّ جِدًّا، فَتَنَاوُلُ غِذَاءٍ سَرِيْعِ الْهَضْمِ مِنْ غَيْرِ إِفْرَاطٍ وَ تَفْرِيْطٍ مُفِيْدٌ لِلصِّحَّةِ الْجَيِّدَةِ ۔ وَالْأَغْذِيَةُ الصِّحِّيَّةُ مُكَوَّنَةٌ مِنْ مُنْتَجَاتِ الْأَلْبَانِ، وَ الْخُضَارِ بِأَنْوَاعِهَا، وَالْفَوَاكِهِ، وَالْأَسْمَاكِ، وَالْحُبُوْبِ، وَاللُّحُوْمِ وَ الدُّهُوْنِ وَغَيْرِهَا۔

وَأَمَّا رَاحَةُ الْبَدَنِ فَهِيَ ضَرُوْرِيَّةٌ لِلصِّحَّةِ، فَهِيَ تُعْطِيْنَا صِحَّةً جَيِّدَةً، وَالْمُرَادُ بِرَاحَةِ الْبَدَنِ أَنْ لَّا يُتْعِبَ الْإِنْسَانُ بَدَنَهُ بِأَعْمَالٍ شَاقَّةٍ فَوْقَ طَاقَتِهٖ ، وَ لَا يُكْثِرَ التَّأَسُّفَ إِذَا خَابَ أَمَلُهٗ بَعْدَ الْاِجْتِهَادِ ، وَعَلَيْهِ أَنْ يُفَوِّضَ أَمْرَهُ إِلَى اللهِ، وَ إِلَّا تَنْتَشِرُ الْأَفْكَارُ وَ تَخْتَلُّ رَاحَتُهُ، وَ مِنَ الْمُمْكِنِ أَنْ يُسَبِّبَ مَرَضًا دِمَاغِيًّا،

كَذٰلِكَ يَجِبُ عَلَيْهِ أَنْ يُقَسِّمَ الْأَوْقَاتَ لِكُلِّ عَمَلٍ مِّنَ الْأَعْمَالِ الْيَوْمِيَّةِ مِنَ الْأَكْلِ وَالشُّغْلِ وَالرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ وَالنَّوْمِ وَغَيْرِهَا مِنَ الْأَعْمَالِ۔

فَبِالْإِهْتِمَامِ الْبَالِغِ بِوَسَائِلِ الصِّحَّةِ مِنَ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ، وَحُسْنِ الْمَسْكَنِ، وَطَهَارَةِ الْبَدَنِ، وَنَظَافَةِ الْمَلَابِسِ، وَالْغِذَاءِ الصِّحِّيِّ، وَرَاحَةِ الْبَدَنِ يُمْكِنُ لَنَا أَنْ نُحَافِظَ عَلَى الصِّحَّةِ الَّتِيْ هِيَ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ نِعْمَةٍ۔

18.4 حل لغات (حل اللّغات) :

1. أَعْطٰى أعطى، يُعْطِي : دینا (دیا)، ضد أَخَذَ يَأْخُذُ لينا
2. نِعَمٌ واحد نِعْمَةٌ : نعمت
3. الحِفَاظُ : پابندی کرنا
4. الرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ : جسمانی ورزش
5. اَلْمَسْكَنُ جمع مَسَاكِن : مکان، رہائش گاہ
6. حُسْنُ الْمَسْكَنِ : اچھی رہائش
7. نَظَافَةٌ : صفائی، قَذَارة گندگی
8. مَلَابِسُ واحد مَلْبَس : کپڑا
9. السَّاذَجُ : سادہ
10. الْمَشْيُ : ٹہلنا، چلنا، چہل قدمی کرنا
11. صَبَاحًا : صبح کے وقت
12. مَسَاءً : شام کے وقت

13. اَلْأَلْعَابُ واحد لَعِبٌ : کھیل
14. كُرَةُ القَدَمِ : فٹ بال
15. كُرَةُ السَّلَّةِ : باسکٹ بال
16. اَلْأَنَامِلُ واحد أَنْمِلَةٌ : انگلی
17. إِخْرَاجٌ ۔ أَخْرَجَ يُخْرِجُ : نکالنا
18. اَلْكَثَافَةُ : شدت
19. اَلْعَرَقُ : پسینہ
20. تَحْسِيْنٌ : بہترکرنا۔ ضد : تَقْبِيْحٌ براکرنا
21. جَوْدَةٌ : عمدگی، اچھائی
22. حِكَايَةٌ جمع حِكَايَاتٌ : قصہ
23. مُمْتِعَةٌ : مذکر مُمْتِعٌ : دلچسپ
24. مَرِضَ ۔ مَرِضَ يَمْرَضُ : بیمارہوا۔ ضد : شُفِيَ شفاپانا
25. غَنِيٌّ جمع أَغْنِيَاء : مالدار
26. طَبِيْبٌ جمع أَطِبَّاءٌ : ڈاکٹر
27. كُرَةٌ جمع كُرَّات : گیند
28. اِلْعَبْ : لَعِبَ يَلْعَبُ کھیلنا : کھیل (أمر)
29. نَشِيْط جمع نُشَطاء : چست
30. اَلْبَطَالَةُ : بےکاری، ضد: العمل کام کرنا، مشغولیت
31. عُنْصُرٌ مُهِمٌّ، جمع عَنَاصِرُ : اہم عنصر، اہم اصل

32. الجَيِّدَةُ مذکر جَيِّدٌ : اچھی
33. مَكَانٌ جمع أَمْكِنَةٌ : جگہ
34. مُرْتَفِعٌ : اونچا
35. حَارَّةٌ : جمع حَارَّاتٌ : محلہ
36. فَاصِلَةٌ جمع فَوَاصِلُ : دوری
37. سَيْرٌ۔ سَارَ يَسِيْرُ : چلنا
38. الضياء : روشنی، الظُّلْمَةُ تاریکی
39. نَزِيْهًا : پاک صاف
40. اَلْأَقْذَارُ واحد قَذَرٌ : گندگی
41. اَلْعُفُوْنَةُ : بدبو، ضد: طِيْبٌ خوشبو
42. يَرْكُدُ۔ رَكَدَ يَرْكُدُ : ٹھیرنا، جمنا، رکنا، ضد:جَرٰى يَجْرِيْ بہنا
43. اَلْمَاءُ الرَّاكِدُ : رُکا ہوا پانی
44. اَلْجَرَاثِيْمُ واحد جُرْثُوْمَةٌ : جراثیم
45. غِبًّا : ایک دن چھوڑ کر
46. يَوْمِيًّا : روزانہ
47. أسبُوْعِيًّا : ہفتہ میں ایک دن
48. تَجْتَمِعُ : اکٹھا ہونا
49. اَلْأَوْسَاخُ واحد وَسَخٌ : میل، گندگی
50. تَسُدُّ۔ سَدَّ ، يَسُدُّ : بند کرنا

51. اَلْمَسَامَاتُ واحد اَلْمَسَامَةُ : مسامہ
52. فَتْرَةٌ جمع فَتْرَاتٌ : وقت، وقفہ
53. اَلْوَسِخَةُ : میلا، گندا، ضد: اَلنَّظِيْفَةُ : صاف ستھرا
54. يَتَوَلَّدُ : پیدا ہونا
55. يَكْرَهُ۔ كَرِهَ ، يَكْرَهُ ، : ناپسند کرنا، ضد: أَحَبَّ يُحِبُّ : پسند کرنا
56. لَابِسٌ : پہننے والا
57. الصِّحِّيَّةُ : صحت بخش
58. تَنَاوُلٌ : کھانا، لینا
59. إِفْرَاطٌ : زیادتی
60. تَفْرِيْطٌ : کمی
61. مُكَوَّنَةٌ : تیار ہونا، بننا
62. مُنْتَجَاتٌ واحد مُنْتَجَةٌ : پیداوار
63. أَلْبَانٌ واحد لَبَنٌ : دودھ
64. اَلْخُضَارُ : سبزی
65. فَوَاكِهُ واحد فَاكِهَةٌ : میوہ، پھل
66. أَسْمَاكٌ واحد سَمَكٌ : مچھلی
67. اَلْحُبُوْبُ واحد حَبٌّ : دانہ
68. اَلدُّهُوْنُ واحد دُهْنٌ : تیل
69. أَتْعَبَ يُتْعِبُ : تھکانا

70. شَاقَّةٌ : تکلیف دہ، کٹھن

71. اَلتَّأَسُّفُ : افسوس کرنا

72. خَابَ خَابَ يَخِيْبُ : ناکام ہونا

73. أَمَلٌ جمع اٰمالٌ : امید، ضد: يَأْسٌ : ناامیدی، مایوسی

74. يُفَوِّضُ : سونپنا، سپرد کرنا، فَوَّضَ يُفَوِّضُ

75. اِخْتَلَّتْ : خرابی آنا

76. أَلْفُ نِعْمَةٍ : ہزار نعمت

18.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں بہت سی نعمتیں دی ہیں، ان میں سے ایک صحت ہے۔ اور یہ صحت کا حصول جسمانی ورزش کی پابندی، اچھی رہائش، بدن کی پاکی، کپڑوں کی صفائی، سادہ غذا اور بدن کی راحت کے اہتمام سے ہی حاصل ہوسکتا ہے۔

جہاں تک جسمانی ورزش کا تعلق ہے تو اس ضمن میں صبح وشام ٹہلنا، اور ورزش والے کھیل ہیں جیسے فٹ بال، باسکٹ بال، والی بال وغیرہ۔ اور یہ جسمانی کثافت کو پسینے کے ذریعے خارج کرنے، اور اعضاء ومعدہ کی تقویت، اور دورانِ خون کو ہضمی نظام کو درست رکھنے کے لئے فائدہ مند ہیں

ایک دلچسپ حکایت سنئے:

ایک مالدار باپ کا بیٹا بیمار ہوگیا، اس کے والد نے ایک ماہر ڈاکٹر کو بلایا، جب ڈاکٹر آیا اور لڑکے کو دیکھا تو اسے دوا کے بدلے ایک گیند دے دیا، اور کہا اس سے روزانہ کھیلو۔ چنانچہ لڑکے نے ویسا ہی کیا جیسا ڈاکٹر نے اسے حکم دیا تھا، تھوڑے دنوں کے بعد اس کا مرض جاتا رہا، اور لڑکا ہشاش بشاش ہوگیا، لڑکے نے ڈاکٹر سے اپنے شفا کی وجہ دریافت کی، تو ڈاکٹر نے اس کے

لڑکے سے کہا: تمہاری شفا کا سبب حرکت اور جسمانی ورزش ہے، کیونکہ صحت، حرکت اور کام کرنے میں ہے، اور بیماری بیکاری اور سستی میں ہے۔

اچھی رہائش، اچھی صحت کے لئے اہم عنصر ہے، اور یہ اس وقت ممکن ہے جب گھر ایسے محلہ کی اونچی جگہ پر ہو جس کے مکانات مناسب دوری پر ہوں جس میں ہوا اور روشنی آسانی سے آر پار ہو سکے۔ اور ضروری ہے کہ گھر صاف اور گندگی اور بدبو سے پاک ہو۔ اور گھر والوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ اپنے گھر کوئی ایسی جگہ نہ چھوڑے جس میں پانی رُکا رہے: کیوں کہ رُکے ہوئے پانی میں ایسے جراثیم پیدا ہوتے ہیں جو وبائی امراض کا سبب بنتے ہیں۔

اور بدن کی پاکی بھی صحت کی بقاء کے لئے ضروری ہے، یہ پاکی اور صفائی روزانہ یا ایک دن کے بعد یا کم از کم ہفتہ میں ایک بار غسل کے اہتمام سے حاصل ہوتی ہے، ورنہ بدن میں میل اکٹھا ہو جاتا ہے، اور وہ مسامات بند ہو جاتے ہیں جن کے ذریعہ بدن کی کثافت پسینہ کے راستے سے نکلتی ہے، اور روزانہ پانچ مرتبہ وضو بھی بدن کی صفائی کے لئے فائدہ مند ہے۔

اور سادہ، صاف ستھرا لباس، پہننے والے کی شخصیت کا مظہر (آئینہ دار) ہے، اس لئے ضروری ہے کہ کپڑوں کو تھوڑے وقفہ کے بعد دھولے، کیوں کہ گندے اور میلے کپڑوں سے بدبو پیدا ہوتی ہے، اسے لوگ ناپسند کرتے ہیں، کوئی بھی ایسا پہننے والے کے ساتھ بیٹھنا پسند نہیں کرتا، اور یہ بدبو صحت کو بھی خراب کرتی ہے۔

صحت بخش غذاؤں کا خیال رکھنا بھی بے حد اہم ہے، زود ہضم غذا کا استعمال بغیر کمی زیادتی کئے ہوئے اچھی صحت کے لئے فائدہ مند ہے، صحت بخش غذاؤں میں، دودھ سے تیار ہونے والی چیزیں سبزی، پھل، مچھلی، غلہ اور گوشت اور تیل شامل ہیں۔

بدن کا آرام بھی صحت کے لئے ضروری ہے، کیوں کہ آرام ہمیں اچھی صحت فراہم کرتا ہے، بدن کے آرام کا مطلب یہ ہے کہ انسان اپنے بدن کو طاقت سے زیادہ تکلیف دہ کاموں سے تھکا نہ دے، اور نہ ہی محنت کے بعد ناکامی کی صورت میں زیادہ افسوس کرے بلکہ اسے اپنا معاملہ

اللہ کے سپرد کرنا چاہئے ، ورنہ افکار منتشر ہوجائیں گے اور اس کے آرام میں خلل پڑ جائے گا ، اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دماغی مرض کا سبب بن جائے۔ اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ روزانہ کے کاموں جیسے کھانا ، کام کرنا ، جسمانی ورزش اور سونا وغیرہ جیسے کاموں میں سے ہر کام کے لئے اوقات کو تقسیم کرلے۔

صحت کے تمام وسائل جیسے جسمانی ورزش ، اچھی رہائش ، بدن کی پاکی ، کپڑوں کی صفائی ، صحت بخش غذا اور بدن کے آرام وغیرہ کا پورا خیال رکھتے ہوئے ہم اس صحت کی حفاظت کرسکتے ہیں جو ہزار نعمت سے بہتر ہے۔

18.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَا هِيَ الرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ ؟

جسمانی ورزش کیا چیز ہے؟

2. مَاذَا فَعَلَ الطَّبِيْبُ لِعِلَاجِ وَلَدِ الْغَنِيِّ ؟

مالدار کے لڑکے کے علاج کے لئے ڈاکٹر نے کیا کیا؟

3. مَاذَا يَجِبُ لِطَهَارَةِ الْبَدَنِ ؟

بدن کی پاکی کے لئے کیا چیز ضروری ہے۔

4. مَا هِيَ الْأَغْذِيَةُ الصِّحِّيَّةُ ؟

صحت بخش غذائیں کون کون سی ہیں؟

5. لِمَاذَا رَاحَةُ الْبَدَنِ ضَرُوْرِيٌّ ؟

بدن کا آرام کیوں ضروری ہے؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. هِيَ الْمَشْيُ صَبَاحًا وَ مَسَاءًا وَ الْأَلْعَابُ الرِّيَاضِيَّةُ۔

وہ صبح شام ٹہلنا، اور ورزش والے کھیل۔

2. أَعْطَاهُ الطَّبِيْبُ كُرَةً بَدَلًا عَنِ الدَّوَاءِ وَقَالَ لَهُ : اِلْعَبْ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ ۔

ڈاکٹر نے اسے دوا کے بدلے ایک گیند دیا اور کہا اُسے روزانہ کھیلو۔

3. اَلْغُسْلُ يَوْمِيًّا أَوْ غِبًّا۔

روزانہ یا ایک دن کے بعد غسل کرنا۔

4. مُنْتَجَاتُ الْأَلْبَانِ، وَالْخَضَارُ بِأَنْوَاعِهَا، وَالْفَوَاكِهُ، وَالْأَسْمَاكُ، وَالْحُبُوْبُ وَاللُّحُوْمُ وَ غَيْرُهَا۔

دودھ سے تیار اور سبزیاں، پھل، مچھلیاں، دانے، گوشت وغیرہ۔

5. لِأَنَّهَا تُعْطِيْنَا صِحَّةً جَيِّدَةً

کیوں کہ یہ ہمیں اچھی صحت فراہم کرتا ہے۔

18.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

اَلصِّحَّةُ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ نِعْمَةٍ ، وَهِيَ لَا تَحْصُلُ إِلَّا بِالْحِفَاظِ عَلَى الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ ، وَحُسْنِ الْمَسْكَنِ، وَطَهَارَةِ الْبَدَنِ، وَ نَظَافَةِ الْمَلَابِسِ وَ الْاِهْتِمَامِ بِالْغِذَاءِ الصِّحِّيِّ وَ رَاحَةِ الْبَدَنِ۔

فَيَجِبُ الْمَشْيُ كُلَّ يَوْمٍ صَبَاحًا وَمَسَاءً، وَالْاِهْتِمَامُ بِالْأَلْعَابِ الرِّيَاضِيَّةِ ، وَ نَظَافَةُ الْبَيْتِ وَالْاِهْتِمَامُ بِالْغُسْلِ كُلَّ يَوْمٍ أَوْ غِبًّا، وَغُسْلُ الْمَلَابِسِ عَلَى

فَتْرَةٍ قَصِيْرَةٍ، وَتَنَاوُلُ الْأَغْذِيَةِ الصِّحِّيَّةِ الَّتِيْ لَا تَثْقُلُ عَلَى الْمَعِدَةِ ، وَ إِرَاحَةُ الْبَدَنِ عَنِ الْأَعْمَالِ الشَّاقَّةِ ، وَ عَدَمُ التَّأَسُّفِ عَلَى الْخَيْبَةِ بَلْ تَفْوِيْضُ الْأَمْرِ إِلَى اللهِ ۔

وَ جَاءَتْ فِيْ الدَّرْسِ حِكَايَةٌ حَيْثُ أَنَّ الْمَرِيْضَ شُفِيَ مَرَضُهٗ بِلَعْبِ الْكُرَةِ دُوْنَ الدَّوَاءِ ۔

صحت ہزار نعمت سے بہتر ہے، اور یہ صحت صرف جسمانی ورزش اچھی رہائش، بدن کی پاکی، کپڑوں کی صفائی اور صحت بخش غذا کے استعمال اور بدن کے آرام سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

اس کے لئے چند چیزیں ضروری ہیں جیسے روزانہ صبح وشام ٹہلنا، اور ورزش والے کھیل کا اہتمام، گھر کی صفائی، روزانہ یا ایک دن کے بعد غسل، مختصر وقفہ کے بعد کپڑے دُھل لینا، ایسی صحت بخش غذاؤں کا استعمال جو معدہ پر ثقیل نہ ہوں، اور بدن کو تکلیف دہ سخت کاموں سے آرام دلانا، اور ناکامی پر افسوس نہ کرنا، بلکہ اپنا معاملہ اللہ کو سونپنا۔

سبق میں ایک قصہ بھی آیا ہے جہاں مریض محض گیند کھیلنے سے بغیر دوا کے شفایاب ہو گیا۔

18.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

اَلْفَاعِلُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلَى مَا وَقَعَ مِنْهُ الْفِعْلُ ۔ وَ الْمَفْعُوْلُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلَى مَا وَقَعَ عَلَيْهِ الْفِعْلُ ۔

إِنْ تَمَّ بِالْفِعْلِ مَعْنَى الْفِعْلُ فَلَا حَاجَةَ إِلَى الْمَفْعُوْلِ، وَ إِنْ لَمْ يَتِمَّ مَعْنَاهُ بِدُوْنِ الْمَفْعُوْلِ فَيَجِبُ ذِكْرُ الْمَفْعُوْلِ۔

فاعل وہ اسم ہے جس سے فعل جڑا ہوا ہو، اور مفعول وہ اسم ہے جس پر فعل کا اثر واقع ہو۔

فعل اگر فاعل سے پورا ہو جا رہا ہو تو مفعول کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر بغیر مفعول کے فعل کا معنی پورا نہ ہو تو مفعول آتا ہے۔

مثالیں (اَلْأَمْثِلَةُ) :

مَرِضَ ابْنٌ لِوَالِدٍ غَنِيٍّ
فاعل

سَأَلَ الْوَلَدُ الطَّبِيْبُ
فاعل مفعول

18.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. مَا هِيَ حِكَايَةُ الدَّرْسِ الْمُمْتِعَةِ ؟
2. مَا هِيَ فَائِدَةُ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ ؟
3. أَيْنَ يَجِبُ أَنْ يَّكُوْنَ الْبَيْتُ ؟
4. مَاذَا يَتَوَلَّدُ مِنَ الْمَلَابِسِ الْوَسِخَةِ ؟
5. مَاذَا يُمْكِنُ أَنْ يُّسَبِّبَ إِكْثَارَ التَّأَسُّفِ ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. إِنَّ اللهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى أَعْطَانَا	ا۔ اَلْعُفْوَنَةُ
2. مَرِضَ ابْنٌ لِوَالِدٍ	ب۔ مُهِمٌّ
3. وَأَمَّا حُسْنُ الْمَسْكَنِ فَعُنْصُرٌ	ج۔ اللهِ
4. لِأَنَّ الْمَلَابِسَ الْوَسِخَةَ يَتَوَلَّدُ مِنْهَا	د۔ غَنِيٍّ
5. وَعَلَيْهِ أَنْ يُّفَوِّضَ أَمْرَهٗ إِلٰى	ھ۔ نِعَمًا كَثِيْرَةً

املا الفراغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. إِلَيْكُمْ أَيُّهَا ..... حِكَايَةً مُمْتِعَةً۔
2. فَسَأَلَ الْوَلَدُ الطَّبِيْبَ عَنْ ..... فِيْ شِفَائِهِ۔
3. لِأَنَّ الْمَاءَ الرَّاكِدَ تَتَوَلَّدُ فِيْهِ .....
4. وَاللِّبَاسُ السَّاذَجُ وَ النَّظِيْفُ ..... شَخْصِيَّةَ اللَّابِسِ۔
5. وَلَا يُكْثِرُ التَّأَسُّفَ إِذَا ..... أَمَلَهُ بَعْدَ الْاِجْتِهَادِ۔

(اَلْجَرَاثِيْمُ۔ اَلْأَوْلَادُ۔ مَظْهَرُ۔ خَابَ۔ السَّبَبِ)

صَحِّحِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. وَهِيَ تَحْصُلُ الْحِفَاظ مِنَ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ۔
2. مَرِضَ اِبْنٌ لِوَالِدٍ غَنِيًّا۔
3. تَحْصُلُ هٰذِهِ الطَّهَارَةُ مِنَ الْاِهْتِمَامِ عَلَى الْغُسْلِ غِبًّا۔
4. لِأَنَّ الْمَلَابِسَ الْوَسِخَةَ يَتَوَلَّدُ مِنْهَا الْعُفُوْن۔
5. وَالْمُرَادُ بِطِهَارَةِ الْبَدَنِ أَنْ لَّا يَتْعَبُ الْإِنْسَانُ بَدَنَه عَلَى الْأَعْمَالِ الشَّاقَّةِ۔

شَكِّلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةِ : (اعراب لگائیے)۔

واللباس الساذج والنظيف مظهر شخصية اللابس، فعليه أن يغسل الملابس على فترة قصيرة۔

فتناول غذاء سريع الهضم من غير إفراط و تفريظ مفيد للصحة الجيدة۔

عَيِّنِ الْقَوَاعِدَ فِي الْاِقْتِبَاسِ التَّالِي :
(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔
فَلَمَّا جَاءَ الطَّبِيْبُ وَرَأَى الْوَلَدَ، عَرَفَ مَرَضَهُ، فَأَعْطَاهُ كُرَةً بَدَلًا عَنِ الدَّوَاءِ

18.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

اَلصِّحَّةُ نِعْمَةٌ كَبِيْرَةٌ مِنَ اللهِ تَعَالٰى بَلْ هِيَ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ نِعْمَةٍ وَ هِيَ تَشْتَمِلُ عَلٰى أُمُوْرِ الْبَدَنِ وَالْمَسْكَنِ وَالْمَلَابِسِ وَالْغِذَاءِ وَيَجِبُ عَلَيْنَا الْحِفَاظُ عَلَى الصِّحَّةِ وَالْاِهْتِمَامِ بِالنَّظَافَةِ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ وَالْاِبْتِعَادُ عَنْ أَمَاكِنِ الْأَوْسَاخِ۔
وَ لِفَائِدَةِ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ حِكَايَةٌ شُفِيَ فِيْهَا وَلَدٌ مَرِيْضٌ بِشُغْلِ الْكُرَةِ وَ فِيْهَا دَرْسٌ لَنَا فِي الْاِهْتِمَامِ بِالرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ۔

18.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. كَيْفَ أَصْبَحَتِ الْحِكَايَةُ دَرْسًا لَنَا فِي الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ؟
2. عَلٰى مَاذَا تَشْتَمِلُ الرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ ؟
3. مَاذَا يَجِبُ عَلٰى صَاحِبِ الْبَيْتِ أَنْ يَّعْمَلَهُ ؟
4. مَا هِيَ مَكَانَةُ اللِّبَاسِ النَّظِيْفِ لِلَّابِسِ؟
5. مَا هِيَ الْأَغْذِيَةُ الصِّحِّيَّةُ ؟

•••

الوحدة الرابعة

ماڈیول: 4

اَلدِّرَاسَاتُ الْخُلُقِيَّةِ

Ethical Studies

الدرس التاسع عشر	:	دروس من القرآن الكريم	279
الدرس العشرون	:	دروس من الحديث الشريف	293
الدرس الحادي والعشرون	:	شر و خير	308
الدرس الثاني والعشرون	:	ثمرة التقوى	322
الدرس الثالث والعشرون	:	الأخلاق الحسنة	335

الدرس التاسع عشر

سبق-19

دروس من القرآن الكريم

19.1 تمہید (التمهيد)

19.2 مقصد (الهدف)

19.3 متن: تحقیق، ترجمہ اور تشریح کے ساتھ
(المتن: التحقيق، الترجمة و الشرح)

19.4 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

19.5 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

19.6 مشقیں (تدريبات)

19.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

19.8 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

دُرُوْسٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْم

19.1 تمہید (التمهيد) :

قرآنِ کریم اللہ تعالیٰ کی وہ نازل کردہ کتاب ہے جو روئے زمین کے تمام انسانوں کو انسانیت کی تعلیم دیتی ہے، اس کتاب میں زندگی کے سنہری اصولوں کا بیان اور بھٹکے ہوئے انسانوں کے لئے ہدایت کا سامان اور انسانیت کی پہچان کے خزانے موجود ہیں۔

اس کتاب کی عظمت اور دلوں کو چھو لینے کی صلاحیت کا یہ عالم ہے کہ اس نے ایک پس ماندہ ترین قوم کو اپنی تعلیمات کا گرویدہ بنا کر دنیا کی عظیم سلطنتوں کا حاکم بنا دیا، اور کرۂ ارض کے بڑے خطے کو اپنی تعلیمات سے منور کر دیا۔

قرآن کریم انسانی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے لئے رہنمایانہ اُصول کا مخزن ہے۔ معاشی، سماجی، سیاسی اور اخلاقی اعلیٰ اصول سے مالا مال یہ کتاب دنیا کے تمام انسانوں کے لئے مشکلات کا حل پیش کرتی ہے، اور دنیا میں کامیابی کے ساتھ آخرت کی فلاح کی ضامن ہے۔

19.2 مقصد (الهدف) :

1. اللہ کی حمد وثناء۔
2. صحیح رہنمائی کی دعاء۔
3. اللہ کی صفات کا بیان۔
4. گمراہی سے بچنے کی دعاء۔
5. شرک سے پاکی۔
6. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی نعمت کا بیان۔
7. فتح مکہ کا بیان۔
8. اللہ کی وحدانیت اور شرک سے پاکی۔

19.3 متن: تحقیق، ترجمہ اور تشریح کے ساتھ
(المتن: التحقيق، الترجمة و الشرح) :

19.3.1 سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝٦

19.3.1.1 حل لغات (حل اللغات) :

1.	اَلْحَمْدُ	زبان سے تعریف (ہر طرح کی تعریف)
2.	اَللّٰه	اللہ کی ذات کا نام
3.	رَبّ	اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام
4.	الْعَالَمِيْنَ	واحد العالَم جہان، دنیا
5.	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم	بہت زیادہ رحم کرنے والا، اللہ تعالیٰ کی صفتیں
6.	مَالِكِ	اختیار رکھنے والا
7.	يَوْمِ الدِّيْن	بدلے کا دن، قیامت
8.	إِيَّاكَ	صرف تمہاری
9.	نَعْبُدُ	ہم عبادت کرتے ہیں، عَبَدَ ، يَعْبُدُ
10.	نَسْتَعِيْنُ	ہم مدد چاہتے ہیں، اِسْتَعَانَ ، يَسْتَعِيْنُ

11.	اهْدِ	رہنمائی کرنا، راستے پر چلنا، هَدٰى، يَهْدِيْ
12.	الصراط	جمع صُرُطٌ ۔ راستہ
13.	المُستقِيم	سیدھا، استقام ، يستقيم
14.	أنعمت عليهم	جن پر تو نے انعام کیا۔
15.	غير	علاوہ، نہ کہ
16.	المغضوب	جن پر غضب نازل ہوا
17.	الضالين	واحد الضَّالُّ، گمراہ، بھٹکے ہوئے،

19.3.1.2 ترجمہ (الترجمة) :

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے، جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا، بدلے کے دن کا مالک ہے، ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں، ہمیں سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا، اور نہ گمراہوں کا راستہ۔

19.3.1.3 تفسیر (التفسير) :

اس سورۃ کا نام ''الفاتحہ'' ہے کیونکہ قرآن کی شروعات اسی سے ہے، اور ''سبع مثانی'' بھی ہے کیونکہ اس میں سات آیتیں ہیں جو نمازوں میں بار بار پڑھی جاتی ہیں نیز ''أم الكتاب'' الحمد، اور الصلاۃ بھی اس سورۃ کے نام ہیں، اس سورہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کا طریقہ بتلایا گیا ہے، اس کے لئے یہ تعلیم دی گئی ہے کہ اللہ سے کچھ مانگنے سے پہلے اس کی تعریف اور اس کی عظیم قدرت بعض صفات کے ساتھ بیان کی جائیں، پھر دعا میں بھی صحیح راستے پر چلنے کی طلب

ظاہر کی جائے، بطورِ خاص ان لوگوں کے راستے کا حوالہ بھی دیا جائے جن پر اللہ کا انعام ہوا، وہ انبیاء، صدیقین، شہدا، صالحین ہیں، اور ان لوگوں کے راستے سے بچاؤ کا حوالہ دیا جائے جن پر ماضی میں اللہ کا غضب نازل ہوا اور جو لوگ گمراہ ہیں۔

19.3.2 سُوْرَةُ الْكَوْثَرْ :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣

19.3.2.1 حل لغات (حل اللغات) :

1. أَعْطَيْنَا — ہم نے عطا کیا۔ أَعْطٰى، يُعْطِيْ
2. الْكَوْثَرَ — جنت میں ایک نہر ہے اور دیگر معانی بھی ہیں جن کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے
3. فَصَلِّ — نماز پڑھو، صَلّٰى، يُصَلِّيْ نماز پڑھنا،
4. إِنْحَرْ — قربانی کرو، نَحَرَ، يَنْحَرُ قربانی کرنا
5. شَانِئَكَ — تمہارا دشمن
6. اَلْأَبْتَرُ — لاوارث، بے نام ونشان، لاولد

19.3.2.2 ترجمہ (الترجمة) :

یقیناً ہم نے تمہیں کوثر (حوض) دیا ہے، پس تم اپنے رب کے لئے نماز پڑھو، اور قربانی کرو، یقیناً تمہارا دشمن ہی بے نام ونشان اور لاوارث ہے۔

19.3.2.3 تفسیر (التفسیر) :

اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے دو باتیں بیان کی ہیں: پہلے تو اس نعمتِ عظمیٰ کا بیان کیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بطورِ خاص اور ان کی اُمت کو عمومی طور پر عطا کی ہے، وہ حوضِ کوثر ہے جو جنت میں ہوگا جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اہلِ ایمان کو دستِ مبارک سے پلائیں گے، اس کے شکریہ میں صرف اللہ کے لئے نماز پڑھنے اور قربانی کرنے کا حکم ہے۔

دوسرے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولادِ نرینہ زندہ نہ رہی تو بعض کفار نے آپ کو ''ابتر'' کہا جس پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی دی کہ ابتر تو آپ کے دشمن ہیں، آپؐ کی اولاد قیامت تک باقی رہے گی، ساری امت معنوی اولاد ہے جو قیامت تک آپ کے نام لیوا ہے اور اس وقت تک آپ کا نام باقی رہے گا، جبکہ دشمن صرف صفحاتِ تاریخ پر ہی رہ گئے۔

19.3.3 سُوْرَةُ النَّصْر :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝١ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝٢ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝٣

19.3.3.1 حل لغات (حل اللغات) :

1. جَاءَ — جَاءَ ، يَجِيْئُ — آنا
2. نَصْرُ — مدد
3. الْفَتْحُ — کامیابی، فتح

4. رَأَيْتَ تم دیکھوگے، رَأَى، يَرَى دیکھنا
5. النَّاس لوگ، لوگوں کو
6. يَدْخُلُوْنَ داخل ہوں گے، دَخَلَ ، يَدْخُلُ داخل ہونا
7. أَفْوَاجًا واحد فَوْجٌ جوق درجوق
8. سَبِّحْ سَبَّحَ ، يُسَبِّحُ تسبیح بیان کرنا
9. حَمْد تعریف
10. اِسْتَغْفِرْ مغفرت طلب کیجئے
11. تَوَّابًا توبہ قبول کرنے والا

19.3.2.2 ترجمہ (الترجمة) :

جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے ، اور آپ لوگوں کو اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہوتے دیکھ لیں، تو اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں، یقیناً وہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

19.3.2.3 تفسیر (التفسير) :

اس سورہ میں اللہ کی مدد سے مراد اسلام اور مسلمانوں کا غلبہ، اور فتح سے مراد فتح مکہ ہے، مکہ سے مسلمانوں کی ہجرت کے ایک عرصہ بعد سنہ ۸ ہجری میں مکہ فتح ہوگیا تو لوگ اسلام میں جوق در جوق داخل ہونے لگے، اب لوگوں پر یہ بات واضح ہوگئی کہ آپ ؐ سچے پیغمبر ہیں اور دینِ اسلام برحق ہے۔

19.3.4 سُوْرَةُ الْاِخْلَاصُ :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ② لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ③

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ④

19.3.4.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. أَحَدٌ — جمع آحاد، ایک
2. الصَّمَدُ — بے نیاز، یعنی کسی کا محتاج نہیں۔
3. لَمْ يَلِدْ — کوئی اولاد نہیں جنا، وَلَدَ، يَلِدُ جننا۔
4. لَمْ يُوْلَدْ — نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔
5. كُفُوًا — ہمسر، ہم مثل

19.3.4.2 ترجمہ (الترجمة) :

آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک ہے، اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے، نہ اس نے کوئی اولاد جنی اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے۔

19.3.4.3 تفسیر (التفسیر) :

یہ مختصر سی سورت بڑی فضیلت کی حامل ہے، اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کا ایک تہائی حصہ قرار دیا اور اسے رات کو پڑھنے کی ترغیب دی ہے۔

یہ سورت اللہ تعالیٰ کی خالص توحید بیان کر رہی ہے، اور اس میں ان لوگوں کا توڑ بھی ہے جو متعدد خداؤں کے قائل ہیں، اور جو اللہ کے لئے اولاد ثابت کرتے ہیں، اور اس کو دوسروں کا شریک گردانتے ہیں، ان کے لئے بھی توڑ ہے جو سرے سے خدا کے منکر ہیں۔

19.4 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَاذَا نَطْلُبُ مِنَ اللهِ فِيْ الدُّعَاءِ ؟

اللہ تعالیٰ سے دعا میں کیا مانگنا چاہئے؟

2. مَا هِيَ النِّعْمَةُ الْعُظْمٰى اَلَّتِيْ أَعْطَاهَا اللهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو کون سی بڑی نعمت عطا کی؟

3. مَا الْمُرَادُ بِنَصْرِ اللهِ وَ فَتْحِهِ؟

اللہ کی نصرت اور فتح سے کیا مراد ہے؟

4. فِيْ أَيِّ سُوْرَةٍ جَاءَ تَوْحِيْدُ اللهِ وَ صَمَدِيَّتُهُ ؟

کس سورہ میں اللہ کی واحدانیت اور بے نیازی کا بیان ہے؟

5. أَيُّ صِرَاطٍ هُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ ؟

سیدھا راستہ کون سا راستہ ہے؟

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔

اے اللہ ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔

2. أَعْطَاهُ اللهُ الْكَوْثَرَ ۔

اللہ نے انھیں حوضِ کوثر عطا کیا۔

3. اَلْمُرَادُ بِالنَّصْرِ اَلنَّصْرُ عَلٰى أَعْدَائِهِ ، وَ فَتْحُ مَكَّةَ ۔

مدد سے مراد دشمنوں کے خلاف مدد، اور فتح سے مراد فتح مکہ۔

4. هُمَا فِيْ سُوْرَةِ الْإِخْلَاصِ ۔

وہ دونوں سورۂ اخلاص ہیں۔

5. صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۔

ان لوگوں کا راستہ جن پر اللہ نے انعام کیا۔

19.5 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

إِنَّ اللهَ تَعَالٰى عَلَّمَنَا الدُّعَاءَ وَ أَمَرَنَا بِطَلَبِ هِدَايَةِ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ ، كَمَا أَنْعَمَ اللهُ عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِعْمَةِ الْكَوْثَرِ فِيْ الْجَنَّةِ ، فَأَمَرَ نَبِيَّهُ بِالصَّلَاةِ وَالنَّحْرِ لِرَبِّهٖ فَقَطْ ، كَمَا أَمَرَ نَبِيَّهُ بِالتَّسْبِيْحِ وَالْاِسْتِغْفَارِ حِيْنَ فُتِحَتْ مَكَّةُ وَ بَدَأَ الْإِسْلَامُ يَنْتَشِرُ ، وَأَكَّدَ اللهُ عَلَى التَّمَسُّكِ بِالتَّوْحِيْدِ وَالرَّدِّ عَلَى الشِّرْكِ بِأَنْوَاعِهٖ ۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں دعا کا طریقہ بتلایا ہے اور سیدھے راستے کی ہدایت مانگنے کا حکم دیا ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ پر جنت میں کوثر کی نعمت عطا کی ہے، اور اپنے نبی کو صرف اسی کے لئے نماز اور قربانی کا حکم دیا ہے، جب فتح مکہ ہوا اور اسلام پھیلنے لگا تو اللہ نے اپنے نبی کو تسبیح اور استغفار کا حکم دیا، اور اللہ نے توحید کے بیان اور شرک کی تمام اقسام کے رد کرنے پر خاص تاکید کی۔

19.6 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الف) سوالات (اَلْأَسْئِلَةُ) :

1. فِيْ أَيِّ سُوْرَةٍ جَاءَ ذِكْرُ طَرِيْقَةِ الدُّعَاءِ؟

کون سی سورت میں دعا کا طریقہ بتلایا گیا ہے؟

2. مَا هِيَ السُّوْرَةُ الَّتِيْ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ؟

کون سی سورت کو ثلثِ قرآن کہا گیا ہے۔

3. فِيْ أَيِّ سَنَةٍ وَقَعَ فَتْحُ مَكَّةَ ؟

فتح مکہ کا واقعہ کس سنہ میں پیش آیا؟

4. مَتٰى نَزَلَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى ''إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ''

'' ان شانئک ھوالابتر'' یہ آیت کب نازل ہوئی۔

5. أَيْنَ نَهْرُ الْكَوْثَرِ ؟

حوضِ کوثر کہاں ہے؟

(ب) جوابات : (اَلْأَجْوِبَةُ)

1. فِيْ سُوْرَةِ الْفَاتِحَةِ۔

سورۂ فاتحہ میں۔

2. سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ۔

سورۂ اخلاص۔

3. فِيْ عَامِ 8 الْهِجْرِيْ / فِيْ الْعَامِّ الثَّامِنِ الْهِجْرِيِّ
سنہ 8 ہجری میں۔

4. لَمَّا طَعَنَ الْكُفَّارُ النَّبِيَّ ﷺ عَلٰى عَدَمِ بَقَاءِ أَوْلَادِهِ الذُّكُوْرِ۔
جب کفار نے آپ کے اولادِ نرینہ نہ ہونے پر طعنہ دیا۔

5. هُوَ فِي الْجَنَّةِ۔
وہ جنت میں ہے۔

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1.	صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	ا۔	أَحَدٌ
2.	فَصَلِّ لِرَبِّكَ	ب۔	تَوَّابًا
3.	وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ	ج۔	أَفْوَاجًا
4.	وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا	د۔	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ
5.	وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللهِ	هـ۔	وَانْحَرْ

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. ---------- يَوْمِ الدِّيْنِ
2. اِهْدِنَا الصِّرَاطِ----------
3. إِنَّ شَانِئَكَ ----------
4. اِذَا ---------- نَصْرُ اللهِ وَ الْفَتْحُ
5. قُلْ هُوَ اللهُ ----------

(أَحَدٌ۔ جَاءَ۔ اَلْمُسْتَقِيْمَ۔ مَالِكِ۔ هُوَ الْأَبْتَرُ)

شَكِّلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ : (اعراب لگائیے)۔

1. ''صراط الذين أنعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضّالين''
2. ''قل هو الله أحد، الله الصمد، لم يلد و لم يولد، ولم يكن له كفوا أحد''
3. ''إنا أعطينك الكوثر، فصل لربك و انحر ، إن شانئك هو الأبتر''

19.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

يَحْسُنُ بِنَا قَبْلَ الدُّعَاءِ أَنْ نَحْمِدَ اللهَ عَزَّوَجَلَّ بِأَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِهِ الْعُلْيَا، وَ أَنْعَمَ اللهَ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِعَمٍ كَثِيْرَةٍ مِّنْ أَهَمِّهَا نِعْمَةُ الْكَوْثَرِ فِيْ الْجَنَّةِ ، وَ أَبْقَى اللهُ نَسْلَهُ وَ ذِكْرَهُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، وَحِيْنَ يَقْوٰى أَمْرُ الْإِسْلَامِ يَجِبُ عَلَيْنَا تَسْبِيْحُ اللهِ وَ اِسْتِغْفَارُهُ ، وَتَوْحِيْدُ اللهِ عَزَّوَجَلَّ فِيْ الرُّبُوْبِيَّةِ وَالْأُلُوْهِيَّةِ وَالْأَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ مُقْتَضَى الْإِيْمَانِ بِاللهِ۔

دعا سے پہلے بہتر یہ ہے کہ ہم اللہ کے اسماء وصفات کے ساتھ اس کی تعریف کریں ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بے شمار نعمتیں نازل کی ہیں، ان میں اہم کوثر کی نعمت ہے جو جنت میں ہوگی، اور اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل اور نام کو قیامت تک باقی رکھا ہے، جب اسلام کو قوت ملے تو ہمیں اللہ کی تسبیح واستغفار کرنی چاہئے ، اور توحید چاہے ربوبیت ہو یا اُلوہیت یا اسماء وصفات والی، یہ اللہ پر ایمان کے تقاضوں میں سے ہے۔

19.8 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. مَنِ الْمُرَادُ بِالْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ؟
مغضوب علیھم اور ضالین سے کون لوگ مراد ہیں؟

2. مَا هُوَ الْكَوْثَرُ وَ أَيْنَ هُوَ ؟
کوثر کیا ہے اور کہاں ہے؟

3. مَا معنى ''تَوَّابًا'' ؟
(تَوَّابًا) کا کیا معنی ہے؟

4. مَا الْفَرْقُ بَيْنَ ''أَحَدٌ'' و ''الصَّمَدُ'' ؟
''أحد'' اور ''الصمد'' میں کیا فرق ہے؟

5. اُذْكُرْ فَضِيْلَةَ سُوْرَةِ الْإِخْلَاصِ؟
سورۂ اخلاص کی فضیلت بیان کیجئے۔

•••

الدرس العشرون

سبق-20

دورس من الحديث الشريف

20.1 تمہید (التمهيد)

20.2 مقصد (الهدف)

20.3 متن سبق، تحقیق، ترجمہ، تشریح کے ساتھ :
(المتن مع الترجمة والشرح) :

20.4 سوالات وجوابات (الأسئلة والأجوبة)

20.5 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

20.6 مشقیں (تدریبات)

20.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

20.8 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

دُرُوْسٌ مِّنَ الْحَدِيْثِ الشَّرِيْف

20.1 تمہید (التمهيد) :

شریعتِ اسلامیہ میں قرآنِ کریم کے بعد دوسرا مقام حدیثِ شریف کا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین، اور اعمال، کسی معاملے میں خاموشی کے ذریعہ تائید، آپ کی سیرتِ طیبہ کے تمام پہلو ان سب کو حدیث کہا جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے فرستادہ رسول اور نبی ہیں، آپ معصوم ہیں، آپ کا ہر طرزِ عمل شریعت کی حیثیت رکھتا ہے، آپ نے اپنی زندگی میں انسانوں کی رہنمائی کے لئے عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاقیات سبھی میدانوں میں احادیثِ مبارکہ کے قولی اور عملی نمونے پیش کئے ہیں جو مسلمانوں کے لئے واجب العمل ہیں اور عمومی انسانوں کے لئے رہنمایانہ اُصول ہیں، جو ایک اچھے معاشرہ کی تشکیل میں مفید اور معاون ہیں اور ذخیرۂ آخرت ہیں۔

20.2 مقصد (الهدف) :

طلباء کو چند اخلاقی اُصول سے واقف کرانا اور راغب کرنا، مثلاً:

1. پڑوسی کے حقوق کی اہمیت۔
2. صحیح راستے میں بالخصوص اہل وعیال پر خرچ کرنے کی فضیلت بتلانا۔
3. نیک عورت کا بلند مقام۔
4. دوسروں کے عیب کی ستر پوشی۔
5. دوسروں کا خیال رکھنا۔
6. اچھے کام کی رہنمائی کرنا۔
7. خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

20.3 متن سبق، تحقیق، ترجمہ، تشریح کے ساتھ : (المتن مع الترجمة والشرح) :

20.3.1

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

''مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ''

20.3.1.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. يُوْصِيْ : وصیت کرنا، تاکید کرنا۔
2. اَلْجَارُ : جمع جِيْرَانٌ سامان
3. يُوَرِّثُ : وارث بنانا۔ وَرَّثَ ، يُوَرِّثُ

20.3.1.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل پڑوسی کے ساتھ حسنِ سلوک کی ہمیشہ تاکید کرتے رہے، یہاں تک کہ میں گمان کرنے لگا کہ وہ پڑوسی کو وراثت میں شریک ٹھہرادیں گے۔

20.3.1.3 شرح (شرح) :

اس حدیث سے واضح ہے کہ اسلام میں پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی بہت اہمیت ہے

20.3.2

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

''إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلٰى أَهْلِهِ نَفَقَةً يَحْتَسِبُهَا فَهِيَ لَهُ صَدَقَةٌ''.

20.3.2.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. أَنْفَقَ : خرچ کرنا، أَنْفَقَ يُنْفِقُ إِنْفَاقًا
2. يَحْتَسِبُ : ثواب کی نیت کرنا

20.3.2.2 ترجمہ (التّرجمة) :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے تو وہ اس کے لئے صدقہ شمار ہوتا ہے۔

20.3.2.3 شرح (شرح) :

یعنی بال بچوں پر خرچ کرتے وقت یہ ذہن میں ہو کہ اللہ کی طرف سے جو ذمہ داری دی گئی ہے اُسے وہ پوری کر رہا ہے تو اُسے اس خرچ پر صدقہ کا اجر وثواب ملے گا۔

20.3.3

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

''اَلدُّنْيَا مَتَاعٌ ، وَخَيْرُ مَتَاعِهَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ''

20.3.3.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. مَتَاعٌ نفع کی چیز
2. اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ نیک عورت

20.3.3.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا ایک متاع ہے، اور دنیا کی بہترین متاع نیک عورت ہے۔

20.3.3.3 شرح (شرح) :

اس حدیث میں اس بات کی ترغیب ہے کہ اگر انسان کو دنیا اور آخرت کی کامیابی مطلوب ہے تو وہ عورت کا انتخاب کرتے وقت صرف اس کے حسن و جمال، یا حسب ونسب یا مال و دولت پر ہی نظر نہ رکھے بلکہ دین کو ان سب پر مقدم رکھے۔

20.3.4

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

''لَا يَسْتُرُ عَبْدٌ عَبْدًا فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''.

20.3.4.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. يَسْتُرُ چھپانا، ستر پوشی کرنا
2. عَبْدٌ جمع عِبَادٌ بندہ

20.3.4.2 ترجمہ (التّرجمة) :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ کسی بندے کی دنیا میں ستر پوشی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔

20.3.4.3 شرح (شرح) :

لوگوں کے عیوب اور ان کی کوتاہیوں کی پردہ پوشی مکارمِ اخلاق میں سے ہے، اس کے بدلے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایسا کرنے والے کو ایسا ہی بدلہ دے گا اور اس کے گناہوں کو معاف کردے گا یا کم از کم لوگوں کے سامنے باز پرس نہیں کرے گا۔

20.3.5

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

'' لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ ''

20.3.5.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. يُؤْمِنُ ایمان لانا، مومن ہونا اٰمَنَ ، يُؤْمِنُ
2. يُحِبُّ پسند کرنا أَحَبَّ ، يُحِبُّ + بِ
3. لِنَفْسِهٖ اپنے لئے

20.3.5.2 ترجمہ (التّرجمة) :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص مؤمن نہیں تا آنکہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی کچھ پسند کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

20.3.5.3 شرح (شرح) :

اس حدیث میں آپس میں بھائی چارگی کی تعلیم دی جارہی ہے کہ اپنی پسندیدہ چیز ہی دوسروں کے لئے پسندیدہ ہونی چاہئے ، اس سے دوسروں سے محبت کا اظہار ہوگا، اور ایسا ماحول بننے سے معاشرہ میں پاکیزگی آئے گی۔

20.3.6

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

'' مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ ''

20.3.6.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. دَلَّ رہنمائی کرنا، بتلانا دَلَّ ، يَدُلُّ
2. خَيْر بھلائی
3. مِثْلُ جیسا۔ جمع أمثال برابر

20.3.6.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی بھلائی پر رہنمائی کی ،تو اس کے لئے اس کے کرنے والے کے برابر اجر ہے۔

20.3.6.3 شرح (شرح) :

اس حدیث سے اچھے کام کی دوسروں کو ترغیب دلانے کی فضیلت اور اجر وثواب کا پتہ چلتا ہے

20.3.7

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

’’مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ

20.3.7.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. أَحْدَثَ نئی چیز ایجاد کرنا أَحْدَثَ، يُحْدِثُ
2. أَمْرَنَا ہمارا دین
3. رَدٌّ مردود، ٹھکرایا ہوا

20.3.7.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے اِس دین میں (اپنی طرف سے) کوئی نئی بات ایجاد کی جو اس میں سے نہیں، تو وہ مردود ہے۔

20.3.7.3 شرح (شرح) :

اس حدیث میں دین کا ایک اہم ضابطہ بیان کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ دین کی تعلیمات قرآن وسنت اور اجماع صحابہ وتابعین پر منحصر ہے، اگر کوئی ان سے ہٹ کر دینی کام کرے گا تو وہ بدعت کہلائے گا۔

20.3.8

قَالَ رَسُوْلُ اَللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

''لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا وَلَوْ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ''

20.3.8.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. لَا تَحْقِرَنَّ — حقیر نہ سمجھو، حَقَرَ ، يَحْقِرُ حقیر سمجھنا
2. اَلْمَعْرُوْف — نیکی
3. تَلْقَى — ملنا، ملاقات کرنا، لَقِيَ ، يَلْقٰى
4. وَجْهٍ طَلِيْقٍ — ہنستا چہرہ

20.3.8.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی کے کسی بھی کام کو حقیر مت سمجھو، اگر چہ تم اپنے بھائی سے خوش اخلاقی کے ساتھ ملے (یعنی مسکراتے ہوئے ملنا بھی نیکی ہے)۔

20.3.8.3 شرح (شرح) :

اس حدیث سے معمولی نیکی کی بھی اہمیت کا پتہ چلتا ہے، چنانچہ خوش اخلاقی کے ساتھ کسی سے ملاقات کرنا بھی ایک اہم نیکی بتلایا گیا ہے، کیوں کہ اس سے اخوت اور بھائی چارگی میں اضافہ ہوتا ہے جو اچھے معاشرہ کے لئے ضروری ہے۔

20.3.9

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

20.3.9.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. اَللّٰهُمَّ — اے اللہ
2. أَسْأَلُ — میں سوال کرتا ہوں یا میں مانگتا ہوں سَأَلَ يَسْأَلُ
3. اَلْهُدٰى — ہدایت
4. اَلتُّقٰى — پرہیزگاری
5. اَلْعَفَافَ — پاکدامنی
6. اَلْغِنٰى — بے نیازی

20.3.9.2 ترجمہ (التّرجمة) :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرماتے تھے: اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت کا، پرہیزگاری (تقوی) کا، پاک دامنی کا اور (لوگوں سے) بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔

20.3.9.3 شرح (شرح) :

اس حدیث میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دعا میں جن چیزوں کو اللہ سے مانگنا ہے اسے بیان کیا ہے، وہ یہ ہیں۔ ہدایت : بغیر اللہ کی ہدایت کے آدمی راہِ راست پر نہیں آ سکتا، اور دوسرے پرہیز گاری کہ اللہ کا خوف ہی نیکی کی اصل ہے، اور تیسرے پاکدامنی، کیونکہ گناہوں میں ملوث ہونے کا ڈر ہر وقت انسان کو لگا رہتا ہے، اور چوتھے لوگوں سے بے نیازی، یعنی اللہ کسی کا محتاج نہ بنائے، اس طرح انسان کو نیک ہونے کے لئے یہ بنیادی چیزیں ہیں، اس لئے اللہ سے انہیں مانگنے کا دعاء میں حکم ہے۔

20.3.10

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ''إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى أَجْسَامِكُمْ وَلَا إِلٰى صُوَرِكُمْ وَلٰكِنْ يَنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ أَعْمَالِكُمْ''

20.3.10.1 حل لغات (حل اللّغات) :

1. يَنْظُرُ دیکھنا نَظَرَ ، يَنْظُرُ
2. أَجْسَامٌ واحد جِسْمٌ جسم
3. صُوَر واحد صُوْرَةٌ شکل وصورت
4. قُلُوْب واحد قَلْبٌ دل
5. أَعْمَالٌ واحد عَمَلٌ عمل، کام

20.3.10.2 ترجمہ (التّرجمة) :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے جسموں اور تمہاری صورتوں کو نہیں دیکھتا، بلکہ وہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

20.3.10.3 شرح (شرح) :

اس حدیث میں اخلاص اور تصحیح نیت کی اہمیت بیان کی گئی ہے، اس لئے ہر نیک عمل میں اس کا اہتمام ضروری ہے اور دل کو ہر اس چیز سے صاف رکھنا چاہئے جس سے وہ عمل برباد ہوسکتا ہے جیسے ریاکاری اور نام آوری اور دکھاوا، یا دنیا کا لالچ یا اور اسی قسم کے گھٹیا مفادات۔

20.4 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَتٰى يَكُوْنُ الْإِنْفَاقُ عَلَى الْأَهْلِ صَدَقَةٌ ؟

بال بچوں پر خرچ کرنا کب صدقہ ہوتا ہے؟

2. مَا هُوَ فَضْلُ سَتْرِ الْاٰخَرِيْنِ فِيْ الدُّنْيَا؟

دنیا میں دوسروں کی ستر پوشی کی فضیلت کیا ہے؟

3. مَا هُوَ خَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا ؟

دنیا کا سب سے اچھا متاع کیا ہے؟

4. كَيْفَ نَلْقَى الْاٰخَرِيْنِ؟

دوسروں سے کیسے ملنا چاہئے۔

5. مَا هِيَ الْاُمُوْرُ الَّتِيْ نَطْلُبُهَا مِنَ اللهِ فِيْ الدُّعَاءِ؟

دعا میں کن چیزوں کو اللہ سے مانگنا چاہئے؟

(ب) جوابات : (اَلْأَجْوِبَةُ)

1. إِذَا كَانَ يَحْتَسِبُ الْإِنْفَاقَ عَلَيْهِمْ۔

جب ان پر خرچ کرنے میں ثواب کی نیت کرے۔

2. سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔
اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی ستر پوشی کرے گا۔

3. اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ۔
نیک عورت۔

4. نَلْقَاهُمْ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ۔
ان سے ہم خوش اخلاقی کے ساتھ ملیں۔

5. اَلْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ۔
ہدایت، پرہیزگاری، پاکدامنی اور لوگوں سے بے نیازی۔

20.5 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

هُنَاكَ بَعْضُ الْأَعْمَالِ يَدْعُو الْإِسْلَامُ إِلٰى اِخْتِيَارِهَا فِيْ الْحَيَاةِ الْاِجْتِمَاعِيَّةِ وَهِيَ كُلُّهَا مِنَ السُّلُوْكِ الطَّيِّبِ، وَكُلُّهَا جَاءَتْ فِيْ الْأَحَادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ، وَهِيَ الْإِحْسَانُ إِلَى الْجَارِ وَ إِنْفَاقُ الْمَالِ عَلَى الْأَهْلِ بِنِيَّةِ الثَّوَابِ وَالزَّوَاجُ بِالْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ ، وَسَتْرُ عُيُوْبِ النَّاسِ، وَالتَّعَامُلُ مَعَ أَخِيْهِ بِالْمُؤَاخَاةِ، وَإِرْشَادُ النَّاسِ إِلَى الْخَيْرِ، وَ عَدَمُ إِحْدَاثِ أَمْرٍ جَدِيْدٍ فِيْ الدِّيْنِ وَ مُلَاقَاةُ الْاٰخَرِيْنَ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ ، وَإِخْلَاصُ النِّيَّةِ فِيْ الْأَعْمَالِ وَمَا إِلٰى ذٰلِكَ۔

بعض اعمال ایسے ہیں جن کو سماجی زندگی میں اپنانے کے لئے اسلام ترغیب دیتا ہے، یہ سب اچھے اخلاق والے عمل ہیں جن کا بیان احادیث شریفہ میں آیا ہے، وہ یہ ہیں: پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، اور اپنے گھر والوں پر پیسہ ثواب کی نیت سے خرچ کرنا، شادی میں نیک عورت کا انتخاب، لوگوں کے عیوب کی ستر پوشی کرنا، اپنے علاوہ کے ساتھ برادرانہ سلوک کرنا، دوسروں کو نیکی کا راستہ دکھانا، دین میں کوئی نئی بات پیدا نہ کرنا، دوسروں سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملنا، اعمال میں اخلاص پیدا کرنا وغیرہ۔

20.6 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. مَاذَا يُعْتَبَرُ الْإِنْفَاقُ عَلَى الْأَهْلِ بِالْإِحْتِسَابِ؟
2. مَاذَا يَجِدُ مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ؟
3. مَاذَا يُسَمّٰى إِحْدَاثُ أَمْرٍ جَدِيْدٍ فِي الدِّيْنِ؟
4. مَا هِيَ الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ؟
5. إِلَى مَاذَا يَنْظُرُ اللهُ تَعَالٰى؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1.	لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ	ا۔	أَجْسَامِكُمْ
2.	اَلدُّنْيَا مَتَاعٌ وَ خَيْرُ مَتَاعِهَا	ب۔	صَدَقَةٌ
3.	مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ أَجْرِ	ج۔	شَيْئًا
4.	إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَى أَهْلِهٖ نَفَقَةً يَحْتَسِبُهَا فَهِيَ لَهٗ	د۔	فَاعِلِهٖ
5.	إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى	ھ۔	اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ ---------- وَالتُّقٰى
2. وَلٰكِنْ ---------- إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ أَعْمَالِكُمْ
3. مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ ----------
4. مَا زَالَ جِبْرِيْلُ ---------- بِالْجَارِ
5. لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ ---------- شَيْئًا

(اَلْمَعْرُوْفِ۔ رَدٌّ۔ يُوْصِيْنِيْ۔ اَلْهُدٰى۔ يَنْظُرُ)

شَكِّلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ : (اعراب لگائیے)۔

- لا تحقرن من المعروف شيئًا ولو أن تلقى أخاك بوجه طليق۔
- من دل على خير فله مثل أجر فاعله۔
- من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد۔

20.7 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

يَجِبُ عَلَيْنَا أَنْ نُنْفِقَ الْمَالَ عَلٰى أَهْلِنَا بِنِيَّةِ الثَّوَابِ وَ نُعَظِّمَ الْمَعْرُوْفَ وَإِنْ كَانَ صَغِيْرًا وَلَا نُحْدِثَ الْبِدْعَةَ فِي الدِّيْنِ وَ نُحْسِنَ قُلُوْبَنَا وَأَعْمَالَنَا وَنُحِبَّ لِأَخِيْنَا مَا نُحِبُّ لِأَنْفُسِنَا، وَ نَدُلَّ الْاٰخَرِيْنَ عَلَى الْخَيْرِ، وَ نَسْتُرَ عُيُوْبَ النَّاسِ وَ نَعْرِفَ قِيْمَةَ الْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ ، وَ نُحْسِنَ إِلَى الْجَارِ۔

یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کریں، اور نیکی کو بڑی سمجھیں چاہے کتنی ہی چھوٹی ہو، اور دین میں بدعت نہ پیدا کریں، اور اپنے دلوں اور عملوں کو اچھا بنائیں، اپنے بھائی کے لئے وہی چیز پسند کریں جو اپنے لئے کرتے ہیں، دوسروں کو نیکی کے کام بتلائیں، لوگوں کے عیوب چھپائیں، نیک عورت کی قدر و قیمت جانیں، پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں۔

20.8 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. أَيُّ عَمَلٍ يُعَدُّ صَدَقَةً ؟
کون سا عمل صدقہ مانا جاتا ہے؟

2. مَنْ سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؟
اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کس کی ستر پوشی کریں گے؟

3. مَا هِيَ الْبِدْعَةُ ؟
بدعت کیا ہے؟

4. مَا هِيَ الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ لِلدُّنْيَا ؟
نیک عورت دنیا کے لئے کیا ہے؟

5. بِمَاذَا يَجِبُ الْإِجْتِنَابُ فِيْ الْمَعْرُوْفِ ؟
نیکی کے بارے میں کس چیز سے بچنا چاہئے۔

•••

الدرس الحادي والعشرون

سبق-21

شرّ و خیر

21.1 تمہید (التمهيد)

21.2 مقاصد (الأهداف)

21.3 اشعار (أبيات)

21.4 حل لغات (حل اللّغات)

21.5 ترجمہ وتشریح (ترجمة والشرح)

21.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

21.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

21.8 مشقیں (تدريبات)

21.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

21.10 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

شَرٌّ وَ خَيْرٌ
(برائی اور اچھائی)

21.1 تمہید (التمهيد) :

یہ نظم دور عباسی کے مشہور و معروف شاعر ابو العتاہیہ سے منسوب ہے جس میں اچھائی اور برائی کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے اعمال میں سب سے بہترین عمل اخلاق حسنہ اور بدترین عمل جھوٹ بتلایا گیا ہے آج دنیا جہاں ترقی کے منازل طئے کر رہی ہے وہیں اخلاقی گراوٹ ،جھوٹ ،بغض وعداوت ،خود پسندی ، ناانصافی ، مال سے بے جا محبت ،بخل ،غیبت وچغل خوری نمایاں طور پر نظر آتی ہیں جس کی اصل وجہ دنیا سے محبت فکر آخرت ،حساب و کتاب جزاء وسزاء کا عدم یقین ہے ،اخوت و بھائی چارگی الفت ومحبت رواداری ، اخلاق و مروت ، اخلاق حسنہ واوصافِ حمیدہ صرف کتابوں کی زینت بن کر رہ گئے جس کی وجہ سے انسان راحت واطمینان سے محروم ہوتا جارہا ہے ایسے ماحول میں یہ نظم انسانیت کا درس دیتی ہے اور نوجوان نسل کو آگاہ کرتی ہے کہ وہ برائیوں سے دور رہیں اور اچھائیوں کو اپنائیں۔

ابو العتاھیہ کی ولادت سن 130 ھ میں عراق کے انبار کے قریب ہوئی ،شعری ذوق بچپن ہی سے تھا ،شاعری میں شہرت ہوئی اور خلیفہ مہدی کی تعریف میں اشعار کہے۔

اپنے زمانے کا مشہور فی البدیہہ شاعر تھا ،شاعری میں وعظ ونصیحت اور زہد کے مضامین میں یہ منفرد شاعر تھا ، مامون کے زمانے میں سن 211 ھ میں وفات ہوئی۔

21.2 مقاصد (الأهداف) :

1. نظم کے الفاظ ومعانی جاننا۔
2. نظم کا ترجمہ وتشریح سیکھنا۔

3. نظم کی تفہیم سے اچھائیوں کو اپنانا۔
4. نظم کلام میں متضاد الفاظ کے ذریعہ معنوی حسن جان لینا۔
5. نظم کے موضوع کو سمجھ کر اس کا لطف لینا۔

21.3 اشعار (أبيات) :

شَرُّ الْمَقَالِ الْكَذِبُ — خَيْرُ الْخِصَالِ الْأَدَبُ
اَلْبُخْلُ عَيْبٌ فَاضِحٌ — وَالْجُوْدُ سِتْرٌ صَالِحٌ
اَلْعَقْلُ قَاضٍ عَادِلٌ — وَالْعُجْبُ دَاءٌ قَاتِلٌ
اَلْعُمْرُ ضَيْفٌ رَاحِلٌ — وَالْمَالُ ظِلٌّ زَائِلٌ
اَلْبِرُّ لِلْحُبِّ سَبَب — إِنَّ الْبَخِيْلَ لَا يُحَب
طَهَارَةُ الْأَخْلَاقِ — مِنْ كَرَمِ الْأَعْرَاقِ
اَلْكِذْبُ وَالنَّمِيْمَة — وَالْغَدْرُ شَرُّ شِيْمَة
وَاعْجَلْ إِلَى الْخَيْرَاتِ — مِنْ حَذَرِ الْفَوَاتِ

21.4 حل لغات (حل اللغات) :

1. شَرٌّ — برائی، بدی
2. مَقَالٌ — بات
3. كَذِبٌ — جھوٹ
4. خَيْرٌ — بھلائی، نیکی

.5	خِصَالٌ واحد خَصْلَةٌ	عادت
.6	فَاضِحٌ	رسواکن، شرمناک
.7	جُوْدٌ	احسان، سخاوت
.8	سِتْرٌ	پردہ، آڑ
.9	صَالِحٌ	عمدہ،ٹھیک،مناسب،لائق،اچھا
.10	عَقْلٌ	قوتِ ادراک،سمجھ
.11	قَاضٍ	فیصلہ کرنے والا،جج
.12	عَادِلٌ	انصاف پسند،منصف
.13	عُجْبٌ	خود پسندی، بڑائی
.14	دَاءٌ	بیماری
.15	قَاتِلٌ	مہلک،تباہ کن
.16	ضَيْفٌ جمع ضُيُوْفٌ	مہمان
.17	رَاحِلٌ	جانے والا،مسافر
.18	مَالٌ جمع أَمْوَالٌ	سرمایہ،رقم،دولت
.19	زَائِلٌ	ختم ہوجانے والا،زوال پذیر
.20	بِرٌّ	نیکی،حسنِ سلوک،اطاعت،احسان
.21	حُبٌّ	عشق،محبت، چاہت،خواہش
.22	يُحَبُّ	پسندکیاجاتاہے
.23	كَرَمٌ	شرافت،سخاوت،فیاضی،کشادہ دِلی

24. أَعْرَاقٌ واحد عِرْقٌ خاندانی،نسب
25. كِذْبٌ جھوٹ
26. نَمِيْمَةٌ جمع نَمَائِم چغل خوری
27. غَدْرٌ دھوکہ، بے وفائی، عہد شکنی
28. شِيْمَةٌ جمع شِيَمٌ عادت
29. إِعْجَلْ جلدی کر
30. خَيْرَاتٌ بھلائیاں، نیکیاں، اچھے کام
31. حَذَرٌ پرہیز، بچاؤ، ڈر
32. فَوَاتٌ نقصان، خسارہ

21.5 ترجمہ وتشریح : (الترجمة و الشرح) :

شَرُّ الْمَقَالِ الْكَذِبُ خَيْرُ الْخِصَالِ الْأَدَبُ

ترجمہ : سب سے بری بات جھوٹ ہے، بہترین خصلت ادب ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''شَرٌّ وَ خَيْرٌ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : اس شعر میں شاعر یہ کہتا ہے کہ سب سے بری بات جو فساد پھیلاتی ہے اور انسان کو انسانیت سے گرادیتی ہے وہ جھوٹ ہے اور بہترین عادت وخصلت تہذیب سلیقہ اور ادب ہے۔

اَلْبُخْلُ عَيْبٌ فَاضِحٌ وَالْجُوْدُ سِتْرٌ صَالِحٌ

ترجمہ : کنجوسی رسوا کرنے والا عیب ہے اور سخاوت ایک عمدہ پردہ ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''شَرٌّ وَ خَيْرٌ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : بخل (کنجوسی) رسوا کرنے والا عیب ہے کنجوسی سے معاشرہ برائیوں میں مبتلا ہوتا ہے اس میں نقص، بگاڑ، خامی وخرابی پیدا ہوتی ہے جہاں بخالت انسان کو رسوا وشرمندہ کرتی ہے وہیں سخاوت دادودَہش احسان مندی برائیوں کی پردہ پوشی کرتی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے جود وسخا آپس میں محبت ومودت پیدا کرتا ہے اور بغض وحسد کو دور کرتا ہے جس کا لازمی نتیجہ صالح معاشرہ کا وجود میں آنا ہے۔

اَلْعَقْلُ قَاضٍ عَادِلٌ وَالْعُجْبُ دَاءٌ قَاتِلٌ

ترجمہ : عقل وفہم منصف جج ہے اور خود پسندی مہلک بیماری ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''شَرٌّ وَ خَیْرٌ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : انسان اور حیوان میں تمیز کرنے والی چیز عقل ہے۔ عقل اچھے اور برے کے درمیان فرق کو واضح کرتی ہے، زندگی کے ہر موڑ پر رہنمائی کرتی ہے، انسان کو نقصان سے بچاتی ہے، قوتِ ادراک، سمجھ اور قوت تمیزی انصاف کرنے والی جج ہے جب انسان سمجھ بوجھ اور عقل سے کام نہیں کرتا۔ انانیت، تکبر اور خود پسندی میں مبتلا ہوتا ہے۔

اَلْعُمْرُ ضَیْفٌ رَاحِلٌ وَالْمَالُ ظِلٌّ زَائِلٌ

ترجمہ : زندگی رخصت ہونے والا مہمان ہے اور مال ڈھلتی چھاؤں ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم ''شَرٌّ وَ خَیْرٌ'' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : دنیا دارالامتحان ہے، ایک دن فناء ہونے والی ہے، ہر شئی بجز خداوندِ تعالیٰ کے ختم ہونے والی ہے، زندگی نعمتِ خداوندی ہے، دنیا مسافر خانہ ہے مگر انسان یہ سمجھ بیٹھا ہے کہ وہ ہمیشہ یہاں رہے گا جبکہ ہر شخص کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

مال اور دنیا کی محبت اور اس کی چاہت مقصدِ حیات سے دور کر رہی ہے جبکہ مال ایک ڈھلتا سایہ ہے، سایہ ہمیشہ نہیں رہتا، اسی طرح مال بھی کسی کے پاس ہمیشہ نہیں رہتا، شاعر نے اس شعر میں عمر کو ضیف یعنی مہمان سے تشبیہ دی ہے کیونکہ مہمان کا مقام عارضی ہوتا ہے اس لئے عمر کو جو ختم ہونے والی ہے مہمان سے تشبیہ دی گئی ہے۔

اَلْبِرُّ لِلْحُبِّ سَبَب إِنَّ الْبَخِيْلَ لَا يُحَبّ

ترجمہ : نیکی حسن سلوک محبت کا ذریعہ ہے یقیناً کنجوس کو پسند نہیں کیا جاتا۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم '' شَرٌّ وَ خَيْرٌ '' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : شاعر کہتا ہے کہ نیکی، حسن سلوک، اطاعت و فرمانبرداری اور احسان مندی چاہت و محبت کا ذریعہ و سبب ہوتے ہیں اور ان اوصاف سے متصف شخص سب کا محبوب بن جاتا ہے برخلاف اس کے اگر کوئی شخص بخیل و کنجوس ہو تو لوگ اس کو پسند نہیں کرتے اور آج دنیا محبت سے کوری ہے نیکی پر بدی کا غلبہ ہے اس کی اصل وجہ دنیا سے محبت ہے آج دنیا محبت کی پیاسی ہے اس کی پیاس صرف اور صرف نیکی کے ذریعہ بجھائی جاسکتی ہے۔

طَهَارَةُ الْأَخْلَاقِ مِنْ كَرَمِ الْأَعْرَاقِ

ترجمہ : اخلاق کی پاکیزگی خاندانی شرافت سے ہے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم '' شَرٌّ وَ خَيْرٌ '' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : شاعر کہتا ہے اچھے اخلاق و عادات یعنی الفت و محبت، اطاعت و فرمانبرداری، چھوٹوں پر شفقت، بڑوں کا ادب، توقیر و تعظیم کا جذبہ خاندانی شرافت و بزرگی سے پیدا ہوتا ہے، اگر والدین با اخلاق و با کردار ہوں تو بچوں میں بھی یہ اخلاق خود بخود منتقل ہو جاتے ہیں۔

اَلْكِذْبُ وَالنَّمِيْمَة وَالْغَدْرُ شَرُّ شِيْمَة

ترجمہ : جھوٹ، چغل خوری اور دھوکہ دہی برے عادات ہیں۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم '' شَرٌّ وَ خَيْرٌ '' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : جھوٹ، چغلی اور دھوکہ بری عادتیں ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹ سے بچو، فرمایا: چغل خور جنت میں نہیں جائے گا، آج دنیا میں جھوٹ کا بازار گرم ہے، جھوٹ تجارت کا ایک حصہ بن گئی، دھوکہ دہی ایک فیشن بن چکا ہے، غیبت ایک شیوہ بن چکی ہے جس کی وجہ سے دنیا میں اطمینان وسکون باقی نہیں رہا، شاعر کہتا ہے ہمیں ان چیزوں سے بچنا چاہئے۔

وَاعْجَلْ إِلَى الْخَيْرَاتِ مِنْ حَذَرِ الْفَوَاتِ

ترجمہ : اچھے کام میں جلدی کر فوت (ختم) ہونے کے ڈر سے۔

بحوالہ متن: یہ شعر نظم '' شَرٌّ وَ خَيْرٌ '' سے ماخوذ ہے جس کے شاعر ابوالعتاہیہ ہیں۔

شرح : اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ اے لوگو! موت یقینی ہے یہ دنیا دار العمل ہے موت کا پروانہ کبھی بھی آسکتا ہے یہ زندگی اللہ کی امانت ہے، زندگی کو غنیمت جانو، موت سے پہلے اس زندگی کو اللہ کی بندگی میں لگاؤ، بندگی بندہ پروری کا نام ہے، دنیا میں غربت وافلاس، تنگ دستی، مفلوک الحالی بے روزگاری مال سے محبت کے نتیجے میں ہے، صاحبِ ثروت کا فریضہ بنتا ہے کہ وہ اپنے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں، کہیں ایسا نہ ہو کہ نیکی کرنے سے قبل روح پرواز ہو جائے، اللہ تعالیٰ نے جنہیں جو صلاحیت اور طاقت دی ہے اس کو غنیمت جانتے ہوئے نیکی کے کاموں میں پہل کریں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کون ہے جو اللہ کو قرض دے یعنی اس ہاتھ دے اور اس ہاتھ لے والا معاملہ ہے۔

21.6 سوالات وجوابات : (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَا هُوَ شَرُّ الْمَقَالِ ؟
سب سے بری بات کیا ہے؟

2. مَا هُوَ خَيْرُ الْخِصَالِ؟
سب سے اچھی خصلت کیا ہے؟

3. هَلِ الْبُخْلُ عَيْبٌ فَاضِحٌ ؟
کیا بخالت رسوا کرنے والا عیب ہے؟

4. هَلِ الْجُوْدُ سِتْرٌ صَالِحٌ ؟
کیا سخاوت ایک عمدہ پردہ ہے؟

5. لِمَاذَا تَعْجِلُ إِلَى الْخَيْرَاتِ ؟
تم نیکیوں کے لئے جلدی کیوں کرو گے۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. شَرُّ الْمَقَالِ الْكَذِبُ
سب سے بری بات جھوٹ بولنا ہے۔

2. خَيْرُ الْخِصَالِ الْأَدَبُ۔
سب سے اچھی خصلت ادب ہے۔

3. نَعَمْ هُوَ عَيْبٌ فَاضِحٌ

ہاں! وہ رسوا کرنے والا عیب ہے۔

4. نَعَمْ هُوَ عَيْبٌ فَاضِحٌ سِتْرٌ صَالِحٌ۔

ہاں وہ عمدہ پردہ ہے۔

5. مَخَافَةَ فَوَاتِهَا

ان کے ختم ہونے کے ڈر سے۔

21.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

يَقُوْلُ الشَّاعِرُ : إِنَّ شَرَّ الْكَلَامِ هُوَ الْكَذِبُ وَ خَيْرُ الْعَادَاتِ هُوَ الْأَدَبُ، وَالْبُخْلُ عَيْبٌ يَسْتُرُ جُوْدٌ ، وَالْعَقْلُ مُرْشِدٌ وَالْكِبْرُ مَرَضٌ قَاتِلٌ، وَالْعُمْرُ كَالضَّيْفِ الرَّاحِلِ وَالْمَالُ يَنْتَهِيْ كَالظِّلِ وَالْبِرُّ سَبَبُ الْحُبِّ وَالْبُخْلُ سَبَبُ الْبُغْضِ، وَجَوْدَةُ الْخُلُقِ تَأْتِيْ مِنَ الْآبَاءِ۔ وَمِنَ الْأَخْلَاقِ السَّيِّئَةِ الْكِذْبُ وَالنَّمِيْمَةُ وَالْغَدْرُ ، فَيَدْعُوْنَا الشَّاعِرُ إِلَى مُبَادَرَةِ الْخَيْرِ قَبْلَ أَنْ يَّفُوْتَ۔

شاعر کہہ رہا ہے کہ سب سے بری بات جھوٹ اور سب سے اچھی عادت ادب ہے، اور بخالت ایسا عیب ہے کہ اس کی پردہ پوشی سخاوت ہی کرسکتی ہے اور عقل رہبر اور برائی جان لیوا مرض ہے، نیکی محبت کا ذریعہ اور بخل عداوت کا ذریعہ ہے، اچھے اخلاق گھر کے بڑوں سے آتے ہیں۔ جھوٹ، چغل خوری، دھوکہ برے اخلاق ہیں۔ شاعر ہمیں نیکی میں عجلت کی ترغیب دیتا ہے۔

21.8 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔
مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

(الف) سوالات (الأسئلة)

1. بِمَاذَا يُوصَفُ الْكِذْبُ ؟
2. لِمَاذَا الْعُمْرُ ضَيْفٌ رَاحِلٌ ؟
3. مَا فَائِدَةُ الْعَقْلِ؟
4. لِمَاذَا الْبِرُّ سَبَبٌ لِلْحُبِّ ؟
5. بِمَاذَا تَحْصُلُ طَهَارَةُ الْأَخْلَاقِ ؟

(ب) جوابات (اَلْأَجْوِبَةُ)

1. يُوصَفُ الْكَذِبُ بِشَرِّ الْمَقَالِ۔
2. لِأَنَّهُ يَذْهَبُ بِالسُّرْعَةِ۔
3. هُوَ يَقْضِيْ بِالْعَدْلِ۔
4. لِأَنَّ النَّاسَ يُحِبُّوْنَ صَاحِبَهُ۔
5. تَحْصُلُ طَهَارَةُ الْأَخْلَاقِ مِنْ تَرْبِيَةِ الْوَالِدَيْنِ۔

رَكِّبِ الْأَبْيَاتِ التَّالِيَةَ (مصرع کو جوڑیئے)۔

1. طَهَارَةُ الْأَخْلَاقِ	ا۔ خَيْرُ الْخِصَالِ الْأَدَبُ
2. شَرُّ الْمَقَالِ الْكَذِبُ	ب۔ وَالْعُجْبُ دَاءٌ قَاتِلٌ

3. وَاعْجَلْ إِلَى الْخَيْرَاتِ ج۔ مِنْ كَرَمِ الْأَعْرَاقِ
4. اَلْعَقْلُ قَاضٍ عَادِلٌ د۔ مِنْ حَذَرِ الْفَوَاتِ
5. اَلْكِذْبُ وَالنَّمِيْمَةُ ھ۔ وَالْغَدْرُ شَرٌّ شِيْمَةٍ

املأ الفراغ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. اَلْبُخْلُ---------- فَاضِحٌ
2. اَلْعُمْرُ ---------- رَاحِلٌ
3. ---------- لِلْحُبِّ سَبَب
4. خَيْرُ ---------- الْأَدَبُ
5. اَلْمَالُ ---------- زَائِلٌ
6. ---------- إِلَى الْخَيْرَاتِ

(اَلْخِصَالُ۔ وَاعْجِلْ۔ زَائِلٌ۔ عَيْبٌ۔ رَاحِلٌ۔ اَلْبِرُّ)

صَحِّحِ الْأَبْيَاتِ الْاٰتِيَةَ : (مصرع کی تصحیح کیجئے)۔

1. اَلْبُخْلُ عَيْبٌ فَاضِحَةٌ
2. وَالْعُجْبُ قَاضِيْ عَادِلٌ
3. اَلْمَالُ ضَيْفٌ رَاحِلَةٌ
4. اَلْبِرُّ لِلْبُغْضِ أَسْبَابٌ
5. وَاذْهَبْ إِلَى الْخَيْرَاتِ

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. طهارة الأخلاق من كرم الأعراق
2. واعجل إلى الخيرات من حذر الفوات

عَيِّنِ الضِّدَّيْنِ فِي الْاِقْتِبَاسِ الْاٰتِيْ
(مندرجہ ذیل اقتباس میں ضِدَّیْن کی تعیین کیجئے)۔

شَرُّ الْمَقَالِ الْكَذِبُ خَيْرُ الْخِصَالِ الْأَدَبُ

21.9 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس) :

1. إِنَّ الْأَفْعَالَ عَلٰى نَوْعَيْنِ خَيْرٌ وَ شَرٌّ۔
کام دو طرح کے ہوتے ہیں، اچھے اور برے۔
2. إِنَّ الْخَيْرَ يَجْعَلُ الْإِنْسَانَ مَحْبُوْبًا۔
بھلائی سے انسان اچھا ہوتا ہے۔
3. وَالشَّرِّ يَجْعَلُ الْإِنْسَانَ مَبْغُوْضًا۔
اور برائی سے انسان ناپسندیدہ ہوتا ہے۔
4. مِنَ الْخَيْرِ الْجُوْدُ ، وَالْأَدَبُ وَالْبِرُّ وَالصِّدْقُ۔
نیکی میں سے سخاوت، ادب، اچھے کام کرنا اور سچ ہے۔
5. وَمِنَ الشَّرِّ الْكَذِبُ وَالْبُخْلُ وَالْعُجْبُ وَالنَّمِيْمَةُ۔
اور برائی میں سے جھوٹ، بخالت، تکبر اور چغل خوری ہے۔

21.10 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. مَا هُوَ عُنْوَانُ أَبْيَاتِ الشَّاعِرِ ؟
2. مَا اِسْمُ الشَّاعِرِ ؟
3. مَا هِيَ الْخِصَالُ الْحَمِيْدَةُ ؟
4. بِمَاذَا شَبَّهَ الشَّاعِرُ الْعُمْرَ بِالظِّلِّ الزَّائِلِ ؟
5. مَاذَا يَجِبُ عَلَيْنَا فِيْ الْخَيْرَاتِ ؟

•••

الدرس الثّاني والعشرون

سبق-22

ثمرة التّقوٰى

22.1 تمہید (التمهيد)
22.2 مقصد (الهدف)
22.3 متن (المتن)
22.4 حل اللغات (حل اللّغات)
22.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)
22.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)
22.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)
22.8 قواعد (القواعد)
22.9 ہوم ورک (تدريبات)
22.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)
22.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

ثَمَرَةُ التَّقْوٰی
تقوی کا پھل

22.1 تمہید (التمهيد) :

اس سبق میں ایک نیک اور ایماندار لڑکی کا واقعہ ہے جو رات کی تاریکی میں بھی دودھ میں پانی پلانے سے اپنی ماں کو منع کر رہی ہے، محض اس لئے کہ اس کے دل میں خدا کا خوف ہے، یہ واقعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانے کا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب اس لڑکی کی نیکی، خدا ترسی اور دیانت داری کا علم ہوتا ہے تو بہت متأثر ہوتے ہیں اور اس نیک لڑکی کو اپنی بہو بنا لیتے ہیں۔

22.2 مقصد (الهدف) :

نیک صفت لڑکی کے واقعہ کو بیان کا مقصد انسان کو اخلاقیات کی طرف راغب کرنا ہے، یہ احساس دلانا ہے کہ ایمان کی اصل قوت خدا ترسی ہے، اگر وہ دلوں میں جاگزیں ہے تو اعمال اچھے ہی سرزد ہوتے ہیں، اگر اس باطنی قوت سے دل خالی ہے تو ظاہری اعمال چاہے کتنے اچھے ہوں ان میں خوبصورتی نہیں آتی، اچھے اعمال کے اجر وثواب میں کمی زیادتی کا دارومدار بھی اخلاص پر ہے جو خدا ترسی کا دوسرا نام ہے۔

اس کے علاوہ اس سبق میں مرکب توصیفی کے استعمال کو بھی بتلانا مقصود ہے تاکہ طلبہ اس کو اچھی طرح جان سکیں، اور یہ سمجھ سکیں کہ مرکب توصیفی، مرکب اضافی الگ ہے۔

22.3 متن (المتن) :

اَلصَّلَاحُ صِفَةٌ مَحْمُوْدَةٌ، اَلْإِنْسَانُ الصَّالِحُ مَحْبُوْبٌ عِنْدَ اللهِ وَ عِنْدَ النَّاسِ، وَالْأَعْمَالُ الصَّالِحَةُ كَثِيْرَةٌ ، مِنْهَا الْأَمَانَةُ وَالصِّدْقُ وَ إِيْفَاءُ الْعَهْدِ وَ إِكْرَامُ

الضَّيْفِ، يَكُوْنُ لِلْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ قَبُوْلًا عِنْدَ اللهِ أَثَرًا فِيْ قُلُوْبِ النَّاسِ ، وَالصَّلَاحُ أَسَاسُهُ التَّقْوىٰ وَ خَوْفُ اللهِ ، مَنْ يَّخَافُ اللهَ تَصْدُرُ مِنْهُ الْأَعْمَالُ الصَّالِحَةُ۔

قِصَّةُ الدَّرْسِ قِصَّةٌ صَادِقَةٌ حَدَثَتْ فِيْ عَهْدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْهَا دَرْسٌ لِلْقَارِئِ لِتَقْوٰى اللهِ وَ خَوْفِهِ فِيْ كُلِّ حَالٍ، وَاخْتِيَارُ الْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ فِيْ الْحَيَاةِ سَوَاءٌ يَرَاهَا أَحَدٌ أَوْ لَا يَرَاهَا، فَهِيَ أَعْمَالٌ صَالِحَةٌ يَرْضَى بِهَا اللهُ وَلَا يُضِيْعُ أَجْرَهَا۔

كَانَ عَصْرُ الْخَلِيْفَةِ الثَّانِيْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَصْرًا ذَهَبِيًّا، لِأَنَّهُ يُعْرَفُ بِالْعَدْلِ وَالْاِهْتِمَامِ بِرَعِيَّتِهِ، وَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ ذٰلِكَ ''إِذَا مَاتَتْ شُوَيْهَةٌ عَلٰى سَاحِلِ الْفُرَاتِ فَأَنْتَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهَا أَمَامَ اللهِ يَا عُمَرُ '' فَكَانَ يَتَجَوَّلُ فِيْ اللَّيَالِيْ لِيَعْلَمَ كَيْفَ يَعِيْشُ النَّاسُ فِيْ خِلَافَتِهِ، وَ هٰكَذَا كَانَ يَبْذُلُ كُلَّ جُهْدٍ لِرَاحَةِ النَّاسِ وَ لِلْاِطِّلَاعِ عَلٰى أَحْوَالِهِمْ۔

ذَاتَ لَيْلَةٍ أَثْنَاءَ جَوْلَتِهِ مَرَّ بِكُوْخِ لَبَّانَةٍ فَقِيْرَةٍ إِذْ سَمِعَ حَدِيْثَ امْرَأَتَيْنِ مِنْ دَاخِلِ الْكُوْخِ ، فَوَقَفَ يَسْمَعُ وَكَانَتِ الْأُمُّ تَقُوْلُ لِابْنَتِهَا :

اَلْأُمُّ : اِخْلِطِ الْمَاءَ بِاللَّبَنِ يَا ابْنَتِيْ حَتّٰى يَزِيْدَ اللَّبَنُ وَنَكْسِبَ أَكْثَرَ ۔

قَالَتِ الْبِنْتُ لِأُمِّهَا : لَا يَا أُمِّيْ لَا نَخْلِطُ الْمَاءَ بِاللَّبَنِ فَإِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ قَدْ نَهٰى عَنِ الْغِشِّ۔

اَلْأُمُّ : مَاذَا يَعْلَمُ عُمَرُ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ مِنَ اللَّيْلِ، فَهُوَ لَا يَرَانَا۔

اَلْبِنْتُ : يَا أُمِّيْ وَإِنْ لَّمْ يَكُنْ يَرَانَا عُمَرُ فَاللهُ عَزَّوَجَلَّ يَرَانَا۔

فَتَحَيَّرَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَلٰى مَا سَمِعَ مِنْهَا وَ فَرِحَ بِخَوْفِهَا مِنَ اللهِ

وَأَمَانَتِهَا وَاخْتَارَهَا زَوْجَةً لِابْنِهِ، وَهٰكَذَا أَصْبَحَتِ الْبِنْتُ الْفَقِيْرَةُ بِأَمَانَتِهَا زَوْجَةَ ابْنِ عُمَرَ وَرَفَعَ اللهُ مَنْزِلَتَهَا ۔ هَلْ تَعْرِفُ مَا اسْمُهَا ؟ كَانَ اسْمُهَا فَاطِمَةَ تَقَبَّلَ اللهُ صَلَاحَهَا وَ خَلَقَ فِيْ ذُرِّيَّتِهَا مِثْلَ الْخَلِيْفَةِ الْمَشْهُوْرِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الَّذِيْ عُرِفَ بِعَدْلِهِ وَ صَلَاحِهِ فِيْ الْعَهْدِ الْأُمَوِيّ۔

هٰذِهِ قِصَّةٌ صَادِقَةٌ لِفَتَاةٍ صَالِحَةٍ أَحْدَثَتْ فِيْ التَّارِيْخِ مِثَالًا لِلْأَمَانَةِ وَتَقْوَى اللهِ وَالصَّلَاحِ، وَهِيَ تَحُثُّنَا عَلٰى لُزُوْمِ الْأَمَانَةِ وَالصِّدْقِ فِيْ الْأَعْمَالِ ۔

إِنَّ تَقْوَى اللهِ هُوَ الْأَسَاسُ فِيْ الْأَعْمَالِ، أُنْظُرْ إِلٰى حَيَاةِ فَاطِمَةَ كَيْفَ أَصْبَحَتْ غَنِيَّةً بِتَقْوَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَارْتَفَعَتْ مَنْزِلَتُهَا عِنْدَ اللهِ فَاخْتَارَهَا الْخَلِيْفَةُ زَوْجَةً لِابْنِهِ ۔

فَيَا أَيُّهَا الْأَوْلَادُ عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللهِ وَاخْتِيَارِ الْأَمَانَةِ وَالصِّدْقِ فِيْ أَعْمَالِكُمْ وَأَقْوَالِكُمْ فَذٰلِكَ هُوَ مِفْتَاحُ النَّجَاحِ فِيْ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

22.4 حل لغات (حل اللغات) :

1.	فَتَاةٌ	جمع	فَتَيَاتٌ	نوجوان لڑکی فَتًی جمع فِتْيَان نوجوان لڑکا
2.	صَالِحَةٌ	جمع	صَالِحَاتٌ	نیک
3.	أَمَانَةٌ	جمع	أَمَانَاتٌ	امانت داری
4.	إِيْفَاءُ الْعَهْدِ			وعدہ پورا کرنا
5.	إِكْرَامُ الضَّيْفِ			مہمان نوازی
6.	أَسَاسٌ	جمع	أُسُسٌ	بنیاد

7.	صَلَاحٌ		نیکی
8.	قِصَّةٌ	جمع قِصَصٌ	قصہ
9.	صَادِقَةٌ		سچا
10.	حَدَثَتْ	حَدَثَ، يَحْدُثُ	واقع ہونا
11.	رَأَى، يَرٰى		دیکھنا
12.	لَا يُضِيْعُ		ضائع نہیں کرتا
13.	عَصْرٌ	جمع عُصُوْرٌ	زمانہ
14.	ذَهَبِيٌّ		سنہرا
15.	كَانَ يُعْرَفُ		مشہور تھے
16.	مَاتَتْ۔	مَاتَ يَمُوْتُ	مرنا
17.	شُوَيْهَةٌ	جمع شُوَيْهَاتٌ	بکری کا بچہ
18.	اَلْفُرَاتُ		ایک ندی کا نام
19.	مَسْؤُوْلٌ		ذمہ دار
20.	تَجَوَّلَ يَتَجَوَّلُ		چکر لگانا
21.	لَيْلَةٌ	جمع لَيَالِيْ	رات
22.	عَاشَ يَعِيْشُ		زندگی گذارنا
23.	مَرَّ، يَمُرُّ		گذرنا
24.	كُوْخٌ	جمع أَكْوَاخٌ	جھوپڑی
25.	لَبَّانَةٌ		دودھ بیچنے والی عورت
26.	حَدِيْثٌ	جمع أَحَادِيثُ	گفتگو
27.	اِخْلِطِيْ ۔	خَلَطَ، يَخْلِطُ	ملادو، ملانا

28.	لَبَنٌ	جمع	أَلْبَانٌ	دودھ
29.	كَسَبَ، يَكْسِبُ			کمانا
30.	نَهٰى، يَنْهٰى			منع کرنا
31.	غِشٌّ			دھوکا
32.	تَحَيَّرَ، يَتَحَيَّرُ			حیران ہونا
33.	فَرِحَ، يَفْرَحُ			خوش ہونا
34.	اِخْتَارَ، يَخْتَارُ			انتخاب کرنا
35.	زَوْجَةٌ	جمع	زَوْجَاتٌ	بیوی
36	حَثَّ، يَحُثُّ			ابھارنا
37.	غَنِيَّةٌ			مالا مال
38.	مِفْتَاحٌ	جمع	مَفَاتِيْحُ	چابی
39.	نَجَاحٌ			کامیابی

22.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

نیکی قابلِ تعریف صفت ہے، نیک انسان اللہ کے نزدیک اور لوگوں کے نزدیک پسندیدہ ہے، اور نیک کام بہت ہیں، ان میں سے امانت داری، سچائی، وعدہ نبھانا اور مہمان کی عزت کرنا ہے، نیک کاموں کی قبولیت اللہ کے نزدیک اور ان کا اثر لوگوں کے دلوں میں ہوتا ہے، اور نیکی کی بنیاد تقوی اور خوفِ الٰہی ہے، جو اللہ سے ڈرتا ہے اسی سے اچھے کام ہوتے ہیں، سبق کا قصہ ایک ایسا سچا واقعہ ہے جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں واقع ہوا، اس میں پڑھنے والے کے لئے ہر حال میں خوفِ الٰہی اور زندگی میں اچھے کاموں کے انتخاب کے لئے سبق ہے، چاہے اسے کوئی دیکھے یا نہ دیکھے یہ ایسے اچھے کام ہیں جن سے اللہ راضی ہوتا ہے اور ان کے ثواب کو ضائع نہیں کرتا ہے۔

خلیفۂ ثانی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا زمانہ سنہرا زمانہ تھا، کیونکہ وہ انصاف اور اپنی رعایا کا خیال رکھنے میں مشہور تھے، اور اس بارے میں کہتے تھے ''اے عمر! اگر ایک بکری کا بچہ بھی فرات کے ساحل پر مرجائے گا تو اللہ کے سامنے تم ذمہ دار ہوں گے''، چنانچہ وہ راتوں کو چکر لگاتے تا کہ انھیں معلوم ہو کہ لوگ ان کی خلافت میں کیسے زندگی گذار رہے ہیں، اسی طرح لوگوں کی راحت کے لئے اور ان کے حالات جاننے کے لئے پوری کوشش کرتے۔

ایک رات گشت کے دوران ان کا گذر ایک غریب دودھ بیچنے والی عورت کی جھوپڑی سے ہوا، اچانک انھوں نے جھوپڑی کے اندر سے دو عورتوں کی گفتگو سنی، وہ ٹھیر کر سننے لگے، ماں اپنی بیٹی سے کہہ رہی تھی:

ماں: اے بیٹی دودھ میں پانی ملا دو تا کہ دودھ زیادہ ہو جائے اور ہم زیادہ کما لیں، بیٹی نے ماں سے کہا: نہیں اے میری امی، ہم پانی دودھ میں نہیں ملائیں گے، کیونکہ امیر المؤمنین عمر نے دھوکہ دینے سے منع کیا ہے۔

ماں: رات کے اس جیسے وقت میں عمر کیا جانیں گے، وہ ہمیں دیکھ تو نہیں رہے ہیں۔

بیٹی: اے میری ماں! اگر چہ عمر رضی اللہ عنہ نہیں دیکھ رہے، اللہ تو ہمیں دیکھ رہا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی یہ بات سن کر حیران ہو گئے اور اس کے خوفِ الٰہی اور امانت داری سے بے حد خوش ہوئے، اور انھوں نے اپنی بہو بنانے کے لئے اس کا انتخاب کر لیا، اس طرح یہ غریب لڑکی امانت داری کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کی بیوی بن گئی، اور اللہ نے اس کے مقام کو بلند کر دیا، کیا تمھیں معلوم ہے کہ اس لڑکی کا کیا نام تھا؟ اس کا نام فاطمہ تھا، اللہ نے اس کی نیکی کو قبول کر لیا اور اس کی اولاد میں مشہور خلیفہ عمر بن عبد العزیز کو پیدا کیا جو عہدِ بنی امیہ میں اپنے انصاف اور نیکی سے مشہور ہوئے۔

یہ ایک نیک لڑکی کا ایسا سچا قصہ ہے جس نے تاریخ میں امانت داری، تقوی اور نیکی کی مثال

قائم کردی، یہ قصہ ہمیں اعمال میں امانت داری اور سچائی کو لازم کر لینے پر اُبھارتا ہے۔

یقیناً تقوی اور اللہ کا خوف ہی اعمال میں بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ ذرا فاطمہ کی زندگی کو دیکھو، کیسے اللہ کے خوف کی وجہ سے وہ مالدار بن گئی، اور اس کا مقام اللہ کے نزدیک بلند ہو گیا، اسے خلیفہ نے اپنی بہو کے لئے منتخب کر لیا۔

اس لئے اے لڑکو! اللہ کے ڈر کو اور اپنے اعمال و اقوال میں امانت داری و سچائی کو لازم کر لو، کیوں کہ دنیا و آخرت میں کامیابی کی یہی کنجی ہے۔

22.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. بِمَاذَا كَانَ يُعْرَفُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ عَهْدِهٖ؟

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اپنی خلافت میں کس چیز سے مشہور تھے؟

2. مَا اسْمُ الْفَتَاةِ الصَّالِحَةِ ؟

نیک لڑکی کا نام کیا ہے؟

3. أُذْكُرْ بَعْضَ الْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ ؟

بعض اچھے اعمال کو بیان کیجئے۔

4. عَلٰى مَاذَا تَحُثُّنَا هٰذِهِ الْقِصَّةُ الصَّادِقَةُ ؟

یہ سچا قصہ ہمیں کس چیز پر اُبھار رہا ہے۔

5. مَنِ اشْتَهَرَ مِنْ ذُرِّيَةِ الْفَتَاةِ الصَّالِحَةِ ؟

نیک لڑکی کی اولاد میں سے کورے ہو۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. كَانَ يُعْرَفُ بِالْعَدْلِ وَالْاِهْتِمَامِ بِرَعِيَّتِهِ۔

وہ انصاف اور اپنی رعیت کا لحاظ رکھنے میں مشہور تھے۔

2. اِسْمُهَا فَاطِمَةُ۔

اس کا نام فاطمہ ہے۔

3. اَلْأَمَانَةُ وَالصِّدْقُ وَ إِيْفَاءُ الْعَهْدِ وَ إِكْرَامُ الضَّيْفِ ۔

امانت داری، سچائی، وعدہ نبھانا اور مہمان کی عزت کرنا۔

4. تَحُثُّنَا عَلٰى لُزُوْمِ الْأَمَانَةِ وَالصِّدْقِ ۔

ہمیں امانت داری اور سچائی لازم کرنے پر اُبھارتا ہے۔

5. عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ۔

عمر بن عبدالعزیز۔

22.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

اَلصَّلَاحُ صِفَةٌ مَحْمُوْدَةٌ ، عُرِفَتْ فَتَاةٌ صَالِحَةٌ فِيْ عَهْدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالْأَمَانَةِ حَيْثُ لَمْ تَخْلِطِ الْمَاءَ بِاللَّبَنِ خَوْفًا مِّنَ اللّٰهِ فَفَرِحَ بِهَا الْخَلِيْفَةُ وَاخْتَارَهَا زَوْجَةً لِاِبْنِهٖ، كَانَتِ اسْمُهَا فَاطِمَةُ۔ تَقَبَّلَ اللّٰهُ عَمَلَهَا الصَّالِحَ فَجَعَلَ مِنْ ذُرِّيَتِهَا الْخَلِيْفَةَ الْمَشْهُوْرَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِيْ عَهْدِ بَنِيْ أُمَيَّةَ ۔ هٰذِهِ الْقِصَّةُ الصَّادِقَةُ تَحُثُّنَا عَلٰى لُزُوْمِ الْأَمَانَةِ وَخَوْفِ اللّٰهِ ۔

نیکی ایک اچھی صفت ہے، عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک نیک لڑکی تقویٰ اور امانت داری میں مشہور ہوئی، اس نے اللہ کے خوف کی وجہ سے دودھ میں پانی نہیں ملایا۔ اس سے خلیفہ بہت خوش ہوئے اور اسے اپنی بہو بنالیا، اس کا نام فاطمہ تھا، اللہ تعالیٰ نے اس کے نیک عمل کو قبول کیا اور اس کی اولاد میں مشہور خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کو بنواُمیہ کے زمانے میں پیدا کیا، یہ سچا قصہ ہمیں امانت داری اور خوفِ خدا کو لازم کر لینے پر اُکساتا ہے۔

22.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

اَلْمُرَكَّبُ التَّوْصِيْفِيُّ مُرَكَّبٌ مِّنَ الْمَوْصُوْفِ وَالصِّفَةِ. وَالْمَوْصُوْفُ وَالصِّفَةُ يُوَافِقَانِ فِيْ الْإِعْرَابِ وَالتَّذْكِيْرِ وَالتَّأْنِيْثِ وَالتَّعْرِيْفِ وَالتَّنْكِيْرِ

مرکب توصیفی موصوف اور صفت سے مل کر بنتا ہے، اور موصوف، صفت دونوں اعراب اور مذکر مؤنث اور معرفہ نکرہ ہونے میں یکساں ہوتے ہیں۔

مثالیں (اَلْأَمْثِلَةُ) :

اَلْأَعْمَالُ الصَّالِحَةُ	مَرَّ بِكُوْخٍ لَبَّانَةٍ فَقِيْرَةٍ
مرفوع مرفوع	مجرور مجرور
مؤنث مؤنث	مؤنث مؤنث
معرفه معرفه	نكره نكره

22.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. مَاذَا يَصْدُرُ مِمَّنْ يَخَافُ اللهَ ؟
2. مَاذَا عَمِلَتِ الْفَتَاةُ فِيْ اللَّيْلِ حَتّٰى أَصْبَحَتْ فَتَاةً صَالِحَةً ؟

3. فِيْ أَيِّ عَصْرٍ وَقَعَتْ قِصَّةُ الْفَتَاةِ الصَّالِحَةِ ؟
4. مَا اسْمُ الْفَتَاةِ الصَّالِحَةِ ؟
5. مَا هُوَ الدَّرْسُ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ الصَّادِقَةِ ؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیئے)۔

1. فَتَحَيَّرَ	ا۔ اَلنَّجَاحِ
2. اِخْلِطِي الْمَاءَ	ب۔ بِتَقْوَى اللهِ
3. هٰذِهِ قِصَّةٌ	ج۔ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ
4. عَلَيْكُمْ	د۔ بِاللَّبَنِ
5. هُوَ مِفْتَاحُ	ھ۔ صَادِقَةٌ

اِمْلَا الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. اَلصَّلَاحُ ----------
2. قِصَّةُ ---------- قِصَّةٌ صَادِقَةٌ ،
3. فَإِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَدْ نَهٰى عَنْ ----------
4. كَانَ عَصْرُ الْخَلِيْفَةِ الثَّانِيْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَصْرًا----------
5. ----------عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَلٰى مَا سَمِعَ مِنْهَا

(ذهبيا۔ الغش۔ الدرس۔ صفة محمودة۔ فتحير)

صَحِّحِ الْجُمَلِ الْاٰتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. قِصَّةُ الدَّرْسِ قِصَّةٌ صَادِقٌ حَدَثَ فِيْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ۔
2. إِذَا مَاتَ شُوَيْهَةٌ عَلٰى سَاحِلِ الْفُرَاتِ فَأَنْتَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُ أَمَامَ اللهِ۔
3. ذَاتَ يَوْمٍ أَثْنَاءَ جَوْلَتِهِ مَرَّ بِكُوْخِ لَبَّانٍ فَقِيْرَةٍ۔
4. فَاللهُ لَا تَرَانَا۔
5. اُنْظُرْ إِلٰى حَيَاةِ فَاطِمَةَ كَيْفَ أَصْبَحَ غَنِيًّا بِتَقْوَى اللهِ۔

شَكِّلْ مَا يَأْتِيْ : (اعراب لگائیے)۔

1. الإنسان الصالح محبوب عند الله و عند الناس۔
2. من يخاف الله تصدر عنه الأعمال الصالحة۔
3. يا أمي و إن لم يكن يرانا عمر رضى الله عنه فالله عزوجل يرانا۔
4. أصبحت البنت الفقيرة بأمانتها زوجة ابن عمر۔

عَيِّنِ الْمُرَكَّبَ التَّوْصِيْفِيَّ فِي الْاِقْتِبَاسِ الْاٰتِيْ :
(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔

هٰذِهِ قِصَّةٌ صَادِقَةٌ لِفَتَاةٍ صَالِحَةٍ۔
ذَاتَ لَيْلَةٍ أَثْنَاءَ جَوْلَتِهِ مَرَّ بِكُوْخِ لَبَّانَةٍ فَقِيْرَةٍ إِذْ سَمِعَ حَدِيْثَ امْرَأَتَيْنِ مِنْ دَاخِلِ الْكُوْخِ۔

22.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

1. اَلْإِنْسَانُ الصَّالِحُ مَحْبُوْبٌ عِنْدَ اللهِ وَ عِنْدَ النَّاسِ۔
2. قِصَّةُ الْفَتَاةِ الصَّالِحَةِ حَدَثَتْ فِيْ عَهْدِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ۔
3. إِنَّ فَاطِمَةَ كَانَتْ تَخَافُ اللهَ فَلَمْ تَخْلِطِ الْمَاءَ بِاللَّبَنِ ۔
4. إِنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَرِحَ بِعَمَلِ الْفَتَاةِ وَاخْتَارَهَا زَوْجَةً لِابْنِهِ
5. إِنَّ تَقْوَى اللهِ هُوَ مِفْتَاحُ النَّجَاحِ فِيْ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

22.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. لِمَاذَا اخْتَارَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الْفَتَاةَ الصَّالِحَةَ زَوْجَةً لِابْنِهِ؟
2. مَاذَا قَالَتِ الْبِنْتُ لِأُمِّهَا حِيْنَ أَمَرَتْهَا بِخَلْطِ الْمَاءِ بِاللَّبَنِ ؟
3. كَيْفَ كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَهْتَمُّ بِرَعِيَّتِهِ ؟
4. مَا مَعْنَى الصَّلَاحُ ؟ وَمَا هِيَ الْأَعْمَالُ الصَّالِحَةُ ؟
5. بِأَيِّ مَكَانٍ مَرَّ عُمَرُ وَ سَمِعَ حَدِيْثَ امْرَأَتَيْنِ ؟
6. مَا هِيَ الدُّرُوْسُ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ الصَّادِقَةِ ؟

•••

الدرس الثالث و العشرون

سبق-23

الأخلاق الحسنة

23.1 تمہید (التمهيد)

23.2 مقصد (الهدف)

23.3 متن (المتن)

23.4 حل اللغات (حل اللّغات)

23.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

23.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

23.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

23.8 قواعد (القواعد)

23.9 مشقیں (تدریبات)

23.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

23.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

اَلْأَخْلَاقُ الْحَسَنَةُ

اچھے اخلاق

23.1 تمہید (التمهيد) :

خلق کی جمع اخلاق ہے، اس کے معنی پختہ عادات کے ہیں، اصطلاح میں خلق سے مراد انسان کی ایسی کیفیت اور پختہ عادت ہے جو بلا تکلف اس سے جاری ہو۔

حسنِ خلق سے مراد نیک خو اور اچھی خصلت ہے، مسلمان کے لئے عمدہ اور حسنِ اخلاق کا مالک ہونا بہت ضروری ہے۔ اخلاقِ حسنہ میں عفو و درگذر، صبر و تحمل، قناعت و توکل، خوش خلقی و مہمان نوازی، تواضع و انکساری، خلوص و محبت جیسے اوصاف قابلِ ذکر ہیں۔

اخلاقِ حسنہ سے متصف طلبہ قوم و ملت کے لئے بہترین اثاثہ بن سکتے ہیں، علاوہ ازیں اس سبق میں فعل امر اور فعل نہی کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

23.2 مقصد (الهدف) :

اس سبق کے ذریعہ آپ میں بہترین اخلاق پیدا کرنا اور آپ کی شخصیت کو خوش خلقی، عفو و درگذر، خلوص و محبت اور تواضع و انکساری جیسی صفات سے متصف کرنا ہے۔

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ فعلِ امر اور فعلِ نہی کے استعمال کو سمجھ سکیں گے، اور دونوں میں فرق کو بھی جان لیں گے۔

23.3 متن (المتن) :

تُقَامُ فِيْ مَدْرَسَتِنَا حَفْلَةٌ سَنَوِيَّةٌ فِيْ اٰخِرِ الْيَوْمِ عِنْدَ نِهَايَةِ السَّنَةِ الدِّرَاسِيَّةِ كُلَّ سَنَةٍ وَفِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ يَعْنِيْ 2022 لِلْمِيْلَادِ وُجِّهَتِ الدَّعْوَةُ إِلٰى

شَيْخِ الْجَامِعَةِ الدِّيْنِيَّةِ لِتَشْرِيْفِ الْحَفْلَةِ بِحُضُوْرِهٖ ، فَقَبِلَ الشَّيْخُ الدَّعْوَةَ وَشَرَّفَ الْحَفْلَةَ بِحُضُوْرِهٖ وَخَاطَبَ الْحَفْلَ حَوْلَ عُنْوَانِ ''اَلْأَخْلَاقُ الْحَسَنَةُ'' فَبَدَأَ الشَّيْخُ خِطَابَهُ بِالتَّسْلِيْمِ ثُمَّ قَالَ :

أَيُّهَا الطَّلَبَةُ الْأَعِزَّةُ ! أُرِيْدُ أَنْ أَنْصَحَكُمْ بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ بِنَصَائِحِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ لِتَعْمَلُوْا بِهَا، لِأَنَّ الْعَمَلَ بِهَا وَسِيْلَةُ الْفَوْزِ وَالْفَلَاحِ فِي الدَّارَيْنِ، فَأَوَّلًا أُوْصِيْكُمْ بِطَاعَةِ اللهِ وَرَسُوْلِهٖ ، لِأَنَّهَا ضَمَانٌ لِلنَّجَاحِ الْعَظِيْمِ كَمَا يَقُوْلُ عَزَّوَجَلَّ: يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا، يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ''۔

أَيُّهَا الْأَحِبَّاءُ !'' اَلْعِلْمُ زِيْنَةُ الْمَرْءِ '' يَحُثُّ الْقُرْاٰنُ عَلٰى تَحْصِيْلِ الْعِلْمِ ، فَأَوَّلُ وَحْيٍ مُشْتَمِلٌ عَلٰى خَمْسِ اٰيَاتٍ تَتَعَلَّقُ بِالْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ وَهِيَ: إِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ، خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ، إِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ، الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ، عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ۔

أَيُّهَا الطَّلَبَةُ ! مَنَعَ الْإِسْلَامُ قَتْلَ الْأَوْلَادِ مِنْ خَشْيَةِ الْفَاقَةِ كَمَا وَرَدَ فِي الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ : وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ، نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ۔

اَلْإِسْلَامُ يَمْنَعُ مِنَ الْفَوَاحِشَ ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا كَمَا جَاءَتِ الْإِشَارَةُ إِلٰى ذٰلِكَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى: '' وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ'' وَيُشَجِّعُ الْإِسْلَامُ مُتَّبِعَهُ عَلٰى حُسْنِ السُّلُوْكِ مَعَ الْيَتَامٰى وَ الْفُقَرَاءِ فَيَقُوْلُ عَزَّوَجَلَّ : '' فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ، وَ أَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔

أَيُّهَا الْمُتَعَلِّمُوْنَ! لَا يَسْتَطِيْعُ أَحَدٌ أَنْ يُّؤَدِّيَ حَقَّ الْوَالِدَيْنِ وَلَوْ خَدَمَهُمَا

طُوْلَ حَيَاتِهِ، لِأَنَّهُمَا وَاجَهَا مَشَاكِلَ كَثِيْرَةً فِيْ تَرْبِيَتِهِ وَ تَأْدِيْبِهِ، فَأَمَرَ اللهُ تَعَالٰى عِبَادَهُ بِالْإِحْسَانِ إِلٰى وَالِدَيْهِمْ كَمَا لَفَتَ الْقُرْاٰنُ الْاِهْتِمَامَ بِحُسْنِ سُلُوْكِهِمَا بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى " وَقَضٰى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا، وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا "۔

أَيُّهَا الطَّلَبَةُ الْأَعِزَّةُ ! اَلطَّهَارَةُ ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا مَطْلُوْبَةٌ وَ لِأَجْلِ ذٰلِكَ أَمَرَ اللهُ سُبْحَانَهُ وَ تَعَالٰى بِالْوُضُوْءِ لِلصَّلَاةِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَغَيْرِهِمَا مِنَ الْعِبَادَاتِ ، وَ إِلٰى هٰذِهِ الْحَقِيْقَةِ تُشِيْرُ الْاٰيَةُ الْكَرِيْمَةُ : " يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۔

أَيُّهَا الْأَوْلَادُ! إِنَّ هَدَفَ خَلْقِ الْإِنْسَانِ وَالْجِنِّ عِبَادَةُ اللهِ عَزَّوَجَلَّ لَيْلًا وَ نَهَارًا، سِرًّا وَ جَهْرًا، جَالِسًا وَ قَائِمًا عَنْ طَرِيْقِ الذِّكْرِ وَ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، فَقَالَ عَزَّوَجَلَّ: " وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ " وَقَالَ أَيْضًا فِيْ مَقَامٍ اٰخَرَ: " فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنَ " يَعْنِيْ يَقُوْلُ عَزَّوَجَلَّ: أَيُّهَا النَّاسُ! أُذْكُرُوْنِيْ بِالطَّاعَةِ أَذْكُرْكُمْ بِالْأَجْرِ وَالثَّوَابِ، وَاشْكُرُوْا عَلَى النِّعَمِ لِلْاِزْدِيَادِ فِيْهَا كَمَا يُشَارُ إِلَيْهَا فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى " لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ " كَذٰلِكَ أَنْذَرَ اللهُ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى عِبَادَهُ مِنْ كُفْرَانِ نِعَمِهٖ ، لِأَنَّ الْكُفْرَانَ سَبَبُ الْحِرْمَانِ ۔

أَيُّهَا الطُّلَّابُ ! اَلْاٰنَ أَصْرِفُ عِنَايَتَكُمْ إِلٰى الْحِكَمِ الثَّمِيْنَةِ مِنَ الْأَحَادِيْثِ الشَّرِيْفَةِ عَلٰى صَاحِبِهَا الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ حَيْثُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ فَضْلِ السَّلَامِ وَ إِطْعَامِ الطَّعَامِ وَ حُسْنِ السُّلُوْكِ مَعَ الْأَرْحَامِ وَ أَدَاءِ الصَّلَاةِ لِدُخُوْلِ دَارِ السَّلَامِ : فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْشُوا السَّلَامَ، وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَ صِلُو الْأَرْحَامَ وَ صَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔''

وَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَحُّمِ بَيْنَ النَّاسِ: ''إِرْحَمُوْا مَنْ فِيْ الْأَرْضِ يَرْحَمُكُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ''۔

أَيُّهَا الطَّلَبَةُ! فَلَاحُ الْأُمَّةِ مَخْفِيٌّ فِيْ بَاكُوْرَةِ النَّهَارِ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمَّتِهِ قَائِلًا : ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا''

أَيُّهَا الْأَعِزَّةُ ! اِحْتِرَامُ الْوَالِدَيْنِ وَخِدْمَتُهُمَا وَاجِبٌ عَلَى الْأَوْلَادِ ، لِأَنَّ الْأُمَّ تَحْتَ أَقْدَامِهَا الْجَنَّةُ، وَالْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ هٰذِهِ الْجَنَّةِ، فَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ فَضْلِ الْوَالِدَيْنِ : ''اَلْجَنَّةُ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ ، وَالْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ''

أَيُّهَا الطُّلَّابُ! مِنْ وَمَضَاتِ الْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ : تَكْرِيْمُ الْكِبَارِ، وَالشَّفَقَةُ عَلَى الصِّغَارِ،وَأَدَبُ الْأُسْتَاذِ،وَحُسْنُ السُّلُوْكِ مَعَ الْأَقْرِبَاءِ وَالْجَارِ، وَالصَّبْرُ عَلَى الْبَلَاءِ، وَالتَّعَاوُنُ عَلَى الْبِرِّ، وَالْاِمْتِنَاعُ عَنِ الشَرِّ وَالْكِذْبِ وَالْخِيَانَةِ وَالْغِشِّ وَالْفَوَاحِشِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ۔

أَيُّهَا الطُّلَّابُ ! هٰذِهِ هِيَ الصِّفَاتُ الْعَالِيَةُ إِذَا اتَّصَفَ بِهَا الطَّلَبَةُ كَانُوْا

مَحْبُوْبِيْنَ عِنْدَ اللهِ وَالنَّاسِ۔ فَعَلَيْكُمْ أَنْ تَعْمَلُوْا بِهٰذِهِ النَّصَائِحِ الثَّمِيْنَةِ لِتَكُوْنُوْا فَائِزِيْنَ فِيْ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهٗ مُتَمَنِّيًا لَكُمْ مُسْتَقْبَلًا زَاهِرًا وَ فَوْزًا عَظِيْمًا كُلَّ وَقْتٍ وَ حِيْنٍ ۔

23.4 حل لغات (حل اللّغات) :

1.	تُقَامُ	(فعل مجہول)، أَقَامَ ، يُقِيْمُ	منعقد کیا جانا
2.	حَفْلَةٌ	جمع حَفَلَاتٌ	جلسہ
3.	أَنْصَحُ	(میں نصیحت کروں) نصح ، ينصح	نصیحت کرنا
4.	نَصَائِحُ	واحد نَصِيْحَةٌ نصیحت	
5.	وَسِيْلَةٌ	جمع وَسَائِلُ	ذریعہ
6.	اَلْفَوْزُ		کامیابی
7.	أُوْصِيْ	(میں وصیت یا نصیحت کر رہا ہوں)، أَوْصٰى ، يُوْصِيْ	
8.	ضَمَانٌ		گارنٹی، ضمانت
9.	اَلنَّجَاحُ		کامیابی
10.	سَدِيْدًا		صحیح، درست
11.	اَلْاَحِبَّاءُ	واحد اَلْحَبِيْبُ	چہیتا
12.	يَحُثُّ	حَثَّ ، يَحُثُّ	اُبھارنا، ترغیب دینا
13.	خَلَقَ	(اس نے پیدا کیا)، خَلَقَ ، يَخْلُقُ	پیدا کرنا
14.	عَلَقٌ		خون کا لوتھڑا

15.	اِقْرَأْ	(پڑھو)، فعل امر، قَرَأَ، يَقْرَأُ	پڑھنا
16.	اَلْأَكْرَمُ		بڑے کرم والا
17.	عَلَّمَ	عَلَّمَ يُعَلِّمُ	سکھانا، پڑھانا
18.	اَلطَّلَبَةُ	واحد طَالِبٌ	طالبِ علم
19.	مَنَعَ		روکنا، منع کرنا
20.	خَشْيَةُ		ڈرنا
21.	إِمْلَاقٌ		حد درجہ افلاس
22.	يَكْرَهُ	كَرِهَ ، يَكْرَهُ	ناپسند کرنا
23.	اَلْفَوَاحِشُ	واحد اَلْفَاحِشَةُ	برا، بے حیائی کا کام
24.	لَا تَقْرَبُوْا	(فعل نہی)	قریب مت ہو
25.	بَطَنَ		چھپا رہنا
26.	يُشَجِّعُ	شَجَّعَ ، يُشَجِّعُ	حوصلہ افزائی کرنا
27.	اَلْيَتَامٰى	واحد اَلْيَتِيْمُ	یتیم
28.	لَا تَقْهَرْ	زیادتی نہ کرو، (نہی)، قَهَرَ ، يَقْهَرُ	زیادتی کرنا
29.	لَا تَنْهَرْ	نہ جھڑکو۔ (نہی)، نَهَر ، يَنْهَرُ	جھڑکنا
30.	وَاجَهَا	وَاجَهَ ، يُوَاجِهُ	سامنا کرنا
31.	لَفَتَ	توجہ دلایا	
32.	يَبْلُغَنَّ	پہونچیں بَلَغَ ، يَبْلُغُ	پہونچنا
33.	اَلْكِبَرُ		بڑھاپا

.34	اِخْفِضْ	نیچا کرو (فعل اَمر) خَفَضَ یَخْفِضُ	نیچا کرنا
.35	جَنَاحٌ	جمع أَجْنِحَةٌ	بازو
.36	قُلْ	کہو (فعل اَمر قَالَ یَقُوْلُ سے)	
.37	رَبَّيَانِيْ	دونوں نے میری پرورش کی	
.38	اَلْأَعِزَّةُ	واحد اَلْعَزِيْزُ	پیارا
.39	تُشِيْرُ + اِلٰى	أَشَارَ ، يُشِيْرُ	اشارہ کرنا
.40	اِغْسِلُوْا	دھوؤ ، (امر) غَسَلَ ، يَغْسِلُ	دھونا
.41	وُجُوْهٌ	واحد وَجْهٌ	چہرہ
.42	أَيْدِيْ	واحد يَدٌ	ہاتھ
.43	اَلْمَرَافِقُ	واحد اَلْمِرْفَقُ	کہنی
.44	اِمْسَحُوْا	مسح کرو، امر مَسَحَ ، يَمْسَحُ	مسح کرنا
.45	رُؤُوْسٌ	واحد رَأْسٌ	سر
.46	أَرْجُلٌ	واحد رِجْلٌ	پیر
.47	الْكَعْبَيْنِ	واحد اَلْكَعْبُ	ٹخنہ
.48	هَدَفٌ	جمع أَهْدَافٌ	مقصد
.49	سِرًّا		خاموشی سے
.50	جَهْرًا		علانیہ
.51	جالسًا	جمع جَالِسِيْنَ	بیٹھ کر
.52	قَائِمًا	جمع قَائِمِيْنَ	کھڑے ہوکر

53.	أُذْكُرُوْنِيْ	مجھے یادکرو، (امر) ذَكَرَ ، يَذْكُرُ	یادکرنا
54.	اشْكُرُوْا	شکریہ ادا کرو، (امر)، شَكَرَ ، يَشْكُرُ	شکریہ ادا کرنا
55.	أَنْذَرَ	ڈرایا أَنْذَرَ ، يُنْذِرُ	ڈرانا
56.	كُفْرانٌ	ناشکری كَفَرَ ، يَكْفُرُ	ناشکری کرنا
57.	نِعَمٌ	واحد نِعْمَةٌ	نعمت
58.	أَصْرِفُ العِنَايَةَ		توجہ مبذول کرنا
59.	الْحِكَمُ	واحد اَلْحِكْمَةُ	حکمت
60.	الثَّمِيْنَةُ		قیمتی
61.	أَرْحَامٌ	واحد رَحْمٌ	رشتہ دار
62.	أَفْشُوْا	عام کرو (امر) أَفْشٰى ، يُفْشِيْ	عام کرنا
63.	أَطْعِمُوْا	کھانا کھلاؤ، (امر) أَطْعَمَ ، يُطْعِمُ	کھلانا
64.	صِلُوْا	تعلق جوڑو، (امر) وَصَلَ ، يَصِلُ	جوڑنا
65.	صَلُّوْا	نماز پڑھو، (امر) صَلّٰى ، يُصَلِّيْ	نماز پڑھنا
66.	نِيَامٌ	واحد نَائِمٌ	سویا ہوا
67.	بَاكُوْرَةٌ	جمع بَوَاكِيْرُ	صبح کا اول وقت
68.	أَبْوَابٌ	واحد بَابٌ	دروازہ
69.	وَمَضَاتٌ	واحد وَمَضَةٌ	جھلکیاں
70.	اَلْغِشُّ		دھوکہ دہی
71.	زَاهِرًا		روشن

23.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس) :

ہمارے اسکول میں ہر سال تعلیمی سال کے اختتام پر آخری دن ایک سالانہ جلسہ منعقد کیا جاتا ہے۔ اِس سال یعنی سنہ 2022ء میں دینی جامعہ کے ایک شیخ (عالم) کو دعوت دی گئی تاکہ اپنی آمد سے جلسہ کو مشرف کریں، چنانچہ شیخ نے دعوت قبول کی اور اپنی تشریف آوری سے جلسہ مشرف کیا اور جلسہ میں ''اخلاقِ حسنہ'' کے موضوع پر تقریر کی، سلام سے تقریر شروع کرتے ہوئے انہوں نے کہا:

اے عزیز طلبہ! میں تمہیں اس مناسبت سے قرآن وحدیث کی کچھ نصیحتیں کرنا چاہتا ہوں، تاکہ تم سب ان پر عمل کرو، کیوں کہ ان پر عمل کرنا دونوں جہاں میں کامیابی کا ذریعہ ہے۔ سب سے پہلے تو تمہیں اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کی نصیحت کرتا ہوں، کیوں کہ یہی بڑی کامیابی کی ضامن ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور درست بات بولو، تو اللہ تمہارے اعمال کی اصلاح کرے گا اور تمہارے گناہوں کو معاف کردے گا، اور جو اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کرے وہ بڑی کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔''

اے پیارو! قرآن، علم حاصل کرنے کی ترغیب دلاتا ہے، چنانچہ پہلی وحی میں پانچ آیتیں ہیں جو پڑھنے اور لکھنے سے متعلق ہیں وہ یہ ہیں: پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا، تو پڑھتا رہ، تیرا رب بڑے کرم والا ہے، جس نے قلم کے ذریعہ علم سکھایا، جس نے انسان کو وہ سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

اے طلبہ! اسلام نے فاقہ کے ڈر سے اولاد کو قتل کرنے سے منع کیا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں آیا ہے (اور اپنی اولاد کو سخت مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو، ہم تمہیں اور انھیں بھی رزق دیں گے)۔

اسلام برائیوں کو چاہے وہ ظاہری ہوں یا چھپی ہوئی ناپسند کرتا ہے، اس کی طرف اللہ کے اس فرمان میں اشارہ ہے: (اور تم برائیوں کے قریب مت ہو، چاہے وہ کھلی ہوئی ہوں یا چھپی ہوئی)،

اور اسلام اپنے پیروکار کو یتیموں اور فقیروں کے ساتھ حسنِ سلوک کی ترغیب دلاتا ہے، چنانچہ اللہ عزوجل فرماتے ہیں: (پس یتیم کے ساتھ زیادتی نہ کرو، اور سائل کو نہ ڈانٹو)۔

اے متعلّمین! کوئی بھی والدین کا حق ادا نہیں کرسکتا، چاہے وہ زندگی بھر ان کی خدمت کرلے، کیوں کہ انھوں نے اس کی تربیت اور اصلاح میں بہت مشکلات جھیلی ہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کی طرف خاص توجہ دلائی ہے: (اور تیرا پروردگار صاف صاف حکم دے چکا ہے کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، اگر تیری موجودگی میں ان میں سے ایک یا یہ دونوں بڑھاپے کو پہونچ جائیں تو ان کے آگے اُف تک نہ کہنا، نہ انہیں ڈانٹ ڈپٹ کرنا بلکہ ان کے ساتھ ادب اور احترام سے بات کرنا، اور عاجزی اور محبت کے ساتھ ان کے سامنے تواضع کا بازو پست رکھے رکھنا اور دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار! ان پر ویسا ہی رحم کر، جیسا انھوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی ہے)۔

اے پیارے طلبہ! پاکی ظاہر میں بھی اور باطن میں بھی مطلوب ہے، اسی وجہ سے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے نماز اور تلاوتِ قرآن وغیرہ جیسی عبادتوں کے لئے وضوء کا حکم دیا ہے، اسی حقیقت کی طرف یہ آیتِ کریمہ اشارہ کرتی ہے: (اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اُٹھو تو اپنے منہ کو، اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو، اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولو)۔

اے بچو! یقیناً انسان اور جن کے پیدا کرنے کا مقصد اللہ عزوجل کی عبادت کرنا ہے، رات میں اور دن میں، خاموشی سے اور کھلے طور پر، اُٹھتے بیٹھتے چاہے ذکر کے ذریعہ ہو، یا نماز وغیرہ کے ذریعہ، چنانچہ اللہ عزوجل نے فرمایا: (اور میں نے جن اور انسان کو محض اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں) نیز دوسری جگہ پر فرمایا: (پس مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور میری ناشکری نہ کرو) یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اے لوگو! تم لوگ مجھے عبادت کے ذریعہ یاد کرو، میں تمہیں اجر وثواب کے ذریعہ یاد کروں گا، اور نعمتوں پر شکریہ ادا کرو تا کہ وہ زیادہ ہوں جیسا کہ

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں اس کی طرف اشارہ ہے: (اگر تم میرا شکر ادا کروگے تو میں یقیناً زیادہ دیتا رہوں گا)۔ اسی طرح اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے بندوں کو اس کی نعمتوں کی ناشکری سے ڈرایا ہے، کیوں کہ ناشکری محرومی کا سبب ہے۔

اے طلبہ! اب میں تمہاری توجہ احادیث شریفہ کی قیمتی حکیمانہ باتوں کی طرف مبذول کررہا ہوں، جن کے فرمانے والے پر درود اور سلام ہو، جہاں پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دارالسلام یعنی جنت میں داخلہ کے لئے سلام کو عام کرنے اور کھانا کھلانے، رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور نماز ادا کرنے سے کی فضیلت کو اس طرح بیان فرمایا ہے: (سلام کو عام کرو، کھانا کھلاؤ، رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرو، اور رات میں اس وقت نماز پڑھو، جب لوگ سورہے ہوں، تو تم سلامتی کے ساتھ جنت میں جاؤ گے)۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے درمیان رحم کا معاملہ کرنے کو فرمایا: (زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا)۔

عزیز طلبہ! امت کی کامیابی دن کے اول وقت میں چھپی ہے، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لئے دعاء کرتے ہوئے یہ فرمایا: (اے اللہ میری امت کے صبح کے اول وقت میں برکت دے)۔

پیارو! والدین کا احترام کرنا اور ان کی خدمت کرنا اولاد پر فرض ہے، کیوں کہ ماں کے قدموں تلے جنت ہے، اور باپ اس جنت کا درمیانی دروازہ ہے چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین کی فضیلت کے بارے میں یوں فرمایا: (جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے اور باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے)۔

عزیز طلبہ! اچھے اخلاق کی جھلکیوں میں سے یہ ہیں: بڑوں کا احترام اور چھوٹوں پر شفقت، استاذ کا ادب، رشتہ داروں اور پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ، آزمائش میں صبر، نیکی کے لئے تعاون کرنا۔ برائی، جھوٹ، خیانت، دھوکہ دھڑی اور برے کاموں سے چاہے وہ کھلے ہوں یا چھپے بچنا۔

اے طلبہ! یہ وہ بلند صفات ہیں کہ جب طلبہ ان سے مزین ہوں گے تو اللہ کے نزدیک اور لوگوں کے نزدیک بھی چہیتے ہوں گے، اس لئے تمہارے لئے ضروری ہے کہ ان قیمتی نصیحتوں پر عمل کرو تا کہ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو جاؤ، والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ تمہارے لئے ہر وقت روشن مستقبل اور بڑی کامیابی کی تمناؤں کے ساتھ۔

23.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة) :

(الف) سوالات (الأسئلة) :

1. مَنْ دُعِيَ إِلَى الْحَفْلَةِ ؟

جلسہ کے لئے کس کو دعوت دی گئی؟

2. مَاذَا قَرَأَ الشَّيْخُ مِنَ الْقُرْاٰنِ فِيْ النَّهْيِ عَنْ قَتْلِ الْأَوْلَادِ ؟

قتل اولاد کی ممانعت میں شیخ نے قرآن کی کونسی آیت پڑھی؟

3. لِمَاذَا أَنْذَرَ اللهُ مِنْ كُفْرَانِ النِّعَمِ ؟

نعمتوں کی ناشکری کرنے سے اللہ نے کیوں ڈرایا ہے۔

4. مَاذَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَحُّمِ بَيْنَ النَّاسِ ؟

لوگوں کے درمیان رحم کا معاملہ کرنے کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟

5. أُذْكُرْ بَعْضَ وَمَضَاتِ الْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ ۔

عمدہ اخلاق کی بعض جھلکیوں کو بیان کرو۔

(ب) جوابات : (الأجوبة)

1. شَيْخُ الْجَامِعَةِ الدِّيْنِيَّةِ۔

دینی جامعہ کے شیخ (وائس چانسلر)۔

2. وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ۔

اپنے بچوں کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔

3. لِأَنَّ الْكُفْرَ انَ سَبَبُ الْحِرْمَانِ۔

اس لئے کہ ناشکری محرومی کا سبب ہے۔

4. إِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ۔

تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

5. تَكْرِيْمُ الْكِبَارِ وَالشَّفَقَةُ عَلَى الصِّغَارِ ، أَدَبُ الْأُسْتَاذِ ، حُسْنُ السُّلُوْكِ مَعَ الْأَقْرِبَاءِ وَالْجَارِ۔

بڑوں کا احترام اور چھوٹوں پر شفقت، استاذ کا ادب، رشتہ داروں اور پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ۔

23.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس) :

أُقِيْمَتْ حَفْلَةٌ فِيْ اٰخِرِ يَوْمٍ مِنْ نِهَايَةِ السَّنَةِ الدِّرَاسِيَّةِ ، خَاطَبَ فِيْهَا شَيْخُ الْجَامِعَةِ الدِّيْنِيَّةِ، وَ نَصَحَ الطُّلَّابَ بِبَعْضِ النَّصَائِحِ الثَّمِيْنَةِ مِنَ الْكِتَابِ وَ السُّنَّةِ. فَبَيَّنَ فَضْلَ تَحْصِيْلِ الْعِلْمِ وَأَكَّدَ عَلَى الْإِحْسَانِ إِلَى الْيَتَامٰى وَالْفُقَرَاءِ، وَإِلَى الْوَالِدَيْنِ وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ وَصِلَةِ الْأَرْحَامِ وَ خِدْمَةِ الْوَالِدَيْنِ، وَمَا إِلٰى ذٰلِكَ مِنَ الْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ. كَمَا أَكَّدَ عَلَى ابْتِعَادِ الطُّلَّابِ عَنِ الْفَوَاحِشِ وَ سُوْءِ الْأَخْلَاقِ وَالشَّرِّ وَالْكِذْبِ وَالْخِيَانَةِ وَالْغِشِّ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْأَخْلَاقِ السَّيِّئَةِ ، وَ بَيَّنَ أَنَّ فَلَاحَ الطُّلَّابِ فِي الْعَمَلِ بِهٰذِهِ النَّصَائِحِ الثَّمِيْنَةِ۔

تعلیمی سال کے اختتام پر آخری دن ایک جلسہ منعقد ہوا، جس میں دینی جامعہ کے ایک شیخ نے تقریر کی، اور طلبہ کو قرآن وحدیث سے بعض قیمتی نصیحتیں کیں، انھوں نے علم حاصل کرنے کی فضیلت بیان کی اور یتیموں، فقیروں، اور والدین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے اور سلام عام کرنے، صلہ رحمی، والدین کی خدمت جیسے عمدہ اخلاق پر زور دیا، نیز طلبہ کو برائیوں، بداخلاقی، جھوٹ، خیانت، دھوکہ دہی جیسے برے اخلاق سے دور رہنے کی تاکید کی، اور بتلایا کہ طلبہ کی کامیابی ان قیمتی نصیحتوں پر عمل کرنے میں ہی ہے۔

23.8 سبق میں ذکر کئے گئے قواعد (قواعد الدرس) :

اَلْأَمْرُ هُوَ طَلَبُ الْفِعْلِ ، وَيَكُوْنُ اٰخِرُهُ مَجْزُوْمًا دَائِمًا. وَالنَّهْيُ هُوَ طَلَبُ مَنْعِ الْفِعْلِ، وَيَكُوْنُ اٰخِرُهُ أَيْضًا مَجْزُوْمًا. وَكِلَاهُمَا يُصَاغَانِ مِنْ فِعْلِ الْمُضَارِعِ

امر کسی چیز کے طلب کرنے کو کہتے ہیں، اور اس کا آخری ہمیشہ مجزوم ہوتا ہے۔ اور نہی کسی کام کے روکنے اور منع کرنے کو کہتے ہیں، اور اس کا بھی آخری مجزوم ہوتا ہے۔ اور یہ دونوں (امر، نہی) فعل مضارع سے بنائے جاتے ہیں۔

مثالیں (الأمثلة) :

إِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ
امر مجزوم

إِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ۔
امر مجزوم

وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ۔

نهي مجزوم، نون کے حذف کے ساتھ

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ

نهي مجزوم

23.9 مشقیں (تدریبات) :

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں لکھئے۔

1. هَلْ يَسْتَطِيْعُ أَحَدٌ أَنْ يُّؤَدِّيَ حَقَّ الْوَالِدَيْنِ ؟

کیا کوئی والدین کا حق ادا کرسکتا ہے؟

2. عَلٰى أَيِّ عُنْوَانٍ خَاطَبَ الشَّيْخُ الْحَفْلَ ؟

شیخ نے کس موضوع پر تقریر کی؟

3. فِيْ أَيِّ شَيْءٍ فَلَاحُ الْاُمَّةِ ؟

کس چیز میں اُمت کی کامیابی ہے؟

4. لِأَيِّ هَدَفٍ خُلِقَ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ ؟

کس مقصد کے لئے انسان اور جن پیدا کئے گئے ہیں؟

5. مِمَّا أَنْذَرَ اللهُ تَعَالٰى عِبَادَهٗ ؟

کس چیز سے اللہ نے اپنے بندوں کو ڈرایا ہے؟

رَكِّبِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ (الفاظ جوڑیے)۔

1.	فَقَبَلَ الشَّيْخُ الدَّعْوَةَ وَ شَرَّفَ الْحَفْلَةَ	ا۔	مَطْلُوْبَةٌ
2.	أَمَرَ اللهُ تَعَالٰى عِبَادَهٗ بِالْإِحْسَانِ إِلٰى	ب۔	اَلْعَالِيَةُ
3.	إِحْتِرَامُ الْوَالِدَيْنِ وَخِدْمَتُهُمَا وَاجِبٌ عَلٰى	ج۔	بِحُضُوْرِهٖ
4.	هٰذِهِ هِيَ الصِّفَاتُ	د۔	اَلْأَوْلَادِ
5.	اَلطَّهَارَةُ ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا	ھ۔	وَالِدَيْهِمْ

اِمْلَإِ الْفَرَاغَ : (خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے)۔

1. بَدَأَ ---------- خِطَابَهُ بِالتَّسْلِيْمِ۔
2. أَمَرَ اللهُ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى ---------- لِلصَّلَاةِ۔
3. وَاشْكُرُوْا عَلَى النِّعَمِ ---------- فِيْهَا۔
4. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ ----------
5. اَلْإِسْلَامُ ---------- الْفَوَاحِشَ ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا۔

(بكورها۔ يكره۔ الشيخ۔ بالوضوء۔ للازدياد)

صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ : (جملوں کو صحیح کیجئے)۔

1. وَالْوَالِدُ وَسْطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ۔
2. فَلَاحُ الْأُمَّةِ مَخْفِيَّةٌ فِيْ بَاكُوْرَةِ النَّهَارِ
3. اَلشَّاكِرُ سَبَبٌ لِإِزْدِيَادِ فِيْ النِّعَمِ۔
4. وُجِّهَ الدَّعْوَةُ إِلٰى شَيْخِ الْجَامِعَةِ الدِّيْنِيَّةِ۔
5. تَسْتَطِيْعُ أَحَدٌ أَنْ تُؤَدِّيَ حَقَّ الْوَالِدَيْنِ۔

شَكِّلِ الْجُمَلِ التَّالِيَةَ : (اعراب لگائیے)۔

أيها الطلبة الأعزة ! أريد أن أنصحكم بهذه المناسبة بنصائح الكتاب و السنة ------- بها ، لأن العمل بها وسيلة الفوز والفلاح في الدارين۔

يحث القرآن على تحصيل العلم ، فأوّل وحي مشتمل على خمس آيات تتعلق بالقراءة والكتابة ۔

عَيِّنِ الْأَمْرَ وَالنَّهْيَ فِيْ الْمُقْتَبَسِ الْآتِيْ ۔
(مندرجہ ذیل اقتباس میں قواعد کی تعیین کیجئے)۔

فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔
فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنَ ۔
أَفْشُوا السَّلَامَ ، وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ ، وَ صِلُو الْأَرْحَامَ ۔

23.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا (ماذا تعلمت من هذا الدرس؟) :

سَمِعْنَا بَعْضَ النَّصَائِحِ الثَّمِيْنَةِ مِنْ شَيْخِ الْجَامِعَةِ الدِّيْنِيَّةِ ، وَهِيَ مِنَ الْأَخْلَاقِ الْحَسَنَةِ فَيَجِبُ عَلَيْنَا الْعَمَلُ بِهَا۔

وَهِيَ خِدْمَةُ الْوَالِدَيْنِ وَالْإِحْسَانُ إِلَى الْفُقَرَاءِ وَالْيَتَامٰى وَالْجَارِ ، وَالتَّرَحُّمُ عَلَى النَّاسِ وَالطَّهَارَةُ وَالْعَمَلُ فِيْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَالْإِجْتِنَابُ عَنِ الْقَتْلِ وَ الشِّرْكِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْخِيَانَةِ۔

دینی جامعہ کے شیخ سے ہم نے بعض قیمتی نصیحتیں سنیں جو عمدہ اخلاق ہیں ، ان پر عمل کرنا ہمارے لئے ضروری ہے۔

اور یہ والدین کی خدمت، اور فقراء، یتیموں، پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، لوگوں کے ساتھ رحم کا معاملہ کرنا، پاک صاف رہنا، دن کے اول وقت میں کام کرنا، اور قتل، برائی، برے کاموں اور خیانت سے بچنا۔

23.11 نمونے امتحانی سوالات (نماذج أسئلة الاختبار) :

1. مَا هِيَ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ ؟

ماؤں کے قدموں تلے کیا چیز ہے؟

2. كَيْفَ بَدَأَ الشَّيْخُ خِطَابَهُ؟

شیخ نے اپنی تقریر کیسے شروع کی؟

3. مَا هُوَ ضِمَانٌ لِلنَّجَاحِ الْعَظِيْمِ ؟

کون سی چیز بڑی کامیابی کے لئے ضمانت ہے؟

4. أُذْكُرْ بَعْضَ الْأَوَامِرِ الْخُلُقِيَّةِ مِنَ الْحَدِيْثِ الشَّرِيْفِ؟

حدیث شریف سے بعض اخلاقی حکم کو بیان کرو۔

5. مَا هُوَ هَدَفُ خَلْقِ الْإِنْسَانِ وَالْجِنِّ ؟

انسان اور جن کے پیدا کئے جانے کا مقصد کیا ہے؟

•••

الوحدة الخامسة

ماڈیول: 5

اللغة الوظيفية

Functional Arabic

الدرس الرابع والعشرون	:	اعلانات مبوبة	357
الدرس الخامس والعشرون	:	كتابة الرسائل	368
الدرس السادس والعشرون	:	تعبيرات عامة	387
الدرس السابع والعشرون	:	مستندات عامة	401
الدرس الثامن والعشرون	:	اعداد التفاصيل الشخصية	422

الدرس الرابع و العشرون

سبق-24

إعلانات مبوّبة

24.1 تمہید (التمهيد)

24.2 مقصد (الهدف)

24.3 متن (المتن)

24.4 حل اللغات (حل اللّغات)

24.5 سبق کا ترجمہ (ترجمة الدرس)

24.6 سوالات وجوابات (الأسئلة و الأجوبة)

24.7 خلاصہ سبق (ملخص الدرس)

24.8 قواعد (القواعد)

24.9 مشقیں (تدریبات)

24.10 آپ نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
(ماذا تعلمت من هذا الدرس)

24.11 نمونے امتحانی سوالات
(نماذج أسئلة الاختبار)

إِعْلَانَاتٌ مُبَوَّبَةٌ

24.1 تمہید (التمهيد) :

عصر حاضر کو اگر انفارمیشن ٹکنالوجی اور میڈیا کا دور کہا جائے تو اس میں کوئی مبالغہ نہ ہوگا، میڈیا کے فروغ کے سبب مصنوعات کی تشہیر (ایڈورٹائیزنگ) ایک ایسی صنعت کا درجہ اختیار کرگئی ہے جو انتہا درجے کی نفع بخش ہے۔

تجارت کے فروغ میں اشتہارات کا بہت ہی اہم رول ہوتا ہے۔ بین الاقوامی کمپنیز میں پراڈکٹس کی مارکٹنگ کے لئے علیحدہ شعبہ ہوتا ہے، جس کا کام کمپنی کے مصنوعات کا تعارف، افادیت اور طریقہ استعمال کو بتلانا ہوتا ہے۔ اشتہارات کو کیسے تیار کرنا اور کب شائع کرنا ایک مستقل فن ہے، جس کے لئے پیشہ وارانہ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اشتہارات کی اشاعت کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس پر خرچ کم سے کم آئے اور اس کا ردعمل زیادہ سے زیادہ ہو۔ اسی لئے اس سبق میں اہم اشتہارات کی تیاریوں اور ان کی مشتملات کو بتلایا گیا ہے۔

24.2 مقصد (الهدف) :

- تشہیری دنیا سے واقف کروانا۔
- اشتہارات کو پڑھنے کی استعداد پیدا کرنا۔
- اشتہارات کو تیار کرنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- مختلف اغراض واشتہارات کا تعارف کروانا۔

24.3 متن (المتن) :

I- إِعْلَانَاتٌ مُبَوَّبَةٌ عَلَى الْإِيْجَارِ

شُقَّةٌ مَفْرُوْشَةٌ بِشَارِعِ عَابِدْز لِأُسْرَةٍ صَغِيْرَةٍ بِتَسْهِيْلَاتِ الْمِصْعَدِ، وَ إِيْقَافُ السَّيَّارَاتِ وَجَنْرِيْتَرْ (مُوَلِّدُ الْكَهْرَبَاءِ) لَيْلًا وَ نَهَارًا. اَلرَّجَاءُ الْإِتِّصَالَ بِرَقَمِ 9300439220

II- اَلزَّوَاجُ

شَابٌّ مُسْلِمٌ يُرِيْدُ الزَّوَاجَ بِفَتَاةٍ مُسْلِمَةٍ مِنْ أُسْرَةٍ مُثَقَّفَةٍ وَ مُتَدَيِّنَةٍ عُنْوانُ الْمُرَاسَلَةِ :

رقم المنزل :
هايون نغر، حيدر اباد
رمز البريد 500028

III- مَطْلُوْبٌ عَلَى الْفَوْرِ

شَرِكَةٌ دُوَلِيَّةٌ بِحَيْدَرْاَبَاد بِمَقَرِّهَا الرَّئِيْسِيِّ بِشِكَاغُوْ تَطْلُبُ خِدْمَاتِ مُحَاسِبٍ خَبِيْرٍ لِكِتَابَةِ الْحِسَابَاتِ الرُّوْتِنِيَّةِ، اَلْحَائِزِ عَلَى الْمَاجِسْتِيْرِ فِي التِّجَارَةِ بِخِبْرَةٍ عَمَلِيَّةٍ لِخَمْسِ سَنَوَاتٍ يَكُوْنُ مُؤَهَّلًا لِلْمُقَابَلَةِ الشَّخْصِيَّةِ۔

اَلرَّوَاتِبُ مُغْرِيَةٌ لِلْمُرَشَّحِ الْقَادِرِ. الرَّجَاءُ الْإِتِّصَالَ بِمُدِيْرِ الشَّرِكَةِ شَخْصِيًّا قَبْلَ نِهَايَةِ مَارِس 2023 م

IV- إِفْتِتَاحُ مَعْرَضٍ

خَبَرٌ سَارٌّ لِأَهَالِيْ مَدِيْنَةِ حَيْدَرْاَبَاد لِإِفْتِتَاحِ مَعْرَضٍ كَبِيْرٍ لِلْمَلَابِسِ الْجَاهِزَةِ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْأَطْفَالِ فِيْ قَلْبِ الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ شَارِعٌ 5 بِبَنْجَارَهْ هِلْز تَخْفِيْضَاتٌ خَاصَّةٌ عَلَى الْمَلَابِسِ خِلَالَ الْأُسْبُوْعِ الْأَوَّلِ مِنَ الْإِفْتِتَاحِ لِمَزِيْدٍ مِّنَ الْمَعْلُوْمَاتِ الرَّجَاءُ الْاِتِّصَالَ بِمُدِيْرِ الْمَبِيْعَاتِ 33234569

V- هَدِيَّةُ التَّشَكُّرِ

نَشْكُرُ جَمِيْعَ الزَّبَائِنِ الْمُحْتَرِمِيْنَ الَّذِيْنَ شَارَكُوْا فِيْ حَفْلَةِ الْإِفْتِتَاحِ الْمُنْعَقِدَةِ بِالْأَمْسِ وَ نَرْجُوْ مِنْهُمْ أَنْ يَّزُوْرُوْا مَعْرَضَنَا حَتّٰى نَخْدِمَهُمْ بِقَدْرِ الْمُسْتَطَاعِ لِتَسْلِيَةِ فُؤَادِهِمْ۔

مَجْلِسُ الْإِدَارَةِ لِلْمَعْرَضِ۔

VI- لِلْبَيْعِ

مَنْزِلٌ جَمِيْلٌ كَائِنٌ بِبَنْجَارَهْ هِلْز مُكَوَّنٌ مِنْ قَاعَةٍ وَ غُرْفَةِ الْاِسْتِقْبَالِ وَ ثَلَاثِ غُرَفٍ وَاسِعَةٍ مَعَ جَمِيْعِ التَّسْهِيْلَاتِ لِلْبَيْعِ . أَوْقَاتُ الْمُعَايَنَةِ مِنَ السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ صَبَاحًا إِلَى السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ مَسَاءًا فِيْ جَمِيْعِ الْأَيَّامِ اِتَّصِلْ هَاتِفِيًّا عَلٰى رَقَمِ 20038223۔

VII- اَلْعَزَاءُ / اَلرَّثَاءُ

لَبَّيْ وَالِدُ صَدِيْقِيْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ دَعْوَةَ رَبِّهِ مَسَاءَ يَوْمِ الْخَمِيْسِ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعَصْرِ فِي الْيَوْمِ الثَّامِنِ مِنْ أُبْرِيْل فَإِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ وَ يُدْخِلَهُ جَنَّاتِ الْفِرْدَوْسِ وَأَنْ يُّعَظِّمَ أَجْرَ صَدِيْقِيْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ۔

اَلْمُرْسِلُوْنَ : أَعْضَاءُ أَحْمَدْ شَرِيْف
كَرِيْم نَغَرْ

